81/2/75

بتوفیق رنگین نگارہای چمن ختن می فزاید شمیم سخن

کلیات مومن

از ہمت حاجی علی مطبع فقی آگین ہاشمی نامی باشد

بسم الله الرحمن الرحیم

حمد را بالائی شکر ازان گزیده اند که این بازای نعمت هست و آنرا انتظار مکرمت نی و در قدسی بارگاه
واهب بی مزد و منت همین ادائی شکر را ما آدم زاد را که هنوز از صلب پدر به بطن مادر نخرامیده مصدر
گوناگون آلاست چه نیرو که از شهرستان دربند سپاس یک نعمت بر آید تا بدشوار گزار وادی حمد
کام که زند یارب حسرتی فزونتر از حوصله خویشتن بنعمتها کامیاب و فزونتر ازین امیدوار درین راه
پر کم کرده راه ست و سخت سرگشته بیابشی که ترا سزاست از کجا آرد و سپاسی که فراخور چندین موهبتهاست
چگونه گزارد فروهیده آنست که نغمه لا احصی ثناء علیک انت کما اثنیت علی نفسک میزند که درین راه تن
زدن از او پر زدن هست وانه پرواز ماندن کلاخ نشستن و آشیان بشاخ بستن و همین هنجار زمزمه هست
از دست زبانی که بر آید * کز عهده شکرش بدر آید * سزاید که درین مقام لب از ترانه بستن غلغل انداختن
و زمزمه خموشی سر دادن شور افگندن ا با این هم نقش امیم از گوشه دل سترده نمیشود و تراشنی نمی یابد و اما
بنعمت یک نفحه دلنشین هست این طرفگیها بدان ماند که آبله پا رونده را از خار زار مسیری بگذرانند
و نفس نفس شتاب از برق رونده گردون و سرعت از صبا ربودن را سرزنش نمایند و او را کسی چگونه
بحساب نعمتهائی ترا بر شماره در هر نفسی که فرو میرود ممد حیات است و چون بر می آید مفرح ذات پس

در هر نفسی دو نعمت موجود است لاجرم یک منت را که [illegible]الت آن هزار موهبت مصادم و مقاوم نگردد
جلوه اظهار رسید هدو آن خلق و آفرینش باعث آفرینش خلق و عالم سبب ظهور آدم نقاوهٔ دو جهان سرور
انس و جان شفیع المذنبین سید المرسلین محمد مصطفی است صلی الله علیه و آله و اصحابه اجمعین الی
یوم الدین که اگر وجود باجودش بگیتی بنیادی گیتی آفریده نشدی و عالمیان چندین نعمتهای ارزان و
عطیات گران ارز بودندی لذت چشان تلخی دنیا را حلاوت نعیم جنان بکام نرسیدی و روشن ضمیران
بیدار مغز را شبستان خاطر خورشید جا نگردیدی داؤد را لحن و یوسف را جمال موسی را دست و عیسی را دم
چگونه ارزانی گشتی گل را رنگ و بلبل را نظاره شمع را افروختن و پروانه را سوختن کجا بودی و دلربایان را
ناز بودی و نه دل بودگان را نیاز نه عندلیب نغمه یافتی و نه حسرتی سخن دانش پژوهان ژرف نگاه دانند
که در همه عالم چیزی نیست که با سخن نطع مساوات گسترد و دم برابری زند انسان را بر حیوان شرف از
نطق است و بس صفت مصطلح فلسفیان دلیل است یکی را هر چند هر صفوتکده دل بنور توحید داور گیتی پرور
و بفروغ رسالت خداوند اعجاز شق القمر آفتاب منزل باشد با نیروی گویائی تا باقرار این رطب اللسان
و باظهار آن عذب البیان نگردد در کوچه اسلامیانش چاند هند آری گفت مجردی قبول قلب و تسلیم
دل بر بند هدا اما این پایه خودمنفتا وست که خونش به تیغ بیدریغ غازیان کافرکش حلال نماند نه قاضی
باد افراه کفر طلبد نه حاکم دانشش را سرمایه عزت دنیا و آخرت داند بیغا به سخن آرای سخن نجات جاودانی
را ذریعه است و معیشت زندگانی را وسیله تا با هم حرف نزنند هیچ معامله در جهان صورت نگیرد دید
انسان که کلام منسق النظام را بر پراگنده الفاظ افزونی هست موزون را بر ناموزون برتری
خرم آنکه بداعیه وزن فطری تهذیب سخن چون تهذیب نفس پابل است که آن آرایش باطن است و این
پیرایه ظاهر نیل آن را خدمت صاحبدلی شرط است و کسب این را صحبت سخنوری لازم آئینه با صفای
اصلی بروشنگر محتاج است و شمشیر با جوهر جبلی بصیقل گر نیازمند امروز کسیکه بنیکو نوازنده قانون سخن
فرخ آموزنده قوانین این فن باشد حکمت پناه والا دستگاه ذو الرتبت الجلیه عالی الکعب فی الفنون
النظمیه بهین پور آبای علوی گزین نتیجه امهات سفلی فروغ بزم آفرینش چراغ چشم دانش و بینش دقیقه

گشائی رموز مشکل گشاده خاطر آگاه دل گزیده دور زمان حکیم محمد مومن خان است که هر حرفش گنجینه
مضامین و معانی است و سخن غیر را با کلامش نسبت هذیانات مسیلمه و آیات قرآنی تکاد مطلعش از چرخ
چارمین و ز زیر گام اولین است نازم بجولان توسن خیالش که فراز فلک تازد و پندارد که بر زمین نشست
تعالی الله دانش آئینی که شعر را پیرایه حکمت پوشانیده و مقصودش بلند آهنگی نه تراز بطلمیوس گردیده است
بل معنی ان من الشعر لحکمة را جلوه اظهار بخشیدن چند اسحر بیانی که نظم را هم اثر افسون گردانیده و
مدعایش نه دکان هاروتی چیدن است بلکه مضمون ان من البیان لسحرا را بعرصه بروز کشیدن اگر بقدح
چنگ و رباب نغمه سازی کند زهره بچرخ در آید و اگر به بیدانشی خمکده نشینان سخن طرازی فلاطون را
در خم نشستن دور از خرد نماید

ابیات

سبحان الله چه نکته دانیست	هر حرف طلسم صد معانیست	در سینه پاک او ز مضمون
گنجی و چه گنج گنج قارون	مضمون بسرش چو دُر بدریا	معنی بدلش چو می بمینا
هر غنچه او چمن بهارست	هر گوهر فکرش آبدارست	رشح قلمش چو ابر آذار
گلشن گلشن دمانده گلزار	هر گل گلشن معانیست	نوباده باغ نکته دانیست
نطقش چو دم مسیح اعجاز	در قالب مرده جان دمد باز	

اکنون نفسی ازین دراز نفسیهای
کوتاه می آساید و بر استیهائی دروغ نما نمیگراید و بر خود و بر دیگران می بخشاید که مبادا ناپارسا
گوهری را دیگ حسد بجوش آید و راقم این تازه نقوش را غبار آلوده تهمت و خویشتن را تر دامن
معصیت نماید بختی بوصف سخنش سخن می آراید ابیات قصیده در فراوانی چون ثوابت و درخشانی
چون سیاره اشعار غزل هم مانند ماه فروغ نظر و هم مانند مهتاب سوز نظاره مطلعش هم جلوه مطلع
آفتاب عالمتاب مصرعش لبان مصر رخ قامتها بیجواب مخمساتش چون پنجه خورشید فروزان مسمطش
همرنگ هشتم باغ جنان مسدساتش در شش جهت منشور رباعیاتش در چار دانگ عالم مشهور و
مراعاتی که پی تهذیب سخن افزوده است گفتن را بیانش کالیوه کند و شنیدن را شوریده که نه برو ظا غا حرف
این فن زبانی چنین نغزها گفته و نه گوشی چنین نوا در شنیده انموذج را شلی چند بیاورم که علی سبیل الالتزام

هر جنس سخن وی از شعر ترکن تهی است سنگریزهای الفاظ غلط که پاستانی شعرا آنرا بالعل و گوهر برابر شمرده اند
یا غیر نگیرد در درهای شاهوارش نا منسلک و غیر منتظم و شیرهای فکرتش بور گوناگون صنایع آراسته و چنان
بی تکلف که گوئی گوینده را بلفظ پیرائی سری نبوده تنها آرایش صورت معنی در نظر داشته طرز گزین
روش متین الفاظ شگفته و دلپسند معانی تازه و بلند چستی اسلوب تراکیب شوکت کلمات تنومندی اندیشه
نزاکت خیال رشاقت مضمون رعایت مقتضای مقام شوخی انداز جزالت عبارت الفاظ آشنا
معنی بیگانه تنشینی غور حسن ادا وقف فکرت اوست و پر احتراز از استعارات بعیده و تشابیه رزیله و
تصورات رکیکه و تدقیقات وهمی و پیچش گزارش و محسنات صورت آراینده و معنی خراب کننده و معانی
نا آشنا و مضامین بیگانه صرف همت او و نا ظوره اندیشه اش از لباس عاریتی همه تن عور است و بتقاضای
یکتائی از متاع دست فرسود روزگار نفور اما از انجا که زیست آزادانه گزیده است در بند بی تعلیقها
افتاده و نیز دل شورش پسند و خاطر نا آرمیده مجالی نداده از رام کردن وحشی غزالان شهری که در
رم کردن سبق بر آهوان صحرائی می برند فرصتش کو که صید وحشی مضامین بسمل را بدام آورد صیادان
کار آگاه دانند که اگر نخچیر بدست آمده و شکار بدام افتاده رم خورد چه خونها که نباید خورد و چه دلها که
کباب نباید کرد حسرتی را تماشای این شگرف ماجرا دل بسوخت و این ستم طاقت گداز ناشکیبی
آفرین را حوصله بر نتافت در کروان شد که این گران ارز جواهر را که چون در منثور پراگنده است
برشته کشد و منتها بر خویشتن و شناسندگان سخن نهد لاجرم با دل شقه شقه و جگر پاره پاره آبله پای وادی
تردد و تلاش گشت پس فراوان جستجو و هزاران تکاپو اندکی از بسیاری بدست آورد حیف که بسیاری
تلف گردید و شکر که اندک هم بهم رسید و چون آن ابیات متفرق را بشیرازه جمعیت آورد مشکل پسندی
خاطرش پاره حذف فرموده و لختی افزود که باغبان را از رفتن خس و خاشاک ناگزیر است و مشاطه
در آئین بستن نگار ناچار ازین گفت حاصل من آنست که جز این هر چه بنامش نگرند از انش ندانند
و انچه این وقت از خیالاتش یکجا شده قیاس شش هزار بیت رسید ازین پس هر نهالی که نخلبند
فکرتش بپرورد بو که درین چمن زار بجلوه آید چه سرو مصاحبت گل و قمری همدمی بلبل را شاید بر زبان

که تهذیب این دلفریب بستان تنفاق افتاد از هجرت هزار و دو صد و چهل و سه سال برونق هلال گشته
بود بسنین عمرش که چون عمر خضر از حد شمار بر گران باد بیست و نه رسیده و از بسکه این دیوان بی نظیر ساخته تاریخ بخش
الالای سینه ریشان سوخته دل اگر یکی ز شمار ابزو ریخت جانها از این شمشیر هندی کار تمامی نکشند
زود اکه با تش پارسی دود از نهاد بر آورم سخن آفرین را نیایش و سخن شناسان را مژده که بیاوری
بخت و تنومندی همت سعی من مشکور آمد و بوئیه که از دیر باز گرد دل میگشت بخوبترین وجهی سرانجام یافت
بنامیزد نکوتر از ارژنگ مانی مرقعی آراسته شد دیده دران تصویر یوسف را به بیعانه هم نگیر نگین
ناسور تازه جراحت تمنایان را مرهمی گشت مشک و نمک بهم سرشته تشنه کامان دریا طلب را شربتی آمد
قند با گلاب آمیخته محفل دلبران را گرمی هنگامه افزون شد دل رفتگان را سرشته آه و ناله بچنگ آمد
گویندگان را قانون دلنوازی بدست افتاد سخن را ساز و برگ دیگر گشت بدمستان آگهی را جام جهان نمای دانش تحف
رسید جنون زدگان را بهاری تازه آمد زهره نازید عطارد بالید الهی چنانکه این آب غازه بنکوی انجامید فرجام حسرتی نامه

بیاد هم بخیر و سعادت باد

قصاید

گهر ریزی خامه ستایش نگاریه الیست که یکدانه بار بسانده و سفت و گوهر شبچراغ تتاب اورده

الحمد لواهب العطایا
اس شور کی کیا مزا چکھایا

والشکر لصانع الشرافت
جسنی هین آدمی بنایا

احسان هین اوسکی کیا گران بار
سر سبع شداد کا جهکایا

کیا پایه منت سلیمان
اک بات مین تخت پر بٹهایا

کیون شکر کرین نه آل داود
افسون شهنشهی سکهایا

وه نیر آسمان تقدیس
جانسوز منا ظر و مرایا

اب بهی نظر اس مجاز مین هی
کیون مظهر نگاه مین سمایا

نی عقل بسیط اوسکا پرتو
نی نور مجسم اوسکا سایا

دیوان ... از نظیر ... ص

سبحانک یا الہ عالم — عالم ترا عجز نے دکھایا
ہر جا پہ ہی تیرا جلوہ لیکن — دیکھا تو کہین نظر نہ آیا
یہان عقل ہی گم کہ بس تجھی کو — پایا ہر شی مین پر نہ پایا
اللہ ری تیری بی نیازی — یعقوب کو مدتون رولایا
یوسف سی عزیز کو کئی سال — زندان عزیز مین بٹھایا *
یہان شعلہ کو سرکشی کی کیا تاب — ابلیس کو خاک مین ملایا
تجھکو ہی سزای کبریائی — کرسی کا نہ عرش کا یہہ پایا
مومن کو لقا ہی بعد دیدار — کیا مژدہ جانفزا سنایا
گو وصف ہی یومنون بالغیب — پر بندہ تو اس سے باز آیا
یہانتک کسی کی خاک و خون مین — بیتابی شوق نی لٹایا
اللہ دکھا دی اپنا دیدار — اکشف بجمالک الغطایا
عظمت نی سجود کی فلک کو — گرد کرۂ زمین پھرایا
وہ خاتم مرسلین محمد — جسنی ہمین شرک سی بچایا
جب بندہ ہی تیرا نور ہاکون — پھر لایق بندگی خدایا
تو واحد بی نظیر و ہمتا — تو حاکم و خالق برایا
تجھکو ہی کہہ سکین ترا مثل — یہانتک نقش دوئی ہٹایا
یعنی وہ فنا ازل سی ہی ور — اس ذات کو کب زوال آیا
آوی تیری حمد کا تو ہم — یہہ حوصلہ مین کہان سی لایا
کام آئی نہ شوخی خموشی — دلکی تپشون نی جب ستایا
ہون بندہ شور عجز ادراک — ناکام کو کام سے لگایا
کیا جانیی ایسی بی زبان نی — کسطرح یہہ شور و غل مچایا

معلوم خرد کی نکتہ یاب ہے ۔۔۔ یہان علم نی عقل کو گنوایا
لا علم لنا ہی یاد ہرچند ۔۔۔ سب کچہہ مجہی عجز نی بہلایا
تہا دہیان مین عذر لا یحیطون ۔۔۔ جب سینہ مین دم زار سمایا
کیا صعب گزار ہی رہ حمد ۔۔۔ جبریل کا پاؤن گڑگہڑایا
چکر مین ہی عقل عرش اعظم ۔۔۔ اوسنی بہی مگر تجہی نپایا
مرغان دراز جنحہ کو ۔۔۔ اس اوج نی خاک پر گرایا
ہی جزو ضعیف جو ہر گل ۔۔۔ عرفانکی جو غور نی کہٹایا
مین روح قدس کا ہمزبان ہون ۔۔۔ یہہ مرتبہ عجز نی بڑہایا
مومن ہی زمان عرض احوال ۔۔۔ مینی تجہی بی خبر دجتایا
رو رو کی دعا کر ایک ذرا دیکہہ ۔۔۔ کیا ابر کرم ہی سر پہ چہایا
اللہ غم بتان مین یک چند ۔۔۔ بیفائدہ جان کو کہپایا
یہہ عشق وہ بد بلا ہی جسنی ۔۔۔ ہاروت کو چاہ مین پہسایا
سمجہا نہ کہ ہی رہ خطرناک ۔۔۔ دین و دل و عقل کو لٹایا
حاصل نہوا سوا ندامت ۔۔۔ کس تخم کو خاک مین ملایا
کی گریہ نی کتنی آب یاری ۔۔۔ دریا میری چشم سی بہایا
گرداب میری ڈبونی کو تہا ۔۔۔ جو قطرہ خاک پر گرایا
ہر حلقہ دام آرزو نی ۔۔۔ طوق لعنت مجہی پہنایا
دل گرمی شوق شعلہ رونی ۔۔۔ کیا کیا مجہی آگ پر لٹایا
کہہ ساقی سرخ لب کی غم نی ۔۔۔ خونابہ دل جگر پلایا
ہم بزمی باہوش نی گاہی ۔۔۔ جون بدر سحر تلک جگایا
بتخانہ کو رشک کعبہ سمجہی ۔۔۔ گر شوق نی گرد کو پہرایا

تہا شور غذا اک جائی لبیک — اوس دشمن دین نی گر بلایا
کرتی رہی شکر بخت بیدار — ساتہہ اپنی صنم نی گر سلایا
بوسہ جو دیا ذقن کا گویا — سیب خلد برین کہلایا
یہہ بیخبری کہ یاد بجلے — تہی لعب و فرض وسی بہلایا
روٹہا کوئی نازنین صنم گر — سوگند دروغ کہا منایا
کتنی ہی قضا ہوئین نمازین — پر سر کو نہ پاؤنسی اوٹہایا
کل پیرہنون کی آرزو نی — اکثر خز و پرنیان پہنایا
آیا نہ کبہی خیال حج کا — تلوا سو بار گر کہجایا
نیت ہی تہی توڑنی کی گویا — گر اوسنی نمازین ہنسایا
افسوس شکست صوم بیسو — یہہ شکر کہ اوسنی ساتہہ کہایا
واعظ کی کبہی کوئی زمانی — کتنا ہی عذاب سی ڈرایا
ہرچند کہ قول ناصحون کا — کچہہ تلخ نہ تہا ولی نہ بہایا
توڑا نہ وفا کی سلسلی کو — توبہ ہی پہ زور آزمایا
اللہ میری گناہ بیحد — وہ ہین کہ شمار کو تہکایا
ہی عام خطاب یا عبادی — اسنی تو کچہہ آسرا بندہایا
عالم مین نہوئی گا وگرنہ — مجہا کوئی منکر اسجایا
کیونکر نہو تیری آس تو نی — افلاک کو بی ستون تہمایا
اوس دام سی مجہکو تو چہڑا دی — داؤ دی جسمین دل پہنسایا
دل از لف سی ہو رہا تو جاؤن — زندان فرنگ سی چہڑایا
وہ عشق دی جسکا نام اسلام — وہ شیوہ نبی نی جو بتایا
وہ نعرہ علیہ بجا لی — جسنی اوس آگ کو بجہایا

کچھہ آب زنی کری نہین تو	سرنار رحیم نی اوٹھایا
مجھکو بہی بچالی جیسی تو نی	یوسف کو گناہ سی بچایا
وہ رفعت حال دی کہ جسنی	منصور کو دار پر چڑھایا
اوسکا میری دل پہ اک پرتو	جس شعلہ نی طور کو جلایا
مومن کہی کس سی حال آخر	ہی کون تیری سوا خدایا

زمزمہ سنجی بلبل طبع بمضمون باد خوانی نسیم گلشن نبوت و شمال چمن رسالت

چمن مین نغمہ بلبل ہی یون طرب مانوس	کہ جیسی صبح شب ہجر نالہای خروس
ہی اسطرح فرح انگیز کو کوی قمری	کہ جیسی فوج مظفر مین شور و غلغل کوس
نوای طوطی شکر فشان کی لذت سی	سماع و رقص مین اہل مذاق چون طاؤس
غبار صحن چمن کیمیای عیش و نشاط	بہار لالہ و گل سیمیای عرض شمول
صفا سی وہ در و دیوار باغ کا عالم	کہ آشیانہ مین دشوار طایرونکا جلوس
زہی فریب صفا خاک پر ہی گلچین	ہری جو وسعت گلزار مین گلونکی عکوس
ہجوم سبزہ نی کی بسکہ رنگ آمیزی	زمین پہ چادر مہتاب بنگئی ہی سندس
ہوئی ہی سقف فلک تا نعم قد افزا زمی	دگر نہ پند کہان اور ترقی معکوس
ہو کیون کر ایسی طراوت پہ سنگ راہ نسیم	بنا ہی شبنم گل آبگینۂ فانوس
خزانہ خاک مین ہر سنگدل ملاتا ہے	زبسکہ لفظ خزان جانتی ہین سب منحوس
نوید مالک گلزار کو کہ زر کی جگہہ	ہر اک کاسۂ گل مین ہی گنج دقیانوس
بیہہ آب و رنگ کہان لعل اور زمرد کا	نگر دیا ہی گل و سبزہ نے انہین ملبوس
چمن کی خاک سی کالکو نہ اب بناتی ہین	شگفتہ تا دم رخصت ہی ہو عذار عروس
خمیدہ شاخ سی یون رنگ گل جھلکتا ہی	کہ جسطرح سی بھڑک اوٹھی مشعل منکوس
پڑی ہی مرغ گلستان وہ مطلع رنگین	کہ سنکی بس جسی ہجائی سن ہی بلبل طوس

مطلع ثانی

زبان لعل کہاں اور مدیح تاج خروس
کہ ہی خاک پہ کیا لعل افسر کاؤس

ہزار داغ ہو پروای آفتاب کسے
پرستش گل خورشید میں ہی کرم مجوس

شگفتہ تر ہی چمن روضہای جنت سی
ہنسی کی جا نہیں کہ صومعہ نشین ہی عبوس

خلل پذیر رطوبت ہوا دماغ بہار
عجب کہ سبزۂ خوابیدہ کو ہو کابوس

ہی دشت بزم طرب کثرت نتایج سی
نہ کیوں تہو گل خماری کو ناز شکل عروس

ہوا ہی سیر چمن زار کی وہ بدمستے
کہ خلق کو ہوئی مشکل حفاظت ناموس

عجب نہیں مئی گلرنگ کی ہوس سی اگر
خود آ کی شیشۂ خالی میں ہو پری محبوس

مزاج دہر میں یہہ اعتدال آیا ہی
کہ جس نبات کو دیکھو وہ صالح الکیموس

عجب نہیں کہ بسان نگس عسل او گلی
کہ اندلوں ہو کوئی مبتلائی ایلاوس

نمو کا معجزہ صل علیہ یہہ گندم
ہوا ہی جنبش غربال سی بنی ہی سبوکر

رطوبت ایسی نظر آئی داغ لالہ میں
کہ چاک چاک حسد سی ہوا دل افیوس

قبای گل کو کہا اطلسی دیکھی تشبیہ
سیاہ پوش جعل ہو درون ماتم سوس

قوای نامیہ کو ناگوار ہی کہتنا
کہ ہضم رابعہ محتاج ہو سوی کیلوس

ہوا ہی ابتو یہہ سرمایہ لطافت آب
کہ پشت ماہی پہ گلہای شرفی ہین فلوس

کہیں جہاں نہیں کائی نظر نہیں آئے
کہ صرف رنگرزاں ہو گئی بجای ابوس

سرایت نم آب وضو سی دور نہیں
جو سبزہ دار بنی ریش زاہد سالوس

بعید کچھ نہیں شادابی زمین سے اگر
زیادہ تر کری سیلان خون گل سلوس

لراس بہار کی یعقوب کو ہوا لگجائی
شمیم جامۂ یوسف کبھی نہو محسوس

ہوا سی لبسکہ گل شمع بہی ہی عطر آگین
عدیل طبلۂ عطار بن گئے فانوس

یہہ گل کہلاتی ہی آب و ہوا کی نیرنگیں
کہ ہی پیاز کو لاف منافع بلبوس

ہوای جنبش اوراق سی ہین عطر فروش　　لغات ورد کہ ہین ثبت صفحہ قاموس
فسونگری دم مشاط نسیم کی یکبہ　　کہ مشک نافی ہوئی غنچہائی لف عروس
صفات آئی جو آئینہ ہوا مین کطرہ　　لگا خواص و عوارض کو اعتبار نفوس
صدا نکلتی ہی ملکر ہوا سی کیا ہو فرق　　کہ بانگ خندہ گل ہی کہ نالہ ناقوس
عجب ہوا ہی کہ فیض نفس سی ہوتا ہی　　شکم مین خستہ کی نشو و نمای اصل السوس
غریق آب خجالت ہوا کی فیض سی عرق　　کہ گل ہوا ہی میرا غنچہ دل مایوس
ہوا ہی کون سی ای سی مگر مدینہ کی　　دم مسیح کو ہی جسکی حسرت پابوس
شرف مدینہ کو جس سی ہی ہو نہو وہ ہو　　جسی بتاتی ہین محبوب حضرت قدوس
جو خواب مین ہی کبہی دیکہتی جمال اوسکا　　تو دیتی دل کو ہی یوسف کو دختر طیموس
جو شمع بزم کہون اوسکی روی تابان کو　　کتان و ماہ بنی نور شعلہ و فانوس
وہ کون احمد مرسل شفیع ہر دوسرا　　جو خلق کا سبب اور باعث سعادت نفوس
جہان مطاع شہنشاہ آفتاب نشان　　فلک سریر قمر طلعت و ملک ناموس
سیاہ چشمون کو مشکل نگاہ دزدیدہ　　یہہ اوسکی حفظ سی ہی ملک معدلت محروس
نگاہ ہائی عصمت سی وہ رواج حیا　　کہ چار چشم نہون نرگس وا افسوس
سنی ہی دور عدالت مین اوسکی شیر عرین　　شبان کی ضرب بیجا سی نالش جاموس
کرم مین دون اوسی نیسان سی کس طرح تشبیہ　　کرون مین جانکی کیونکر ترقی معکوس
کہ جسکی بخشش یکروزہ کو وفا نکرین　　ہزار سالہ گہر ہای قلزم و قابوس
یہہ جی مین ہی کہ پڑہون اور ایک وہ مطلع　　جو ہو ہر ایک متنفس کی طبع سی مانوس

مطلع ثالث

تیری ہی فیض سی ہر قطرہ آبیار غروس　　تیری ہی نور سی ہر ذرہ جلوہ زار شموس
ہمیشہ عفو ترا طالب گنہہ گاران　　مدام رحم ترا در دمند کا جاسوس

تیری حسود کی نسبت سی جل رہی ہی کیون — ہجوم شعلہ سی دوزخ ملی کف افسوس
تیری غلامی کی دولت سی خاکپای بلال — سفیدہ رخ فغفور چین و خسرو روس
خمیدہ کسلیی نہ آسمان نہی تہی پہلا — نہ تہا ازل سی جو مد نظر ترا پا بوس
بہا مین ڈبتی ہی ماہی دفینہ ہای زمین — یہہ بڑہ گئی تیری سکہ سی قدر زنا لفلوس
ہی احتساب تیرا مانع لباس حریر — نہ پہینک دیوی کہین چرخ اطلس ملبوس
تیرا وہ خوف کہ رک جای تا گلو آکر — نہ نکلی معبد ترسا مین نالہ ناقوس
یہہ می کو ہی جہان سوزنی جلایا ہے — کہ منع نکرسکلی فرق صراحی و فانوس
زبس شراب کو ہی آفتاب کہتی ہین — نہ آسمان کی واژون ہی مدام کبوس
فریب وعدہ یہ چہوڑی ہتون نی جہوٹ قسم — سنا زبسکہ زبان سی تیری عید غموس
دم مصاف تیری دشمنون کی لشکر مین — صدای نوحہ و شیون ہی بتور غلغل کوس
دو نیم ہون تیری شمشیر کی تصور سی — لبان ساغر جمشید کا سہائی وس
ملادی کا وزمین کاو چرخ سی نیزہ — بٹہادی خاک پہ تیر سپہر کو دبوس
اگر کہی عدوی یا محمد عربی — صفیر مرگ ہو رستم کو نعرۂ لا کوس
مخالفونکو تیری وہ جہان جہنم ہے — کہ تاب مہر سی جلتی ہی ہین یہان بہی مجوس
براق اسپ تیرا ابروی فرشتہ رکاب — کہان ہو چشم بشر ایسی پاونسی ممسوس
یہ جسکی دہیانمین مضمون قاب قوسین آئے — وہ دیکہلی تیری زین و کمان کا قربوس
تیری عدو کی خرابی کا کچہہ علاج نہین — نہو قبول دعا سی بہی قسمت منحوس
تیری خیال سی اصحاب کہف کو ہی یہ چین — وگرنہ خواب کہان اور زمان دقیانوس
ظہور مین ہوئی تقدیم انبیا کہ نہ تہا — تیری وسادہ دولت پہ احتمال جلوس
ستم ہی کہ تیری مدیح خوان یہ کری — ہزار گونہ ستم روزگار نامانوس
کچہہ انتہا بہی کواکب کی دور بیجا کی — ہمیشہ ہی میری طالع مین اجتماع نحوس

جو اپنی حسرت و حرمان کا مین بیان کرون
نہ تاب لائی دل سخت زاہد سالوس

جفا کو آئی میری دل شکستگی پر رحم
بلا کری میری احوال زار پر افسوس

ملی ہین خاک مین کیا کیا میری فنون و علوم
خدا کسیکو نہ دی ایسی طالع منکوس

حکیم وہ ہون کہ جاتی رہین حواس اگر
کری معارضہ سر دفتر عقول نفوس

طبیب وہ ہون کہ ہو سوز سینہ بلبل
نظارہ رخ گلفام سی مجہے محسوس

جو ہون معالج مبطون تو فالضرار واح
کری دعا ی رواج طریق جالینوس

درم ہو چارہ گر فیض نا بدست لئیم
کیا ہو مینی جو تجویز وزن مغز فلوس

کرون جو گردش انجم کی مین رصد بندی
فدا ہو وجد مین آکر روان بطلیموس

گواہ عصمت مریم ہو بلکہ کثرت اولاد
عقیمہ مجہی سنی کر بیان شکل عروس

بفرض گر کرہ خاک کو کہون دائرہ
شکستہ اسپ گلی ہو دہی چشتاز فروس

طلسم ماہ لکہون گر پی زبان بستن
بنا ہی مہر دہن جس پہ نکہت جاسوس

یقین کہ زہرہ و خورشید مین مقابلہ ہو
پڑہون جو مین پی دوری جامی ارسطوس

جو میری نثر کی دیکہی لالی منثور
اوٹھالی مسند حشمت حجاب سی کاؤس

فنون نظم مین مینی نکالی ایسی راہ
طریقہ شعرائی سلف ہوا مطموس

میری کلام ثریا نظام کا منکر
وہ تیرہ روز جو برجیس کو کہی منحوس

جو دیکہین میری طبیعت کی گوہر افشانی
شریک درد ہون محمود و نکتہ پرور طوس

دئی ہین میری حسد نی زبس ہزارون داغ
روا ہی باندہی گر عندلیب کو طاؤس

قماش دیکہہ کی رنگینی سخن کا میری
حریر لالہ و گل شرم سی ہوا مدروس

خدا کی واسطی کرم دعا ہو بس مومن
کہ منتظر ہی ازل سی اجابت قدوس

ہی جب تلک گل و تر قسمت نہال و شجر
ہی جب تلک دل لالہ مین داغ حسرت و بوس

مدام ہو لی پہلی دوستون کا نخل مراد
رہین داغ عدو کا رہی دل مایوس

بیعت نعانی بردست عبارت سراپا اعجاز بفیض بدیع اولین دستور صداقت طراز

کوئی اس دور مین جئی کیونکر ملک الموت ہی ہر اک بشر
دادخواہون کی شور سی دیکھو چونگ پڑتا ہی فتنۂ محشر
آئینہ نی بہی اس زمانی مین تیغ کی سی نکالین ہین جوہر
آتش لعل شعلۂ جان سوز آب نیسان ہی اک بد گوہر
جسکو دیکھو سو مایۂ بیداد کیا ہوا گر نہین ہی سیمین بر
ذکر انسان سی یو مجنون ہو آدمی سی پری کو آئی حذر
ہی پئی اشتیاق و یرانی شاہ فرہاد و بیستون کشور
نہ اسیرون کو پای بندی عل نہ رعایا مطیع و فرمان بر
اوسکو ہو رستم زمان کا خطاب جو کری قتل خور دسال پسر
کمترین خانہ زاد طعنہ زن طرز حرف ملامت مادر
ہین گدا پر غرور شیرویہ بگنہ جو کیا ہی خون پدر
چمن آرا کو رسم پیرایش اک بہانہ ہی بہر قطع شجر
دشمن جان عاشقان دلدار گر نگہ ہی تیغ بی مژہ خنجر
خاص وہ مایۂ دل آشوبی جسکا بیمار غم نہو جان بر
وہ جو سر کاٹ کر پشیمان ہو رحم گر آئی نیم بسمل پر
وہ نہ لی جسنی حال کی میری عمدا کیا کہ بہول کر بہی خبر
وہ کہ مومن کی ضد سی مومن ہو یہہ گر اوسکی لیی نبی کا فر
ہائی مجبا عزیز ہو یون خوار حیف خورشید زیر خاکستر
واہ ای چرخ تیری نا فہمی مہ اوج کمال فال اختر

اوسی دیتا تھا رحم نوشابہ   مجھکو دی تھی جو عقل اسکندر
اوسی بلقیس گر بنایا تھا   مین بھی بندہ تھا سلیمان فر
زہرہ پیرایہ گر کیا تھا اوسی   مجھکو لازم تھی شاہی خاور
یہان بھی ہوتی کلاہ زرین تو   تھی جو وہان سر پہ گوہرین معجر
ملک پرویز چاہیی تھا مجھی   اوسی شیرین حشم کیا تھا اگر
روتی ہین تیری جانکو ظالم   ایک مین کیا کہ سارے اہل ہنر
سینہ صافونکو سلک مروارید   نہ ملی جز سرشک دیدۂ تر
لب رنگین بیان اور خوناب   تیرہ باطن ہی اور می احمر
قاضی مشتری بکمال سی ہین   ہندوان زحل سیم بر تر
منشیان عطارد آسا کو   نور خورشید سوز حسرت زر
صدر انجم شناس سی تابان   مہ کامل کیطرح داغ جگر
ہوس خوشہ کسی لبان مغان   عید خورشید روز شہریور
من و سلوی کباب می آلود   زاہد اتنی ہین جوع سی مضطر
پاکی لزام دست خالی سی   فلسفی پٹتا ہی اپنا سر
آب و نان کی لیی گرو رکہین   رستمان زمانہ تیغ و سپر
شعرا کو یہہ آرزوی شعیر   خوان عیسی سی نیم خوردہ خر
کام آئی نہ نغمہ شیرین   طوطیون کو ہی حسرت شکر
سروران سپہر مرتبہ مین   بسکہ جاہل نواز دون پرور
کہاں ہی وہ سرمہ صفاہانی   جسی لکھی کمال نور بصر
دیکھی نرگس حسد سی جانب گل   خوردہ بین ہوگئی ہین اہل نظر
واعظونکی زبان پر آتا ہی   بر ملا شکوہ قضا و قدر

بن دندان سی کہا ئی نال قلم   خوشنویسو نمین جو ہی سر دفتر
کہی مفتی سوال کو واجب   کسب مفقود جو ہوئی یکسر
خاک اوڑاتا ہی پشت آئینہ   دیکہہ کر زنگا عیب گر
پہلی پہولی ہین بی خرد کیا دور   بید مجنون بہی گر لی آئی ثمر
سختی و کاہلی کی دولت سی   دامن کوہ مین ہین لعل و گہر
باندہتی ہین سخن سرا موزون   کسطرح ہو نصیب سر کو بر
جام نمرود کا فسانہ ہین   چارہ فرمائی علاج سہر
سنکی لایحتسب کا مژدہ ہوا   کافرونکو بہی گو نہ گو نہ خطر
جبت تب و الضحی پڑہی ہی امام   منقدی تاسنین قبلا تہر
قدر دانی کا نام ہی نرہا   چند نادان ہوئی ہین نام آور
ایک امیر سخن شناس نہین   لاکہہ ہین شاعر شنا گستر
کہیئی گر بادشاہ کو عرش سریر   کہی ہیر ہی بلا کو ہو چکّر
صدر را رسطو کہی سی مالی بُرا   حکما کو سنا جو ہی کافر
ای لب یاوہ گوئی ہرزہ درای   بس کہا تنک یہہ ناستودہ سمر
کب تلک شکوہ جفائی فلک   تاکجا طعنہ قسمر چا کر
ہجو گوئی نہین ہمارا کام   ایسی باتونسی خاموشی بہتر
پڑہ گوئی وہ غزل کہ اعدا ہی   حبذا حبذا کہین سنکر

غزل

لاؤن اس مفلسی مین سیم و زر   ہونٹ سینی دی گر نصیحت گر
جو میری سنلی مین یاوہ سکی سنون   کہ زبان گنگ ہی نہ گوش ہی گر
کیا کہون جی پہ کیا گذرتی ہی   یہہ ستم کسکو آئی کا باور

اپنی حسرت کا کچھ علاج نہین
یار ہو بخت یا فلک یاور

ہی یقین یہہ کہ خاک ہی مین ملی
آرزوی وصال سیمین بر

نکلی ارمان کیا کہ نکلی ہی سیح
نالہای شب و فغان سحر

دیکھو انصاف سی کہ ظلم ہی ظلم
گر نہو روی التفات ادہر

تاب رخسار و تیرہ روزی سی
وہ اگر مہر ہی تو مین ہون قمر

نہ کوئی مایہ دار حسن اتنا
نہ کوئی مجھسا عاشق بی زر

وہ بھی ایسا نہین کہ یون محروم
رکھی مستوجب کرم کو مگر

مانعین زکات ہین اغیار
باد ایام نصفت سرور

مسند آرای محفل تقدیس
اولین جانشین پیغمبر

خاکساری پسند عرش مقام
آدمی صورت فرشتہ سیر

ملک دل سریر و جان خرگاہ
شاہ دین تاج و معدلت کشور

سینہ سرشار مہر یزدانی
چشمۂ لبریز جلوۂ محشر

لب وہ آبحیات جسکی لئی
تشنہ کام صد آرزو کوثر

آرزو پابوس مین ہی خورشید
ذروہ اوج پایۂ منبر

چرخ و آشوب دور مین اوسکی
جوش یاجوج و سد اسکندر

کیا گنی کوئی خوبیان اوسکی
اک سخاوت شمار سی باہر

لکھی اوس ہاتھہ کو جو پنجہ مہر
ذرہ پاوی رواج خوردہ زر

ذکر مین اوسکی جو دیہیم کے
مبتدا اک ہی ہزار خبر

خاک بیز اوس گلی کا ڈالی ہی
خاک بر گور گنج قارون پر

ہیم بہا اوسکی در فشانی سی
تار اشک یتیم و سلک گہر

اوسکی دروازی کی گدائی کات
ملک خاقان و حشمت قیصر

کچھہ نظر مین سماوی تو دیکھی
پنجہ خور کو اوسکا دست نگر

خلق ایسا کہ ذکر مین جسکے
بہولی عاشق حکایت دلبر

دم بھری اوسکی کوی دلکش کا
باغ جنت مین بہی نسیم سحر

بسکہ ہین کین و دشمنی اوسکی
قدر کاہ و بہا شکن بحر

ربط سی زخمہای اعدا کی
قطرۂ خون ہو مشک یا ر دگر

رافت اوسکی ہو جب ضعیف نواز
آب ہو جای شرم سی عنبر

جب اولی الفضل منکم ای حاسد
اوسکی حق مین کہی جہان داور

افضلیت مین کیا سخن کہی بات
سب سی بہتر کہ سب سی ہی بہتر

حکم سی اوسکی بی سروسامان
سر جسم سی اوتار لی افسر

اور پڑہتا ہون اک وہ مطلع
جان دی جسپہ ہر سخن گستر

مطلع ثانے

ای مسیحا دم روان پرور
زندگی بخش دین پیغمبر

گرمی التفات سی تیرے
خشک ہو جا صیونکا دامن تر

ہی سراپا تو مہرۂ ت پاک
تجکو کیا نیش مار سی ہو ضرر

ہی تیری خار جیب کا قصہ
شریان حسود کو نشتر

تو وہ سلطان کہ بارگہہ کا تیری
پست کاشانہ ہی فلک منظر

قصر جاہ و جلال مین تیری
فخر کیوان پاسبانی در

ذرہ خاک در کی تابش سی
جل گیا مہر آتشین پیکر

گر تیری بی رضا کری گردش
ٹوٹی دولاب چرخ کا محور

ماجرا اسکی تیغ کا تیرے
الامان الامان کہین کافر

ذکر کرتی زبان کٹتی ہے
کیا بیان کیجی تیری خنجر

دیکھے گر گرز خار دار تیرا | ہو زرہ فرق خصم پر مغفر
تیری چین کمند دلکش کا | دم بھری جذبہ بہ دم اژدر
کچھ تعجب نہیں جو چڑھ جاوے | قلعہ چرخ پر تیرا لشکر
کہے قدسی کھر ملک فطرت | جنبش منصور میں ہر ایک لشکر
تیری تلوار کی وہ آنچ کہ بس | چھوڑ دیوین پرستش آذر
دیکھے گر تیری تیغ کوہ شکاف | ٹوٹ جاتی ہے سرکشوں کی کمر
خط النصف النہار ہو محسوس | گر فلک کو عدو بنائے سپر
دور انصفت میں تیری فتنہ کا | پاس اصحاب کہف کی بستر
تو وہ عادل کہ ذکر کسریٰ میں | عدل کی تجھسے داد چاہی عمر
نرد بازونکو عہد میں تیرے | ششجہت ہے جیسی مہرہ ششدر
دزد چور ایسی جی چراتے ہیں | گو نہو وے ذرا مقام خطر
فتنہ سازونکو وہم فتنہ نہیں | دل تیرا ہے جو کاشف مضمر
بادہ کش ایسی تلخ کام کہ ہے | کف مار سیہ مے احمر
خم واژون فلک سبوی تہی | دور بگزشتہ گردش ساغر
عیب جو جوردہ میں کا یہ احوال | دو پہر کو فلک نہ آئی نظر
ذکر میں انتقام حق کی تیری | مترادف ترحم و کیفر
خوف عصمت سی تیری آئی جو پاس | شمع پروانہ کی جلادی پر
لکھئی گر ہی تیرا مثل بالفرض | صفحہ سی محو ہو خط مسطر
زر و سیم نثار کردہ ترا | ہے عروس زمانہ کا زیور
مومن اب کر دعا کہ سنتا ہی | تیری تقریر گوش دل سی اثر
جب تلک گردش سپہر سی ہی | انتساب حدوث نیکی و شر

تیری احباب نیک بخت مدام — تیری اعدا ہمیشہ فال اختر
جب تک اس تیرہ خاکدان مین ہی — کوہی گم کردہ رہ کوئی رہبر
تیری حاسد ہون غول صحرائی — تیری ہیرو ہون ہیسوائی خضر
نیک خواہ اور جو ہی دارین — بدسگال اب سی خوار تا محشر

خطبہ خوانی دل و زبان با مید ثواب باثبات خلافت امیر المومنین عمر ابن الخطاب

جو اوسکی زلف کو دون اپنی عقدہ مشکل — تو بلہوس کا ہی ہرگز کبھی نچھوئی دل
تم اور حسرت ناز آہ کیا علاج کرون — مین نیم جان نرہا امتحان کی قابل
امید حور بہشتی پہ لاؤن کیا ایمان — کہ برہمن ہون تو ہو دکردۂ بتان چگل
وہ شوخ برق عنان خاکمین ملادیوی — اگر ہو حسرت بنالہ کردی محمل
چلا ہی جاتا ہو نمین گو چلا نہین جاتا — ستم ہی شوق رسای و دوری منزل
مین کیونکہ مطربہ مہروش کو رام کرون — چلی نہ زہرہ پہ زنہار جادوی بابل
مثال دیتی ہین روز فراق سی کیا دور — بلائین ہون شب یلدا مین جحسی نازل
مزا ہی وصل کا ہجران سی پیشتر یعنی — گل خزان زدہ کو گیا بہار سی حاصل
ہون بیگناہ ولی خون بہا معاف کیا — کہ وارثون سی کہین ملتفت نہو قاتل
خدا سی ڈر بت بیدرد ہی یہہ کیا انصاف — کہ تو جفا سی نہوا اور کلی سی ہو نمین خجل
جو سیکھی فتنہ گری رنج عشق سی یاجوج — نہ ہوسکی کبھی سد سکندری حائل
یہہ کیا غضب ہی کہ تمکو تو ربط غیر سی اور — مجھی یہہ حکم کہ زنہار تو کسی سی نہ مل
جلا پڑ رہو میری غبار دل سی تو زنگ — فنائی آئینہ کی بعد ہیئے ہنوز ابل
مین اپنی کشتی طوفان رسیدہ خوش ہون — کہ بحر عشق مین کام نہنگ ہی ساحل
وصال غیر کی طعنون سی جی جلا اوسکا — کہان وہ گرمی صحبت کہ خود ہوا ہون خجل
نئی طرح سی مین کرتا ہون اب غزلخوانی — عدو بھی چاہیئی اس زمزمہ کی ہون قایل

غزل

دل اب کی بار ہوا ایسی بی جگہہ مایل
کہ جانکو بھی ٹہکانے لگا رہی کا دل

فغان کہ دلبر خود کام سی پڑا مجہی کام
حصول کار ہی بیکار و سعی بی حاصل

وہ تندکہ اگر جور سے پشیمان ہو
تو پہر عذر کرے ناز ہای تاب کسل

وہ پر فریب کہ ہو دل نشین تغافل ناز
ہمیشہ حالت عاشق سی گر رہی غافل

وہ سخت گیر کہ رہوی نہ طاقت جنبش
تو نیم جان غم عشق کو کہے کاہل

وہ بیوفا کہ بکرجای جان شکستن تک
کری جو وعدۂ روز جزا دم بسمل

وہ شمع انجمن ناز ہای حوصلہ سوز
جو سمجھی خواری مشتاق رونق محفل

وہ جنگجو کہ اگر سبھی رشک دشمن سہے
تو بیحیائی کی طعنی ہون جان کی قاتل

وہ بی نیاز کہ لیلے بہی گر رکاب مین ہو
نہ پہر کی دیکہی کہ کون آئی ہی پس محمل

وہ بد شعار و طرحدار دلربا جس سی
امید وصل خطا ترک آرزو مشکل

وہ شوخ بی سبب آزار و بی گنہ خونریز
کہ جرم قاتل عثمان کا نہو قایل ٭

وہ نکتہ دان کہ تقیہ کو اصل دین کہے تا
دم شکایت عاشق نہو جفا سی خجل

وہ دوربین کہ خدا پر کری بدا ثابت
نہین ہی غیر زبس اعتماد کی قابل

وہ کج ادا صنم خود پسند کافر کیش
کہ جسکے زعم مین باطل حق اور حق باطل

وہ فتنہ گر بت حق ناشناس ناانصاف
جو فرض عین سمجھے کین داور عادل

امام اہل یقین شہریار کشور عدل
امیر لشکر دین و مبارز مقبل

بلند پایہ عمر جسکی قصر رفعت کا
گدای خاک نشین شاہ آسمان منزل

جو شمس شمہ قصر اوسکا ہو تو ہند روان
کری نہ مدخل ظل سی تمیز مخرج ظل

شہ سریر خلافت مہ سپہر کمال
محیط ابر نوال و سحاب بے ریا دل

و فور بذل و کرم یون پکار ہی کہتا ہے
کہان ہی معن کریم اور حاتم باذل

یہہ احتساب کی رسنی نئی نکالی راہ
ہوا او فور سخاوت سی مانع سایل

حساب دفتر احسان کا اوسکی مشکل و سہل
کہ بیشمار ہی گو ہے فقط مد فاضل

جو دیوی تلخی خصم نسیم سی تشبیہہ
کوئی پلید تو سقمونیا ہو مسہل

رہی نہ بیم خسوف اور نہ احتمال ہبوط
جو اوس کے رای سی ہو مستضی مہ کامل

معاذ و جو کہا خاتم رسالت سنے
کہ میری بعد نبوت کی تہا عمر قابل

یہی خلافت راشد کی اوسکو بس ہی دلیل
یہی امامت برحق کی اوسکو بس ہی سجل

ٹرہا یہہ پایہ الہام رای صائب سی
کہ مشورے یہ ہوئی اوسکی وحی ہی نازل

یقین کہ رہنمائی ہی پیروی اوسکے
نہین تو سایہ سی کیون بہاگتا ہی دیو مضل

مثال عدل مین نوشیروان کو تجہسی غلط
کہ بت پرست کہان فارق حق و باطل

رواج حسن عمل تیری دور مین یہہ ہوا
کہ گفتگو مین بہی مرفوع ہو گیا فاعل

یہہ جوش خانہ کفار کی خرابے کا
کہ خود گرائی کلیسا کو راہب جاہل

دم خرابی و تسخیر تیرا گوشہ چشم
نگاہ لطف و غضب سی مثلث عامل

وداد و خشم ترا صوفیون نی دیکہا ہی
جبہی تجدد امثال کی ہوئی قائل

تیری زمانی مین صد سالہ پیر فانی سی
زیادہ تر ہین جوانان فتنہ گر کاہل

نہین جہان مین جان رستم و نریمان کی
تیری قتیل شجاعت کی جو ہوئی ناقل

یہہ خوف ہی کہ اگر کیجی ذکر خونریزی
عدوی منقبض الطبع کو تیری ہو سل

مثال اون جو زرہ پوشی مخاصم سے
ہزار پارہ ہو بی صدمہ دانہ فلفل

وہ آنچ تیغ مین تیری کہ کہتی ہین دشمن
ابہی سی ہم تو جہنم مین ہو گئی داخل

گرا وی جب تیری تکبیر قلعۂ اصطخر
تو کیا عجب ہی کہ کلمہ پڑہین بتان چگل

شہا کسینی ندی بیان میری ہنر کی داد
کہ نکتہ فہم نہ تہا اک سہ و ر با ذل

وہان صلہ مین نعیم جنان کی ہی امید
اگر ہو لطف ترا میری حال کی شامل

وحید عصر ہون مین عقل اولین ہی گواہ
فرید دہر ہون مین صفحۂ زمان ہی سجل

یہی صلہ یہی ممدوح مجکو زیبا تہا
یہی سخن یہی مدح تہا تیرے قابل

یہہ وہب ہی کہ مناجات کبریا جو کرو
تو انصتوا کہی ذاکر سی عابد شاغل

سنی جو ذوق شب وصل مجسی ماہ لقا
کبہی نہ گردش ایام ہوسکے فاصل

میری بیاض پہ وہ انتخاب کی نقطی
سپند جسپہ ہوئی گردن ثنا کی تل

جہان ہو ذکر میری دانش آفرینی کا
سفیہ ہی جو وہ بہلول کو کہے عاقل

اگر پڑی میری پیک خیال کا سایہ
گرا دی شاہسوارون کو رہرو راجل

میری کلام سی ہین گونہ گونہ فائدہ مند
ادیب و نبض شناس و منجم و فاضل

یہہ فیض دیکہہ کہ اپنی خطا سی ہو آگاہ
گر اعتراض کری کوئی حاسد جاہل

یہہ معجزہ میری سحر حلال کا کہ ہی کفر
ہر ایک مذہب و ملت مین جادوی بابل

زحل پرست جو میری غزمیت منظوم
پڑہی تو لخلخہ مشک ہو دخان مقبل

اگر مین گریہ مستانہ کا کرون مذکور
زمین میکدہ بی ابر آذری ہو گل

ہی فرق لفظ جدید اور معنی نو مین
نکیونکہ چپ ہو میری آگی افصح وائل

کلام جد سی زیادہ سزا نہین ہومن
مباد طعنہ طول مقال دی مبطل

خموش تابکجا لافہای بی معنی
خموش تابکجا ترہات لاطائل

دعا پہ ختم سخن کر کہ شور آمین سے
اوٹہا بیٹہائیگی مرد و نکو عرش کی حامل

نصیب روز جزا کب کری نزول جلال
زمین پہ چرخ سی تخت شہنشۂ عادل

موافقون کو بہشت و ترقی درجات
مخالفون کو جہنم کا طبقۂ سافل

یا مہ راجبہ چون مہر و ماہ نورانیست ہانا بفیض مدیح ذو النورین درافشانیست

ہی یہی حسرت دیدار تو مرنا دشوار
دم شماری کی میری عمر ہی تار و زنہار

بدگمانی نی دعاسی بہی رکہا محروم آہ
راز دل غیر سی کسطرح مین کرتا اظہار

دور اتنی رہی محرومی قسمت سی کہ ہم
دیکھہ اتنا ہین تیری عشق مین رویا کہ ہوئی
بی سبب قتل سی آیا نظر انجام اپنا
دہوم ہی تا لب خورشید قیامت کی مگر
درد سر میری شکایت سی نہین یہہ تم کو
تاب ہی دیکہہ کر اوس بت کی تجلی رہے
بہنی تو غیر کی بہیجی ہوئی کنٹہی افسوس
خاک ڈالی ہی جو سر مین تو اوسی کوچہ کی
حیف صد حیف اگر غیر کی دم مین آئی
سیر کو باغ مین وہ شاخ گل آجائی اگر
ہم سی دشمن نی تیری راز کہی مستی مین
پرسشش کور کا اب ڈر ہی غلط فہمی سی
بیوفا بلہوس اور آپ ستمگر سچ ہے
کیا تیرا تیر مرا تشنۂ خون ہی ظالم
حور کا ذکر ہوسناک سی کرا ہی واعظ
میری سینہ پہ قدم زور سی مت رکہہ ظالم
کسکی دلگرمی بیجانی جلایا جبکو
پہلو ہی خم مین نجابی یہہ خمار ای ساقی
بات میری جو کسیطرح سمجہتا ہی نہین
غیر کو بام پہ آ جلوہ دکہایا تمنے
نور خورشید سی پا ہی جرم قمر کی تابش

سمجہی ہندی صنمونکو ہی بتان فرخار
جلوہ گر مہر گیا دشت سی لی تا کہسار
سرمۂ دیدۂ دشمن ہی میری خاک مزار
مجہسی للہ نپوچہیگا عذاب شب تار
بزم دشمن مین جو می پی تہی سو اوسکا ہی خمار
میری قسمت مین نتہا ہای خدا کا دیدار
دست گل خوردہ مرا ہو نہ کلی کا تیری ہار
یون مین دیوانہ ہون پر کام مین اپنی ہشیار
مین اسی بات پہ مرتا تہا کہ تم ہو اغیار
سرو و شمشاد سی قمری نکری فرق چنار
ایسی کم ظرف کو دیتی نہین جام سرشار
ہای جو دشمن جان تہا اوسی جانا دلدار
نہ تمہارا کوئی عاشق نہ ہمارا کوئی یار
وہان سی آتا ہی کئی بار دہان سوفار
مجکو اوس بت کی سوا اور کیا ہی سروکار
ہان نہ چہہ جائین کف پا مین کہین دلکی خار
کہ ہی خاکستر گلخن میری خاطر کا غبار
ہو گئین خمیازہ کش حسرت آغوش و کنار
وہم آتا ہی کہ ناصح بہی نہو عاشق زار
یہہ نہ سوچا کہ پڑا ہی کوئی زیر دیوار
می سی ہو کیون نہ فزون حسن رخ ماہ عذار

ق

بیم رسوائی و اندیشۂ بدنامی سے
کیا کروں کر نہ سکا وحشت دل کا اظہار

تجھکو دکھلاؤں تماشا میں جنوں کا اپنی
آ رہی کوئی پریوش جو تیری قرب جوار

دیکھتا ہی تیری ابرو کیطرف یوں مہ عید
جسطرح سو ہی ہلال رمضان بادہ گسار

ننگ ہم صحبتی آخر میری کام آئیگا
وہاں نکالیں گی جہنم سی مجھی اہل و یار

شاد شاد آئی عیادت کو دم آخر تم
ایسی بیدرد یہ کرتا ہی کوئی جان نثار

اور اک کھنچتی ہیں شعلہ فشاں نالۂ گرم
کیا کریں یونہی نکالیں گی ذرا دلکی بخار

نیکنامی نہیں مجکو ہی تم سی سروکار
چھوڑ دوں آج وفا گر ہو وفا سی بیزار

آگیا لب پہ دم اور بات نپوچھی تمنی
بوسہ دینی کا اسی مونہہ پہ کیا تھا اقرار

کس ادا سی مجھی کہتا ہی کہ حیوان ہو تم
چھیڑنی کو جو کہا مینی اوسی گلرخسار

گر تمہیں صحبت اغیار سی کچھ بغض نہیں
ہم بھی کچھ چارۂ آزار کرینگے ناچار

سچ ہی مفلس کو نہیں عشق کی لذت کہ مجھی
زخم دل کی لئی پیدا نہوا مشک تتار

وہ جلی محفل دشمن میں جو ہو شمع لقا
مجکو چھیڑا نکرو تم سی کہا ہی سو بار

پائی خم ہی اتنی سزاوار رہیہ زیبا نہوئی
محتسب کی سر ناپاک پہ اپنی دستار

رنج کی بعد ملوں کیا کہ رہا ہی معلوم
ہاتھ آجای جو صیاد کے رمخوردہ شکار

فائدہ وصل ہوسناک سی وہ بات کرو
جس سی ہر دم مجھی رنجش ہو نہ تمکو آزار

کیا کہوں قصد طغیانی دریای سرشک
دیکھ لو آئینۂ چرخ ہی زیر زنگار

رشک وحشی ہی کہ اک اک ملک الموت مجھی
نظر آتا ہی فرشتہ ہی اگر ہوں کا غبار

نقد جان اپنی تجلی کی نہ کہنا قیمت
صبح محشر کہیں بنجای نہ رونق بازار

کیا ہو گر اوسکی ستم روز جزا بھی کہیلیں
مینی واعظ سی سنا ہی کہ خدا ہی ستار

دایم اوس جان کی دشمن سی چلی ایسی کہا
تہا سپہر ستم ایجاد کہاں کامزیار

بیمروت میری نظروں میں ہیں انداز تیری
آج کل کچھ نکمہ لطف ہی سو ہی اغیار

ق

آپ دیکھا نہ سنا اور سے پر جھوٹ نہیں — تیری آنکھین کہی دیتی ہین نہ کرنا انکار
اے صنم چاہیے مومن کی فراست سے حذر — کیا نہین تو نے سنا قصہ شاہ ابرار
سیو مین زیب دہ صدر خلافت عثمان — جسکی مسند کے حسد سے فلک اطلس خوار
لطف سے اوسکی زمین غیرت باغ فردوس — خلق سے اوسکی زمانہ رشک دکان عطار
اوسکی احسان فراوان کا جو مذکور چلے — کم ہو مستعمل تقریر بجائے بسیار
قلزم جود کا وہ جوش کہ پانی پانی — آگے خطہاے کف دست کی موج انہار
آتش مہر وحمل کو نہ بجھا دیوے کہیں — شعلہ رشک سے جلتا ہے سحاب آذار
پیر رومہ کی حکایت مین کہا رضوان نے — سلسبیل اوسکی ہے دریاے سخاوت کا کنار
کرہ آب ہو گر قطرۂ عمان ہمہ — صدف چرخ کرے شکوۂ طغیان بحار
دست یاقوت فشان ہوے لب جو وہ اگر — کوہ سیلان پہ ہے سے خاک فضاے گلزار
کرم اوسکا ہو اگر پایہ فزاے اعداد — ذرہ وہ عرش کو ہے صفر گنی حد شمار
ذکر بخشش مین بڑی چھڑتی ہین موج نہ سے موتی — مدح خوان کے لیے ہین یہان صلہ پیش از ایثار
اوسکی تمکین سے اگر کوہ کو دیجے تشبیہ — ہے یقین شعلہ جوالہ کو آجاے قرار
نظر لطف سے کر چارہ گر عاشق ہو — کرے حیرت سے بدل شرم کو چشم بیمار
اوسکی دروازے کی سگان کا آرام تو دیکھہ — ہوگیا دشمن بسمل کو تڑپنا دشوار
ق شرط ایمان ہے پیمان خلافت اوسکا — وہ مسلمان ہے کیا جسکو ہو اسمین انکار
قصہ بیعت رضوان مین اشارہ ہے یہی — ورنہ کوئی نہین ہمدست رسول مختار
احتساب اوسکی سے گو محفل کفار بھی ہو — ذکر تحریم مزامیر کرے موسیقار
آپ ہی سایہ مژگان سے لگا سے ڈرنے — چشم خوبان کو جو باندھے کوئی شاعر میخوار
گل ہوا بیم سے پھر غنچہ کہ تھا صورت جام — دیکھکر باغ مین مستانہ صبا کی رفتار
جب تلک فتوے سے برجیس نہو گیا مقدور — کہ کوئی کام کرے بہہ فلک ناہموار

ٹوڑدین سبحہ زاہد کی لئی یون ہندو
ہین اسیو اسطی گویا کہ پہنتی زنار

کاٹ لی ہاتہہ ہی پہلی وہ اگر روزوغا
اپنی مرنی سی ذرا جان چرائین کفار

اوسکی تلوار کی آہن کا گر آئینہ بنی
زرد تر چہرۂ عاشق سی ہو رنگ رخ یار

معنی روشن و مضمون بلند اور سنین
سامعین گو ہی اگر مطلع نو پر اصرار

مطلع ثانی

اہی شہ عرش سریر و مہ خورشید عذار
درِ دولت پہ تیری انجم و افلاک نثار

توسن چرخ سی تشبیہ فرس کا تیری ننگ
کلب جبار سی نسبت سگ درکو تیری عار

سالہو نکا تیری کوچہ مین دم فیض ہجوم
جیسی گلزار مین ہنگام سحر جوش ہزار

جل رہی ہین پس مردن بہی نہین کیونکر یان
تیری حساد کی احوال پہ ہی شمع مزار

صرصر عاد سی غالب ہی کہ جنبش نکری
وہ ورق جسمین رقم ہون تیری اوصاف وقار

جا کی جنت مین بہی ہنستی ہی تیری در کی ہوس
ورنہ مرغان اولی اجنحہ کیون ہون طیار

بحر ارشاد و ہدایت سی تیری ہو جاوی
ق فیض یاب نم تاثیر اگر ابر بہار

موسم گل مین سیہ مست جوان تائب ہو
روز باران مین کری پیر مغان استغفار

دل روشن لی تیری لب کہ کیا تہا حیران
صرف آئینہ ہوا خاطر حاسد کا غبار

شکوہ غمزہ سفاک نہین عاشق کو
اوٹہہ گئی تیری زمانی مین یہہ رسم آزار

آہ بی صرفہ مین افلاک ہین کیون سرگردان
اک ہوا ایسی شریرون کو تیری بزم مین بار

متقبش مین مہ و خور رای درخشان سی تیری
ہی منجم کو اسیو اسطی کشف اسرار

راکب خرم تیرا ناقہ صالح نہ ران
رائض عزم تیرا دوش ملایک پہ سوار

گنبد کیا چرخ تیری حلم کی چوگان کی لئی
لامکان کیون نہو پر تنگ بہت ہی مضمار

سنکر افسانہ یوسف تیری ایام مین گرگ
غم تہمت مین ہوئی جنس سی اپنی بیزار

سیل خود دوڑی ہی گل لئی لیکر پانی
کری تعمیر مکان کا جو ارادہ معمار

پایہ عرش پہ کیون نہ غلاف اطلس چرخ
پوشش ساق نہی تیری حیا سی ہی آزار

صدفیون نی تیری چہرہ کا جو عالم دیکہا
ہوئی قائل کہ تجلی کو نہین ہی تکرار

خوف سی تیری عدالت کی لگا کر مسی
سرخی لب کو چھپاتی ہین بتان خونخوار

اوج لاہوت کا ہی طائر اندیشہ کو شوق
وہان سی آتا ہی نظر جو تیری رفعت کا حصار

ای شہ پایہ فرزح مدح سرا گر تیرا
پستی بخت نگونسار سی ہو شکوہ گزار

ہووی فریاد رسا سمع خراش قارون
پر ترحم کہ ہی بیصرفہ نہ آئی زنہار

طالع پشت کی نسبت سی مری واژون چرخ
بخت تیرہ سی مری روزمہ انور تار

روز ما حور دن اور رات شب یلدا ہی
دو نو نقطون پہ ہی یون ہمسری لیل و نہار

میری اقبال کا آجا ہی اگر دور قریب
تو ثوابت سی گران رو ہون نجوم سیار

دزوہ اوج سی برجیس کو رجعت ہو جاے
ثور مین زہرہ کری مہ کی قران سی انکار

تاکہ ہو جائی ہر آزار کا مصدر ایک ایک
سخت تحسین کو ہی دفع طبیعت پہ قرار

بند ہی امید گر ایک خوشہ گندم کی مجھی
تیر تحویل سی ہو برج شرف کی بیزار

گر حصول زر مسلوک کی سمجھون مین دلیل
ناخن شیر سی ہو سینہ خورشید فگار

خونکی میری ارادی سی ہوا ذابح سعد
قتل پر میری کمر باندہی ہی تشکل جبار

زیست اپنی ہی تو تربیع و تقابل کی سوا
بہول جاوینگی منجم جو ہین باقی انظار

حور جنت کی بہی امید خدا سی نہ رہی
شور محشر سی نہ ہونگی میری طالع بیدار

نہ ہنر کی میری پرسش نہ سخن کی میری قدر
نہ کہر کی میری ارزش نہ طلا کی معیار

کسقدر حکمت اشراق سی جی جلتا ہی
ہو گئی شعلہ دوزخ میری دل کی انوار

غم بیقدری ہیئت سی جگر چاک ہوا
خرق افلاک سمجھتا تہا مین کتنا دشوار

کیا حساب اسلیئی سیکہا کہ گہر مین بیٹہی
کیجئی درہم و دینار کو داغونکی شمار

نہوا بسکہ مرضیون سی حصول الا رنج
کر دیا مجہکو میری چارہ گری نی بیمار

در منثور مری بنت صد صد رہو ہی | لیک بزم امرا مین نہ ملا مجکو بار
مو شگافی کی بہت شعر مین پر فائدہ کیا | ہی وہی ست تہی شانہ زلف ادبار
۴ نہ صلہ مدح کا پایا نہ غزل کا انعام | ہای ناکامی یاقوت ولب لعل نگار
کف رنگین نی کیا خون خیال رنگین | دست دربار کی شاکی ہی زبان دربار
اتنےلک ہاتہہ بہی خالی ہی بغل بہی خالی | کیا امید بر سیمین و زر دست افشار
واہ قسمت کہ نہ دی خوردہ گل بہی گلچین | زمزمہ مرغ گلستان کی سی کہینچو مین ہزار
کیا قیامت ہی کی اک دم نہ ٹہرنی پاون | دون اگر خلد سی تشبیہ دکان خمار
درنایاب تو کیا خاک سی بہی مونہہ نہ بہری | جسکی دریا مین کرون لولوی شہوار نثار
مدح خوانی کا میری جایزہ شاہی بہی نہین | وای حرمان کہ ہین بیجایزہ ایسی اشعار
ہین ہنر سب سبب رنج جہان مین کہ کیاہ | خاصیت سی ہو سزاوار شکنجہ عصار
مومن ای ہرزہ درا نالہ و افغان سی حصول | ذکر کیا راہ پر آئی فلک ناہنجار
بس بس آہنگ دعا سنجی ممدوح کہ ہی | متصل عرش معلی سی نزول آثار
جب تلک گردش افلاک سی اس عالم مین | اک کی دلکو قلق اک کی دلکو ہی قرار
تیری احباب ہین تکیہ زن مسند عیش | تیری حساد ہون آوارہ دشت ادبار

تیزی زبان کلک جوہر نثار بہ برہان ساطع حقیقت امامت خداوند ذو الفقار

کٹتی ہی میری تیغ زبان سی زبان تیغ | کیونکر سخن فروش ہون سوداگران تیغ
میری نفس کی دیکہہ کی معجز نمائیان | کیا دور ہی کہ دم نہ ہی درمیان تیغ
فردوسی اک خارجان بیان تہا | گلریز میری دم سی ہوی استان تیغ
حساد سر سی پاؤن تلک خون مین ڈوب جائین | جوہر اگر دکہاؤن مین اپنی لسان تیغ
میدان گشت و خون مین مرا دست نی سوار | جاوی عنان کشیدہ تو ہو ہم عنان تیغ
بہہ دل خراشیان میری اشعار شوخ کی | سینہ پہ منکرونکی ہین لاکہون نشان تیغ

ہرگز نہ کر سکی میری خامہ سی سرکشی — پیدا سرنگون سی ہی عجز عیان تیغ
جس جا پہ خطبہ خوان ہو میری تیز زبان — وہان جا پہ فرض سجدہ منبر فشان تیغ
پابوس گر کری میری خامہ کا بند ہون — شیرینی سخن سی لب خوش بیان تیغ
خجلت سی آب و تاب سخن کی ہی آب آب — کیونکر چھپی چھپا می سی شرم نہان تیغ
مت پوچھ مجھسی خون عنا دل کا ماجرا — ہر گل زمین شعر پہ ہی آسمان تیغ
ہووی نہ میری حجت قاطع کی سامنی — سرگرم لاف و دعوی برش زبان تیغ
کیسی شکست رونق بازار ہو گئے — ہی تختہ بند دست قلم سی دکان تیغ
میری بدیہہ سنجی کی جاہل کشی کو دیکھ — نظرون سی کر پڑا ستم ناگہان تیغ
اک بات مین تمام ہی یہان کا مدعی — کسکی بلا ہو بار کش امتحان تیغ
آہن گداز نالہ مرا دیکھ گر نہ ہو — پیکان ضمان خنجر و خنجر ضمان تیغ
کیا تاب میری حرف پہ انگشت رکھ سکی — ہر خط پہ نکتہ چین کو ہی وہم و گمان تیغ
گر شوق زخم عشق کی لذت بیان کرون — ہرگز سما نہ کہا ہی بجز استخوان تیغ
دل ہی مین حسرت نفس خونچکان رہی — میری معاندون پہ ستم ہی امان تیغ
پڑھتا ہون اور مطلع رنگین کہ سن جسی — سرگرم آفرین ہو لب خونچکان تیغ

مطلع ثانی

نہلا دیا لہو مین عدو کو لبان تیغ — میری زبان سے آگی چلی کیا زبان تیغ
پھر جوش آ گیا دم خونابہ ریز کو — پھر تیزی زبان پہ ہی قربان جان تیغ
صد مژدہ جراحت سنکر حسود کو — کرتا ہون رزمگاہ مین مین امتحان تیغ
مومن کو آرزو ہی ثواب جہاد کے — کفار کاش آکی سنین داستان تیغ
آئی ہی لب پہ مدح خداوند ذوالفقار — لیجاؤ منکرون کی لیئی ارمغان تیغ
شیر خدا علی کہ شجاعت سی جسکی ہی — سرپنجہ اسد پہ زنخ زن بنان تیغ

غالب کہ چڑھا ہے سی اوسکی ہو فرض عین — تعظیم تیغ و مکرمت تیغ و شان تیغ

کیا دور اوسکی دست کرم کی اثر سی گر — یاقوت ریز ہو مژہ خونفشان تیغ

ای ابر تند بار ظفر جسکی ہمن عدو — ہی محو کرم ہا سے برق تپان تیغ

وہ آنچ تیری تیغ مین جلجای مثل طور — گر تو صنم کدہ پہ کری امتحان تیغ

کہتی ہین دیکھ کر تیری دشمن ہلال عید — کیا وی سوای خم کی کیا مہمان تیغ

جوہر تیری مخالف مجروح مین نہین — کوئی مگر یہی کہ وہ ہی قدردان تیغ

حسرت ہی تیری بوسہ دست بلند کی — کسطرح چرخ پر نہ چڑہی کہکشان تیغ

دشمن کا ایک نیم اشارہ مین کام ہو — ابرو کا تیری عکس پڑی گر میان تیغ

کوشش نی تیری حرف تعصب مٹا دیا — کیون بید خوان دیر ہنون باد خوان تیغ

تمکین کو تیری دیجئی گر کوہ سی مثال — روئین تنون سی اوٹھی نہ بار گران تیغ

آبحیات چارہ گر ہے یا دم مسیح — ممکن نہین جئین تیری خونکردگان تیغ

منکر تیرے امامت حق کی ہین گرم جنگ — درکار ہی وضو کو جو آب روان تیغ

کیا سر کشی کی تاب کسی سخت گوش پر — جہکتا ہی تیری آگی سر قہرمان تیغ

تیری عدو گر اپنا گلا آپ کاٹ لین — کام آئی کوشش و کشش رایگان تیغ

نسبت سی تیری ہاتھ کی چشمک نی کرے — ابروی دلربا پہ خم جانستان تیغ

کیا بات تیری پنجہ آہن فشار کے — وردزبان ہی غلغلہ الامان تیغ

سرخی تیری عدو کی لہو سی ہی جابجا — رنگین کسطرح سی نہو داستان تیغ

ظالم ہین تیری دور مین نالان کہ وقت جنگ — بانگ شکست تیغ ہی شور و فغان تیغ

کوئی کرے نہ گر ہی روز نشور مین — بسمل پہ تیری مہر نگر سایہ بان تیغ

وہ دست زور مظہر سر پنجہ خدا — وہ تیغ باعث شرف دودمان تیغ

لرزان تھی شکل بید تیری رعب سی جو ہاتھ — پہل باغیون کو کچھ نہ ملا جز زیان تیغ

پتھر کو بھی نہین تیری حملہ کی تاب ہی
یا قوت زرد شاھد بیم نہان تیغ

جراح گیا کبھی تیری زخمی کا ماجرا
سوزن کی ہی زبان ہوئی ترجمان تیغ

یہہ کہکشان نہین کہ رہا خوف سی جو دہیان
سو پڑ گیا ہی دل پہ فلک کی نشان تیغ

پایہ تیری مدیح شجاعت سی بڑہ گیا
کیون کر رہی نہ تارک سر پر زبان تیغ

سیف و قلم مین دو نو ستون کاخ دین کی
حیران ہون باب علم کہون یا جہان تیغ

ہر بار کیون نہو تیری تلوار تیز تر
دشمن کی ہی قساوت قلبی فسان تیغ

رنگین بیان ہو گر تیری غزوہ کی ذکر مین
پڑہ نی لگی درود لب خونچکان تیغ

نازی ہی تو شہید ہی تو تیری دم سی ہی
سرگرم جلوہ فصل بہار و خزان تیغ

زہر آب دین اگر تیری دولت کی دور مین
عمر خضر ہو زندگی جاودان تیغ

گرم دعائی شاہ ہو مومن کہ کب سی ہی
آمین سرا زبان اجابت فشان تیغ

روز نبرد حادثہ ریز شکست و فتح
جب تک کہ ہی نشیب و فراز جہان تیغ

تاج ظفر ہو زیب دہ فرق دوستان
اعدا کا سر رہی تہ بار گران تیغ

تمام شد قصاید

بسم اللہ الرحمن الرحیم

غزلیات

م نکیونکر مطلع دیوان ہو مطلع مہر وحدت کا
کہ ہاتہہ آیا ہی روشن مصرع انگشت شہادت کا

بچاؤن آبلہ پائی کو کیون کر خار ماہی سی
کہ بام عرش سی پہیلا ہی یارب پاؤن دقت کا

سر شک اعتراف عجز نی الماس ریزی کی
جگر صد پارہ ہی اندیشہ خون گشتہ طاقت کا

نہ یہہ دست جنون ہی اور نہ وہ جیب جنون کشان
کہ ہو دست مژہ سی چاک پردہ چشم حیرت کا

ندی تیغ نگہہ کیونکر شکست رنگ کو طعنی
کہ صفہائی خرد پر حملہ ہی فوج خجالت کا

م غضب سی تیری ڈرتا ہون رضا کی تیری خواہش ہے
نہ مین بیزار دوزخ سی نہ مین مشتاق جنت کا

گلوی خامہ مین سرمہ مداد دودہ دل ہی
مگر لکہتا ہی وصف خاتمہ جلد رسالت کا

نہ پوچہو گرمی شوق ثنا کی آتش افروزی
بنا جاتا ہی دست عجز شعلہ شمع فکرت کا

نمک تہا نجت شور فکر خوان مدح شیرین پر
کہ دندان طمع نی خون کیا ہی دست حیرت کا

خدایا [illegible] عجز [illegible] مطلب سی بہلا کیونکر
کہ ہی سست دعا مین گوشہ دامن اجابت کا

عنایت کر مجھی شور نگاہ حشر غم ایک دل — کہ جسکا ہر نفس ہم نغمہ ہو شور قیامت کا
جراحت زار اک جان دی ہی کہ جسکی ہر جراحت ہو — نمکدان شور الفت سی مزا آوی عبادت کا
فروغ جلوۂ توحید کو وہ برق جولان کر — کہ خرمن پھونک دیوی ہستی اہل ضلالت کا
مرا جوہر ہو سر تا پا صفای مہر پیغمبر — مرا حیرت زدہ دل آئینہ خانہ ہو سنت کا
مجھی وہ تیغ جوہر کر کہ میری نام سی خون ہو — دل صد پارہ اصحاب نفاق و اہل بدعت کا
خدایا لشکر اسلام تک پہنچا کہ آ پہنچا — لبون پر دم بلا جی مین خون شوق شہادت کا
نہ رکہہ بیگانہ مہر امام اقتدا سنت — کہ انکار آشنائی کفر ہی وسکی امامت کا
امیر لشکر اسلام کا محکوم ہون یعنی — ارادہ ہی مرا فوج ملایک پر حکومت کا

زمانہ مہدی موعود کا پایا اگر **مومن**
توسب سی پہلی تو کہیو سلام پاک حضرت کا

آگ اشک گرم کو لگی جی کیا ہی جل گیا — آنسو جو اوسنی پونچھی تب اور ہاتھہ جل گیا
پھوڑا تہا دل نہ تہا یہہ موئی پر خلل گیا — جب ٹہیس سانس کی لگی دم ہی نکل گیا
کیا روؤن خیرہ چشمی بخت سیاہ کو — وہان شغل سرمہ سی ہی یہان نیل ڈہل گیا
کی مجکو ہاتھہ ملنی کی تعلیم ورنہ کیون — غیرون کو آ کی بزم مین وہ عطر مل گیا
اوس کوچہ کی ہوا تہی کہ میری ہی آہ تہی — کوئی تو دل کی آگ پہ پنکہا سا جہل گیا
جون خفتگان خاک ہی اپنی فتادگی — آیا جو زلزلہ کبہی کروٹ بدل گیا
اوس نقش پا کی سجدہ نی کیا کیا کیا ذلیل — مین کوچہ رقیب مین بہی سر کی بل گیا
کچھہ جی گرا پڑی تہا پر اب تو نی ناز سے — مجکو گرا دیا تو میرا جی سنبہل گیا
ملجائی گر یہہ خاک مین اسنی وہان کی خاک — گل کی تہی کیون کہ پاون وہ نازک پہسل گیا

بتخانہ سی نہ کعبہ کی تکلیف دی مجھی
مومن بس اب معاف کہ یان جی بہل گیا

لگی خدنگ جب اس نالۂ سحر کا سا / فلک کا حال نہو کیا میری جگر کا سا

نجاونگا کبھی جنت میں میں نجاونگا / اگر نہوئیگا نقشہ تمہاری گھر کا سا

کری نہ خانہ خرابی تیری ندامت جور / کہ آب شرم میں ہی جوش چشم تر کا سا

یہہ جوش یاس تو دیکھو کہ اپنی قتل کی وقت / دعای وصل نکلی وقت تھا اثر کا سا

لگی اون آنکھوں سی ہر وقت ای دل صد چاک / تیرا نہ رتبہ ہوا کیوں شگاف در کا سا

ذرا ہو گرمی صحبت تو خاک کردی چرخ / میرا سرور ہی گلخندۂ شرر کا سا

یہہ ناتوان ہوں کہ ہوں اور نظر نہیں آتا / میرا بھی حال ہوا تیری ہی کمر کا سا

جنون کی جوش سی بیگانہ وار ہیں احباب / ہمارا حال وطن میں ہوا سفر کا سا

خبر نہیں کہ اوسی کیا ہوا پر اوس در پر / نشان پا نظر آتا ہے نامہ بر کا سا

دل ایسی شوخ کو مو

دل ایسی شوخ کو مومن نے دی یا کہ وہ ہی / محب حسین کا اور دل رکھے شمر کا سا

گر وہاں بھی یہہ خموشی اثر افغان ہوگا / حشر میں کون میری حال کا پرسان ہوگا

اون سے بدخو کا کرم بھی ستم جان ہوگا / میں تو میں غیر بھی دل دی کی پشیمان ہوگا

اور ایسا کوئی کیا بی سروسامان ہوگا / کہ مجھی زہر بھی دیجی گا تو احسان ہوگا

محو مجبا دم نظارۂ جانان ہوگا / آئینہ آئینہ دیکھی گا تو حیران ہوگا

خواہش مرگ ہوا تنا نہ ستانا ورنہ / دل میں پھر تیری سوا اور بھی ارمان ہوگا

ایسی لذت خلش دل میں کہاں ہوتی ہی / رہ گیا سینہ میں اوسکا کوئی پیکان ہوگا

بوسہ ہای لب شیرین کی مضامین نکیوں / لفظ سی لفظ میری شعر کا چسپان ہوگا

کیا سناتی ہو کہ ہی ہجر میں جینا مشکل / تمسی بیرحم پہ مرنی سی تو آسان ہوگا

حیرت حسن نی آوارہ کیا گر اوسکو / دیکھنا خانۂ آئینہ بھی ویران ہوگا

دیدۂ منتظر آتا نہیں تجھ تک شاید / کہ میری خواب کا بھی کوئی نگہبان ہوگا

ایک ہی جلوہ مہرو مین ہوا سو ٹکری
جامہ صبر جسی کہتی ہین کتان ہوگا

گر ہی گرمی مضمون شرر ریز رہے
رشتہ شمع سی شیرازہ دیوان ہوگا

کیونکر امید وفا سی ہو تسلی دل کو
فکر ہی یہہ کہ وہ وعدسی پشیمان ہوگا

گر تیری خنجر مژگان نی کیا قتل مجھی
غیر کیا کیا ملک الموت کی قربان ہوگا

اپنی انداز کی بہی ایک غزل پڑہ **مومن**
آخر اس بزم مین کوی تو سخندان ہوگا

بی سبب کیونکہ لب زخم پہ افغان ہوگا
شور محشر سی بہرا اوسکا نمکدان ہوگا

آخر امید ہی سی چارۂ حرمان ہوگا
مرگ کی آس پہ جینا شب ہجران ہوگا

مجمع بستہ محمل شب غم یاد آیا
طالع خفتہ کا کیا خواب پریشان ہوگا

دل مین شوق رخ روشن نہ چھپیگا ہرگز
ماہ پردی مین کتانکی کوئی پنہان ہوگا

درد ہی جانکی عوض ہر رگ و پی مین سارے
چارہ گر ہم نہین ہونیکی جو درمان ہوگا

شومی بخت تو ہی چین لی ای وحشت دل
دیکہہ زندان ہی کوئی دن مین بیابان ہوگا

نسبت عیش سی ہون نزع مین گریان یعنی
ہی یہہ رونا کہ دہن گور کا خندان ہوگا

بات کرنی مین رقیبون سی ابہی ٹوٹ گیا
دل بہی شاید اوسی بدعہد کا پیمان ہوگا

چارہ جو اور بہی اچہا وہ کریگا ٹکری
پردۂ شوخ جو پیوند گریبان ہوگا

دوستی اوس صنم آفت ایمان سی کری
مومن ایسا بہی کوی دشمن ایمان ہوگا

دیدۂ حیران نی تماشا کیا
دیر تلک وہ مجھی دیکھا کیا

ضبط فغان کو گئہ اثر تہا کیا
حوصلہ کیا کیا نہ کیا کیا کیا

آنکھہ نہ لگنی سی سب احباب نی
آنکھہ کی لگ جانیکا چرچا کیا

مرگئی اوسکی لب جان بخش پر
ہمنی علاج آپ ہی اپنا کیا

بجھ گئی اک آہ مین شمع حیات — مجکو دم سرد نی ٹہنڈا کیا
غیر عیادت سی بُرا مانتی — قتل کیا آن کی اچہا کیا
اونسی پرپوش کو دیکہی کوئی — مجکو میری شرم نی رسوا کیا
زندگی ہجر بہی اک موت تہی — مرگ نی کیا کار مسیحا کیا
پانوں مین یہہ رنگ کہان آپ نی — آپ میری خون کا وعدا کیا
جور کا شکوہ نکرون ظلم ہی — راز میرا صبر نی افشا کیا
کچہہ بہی بن آتی نہین کیا کیجئی — اوسکی بگڑنی نی کچہہ ایسا کیا
جا ہی نہ تہی تیری میری دلمین سعی ہی — غیر سی کیون شکوہ بیجا کیا
رحم فلک اور میری حال پر — تو نی کرم ای ستم آرا کیا
ہیچ ہی سہی آپ کا پیمان دلی — مرگ نی کب وعدہ فردا کیا
دعوی تکلیف سی جلا دنی — روز جزا قتل پھر اپنا کیا
مرگ نی ہجر انمین چھپایا ہی منہہ — لو موںہہ اوسی پردہ نشین کا کیا

دشمن مومن ہی ہی بت سدا
مجہسی میری نام نی یہہ کیا کیا

موئی نہ عشق مین جب تک وہ مہربان نہوا — بلائی جان ہی وہ دل جو بلائی جان نہوا
خدا کی یاد دلاتی تہی نزع مین احباب — ہزار شکر کہ اسدم وہ بدگمان نہوا
ہنسی نہ غیر مجہی بزم سی اوٹہانی پر — سبک ہی وہ کہ تیری طبع پر گران نہوا
دیت مین روز جزا لی رہینگی قاتل کو — ہمارا جان کی جانی مین بہی زیان نہوا
وہ آئی بہر عیادت تو تہا مین شادی مرگ — کسی سی چارہ بیداد آسمان نہوا
وہ حال زار ہی میرا کہ گاہ غیر سی بہی — تمہاری سامنی یہہ ماجرا بیان نہوا
لگی نہین ہی یہہ چپ لذت ستم سی کہ مین — حریف کشمکش نالہ و فغان نہوا

دم حساب رہا روز حشر بھی یہی ذکر
ہماری عشق کا چرچا کہان کہان نہ ہوا

ہمی شریک ہم پہ عنایت مین گو نہ گونہ ستم
کبھی محبت دشمن کا امتحان نہ ہوا

امید وعدہ دیدار حشر پر **مومن**
تو بیمزا تہا کہ حسرت کش بتان نہ ہوا

ستم کہا موئی تو درد دل زار کم ہوا
بارے کچھہ اس دوا سی تو آزار کم ہوا

کچھہ اپنی ہی نصیب کی خوبی تہی بعد مرگ
ہنگامہ محبت اغیار کم ہوا

معشوق سی بھی ہمنی نباہی برابری
وہان لطف کم ہوا تو یہان پیار کم ہوا

آئی غزال چشم سدا میری دام مین
صیاد ہی رہا مین گرفتار کم ہوا

ناکامیون کی کاہش بیحد کا کیا علاج
بوسہ دیا تو ذوق لب یار کم ہوا

ہرچند اضطراب مین مینی کمی نکی
تو بھی نہ وہان تغافل بسیار کم ہوا

کیا مجھہ مین دم بھی لینی کی طاقت نہین رہی
کیون شور نالہای عزا بار کم ہوا

سب تافتہ چونک پڑی تیری عہد مین
اک میرا بخت تہا کہ وہ بیدار کم ہوا

کچھہ قیس اور مین ہی نہین سب کے سب موئی
اچھا تو درد عشق کا بیمار کم ہوا

ذکر بتان سی پہلی سی نفرت نہین رہی
کچھہ ابتو کفر **مومن** دین دار کم ہوا

گر غیر کی گہر سی نہ دل آرام نکلتا
دم کاہی کو یون اہی دل ناکام نکلتا

مین وہم سی مرتا ہون وہان عتب سی اوسکی
قاصد کی زبان سی نہین پیغام نکلتا

کرتی جو مجھی یاد شب وصل عدو تم
کیا صبح کہ خورشید نہ تا شام نکلتا

جب جانتی تاثیر کہ دشمن بھی وہان سی
اپنی طرح ای گردش ایام نکلتا

ہر اک سی اوس بزم مین شب پوچھتی تہی نام
تہا لطف جو کوئی میرا ہمنام نکلتا

کیون کام طلب ہی میری آزار سی گردون
اک کام سی دیکھا ہی کہین کام نکلتا

تھی نوحہ زنی دل کی جنازہ پہ ضروری
شاید کہ وہ گھبرا کی سر بام نکلتا

کانٹا سا کھٹکتا ہی کلیجی مین غم ہجر
یہہ خار نہین دل سی گل اندام نکلتا

حورین نہین مومن کی نصیبون مین جو ہوتین
بتخانی ہی سی کیون یہہ بد انجام نکلتا

وصل کی شب شام سی مین سو گیا
جاگنا ہجران کا بلا ہو گیا

دل نہ پھرا جان ہی ٹھہر خدا
یہہ تو بتخانی کہین وہ تو گیا

آئنیہ جلدی سی اٹھا دو کہین
دل ہی نہین ہاتھہ سی دیکھو گیا

ہو نہین سیہ روز کہ وہ شمع رو
شام کو آیا تھا سحر کو گیا

طالع برگشتہ میری کیا پھرین
ملک عدم سی نہ پھرا جو گیا

ساتھہ نہ چلنی کا بہانہ تو دیکھہ
آگی میری نعش پہ وہ سو گیا

شوخی قاتل کی مین قربان ہون
کہتی رہی سب یہہ کیا دو گیا

صبر نہین شام فراق آجکو
صبح سی کہ بیزار تھی تم سو گیا

شکر اثر تھا گلہ دشمنان
نالہ میری کام سی یا رو گیا

زلف کی بو آئی کی ہمکو مگر
غیر کی گھر دستۂ شبو گیا

ہای صنم ہای صنم لب پہ کیون
خیر ہی مومن تمہین کیا ہو گیا

ڈر تو مجھی کسکا ہی کہ مین کچھہ نہین کہتا
پر حال یہہ افشا ہی کہ مین کچھہ نہین کہتا

ناصح یہہ گلہ کیا ہی کہ مین کچھہ نہین کہتا
تو کب میری سنتا ہی کہ مین کچھہ نہین کہتا

کب پاس پھٹکنی دون رقیبونکو تمہاری
پر پاس تمہارا ہی کہ مین کچھہ نہین کہتا

مین بولون تو چپ ہوتی ہین اب آپ جبھی تک
یہہ رنجش بیجا ہی کہ مین کچھہ نہین کہتا

کچھہ غیر سی ہو تو نہین کہی ہی پہ جو پوچھو
تو وہ وہین مکرتا ہی کہ مین کچھہ نہین کہتا

ناصح کو جو چاہون تو ابہی ٹہیک بنادون
پر خوف خدا کا ہی کہ مین کچہہ نہین کہتا

کیا کیا نہ کہی غیر کی گر بات نہ پوچہو
یہہ حوصلہ میرا ہی کہ مین کچہہ نہین کہتا

کیا کہنی نصیبون کو کہ اغیار کا شکوہ
سن سنکی وہ چپکا ہی کہ مین کچہہ نہین کہتا

مت پوچہہ کہ کسواسطی چپ لگ گئی ظالم
بس کیا کہون مین کیا ہی کہ مین کچہہ نہین کہتا

چپکی سی میری ملنی کا گہر والونمین تیری
اسواسطی چرچا ہی کہ مین کچہہ نہین کہتا

ہان تنگدہانی کا نکرنی کی لیئی بات
ہی عذر پر ایسا ہی کہ مین کچہہ نہین کہتا

انچارہ گرو قابل درمان نہین یہہ درد
ورنہ مجہی سودا ہی کہ مین کچہہ نہین کہتا

ہر وقت ہی دشنام ہر ایک بات مین طعنہ
پہر اسپہ بہی کہتا ہی کہ مین کچہہ نہین کہتا

کچہہ سنکی جو مین چپ ہون تو تم کہتی ہو بولو
سمجہو تو یہہ تہوڑا ہی کہ مین کچہہ نہین کہتا

سنتا نہین وہ ورنہ یہہ سرگوشئ اغیار
کیا مجہہ کو گوارا ہی کہ مین کچہہ نہین کہتا

مومن بخدا سحر بیانی کا جبہی تک
ہر ایک کو دعوا ہی کہ مین کچہہ نہین کہتا

رات کس کسطرح کہا نرہا
نرہا پر وہ مہ لقا نرہا

غیر اگر فریب خانہ رہا
شوق اب تیری آنیکا نرہا

تیری پردی نی کی یہہ پردہ دری
تیری چہپتی ہی کچہہ چہپا نرہا

غم میرا کس لیئی کہ دنیا مین
نرہا مین میرا فسانہ رہا

مدعا غیر سی کہا تا وہ
سمجہی اب کچہہ بہی مدعا نرہا

کسکی زلفونکا دہیان تہا کہ مین شب
محو دود چراغ خانہ رہا

غیر چہر کی ہی زخم دل پہ نمک
شور الفت مین بہی مزا نرہا

پہنچی وہ لوگ رتبہ کو کہ مجہی
شکوہ بخت نارسا نرہا

تلخ کامی نصیب اعدا حیف
جبکہ وہ اپنی کام کا نرہا

دل لگانیکی تو اوٹہائی مزی
جی بلا سی رہا رہا نہ رہا

تو فلک مرگ ہم سی سب نا خوش
اب کسیکا بہی آسرا نہ رہا

مومن اوس بت کی ہم نا رہی مین
تمکو دعوای اتقا نہ رہا

تانگنی چاک گریبان کو تو ہر بار لگا
ہاتہہ کٹواؤن جو ناصح رہی اب تار لگا

بسکہ ایک پردہ نشین سی دل بیمار لگا
جو مرض ہو نسی چہپاتی ہین وہ آزار لگا

جذبۂ دلکو نہ چہپاتی سی لگاؤن کیون کر
آپ وہ میری گلی دوڑکی ایکبار لگا

شوخ تہا رنگ حنا میری لہو سی ہی
قتل اغیار سی کیا ہات تیری یار لگا

تو کسیکا بہی خریدار نہین پر ظالم
سرفروشون کا تیری کوچہمین بازار لگا

دُر و یاقوت کی پہر غیر پہ فرمایش ہی
جوہری تو دکان چشم گہربار لگا

یاد آئی مجہی ناصح کی زبان کی تیزی
دیکہہ اغوای رقیبان سی نہ تلوار لگا

موہنہ مین کیا خم صہبا کی پہر آیا پانی
تیری لب سی جو لب ساغر سرشار لگا

قطعہ

ناگہان نعش پہ عاشق کی دم نوحہ گری
کوئی مذکور ترا کرنی ستمکار لگا

دیکہہ تو حسرت دیدار پس مردن ہی
آنکہین وہ کہول کی تکنی در و دیوار لگا

کعبہ سی جانب بتخانہ پہر آیا مومن
کیا کری جی کسیطرح سی زنہار لگا

شب غم فرقت ہمین کیا کیا مزی دکہلائی تہا
دم رکی تہا سینہ مین کمبخت جی گہبرائی تہا

یا تو دم دیتا تہا وہ یا نامہ بر بہکائی تہا
تہی غلط پیغام سارے کون یہانتک آئی تہا

بلبی عیاری عدو کی آگئی وہ پیمان شکن
وعدۂ وصل آج پہر کرتا تہا اور شرمائی تہا

سنکی میری مرگ بولی مرگیا اچہا ہوا
کیا برا لگتا تہا جسدم سامنی آجائی تہا

یار و دشمن راہ مین کل دیکہنا کیون کر ملی
وہ اودہر کو جائی تہا اور وہ ادہر کو آئی تہا

بات شب کو اوس سی منع بیقراری پڑ رہی | ہم تو سمجھی اور کچھہ وہ اور کچھہ سمجھائی تھا
کوئی دن تو اوسپہ کیا تصویر کا عالم رہا | ہر کوئی حیرت کا پتلا دیکھکر بنجائی تھا
ناز و شوخی دیکھنا وقت تظلم دمبدم | مجھسی وہ عذر جفا کرتا تھا اور جھنجلائی تھا
سوئی صحرا لیچلی اوس کو سی ہیری نعش ہائی | تھا یہی ڈر اندنون تلوا میر الجھلائی تھا

ہوگئی دو روز کی الفت مین کیا حالت الہی
مومن وحشی کو دیکھا اسطرف سی جا رہی تھا

ہماری جان تجھہ بن شب دل ناکام لیتا تھا | خدنگ آہ سی تیر قضا کا کام لیتا تھا
یہی حالت رہی تھون پہر تجھہ بن کہ دم الٹی | سحر تک شام سی دل صبح سی تا شام لیتا تھا
عبث الفت بڑہی تمکو وہ کب دیتا تھا دم تم پر | یہہ مجکو دیکھکر دشمن کلیجا تھام لیتا تھا
چھٹا یا کیون میرا وہان رات دن رہنا بہم پہرنا | بتا تو کیا تیرا مین گردش ایام لیتا تھا
مین اوسکی بزم مین بہر پی کیونکر نہ مرجاتا | کہ میری سامنی اوس لب کی بوسی جام لیتا تھا
نہ کانٹون پر کوئی یون لوٹتی جو مین سبزہ گل پر | تیری بن کروٹین شب ای سمن اندام لیتا تھا
رقیبون پر ہوئی کیا آج فرمائش جواہر کی | کہ ہیرا عاشق خط زمرد فام لیتا تھا
سحر تک شام سی تجھہ بن یہی حالت رکھی دل نی | نہ مجکو چین دیتا تھا نہ آپ آرام لیتا تھا
نہ مانونگا نصیحت پر نہ سنتا مین تو کیا کرتا | کہ ہر ہر بات مین ناصح تمہارا نام لیتا تھا

اگر **مومن** یہی ہو مومن دلی تو نہ مانونگا
جو عہد دوستی وہ دشمن اسلام لیتا تھا

وقت جوش بحر گریہ مین جو گرم نالہ تھا | حلقہ گرداب رشک شعلۂ جوالہ تھا
آگ کیا ہمکو لگائی ابر نی تیری بغیر | وقت بارش اخگر خورشید تف بر ژالہ تھا
اوس لب نازک کو برگ گل سی دینی ہی مثال | ہونٹ برگ لالہ تھی اور تل داغ لالہ تھا
ایک نگاہ سرسری دیوانہ ہمکو کر گئی | گردش چشم پریرو ساحر بنگالہ تھا

دیکھکر یہ مجمع اٹھا کیا ہی ابر اشک آہ
حلقہ اغیار اوسکی گرد مہ کا ہالہ تہا

آبلی کیون کر نہ نکلین جابجا اشک آنکھوسی آہ
میری پہلو مین ابہی وہ آگ کا پرکالہ تہا

شور الفت نی کیا بی مزا جلاد کو
گرم خونی سی لب شمشیر پر تبخالہ تہا

آہ پردو دا بی کب یہ فلک تہی رات کو
دیدہ مہتاب مین سرمہ کا یہ دنبالہ تہا

مومن عاشق طبیعت نوجوان ہی مرگیا
عشق طفل چند سالہ دشمن صد سالہ تہا

میری کوچہ مین عدو مضطرو ناشاد رہا
شب خدا جانی کہان وہ ستم ایجاد رہا

اوس روانی سی ذرا خنجر بیداد رہا
بارہی ایک دم اثر نالہ و فریاد رہا

نقد جان تہا نہ سزا ئی بیت عاشق حیف
خون فرہاد سر گردن فرہاد رہا

بیکسی نی ندیا ہاہی تہ خاک بہی چین
تا قیامت الم گریہ جلاد رہا

لذت جور سی دم لینی کی فرصت نہوئی
کیا اثر منتظر دعوت فریاد رہا

یاد سہوًا اوسی اہی غیر ہی نسیان عمدًا
یاد رکہہ بہول گیا جسکو وہی یاد رہا

سر پٹکنی نی میری سنگ در اوسکا توڑا
یہی سودا ہی تو گہر کا ہیکو آباد رہا

کرۂ خاک ہی گردش مین طپش سی میرے
مین وہ مجنون ہون کہ زندان بہی آزاد رہا

چہوٹنا دام شکستہ سی ابہی آسان نہین
مین گرفتار خم گیسوی صیاد رہا

لیچلا جوش جنون جانب صحرا افسوس
جب میری کوچہ مین آ کر وہ پریزاد رہا

کہہ غم جور کہی عشق بتان ای **مومن**
مین سدا سوختہ حسن خداداد رہا

۲ مینی تمکو دل دیا تمنی مجہی رسوا کیا
مینی تم سی کیا کیا اور تمنی مجہسی کیا کیا

کشتہ ناز بتان روز ازل سی ہون مجہی
جان کہونیکی لیئی اللہ نی پیدا کیا

روز کہتا تہا کہین مرتا نہین ہم مرگئی
ابتو خوش ہو بیوفا تیرا ہی لی کہنا کیا

سر سی شعلہ اوٹھتی ہین آنکہون سی دریا جای ہی
شمع سی یہہ کسنی ذکر اوس محفل آرا کا کیا

روئی کیا بخت خفتہ کو کہ آدہی رات سی
مین یہان رویا کیا اور وہ وہان سویا کیا

آتش الفت بجہا دی اعتنای تنک نی
مدعی کی گرمی صحبت نی جی ٹہنڈا کیا

آنکہہ عاشق کی کوئی پہرتی ہی ای عدو خلاف
دیکہہ مین مرتی مرتی سوی در دیکہا کیا

دلبرون مین بیوفا میری وفا کی دہوم ہی
بلہوس سی کیون کہا تہا راز جو افشا کیا

چارہ گر زندانمین اوسکی آستانی لی گئی
ایک ہی میری نمانی لاکہہ سر پٹکا کیا

غیر کا اور آپ کا کر دل نہین ہی ایک تو
کیون تیری دلمین میری یاد آنیکا چرچا کیا

کیا خلش تہی رات دلمین آرزوی قتل کی
ناخن شمشیر سی مین سینہ کہجلایا کیا

کیا خجل ہون اب علاج بیقراری کیا کرون
دہر دیا ہاتہہ اوسنی دل پر تو بہی دہڑکا کیا

عرض ایمان سی ضد اوس کافر کو دین کر بری
تجہسی ای **مومن** خدا سمجہی یہہ تونی کیا کیا

کسیکا ہوا آج کل تہا کسیکا
نہ ہی تو کسیکا نہ ہوگا کسیکا

کیا تمنی قتل جہان اک نظر مین
کسینی نہ دیکہا تماشا کسیکا

نہ میری سنی وہ نہ مین ناصحون کی
نہین مانتا کوئی کہنا کسیکا

مجہی مار ڈالا ہی انکار نی پہر
نہ کہنا کہ کیا مجہہ پہ دعوا کسیکا

جو پہر جای وس بیوفا سی تو جانون
کہ دل پر نہین زور چلتا کسیکا

صبا نکہت یار لائی کہان سی
نہین دخل وس کو مین اصلا کسیکا

وہ کرتی ہین بیباک عاشق کشی یون
نہین کوئی دنیا مین گویا کسیکا

کوی کیا کری آپ ہرجای ہو تم
نہین میری جان شکوہ بیجا کسیکا

دم الحذر اور عشق بتان سی
تجہی ڈر ہی ای **مومن** ایسا کسیکا

محشر میں پاس کیوں دم فریاد آگیا — رحم اوسنی کب کیا تہا کہ اب یاد آگیا
اولجہا ہی پاؤں یار کا زلف دراز میں — لو آپ اپنی دام میں صیاد آگیا
ناکامیوں میں تمنی جو تشبیہ مجہسی دی — شیرین کو درد تلخی فرہاد آگیا
ہم چارہ گر کو یوں ہی پہنائینگی بیڑیان — قابو میں اپنی گروہ پریزاد آگیا
دلکو قلق ہی ترک محبت کی بعد بہی — اب آسمان کو شیوہ بیداد آگیا
وہ بدگمان ہوا جو کہیں شعر میں میری — ذکر بتان خلخ و نوشاد آگیا
تہی بیگناہ جرات پابوس تہی ضرور — کیا کرتی وہم خجلت جلاد آگیا
جب ہو چکا یقین کہ نہیں طاقت وصال — دم میں ہماری وہ ستم ایجاد آگیا

ذکر شراب و حور کلام خدا میں دیکہہ
مومن میں کیا کہوں مجہی کیا یاد آگیا

وعدہ وصلت سی دل ہو شاد کیا — تمسے دشمن کی مبارکباد کیا
کچہہ قفس میں ان دنوں لگتا ہی جی — آشیان اپنا ہوا برباد کیا
نالہ پیہم سی یہان فرصت نہیں — حضرت ناصح کریں ارشاد کیا
ہیں اسیر اوسکی جو ہی اپنا اسیر — ہم نہ سمجہی صید کیا صیاد کیا
شوخ بازاری تہی شیرین ہی مگر — ورنہ فرق خسرو و فرہاد کیا
نشہ الفت سے بہولی یار کو — سچ ہی ایسی بیخودی میں یاد کیا
نالہ ایک دم میں اوڑا ڈالی دہوئیں — چرخ کیا اور چرخ کی بنیاد کیا
جب مجہے رنج دل آزاری نہو — بیوفا پہر حاصل بیداد کیا
پاؤں تک پہنچی وہ زلف خم بخم — سرو کو اب باندہیے آزاد کیا
کیا کروں اللہ سب ہیں بی اثر — ولولہ کیا نالہ کیا فریاد کیا
دلربا ہی زلف جانانہ کے نہیں — پیچ و تاب طرہ شمشاد کیا

ان نصیبون پر کیا اختر شناس
آسمان بہی ہی ستم ایجاد کیا

روز محشر کی توقع ہے عبث
ایسی باتون سی ہو خاطر شاد کیا

گر بہای خون عاشق ہی وصال
انتقام زحمت جلاد کیا

بتکدہ جنت ہی چلئی بی ہراس
لب پہ مومن ہرچہ بادا باد کیا

دل بیتاب کو گر باندہ کر رکہون نہ ٹہری گا
سوا اوس زلف کی زنجیرونکی یہہ مجنون نہ ٹہریگا

طپش سی خاکمین بہی عاشق مدفون نہ ٹہری گا
کہ گنبد قبر کا جون گنبد گردون نہ ٹہری گا

نہ ٹہرا بوسہ تو دینا دل مفتون نہ ٹہری گا
اگر وہان وون نہ ٹہریگا تو یہان وین نہ ٹہری گا

اگر گردش ہی ہی مغبچون کی چشم میگون کی
کف ساقی مین جام بادہ گلگون نہ ٹہری گا

میری خط مین شکایت اوسکی شہباز نظر کی ہی
پر و بال کبوتر ایک یک لمحہ دن نہ ٹہری گا

اسی خو پڑ گئی ہی بسطرح زانوی جانان کی
یہہ سر تکیہ پہ ہمدم جسطرح ہم کہون نہ ٹہری گا

سراپا بسکہ محو شوخی قاتل ہون محشر تک
میری خموشی جاری ہی ہیگا خون نہ ٹہرگا

کیا پہر عیادت گر ارادہ اوسنی آنی کا
تو جب تک جان ہی درد دل محزون نہ ٹہری گا

ہوئی تاثیر گر تہوڑی سی بہی اوس سرو موزون کو
زمین کیا آسمان پر نالہ موزون نہ ٹہری گا

سہ نو بن گئی ہم طول شبہای جدائی سی
کہانتک دیکہیی وہ حسن روز افزون نہ ٹہری گا

وہ شاعر ہون کہ باندہونگا خم زنجیر کاکل سی
اگر دلکی قلق کا دہیان مین مضمون نہ ٹہری گا

طواف کعبہ کا خوگر ہی دیکہو صدقی ہونی دو
تو سمجہو ذرا مومن ہی مومن یون نہ ٹہریگا

یہہ عذر امتحان جذب دل کیسا نکل آیا
مین الزام اوسکو دیتا تہا قصور اپنا نکل آیا

نہ شادی مرگ ہون کیونکر ہی مژدہ قتل دشمن کا
کہ گہر مین سی لیی شمشیر وہ روتا نکل آیا

ستم ای گرمی ضبط فغان واہ چہاتی پر
کبہو بس پڑ گیا چہالا کبہو پہوڑا نکل آیا

کیا زنجیر مجکو چارہ گرنی کون تونمین جب
عدو کی قید سی وہ شوخ بی پروا نکل آیا

نکل آیا اگر آنسو تو ظالم مت نکال آنکہین
سنا سعدو ربہی مضطر نکل آیا نکل آیا

ہماری خون بہا کا غیر سی دعوا ہی قاتل کو
یہہ بعد انفصال اب اور ہی جہگڑا نکل آیا

ہوی بلبل ثنا خوان دہان تنگ کس گل کی
کہ فرور دین مین غنچہ کا مونہہ اتنا سا نکل آیا

کوئی تیر اوسکا دلمین رہ گیا تہا کیا آنکہون سی
ابہی وقتی مین ایک پیکان کا ٹکڑا نکل آیا

دم بسمل یہہ کسکی خوف سی ہم پی گئی آنسو
کہ ہر زخم بدن سی خون کا دریا نکل آیا

خدنگ یار کی ہمراہ نکلی جان سینہ سی
یہی ارمان اک مدت سی جی مین تہا نکل آیا

بہت نازان ہی تو ای قیس وحشت پر دکہاونگا
کتابون مین کہہ قصہ جو **مومن** کا نکل آیا

روز جزا جو قاتل دلجو خطاب تہا
میرا سوال ہی میری خونکا جواب تہا

ناصح ہی طعنہ زن مری ناکامیون پہ کیا
دلجوئیون سی تیری کبہی کامیاب تہا

پہرنی سی شام وعدہ تہکی یہہ کہ سو رہی
آرام شکوہ ستم اضطراب تہا

کیا کیا شکن دئی ہین دل زار کو مگر
اوسکی خیال مین ورق انتخاب تہا

عاشق ہوئی ہین آپ کہین کو اوسی ہون
شب حال غیر مجہسی زیادہ خراب تہا

وقت وداع بی سبب آزردہ کیون ہوئی
یون بہی تو ہجر مین مجہی رنج و عذاب تہا

وہ چشم انتظار کہان باز بعد مرگ
دیکہا تو ہمنی آنکہہ نہ لگتا ہی خواب تہا

بی پردہ غیر سی نہوا ہوگا شب کہ صبح
آنکہون مین شرم ہی تہی نہ نظر مین حجاب تہا

دیکہا نہ ہی یہہ رشک وحسد وہ بلا کہ آج
سنبل کو تیری زلف کا سا پیچ و تاب تہا

ہون کیون نہ محو حیرت نیرنگہای شوق
جو دل مین شعلہ تہا وہی آنکہو نمین آب تہا

کیا جی لگا ہی تذکرہ یار مین عبث
ناصح سی مجکو آج تلک اجتناب تہا

روز جزا خدا بہت جلاد کو ملا

گویا کہ خون ناحق مومن صواب تہا

مجکو تیری عتاب نی مارا — یا میری اضطراب نی مارا

بزم مے مین بس ایک مین محروم — آپ کی احتساب نی مارا

لیکن دل ہی کجی نہین جاتی — زلف کی پیچ و تاب نی مارا

کیا پسند آئی ہی جور کشی — چرخ کی انتخاب نی مارا

خاک اونہین کی خاکسی جو نہین — ترک آرام و خواب نی مارا

تشنہ کامی وصال کی ہیہات تو — شوق تیغ خوش آب نی مارا

خون کیونکر میرا کہلی کہ مجھی — ایک سراپا حجاب نی مارا

یاد ایام وصل یار افسوس — دہر کی انقلاب نی مارا

لب میگون پہ جان دیتی ہین — ہمین شوق شراب نی مارا

جبہ سائی کا ہی نہین مقدور — اون کی عالیجناب نی مارا

نازک اندام سی لگی ہی آنکھہ — حسرت فرش خواب نی مارا

کس پہ مرتی ہو آپ پوچھتی ہین — مجھی فکر جواب نی مارا

یون کبھی نوجوان نہ مرتا مین — تیری عہد شباب نی مارا

مومن از بس ہین بیشمار گناہ
غم روز حساب نی مارا

دیکھہ لو شوق ناتمام میرا — غیر لیجاتی ہی پیام میرا

بی اثر ہی فغان حزن آلود — کیون نہو وی خراب کام میرا

دیکھنا کثرت بلا نوشی — کاسہ آسمان ہی جام میرا

آتشین ہو ہی آرزوی وصال — لگ گیا اپنی خیال خام میرا

تشنہ افتادگی کا دیکھو ہی — عرش کی ہی پری مقام میرا

کس صنم کو ٹھہرا دیا
ہو کی یوسف جو دل خرائی
وس لب لعل کی شکایت
تونی رسوا کیا مجھے
زانوی بت پہ جان دینی
بندگی کام آرہے

واعظ
ہو
ہی
اشک
دیکھا
آخر

لی خند انجمنی انتقام مرا
کون ہو جائی گا غلام مرا
کیونکہ رنگین نہو کلام مرا
کوئی بہی جانتا تہا نام مرا
مومن انجام و اختتام مرا
مین نہ کہتا تہا کیون سلام مرا

نازیجا سی سوا شرم کی حاصل نہوا
خود گلا کاٹ موا جبکہ مین بسمل نہوا
کسطرح بزم مین وہ آنکھہ چرائی مجھسی
خون چہپانیکو میری لاش سی کہتا ہی وہ شوخ
یاد کاکل مین بہی جو درفتگی اپنی نگئی
دلدہی کیسی وہ دم دیتی مین سوتی دشمن
خون میرا ہار گلی کا نہو کیون ای قاتل
آتش سینہ تفسیدہ کو کیا مین روون
دینی تکلیف شب ہجر مین آہ اپنی پاس
بی حجابی کا گلہ کیجی تو کہتا ہی پری
کیا گلی ہوتی گرا دورون پہ بہی رحم آجاتا

غیر پر ظلم گئی میری مقابل نہوا
اونکو آسان ہوا جو مجھے مشکل نہوا
دل کو کہو کر یہہ ڈرا تہا کہ مین غافل نہوا
مجہکو یہہ غم ہی کہ مین کیون ترا قاتل نہوا
جوش وحشت سی مین پابند سلاسل نہوا
کیا نہ دیتی مجھی مین آپ ہی سایل نہوا
دست رنگین میری گردن مین حمایل نہوا
اشک جانب کرہ آب کی مایل نہوا
نقد جان پیشکش مرگ کی قابل نہوا
پردہ چشم کی تقصیر کہ حایل نہوا
شکر صد شکر کہ میرا سا ترا دل نہوا

مرگیا حجبہ پہ نہین گہر مین رسائی اوسکی
تہا تو مومن مین پہلی خلد مین داخل نہوا

فراق غیر مین ہی بیقراری باب اپنا سا
کسیکا سوز دل ہرگز تجھی باور نہین آتا

بنا یا اوسکو بہی تونی دل بیتاب اپنا سا
تو سکو جانی ہی ہی مہر عالمتاب اپنا سا

جواب جون ناحق میرا الیسا کیا دیا تونی
کہ ظالم رہ گئی مونہہ لیکی سب احباب اپنا سا

اگر مرضی ہی ٹہری کہ تجھکو چھوڑ دون مجکو
بتا دی ورکوئی غیرت مہتاب اپنا سا

یہہ رنگ امیزیان کیسی مین کسکا ڈرہی دیکھو تو
مجھی تو کچھہ نظر آتا ہی یہہ خوناب اپنا سا

بناوٹ سی وہ زلفین لاکھہ بل کہایا کرین لیکن
یہہ ممکن ہی نہین ہی ہو وہی پیچ و تاب اپنا سا

اگرچہ شعر مومن بہی نہایت خوب کہتا ہی
کہان ہی لیک معنی بند مضمون یاب اپنا سا

کیا مری دم کی لطف مین پنہان ستم نہ تہا
وہ دیکہتی تہی سانس کو اور مجہہ مین دم نہ تہا

بیخود ہی غش تہی محو تہی دنیا کا غم نہ تہا
جینا وصال مین بہی تو مرنی سی کم نہ تہا

شاید کہ دست غیر رہا رات شانہ کش
اوس زلف تابدادہ مین کچہہ آج خم نہ تہا

جوش قلق نی اسکو بہی دیوانہ کر دیا
پہلی تو ورنہ طبع تحمل مین رم نہ تہا

کیون جور متصل سی تیری غیر کہنچ گئی
مین کیا حریف کشمکش دمبدم نہ تہا

چہڑکی ہی لون زخم پہ وہ کیون ہنون نہ غیر
الماس کی تہی آپ جہی تک الم نہ تہا

مین مر گیا وہ چشم جو یاد آئی اوریار
حیران ہین کہ می تہی پیالہ مین سم نہ تہا

چہوڑا نہ دلمین کچہہ بہی تپ ہجر نی کہ رات
روتی تہی زار زار اور آنکہون مین نم نہ تہا

دربان کو آنی دینی پہ میری تہی قتل
ورنہ کہین گی سب کہ یہہ کوچہ حرم نہ تہا

مومن چلا گیا تو چلا جا ہی اسے بتو
آخر قدیم خادم بیت الصنم نہ تہا

غیر کو سینہ کہی سی سپر دکہلا دیا
تمنی کیا کچہہ کسکو اپنی بات پر دکہلا دیا

زرد مونہہ دکہلا دیا غم کا اثر دکہلا دیا
آج ہمنی اوسکو اپنا زور و زر دکہلا دیا

صبح سی تعریف ہی صبر و سکون غیر کی
کسنی شب مجکو تڑپتی پیش در دکہلا دیا

موت کی صدقی کہ وہ بی پردہ آئی لاش پر
جو نہ دیکہا تہا تماشا عمر بہر دکہلا دیا

اوسکی دین اب خیال قتل پر دم آئی ہی
موت کو کس نی الہی پیر اگہر دکہلا دیا

گو حسد سی ہو پر اب بہی ہی وہی ناصح کی بات
ناحق اوس جان جہان کو ایک نظر دکہلا دیا

نام الفت کا نلونگا جبتلک ہی دم مین دم
تو نی چاہت کا مزا ای فتنہ گر دکہلا دیا

جب کہا دل پہیر دو بولی کہ دل پہلو مین ہے
مینی ونکی ضد سی سینہ کاٹ کر دکہلا دیا

اوس قیامت قد کو شب دیکہا تہا مینی خواب مین
دل نی محشر کا سمان وقت سحر دکہلا دیا

صورت اغیار کو دیکہی ہی وہ حیرت زدہ
میری نکس رخ نی آئینہ نگر دکہلا دیا

سخت کم بختی ہوئی یہہ بہی نصیبو نکا لکہا
غیر کو خط نامہ بر نی بی خبر دکہلا دیا

دیکہین گی مومن ہم ایمان بالغیب آپکا
اوس بت پردہ نشین نی جلوہ گر دکہلا دیا

غیرون پہ کہل نجائی کہین راز دیکہنا
میری طرف بہی غمزہ غماز دیکہنا

اوڑتی ہی نکس رخ سیر انظرونسی تہانہان
اس مرغ پرشکستہ کی پرواز دیکہنا

دشنام یار طبع حزین پر گران نہین
ای ہم نفس نزاکت آواز دیکہنا

دیکہہ اپنا حال زار منجم ہوا رقیب
تہا سازگار طالع ناساز دیکہنا

بدکام کا مآل برا ہی جزا کی دن
حال سپہر تفرقہ انداز دیکہنا

مت رکہیو گرد تارک عشاق پر قدم
پامال ہو نجائی سرافراز دیکہنا

کشتہ ہون اوسکی چشم فسونگر کا ای مسیح
کرنا سمجہہ کی دعوی اعجاز دیکہنا

میری نگاہ خیرہ دکہاتی ہین غیر کو
بیطاقتی پہ سرزنش ناز دیکہنا

ترک صنم بہی کم نہین سوز جحیم سے
مومن غم مآل کا آغاز دیکہنا

کہہ رہا ہی کون کس سی بی شکیبائی ملا
مجکو قسمت سی نصیحت گر بہی سودائی ملا

میری گہر بہی پہرتی چلتی ایکدن آجائیگا
دو مبارکباد اب کی یار ہرجائی ملا

گور مین ہی جوش غم دلسی نکلا ہا ہوا ہی
ہم ہی تو نادان ہین آخر پاس مطلب کس لیے
ہند کو حال زلیخا یاد کر کچھ خبر ہے
تلخکامی پہ مجھی تجکو لب شیرین پہ ناز
ہی جنون لیلی آئی ٹہرنا ای بلہوس
جستجو سی وصل دلبر کی تمنا کس لیے

آپ ہی مین ہم نہین جب کنج تنہائی ملا
خضر موسی کو پی تعلیم دانائے ملا
کام دل سبکو ملا یہان بعد رسوائی ملا
آ میری جادو سی اعجاز مسیحائی ملا
دیکھتی ہی مجکو ہا گا جو تماشائی ملا
کیا دل گم گشتہ ای ہنگامہ آرائی ملا

چھوڑ کر بتخانہ مومن سجدہ کعبہ مین نکر
خاک مین ظالم نہ یون قدر جبین سائی ملا

ہمرنگ لاغری سی ہون گلکی شمیم کا
چھوڑا نہ کچھ بھی سینہ مین طغیان اشک نے
یاران نو کی واسطی ہم سی خفا ہوا ہی
ازبسکہ ثبت نامہ ہی سوز تب درون
یاد آئی کافرون کو میری آہ سرد کی
واعظ کبھی بلا نہین کوئی صنم سی مین
مارا ہی وصل غیر کی شکوہ پہ چاہیی
کہتا ہی بات بات پہ کیون جان کہا گئے
واعظ بتو نکو خلد مین لیجائین گی کہین

طوفان باد ہی مجھی جہونکا نسیم کا
اپنی ہی فوج ہوگئی لشکر غنیم کا
تمکو نہین ہی پاس نیاز قدیم کا
قاصد کا ہاتھ ہی ید بیضا کلیم کا
کیون کرنہ کاٹنی لگی شعلہ جحیم کا
کیا جانون کیا ہی مرتبہ عرش عظیم کا
مدفن جدا جدا میری لاش دونیم کا
گویا کہ پک گیا ہی کلیجا ندیم کا
ہی وعدہ کافرون سی عذاب الیم کا

مومن تجھی تو وہ ہی ہی موحن نہیں وہ نہین
جو معتقد نہین تیری طبع سلیم کا

جون نکہت گل جنبش ہی جیکا نکل جانا
یا لغز محبت ہی مشکل ہی سنبھل جانا

ای باد صبا میری کروٹ تو بدل جانا
اوس رخ کی صفا ہی یہ ایش لگا پہسل جانا

سینہ مین جو دل تڑپہا دہر ہی لوتو یاد کیا
پہر بہول گیا کیسا مین ہاتہہ کا پہل جانا

اتنا تو نہ گہبراؤ راحت ہمین فرماؤ
گہر مین میری رہ جاؤ آج اور ہی کل جانا

ای دل وہ جو یہان آیا کیا کیا ہمین ترسایا
تو نی کہین سکہلایا قابو سی نکل جانا

کیا ایسی سی دعوا ہو محشر مین کہ مینی تو
نظارہ قاتل کو احسان اجل جانا

ہی ظلم کرم جب تہا تہا فرق بڑا کتنا
مشکل ہی مزاج اتنا یکبار بدل جانا

حوروںکی ثنا خوانی واعظ تو نہین کرتانی
لی آگہہ ہی نادانی باتون مین بہل جانا

عشق انکی بلا جانی عاشق ہون تو پہچانی
تو مجہکو اٹہانی سو دہی کا خلل جانا

کیا باتین بناتا ہی وہ جان جلاتا ہی
پانی مین دکہاتا ہی کافور کا جل جانا

مطلب ہی کہ وصلت مین ہی بلہوس آفت مین
اس گرمی صحبت مین اپنا دل نہ پگہل جانا

دم لینی کی طاقت ہی بیمار محبت ہی
اتنا ہی غنیمت ہی مومن کا سنبہل جانا

کیا پہر طعن بلہوس سے بے ادب ہوا
جرم رقیب قیس کا میری سبب ہوا

محو جفا ستم کش الطاف کب ہوا
رحم اوسکو میری حال پر آیا غضب ہوا

بوسی دم غضب لیئی اولٹی سمجہہ تو دیکہہ
بل جو پڑا جبین پہ تمنا کو تب ہوا

کس دن نہی اوسکی دلمین محبت جو اب نہین
سچ ہی کہ تو عدو سی خفا بی سبب ہوا

بجلی گری فغان سی میری آسمان پر
جو حادثہ کبہی نہ ہوا تہا سو اب ہوا

جی طعن وصل حور سی کیسا جلا دیا
روز جزا کا ذکر جو محفل مین شب ہوا

ازبسکہ تہی وصال مین غیرونکی ہمسری
عیش و سرور باعث رنج و تعب ہوا

تہا مین برنگ شعلہ جوالہ بی قرار
جی خاک ہو گیا مجہی آرام جب ہوا

برمین عدو کی سوئی بغل میری وہ تہی
وہ کیا کہ سبکو جذبہ دل سی عجب ہوا

لو اذن انتقام جفائی فلک تو دون
سو بار جوش نالہ اجازت طلب ہوا

ربط بتان دشمن دین اتہام ہے
ایسا گناہ حضرت مومن سی کب ہوا

ای آرزوی قتل ذرا دل کو تھامنا — مشکل پڑا ہی میرا میری قاتل کو تھامنا
دکھلا رہی گی جلوۂ نزاکت کہ ہی او نہین — دشوار چاک پردہ حائل کو تھامنا
تاثیر بی قراری ناکام قرین — ہی کام اون سی شوخ شمائل کو تھامنا
دیکھی ہی چاندنی وہ زمین پر نہ گر پڑی — ای چرخ اپنی توسہ کامل کو تھامنا
مضطر ہون کس کا طرز سخن سی سمجھ گیا — اب ذبح کر چکا ہی سامع عاقل کو تھامنا
ہو صرصر فغان سی نہ کیون کعبہ مضطرب — مشکل ہوا ہی پردۂ محمل کو تھامنا
سیکھین ہین مجھ سی نالہ نہ آسمان شکن — صیاد اب قفس مین عنادل کو تھامنا
یہہ زلف خم بخم نہ ہو کیا تاب غیر ہی — تیری جنون زدی کی سلاسل کو تھامنا
ای ہمدمی آہ تلخی ہجر انسی دم نہین — گرتا ہی دیکھہ جام ہلاہل کو تھامنا
باقی ہی شوق چاک گریبان ابھی مجھی — بس اہی رفوگر اپنی انامل کو تھامنا
سیماب وار مر گئی ضبط قلق سی ہم — کیا قہر ہی طبیعت مائل کو تھامنا
آغوش گور ہو گئی آخر لہو لہان — آسان نہین ہی آپ کی بسمل کو تھامنا
سینہ پہ ہاتھ دہرتی ہی کچھہ دم مین ہو گئی — لو جان کا عذاب ہوا دل کو تھامنا

مت مانگیو امان بتون سی کہ ہی حرام
مومن زبان بیہودہ سائل کو تھامنا

لی اوڑہی لاشہ ہوا لاغر بس تن ہوگیا — ذرہ ریگ بیابان اپنا مدفن ہوگیا
بن تیری ای شعلہ رو آتشکدہ تن ہوگیا — شمع قد پر میری پروانہ برہمن ہوگیا
تہی کمین غارت ہوس دھن ہنگام خواب — شب گی بیداری سحر کا خواب رہزن ہوگیا
ایک ہی جنبش مین تہی صد راخنت خواب عدم — طفلہائی اشک کو گہوارہ دامن ہوگیا

میری چلنے پر جو رویا غیر تیری بزم مین
سوز دلکو آب اشک آتش پہ روغن ہوگیا

پاؤن ندامت سی اوٹھی کیا سر اوٹھا سکتی نہین
حلقہ زنجیر آخر طوق گردن ہوگیا

جہانکتی ہین کیا ملایک وس پری رخسار کو
پردۂ تو پرتو افلاک چلمن ہوگیا

شہر مین ہی شہرہ کس قد قیامت زا کا کون
جلوہ گاہ حشر ہر کوی و برزن ہوگیا

ہم اچھلتی جوش وحشت سی فلک پر پہنچتی
خار دامنگیر عیسی کی سوزن ہوگیا

آخر اشکونکی بہر آنی نی ڈبویا ہی مجہی
چشم کا سوراخ تو کشتی کا روزن ہوگیا

خاک اوڑا ہی مینی کیا طرز جنون قیس کی
شاجہان آباد سارا نجد کا بن ہوگیا

داغ سینہ سی دل و جان و جگر سب پہنک گئی
تہا چراغ خانہ ہمکو برق خرمن ہوگیا

بیکسی سی نزع مین اپنی کو رویا آپ مین
دم جو کچہہ باقی رہا تہا صرف شیون ہوگیا

اپنی ڈہب کی کیا پڑہی ایک اور مومن نی غزل
دو ہی دن مین یہہ تو کیسا ماہر فن ہوگیا

مین ہلاک اشتیاق طرز کشتن ہوگیا
دوستی کیا کی کہ اپنا آپ دشمن ہوگیا

دہو دیا اشک ندامت نی گناہونکو مری
تر ہو دامن تو بارے پاکدامن ہوگیا

ہوگیا سنکر نوید وصل شادی مرگ مین
لب تلک یہہ زمزمہ آیا کہ شیون ہوگیا

کونسا گزرا یہان سی شہسوار نازنین
سبزۂ تربت مرا پامال توسن ہوگیا

زخم تو بہی مرہم زخم کہن ہی چارہ گر
بند تیر یار سی سینہ کا روزن ہوگیا

ہم جلونکو بہی وہ گنتی ہین اب بی پردگی
جسم کا ہبیدہ یہہ کسکا صرف چلمن ہوگیا

بسکہ مین سانسی برسن روتا رہا غم مین ترے
جنبہ اور بنسا کہکا بہی ہماند ساون ہوگیا

قطعہ

اف ری سوز عشق بریان دلکی تسکین کی لیے
خرمن گل پر جو لوٹا وہ بہی گلخن ہوگیا

اور کی چاہت کا تو نی جب کیا مجہپر خیال
تب مجہی بہی تجہسی و ہم ربط دشمن ہوگیا

ص صاف تہا تو جبتلک مجہسی تو مین بہی صاف تہا
بدگمانی سی تیری اب مین بہی بدظن ہوگیا

۴

مومن دینداری کی بت پرستی اختیار
ایک شیخ وقت تہا سو بہی برہمن ہوگیا

قابو مین نہین ہی دل کم حوصلہ اپنا
اس جور پہ جب کرتی ہین تجھسی گلہ اپنا

لبیک حرم ہم ہین نہ ناقوس کلیسا
پہر شیخ و برہمن مین ہی کیون غلغلہ اپنا

تہا روز نخستین غم شبہای دراز آہ
طفلی سی ہی اختر شمری مشغلہ اپنا

ہلجاتی ہی اغیار نکل آتی ہین باہر
زنجیر در یار ہی یا سلسلہ اپنا

تہی دشت مین ہمراہ میری آبلہ چند
سو آپ ہی پامال کیا قافلہ اپنا

اس حال کو پہنچی تیری قصہ سی کہ اب ہم
راضی ہین گر اعدا ہی کری فیصلہ اپنا

زندہ نہوا ہای دل مردہ اگرچہ
تہا شور قیامت سی فزون ولولہ اپنا

صورت وہی عظمت وہی گردش وہی غمسی
حیران ہین کہ یہہ چرخ ہی یا آبلہ اپنا

انصاف کی خواہان ہین نہین طالب زر ہم
تحسین سخن فہم ہی مومن صلہ اپنا

راز نہان زبان اغیار تک نہ پہنچا
کیا ایک ہی ہمارا خط یار تک نہ پہنچا

اس درجہ ناتوانی جب شدت قلق مین
بالین سی سر اوٹہایا دیوار تک نہ پہنچا

روتی تو رحم آتا سو اوسکے روبرو تو
یکقطرہ خون بہی چشم خونبار تک نہ پہنچا

عاشق سی مت بیان کر قتل عدو کا مژدہ
پیغام مرگ ہی یہہ بیمار تک نہ پہنچا

بی بخت رنگ خوبی کس کام کا کہ مین تو
تہا گل ولی کسیکی دستار تک نہ پہنچا

مفت اول سخن مین عاشق نی جان دیدی
قاصد تیرا بیان اقرار تک نہ پہنچا

تہی خار راہ تیری مژگان کی یاد پہر شب
تا صبح خواب چشم بیدار تک نہ پہنچا

بخت رسا عدو کی جو چاہی سو کہی اب
یکبار یار مجہتک مین بار تک نہ پہنچا

غیرو نسی اوسنی ہرگز چہوڑی نہ ہاتہہ پائی
جب تک اجل کا صدمہ دوچار تک نہ پہنچا

مومن اوسی نی مجھی دی برتری سبکو
جو پست فہم میری اشعار تک نہ پہنچا

وعدی کی جو ساعت دم کشتن ہی ہمارا
جو دوست ہمارا ہی سو دشمن ہی ہمارا

یہہ کاہ ربا سی ہی ہین کم اہی کشش دل
مذکور کچھہ ایسا پس چلمن ہی ہمارا

افسوس ہوئی شمع شب وصل کی مانند
جو قہقہہ شادی ہی سو شیون ہی ہمارا

مہتاب کا کیا رنگ کیا دود فغان نی
احوال شب تار سی روشن ہی ہمارا

دیتا ہنہین اس ضعف پہ ہی جوش جنون چین
ہر ریگ روان دشت مین توسن ہی ہمارا

تفریح نہ کیون کر ہو ہوا انہین سکتی
گویا در دلدار نشیمن ہی ہمارا

آغشتہ بخون دست کو لو پونچھتی ہین وہ
الٹی کف جلاد مین دامن ہی ہمارا

گر پاس ہی لوگون کا تو آجا کہ قلق سی
ہی لاش کہین اور کہین مدفن ہی ہمارا

جذب دل اوسی کھینچ کی لائی تو کہان لا ہی
جو غیر کا گھر ہی وہی مسکن ہی ہمارا

تنہائی سی کعبہ کو چلی رشک کی ماری
مومن بلد راہ برہمن ہی ہمارا

ہمسری اوس زلف سی اب یہہ بہی لیسا ہوگیا
لو میری بخت سیہ کو اور سودا ہوگیا

گو جنازہ پر عدو کی وہ خود آرا ہوگیا
پر ہمارا ہی تو مرجانا تماشا ہوگیا

کسطرح معلوم ہو حال دل گم گشتہ ہائی
جو کبوتر لی گیا وہان نامہ عنقا ہوگیا

مرگ سی تہی زندگی کی آس سو جاتی رہی
کیون نہ بی حالت ہو وہی غیر اچھا ہوگیا

ظلم کا ثمرہ یہی تہا دیکھہ کر کلہائی داغ
بید مجنون شرم سی وہ سرو رعنا ہوگیا

چشمہ حیوان بنا اوسکی لبون کی شرم سی
پانی پانی بسکہ اعجاز مسیحا ہوگیا

روز محشر کیا ہوا پہر کیون شب دیجور ہی
کیا ہمارا نامہ اعمال کچھہ وا ہوگیا

بیوفائی ہی سرشت اوسکی سو وہ ہم مین کہان
ہم مزاجی کی سبب سی غیر اپنا ہوگیا

جان و دل پر لشکر آرائی تھی جوش یاس کی
ہٹ گیا ہو گا دوپٹہ مونہہ سی تی مین کہین
لگ گئی چپ مجھکو تو بہی بات وہ کرتا نہین
شربت مرگ آب حسرت شور بختی زہر غم
رو دیا اوسنی جو میری لاغری کو دیکھ کر
ہی مشبک بسکہ روتی روتی چشم ماہ رو

مفت اس بلو مین شب خون تمنا ہو گیا
شب بہا ن رہنی کا تیری سب مین چرچا ہو گیا
کیا کہون قسمت کو کہنا دشمنون کا ہو گیا
تلخکامی سی مجہی کیا کیا گوارا ہو گیا
قطرۂ اشک ندامت مجھکو دریا ہو گیا
شب جو اشک آیا سو ایک عقد ثریا ہو گیا

حق تو یہہ ہی کیا غزل ایک اور مومن نی پڑہی
آج باطل ساری اوستادونکا دعوا ہو گیا

مین تو دیوانہ تھا اوسکی عقل کو کیا ہو گیا
جوش عشق و حسن نی کیا رنگ بدلی دیکھنا
سینہ زن یا جامہ در ہوتا ہی بن ماتم کوئی
صور تھی منقار مرغ صبح پہلو سی میری
زخم کہایا زہر کہایا تو بہی کچھہ ہوتا نہین
یہہ کسی سی ہو کہ ان لطفون پہ گستاخی نہو
یون لب خنجر کی بوسی متصل لینی نہ تہی
سرمہ تسخیر سی ہم خود مسخر کیون نہون
نو فلک ہین کیا کری یہہ نالہ آتش فشان

قیس کہتا ہی مجہی ناصح کو سودا ہو گیا
اشک خونی سی میری یہہ زرد وسکا ہو گیا
آپ اپنی ہاتہہ سی یہین ہای رسوا ہو گیا
وہ قیامت قد جو اوٹہا حشر برپا ہو گیا
دیر گزری مرگ کو کیا جانئی کیا ہو گیا
غیر ہم سا کب ہوا ہر چند ہمسا ہو گیا
زخم کاری کی ہنسی مین کام میرا ہو گیا
آنکہہ کی پتلی جو تہی جادو کا پتلا ہو گیا
ایک دشمن سر سی کہویا او رپیدا ہو گیا

کفر ہی بی گلرخ ترسا تماشائے چمن
گلشن اپنی حق مین ای مومن کلیسا ہو گیا

کیا رشک غیر تہا کہ تحمل نہو سکا
ہوتا ہی آہ صبح سی داغ او تعلہ زن

مین جانکر حریف تغافل نہو سکا
کیسا چراغ تہا یہہ کبہی گل نہو سکا

اوسنی جو دلکو موہنہ لگایا دو ہم ہی
یہہ جام جم ہوا قدح مل نہو سکا

عاشق نہو کہین کہ اونہین قتل غیر مین
مشکل نہی کچھہ ایسی تساہل نہو سکا

کہتی ہین گلشن اپنی گلی اوسکی دم سی تہی
دشمن جو ہم ترانہ بلبل نہو سکا

نفرت نتہی اسقدر کہ نہ ٹہرتی وہ صبحدم
پاس وداع ہی شب کاکل نہو سکا

پروردۂ وفا سی عجب کب کہ عاشقی
کیا ناز تہی کہ مجسی تحمل نہو سکا

وہ عکس زلف چشم عدو مین پڑا نہو
نظارہ مجسی جانب سنبل نہو سکا

تنگی وہی ہی دل صدچاک کی ہوا
یہہ غنچہ پاش پاش مگر گل نہو سکا

ہجر بتان مین تجہکو ہی مومن تلاش زہر
غم زہر حرام خوار توکل نہو سکا

شوخ کہتا ہی بی حیا جانا
دیکہو دشمن نی تمکو کیا جانا

شعلۂ دلکو نار تابش ہے
اپنا جلوہ ذرا دکہا جانا

شوق نی دورباش اعدا کو
اوسکی محفل مین مرحبا جانا

گلی لگتا ہی سب دم مجکو
طوق گردن نی کیا خفا جانا

اوسکی اوٹہتی ہی ہم جہانسی اوٹہی
کیا قیامت ہی دل کا آجانا

گہر مین خود رفتگی سی ہوم مجی
کیونکہ ہوا اوس تلک میرا جانا

پوچہنا حال یار ہی منظور
ہمنے ناصح کا مدعا جانا

می نہ اوتری گلی سی جو اوسنے
مجکو یارون نی پارسا جانا

شکوہ کرتا ہی بی نیازی کا
تونی مومن بتونکو کیا جانا

اس وسعت کلام سی جی تنگ آگیا
ناصح تو میری جان لئی دل کبا گیا

ضد سی وہ پہر رقیب کی گہر مین چلا گیا
ای رشک میری جان گئی تیرا کیا گیا

یہہ ضعف ہی تو دم سی ہی کب تک چلا گیا
خود رفتگی کی صدمہ سی مجکو غش آگیا

کیا پوچہتا ہی تلخی الفت مین پند کو
ایسی تو لذتین ہین کہ تو جان کہا گیا

کچہہ آنکہہ بند ہوتی ہی آنکہین سی کہل گئین
جی ایک بلای جان تہا اچہا ہوا گیا

میرا گلا ہنسی سی یونہین کہونٹی ہی وہ
کیا سوچ کر رقیب خوش آیا خفا گیا

آنکہین جو ڈہونڈہتی تہین نگہہ ہای التفات
گم ہونا دلکا وہ میری نظرونسی پا گیا

جلتی ہی جان آتش خس پوش دیکہہ کر
جلوون سی شعلہ رو کوئی جلوا دکہا گیا

بوہی سمن سی شاد ہی اغیار بی تمیز
اوس گل کو اعتبار نسیم و صبا گیا

آہ سحر ہماری فلک سی پہرے نہو
کیسی ہوا چلی یہہ کہ جی سنسنا گیا

آتی نہین بلای غضب غم نگاہ مین
کس مہروش کا جلوہ نظر مین سما گیا

ای جذب دل نہ تہم کہ ٹہیرا وہ شعلہ رو
آیا تو گرم گرم ولیکن چلا گیا

مجہہ خانمان خراب کا لکہا کہ جان کر
وہ نامہ غیر کا میری گہر مین گرا گیا

پند ہی ملیگا یا دلسی دشمن تو آن کر
کیون میری نقشہ سینہ کو ٹہوکر لگا گیا

بوسہ صنم کی آنکہہ کا لیتی ہی جان دی
مومن کو یاد کیا حجر الاسود آگیا

وہ ہنسی سنکی نالہ بلبل کا
مجہی رونا ہی خندہ گل کا

دہیان ہی غیر کی تحمل کا
ہوش دیکہا مری تغافل کا

ہم کسی شانہ مین سی پوچہین گی
سبب آشفتگی کا کل کا

لاش کسکی ہی یہہ عدو سی نہ چہپ
مین ہون کشتہ تری تجاہل کا

حال ساقی سی کہکی روتا ہون
متحرک ہی خندہ قلقل کا

نکہت اوس زلف کی صبا مین نہو
اوڑ گیا رنگ بوی سنبل کا

جلوہ دکہلای تا وہ پردہ نشین
مینی دعوا کیا تحمل کا

نالہ شب نی کیا ہوا باندہی
ہوگیا گل چراغ بلبل کا

حیلہ بیخودی سہی سے مومن
ٹوٹنا ہمکو شیشہ دل کا

اشک و اثر وہ نہ اثر باعث صد جوش ہوا
مجھکیون سی مین یہہ سمجھا کہ فراموش ہوا

جلوہ افزا ہی رخ کی لبی می نوش ہوا
مین کبہی آپ مین آیا تو وہ بیہوش ہوا

کیا یہہ پیغامبر غیر ہی ای مرغ چمن
خندہ زن باد بہار یسی وہ گلگوش ہوا

ہی یہہ غم گور مین نج شب اول سی فزون
کہ وہ مہر و میری ماتم مین سیہ پوش ہوا

مجہہ پہ شمشیر نگہہ خود بخود آ پڑتی ہی
عاجز احوال زبون سی وہ ستم کوش ہوا

آفرین دل مین رہی خنجر دشمن کی سبب
اپنی قاتل سی خفا تہا کہ مین خاموش ہوا

در دشانہ سی ترا محو نزاکت جوش ہی
کہ مین ہمدوش ہون گو غیر ہی ہمدوش ہوا

وہ ہی خالی تو یہہ خالی یہہ بہری تو وہ بہرے
کاسۂ عمر عدو حلقۂ آغوش ہوا

تونی جو قہر خدا یاد دلایا مومن
شکوۂ جور بتان دل سی فراموش ہوا

جلون کی بدلی مجہکو زمین پر گرا دیا
اوس شوخ بی حجاب نی پردہ اوٹہا دیا

برق آہ کو جو ہنسنے کہا ہنسکرا دیا
دل گرمیون نی اوسکی کلیجا جلا دیا

فرماتی ہین وصال ہی انجام کار عشق
کیا ناصح شفیق نی مژدہ سنا دیا

دہوتا ہی عہد نامہ غیر اپنا حال دیکھہ
آب حیا نی خط جبین کیا مٹا دیا

تاثیر سوز دل گرہ نار ہے مگر
اوس شعلہ رو کو سینہ سی میری لگا دیا

کیا شاد شاد ہون کہ وہ ہی تلخکام تر
میری جو شورشون نی عدو کو مزا دیا

دیکھا نہ میری نالۂ آہن گداز نے
آئینہ دیکھنی کا تماشا دیکھا دیا

رشک فغان کی ہای قیامت آفرینیان
محشر نی خفتگان زمین کو جگا دیا

اٹھی نہ دی مزار تلک آکی اسپہ ہے
کہتی ہین لوگ خاک مین اوسنی ملا دیا

ہمدم دکہا اب اوسکو کسی ڈھب کہ رحم آئی
ناصح کو میری حال زبون نی رولا دیا

اوسکی شرارتونسی جگر داغ داغ ہی
کل کہا انیکو رقیب کا جہلا سنکا دیا

ایسی غزل کہی ہیہ کہ جہکتا ہی سبکا سر
مومن نی اس زمین کو مسجد بنا دیا

دل قابل محبت جانان نہین رہا
وہ ولولہ وہ جوش وہ طغیان نہین رہا

ٹھنڈا ہی گرم جوشی افسردگی سی جی
کیسا اثر کہ نالہ وافغان نہین رہا

کرتی ہین اپنی زخم جگر کو رفو ہم آپ
کچھہ ہی خیال جنبش مژگان نہین رہا

دل سختیون سی آئی طبیعت مین نازکی
صبر و تحمل قلق جان نہین رہا

کیا اچھی ہو گئی کہ پہلون سی بری ہوئی
یارونکو فکر چارہ و درمان نہین رہا

غش ہین کہ بید باغ ہین گل پیرہن نمط
از بس دماغ عطر گریبان نہین رہا

انکہین نہ بدلین شوخ نظر کیونکر اب کہ مین
مفتون لطف نرگس فتان نہین رہا

ناکامیونکا گاہ گلہ گاہ شکر ہے
شوق وصال و اندوہ ہجران نہین رہا

بی تودہ تودہ خاک سبکدوش ہوگئی
سر پر جنون عشق کا احسان نہین رہا

ہر لحظہ مہر جلوہ ونسی ہین چشم پوشیان
آئینہ زار دیدۂ حیران نہین رہا

پہرتی ہین کیسی پردہ نشینونسی مونہہ چہپائی
رسوا ہوئی کہ اب غم پنہان نہین رہا

کیا تلخکامیون نی لب زخم سیدئی
وہ شور اشتیاق نمکدان نہین رہا

آسیب چشم قہر پری طلعتان نہین
ای انس یک نظر کہ مین انسان نہین رہا

بی کاری امید سی فرصت ہی رات دن
وہ کاروبار حسرت و حرمان نہین رہا

بی اعتبار ہو گئی ہم ترک عشق سے
از بسکہ پاس وعدہ و پیمان نہین رہا

بی سیر دشت و بادیہ لگتی لگا ہی جی
اور اوس خراب گہر مین کہ ویران نہین رہا

نیند آئی ہی فسانہ گیسو و زلف سے
وہم و گمان خواب پریشان نہین رہا

کس کام کی رہی جو کسی سی ہا نہ کام
سر ہو مگر غرور کا سامان نہین رہا

مومن یہہ لاف الفت تقوی ہی کیون مگر
دلی مین کوئی دشمن ایمان نہین رہا

گئی وہ خواب سی اوٹھہ غیر کی گھر آخر شب
اپنی نالہ نی جگایا یہہ اثر آخر شب

صبحدم وصل کا وعدہ تہا یہہ حسرت دیکھو
مرگئی ہم دم آغاز سحر آخر شب

شعلہ آہ فلک رتبکا اعجاز تو دیکہیہ
اول ماہ مین چاند آئی نظر آخر شب

سوز دلسی گئی جان بخت جگنی کی قریب
کرتی ہین موسم گرما مین سفر آخر شب

ملی ہی غیر سی بی پردہ تم انکار کی بعد
جلوہ خورشید کا سا تہا کچہہ ادہر آخر شب

صبحدم آنیکو تہا وہ کہ گواہی دی ہی
رجعت قہقری چرخ دقمر آخر شب

غیر نکلا تیری گھر سی گئی سو ہم مین جان
غل ہوئی چور کی اوس گوچہ مین گر آخر شب

دی تسلی تو وہ ایسی کہ تسلی نہوئی
خواب مین تو میری آئی وہ مگر آخر شب

سو سفیدی کی قریب اور یہی غفلت **مومن**
نیند آتی ہی بآرام دگر آخر شب

قتل عدو مین عذر نزاکت گران ہی اب
مجہہ مین ستم اوٹہانیکی طاقت کہان ہی اب

وحشت سی میری سل رہی جا چلی سے گئے
آتا ہی گر تو آؤ کہ خالی مکان ہی اب

سجدہ پہ سر قلم ہو دعا پر زبان سے کٹے
گویا نہ وہ زمین ہی نہ وہ آسمان ہی اب

قتل عدو نی شوق شہادت مٹا دیا
لب پر ہماری غلغلہ الامان ہی اب

پیری مین وصل غیرت یوسف ہوا نصیب
بخت وفا مثال زلیخا جوان ہی اب

کہدین رقیب نی تیری بی التفاتیان
ناصح ہماری حال پہ کچہہ مہربان ہی اب

رکہہ لی سر اپنی زانوی نازک پہ شوق سی
تیرا مریض عشق بہت ناتوان ہی اب

چشم غضب سی شورۂ قتل کہل گیا
بیطاقتی سی مجہہ مین نہین تاب التفات

جو بات دلمین تہی سو نظر سی عیان ہی اب
بیہودہ فکر جور و سر امتحان ہی اب

وہ دن گئی کہ لاف و گزاف جہاد تہا
مومن ہلاک خنجر نازبتان ہی اب

تم بہی رہنی لگی خفا صاحب
کہین سایہ مرا پڑا صاحب

ہی یہہ بندہ ہی بیوفا صاحب
غیر اور تم بہلی بہلا صاحب

کیون الجہتی ہو جنبش لب سے
خیر ہی مینی کیا کہا صاحب

کیون لگی دینی خط آزادی
کچہہ گنہ بہی غلام کا صاحب

ہائی ری چہیڑ رات سن سن کی
حال میرا کہا کہ کیا صاحب

دم آخر ہی تم نہین آتے
بندگی اب کہ مین چلا صاحب

ستم آزار ظلم جور و جفا
جو کیا سو بہلا کیا صاحب

کس سی بگڑی تہی کس پہ غصہ تہا ق
رات تم کسپہ تہی خفا صاحب

کسکو دیتی تہی گالیان لاکہون
کسکا شب ذکر خیر تہا صاحب

نام عشق بتان نہ لو **مومن**
کیجئی بس خدا خدا صاحب

تہا وصل مین بہی فکر جدائی تمام شب
وہ آئی تو بہی نیند نہ آئی تمام شب

وہان طعنہ تیر بار یہان شکوہ زخم ریز
باہم تہی کس مزی کی لڑائی تمام شب

رنگین ہین خون سر سی وہ ہات آج کل رہی
جس ہات مین وہ دست حنائی تمام شب

نالو سی یہان زبان سحر تک نہین لگے
تہا کسکو شغل نغمہ سرائی تمام شب

یکبار دیکہتی ہی مجہے غش جو آگیا
بہولی تہی وہ بہی ہوش ربائی تمام شب

مرجاتی کیون نہ صبح کی ہوتی ہی ہجر مین
تکلیف کیسی کیسی وتہائی تمام شب

اگرم جواب شکوہ جور عدو رہا
اوس شعلہ خو نی جان جلائی تمام شب

کہتا ہی مہر وش تمہین کیون غیر کرہنہین
دن بھر ہمیشہ وصل جدائی تمام شب

دہرا دون استان پہ کہ اس آرزو مین آہ
کی ہی گسینی ناصیہ سائی تمام شب

مومن مین اپنی نالونکی صدقی کہ کہتی ہین
اون کو بہی آج نیند نہ آئی تمام شب

یہان سی کیا دنیا سی اوٹھہ جاؤن اگر کہتی ہین آپ
رک کیا میرا ہی دم کیون سقدر کہتی ہین آپ

ضبط نالہ بلبوس کا ننگ کی باعث نہین
شرم سی آہ و فغان بی اثر کہتی ہین آپ

ننگ رہ ہی امتحان تا تیر حسن و عشق کا
ہم ادہر کہتی ہین آپ اوہ واہ ودہر کہتی ہین آپ

جذب دل نی غیر کی ہی کیا کہین تاثیر کی
آج کیون آتی ہوئی ہر کام پر کہتی ہین آپ

جا ہی پھر اوسکی کوئی دلکشا مین کس لیے
حضرت دل سینہ مین آٹہون پہر کہتی ہین آپ

سچ کہو ہی کس سی وعدہ آج جاؤ گی کہان
خود بخود بیٹھی ہوئی کیون اپنی گھر کہتی ہین آپ

پاس تمکو ہی نہین تو جائیے غیرونکی پاس
مین نہ رو کون روکنی سی میری گر کہتی ہین آپ

وصل شیرین کی تمنا کوہکن کو کیا کہون
صحبت شاہان سی رباب ہنر کہتی ہین آپ

دل کسی بت کو دیا آنحضرت مومن کہین
وعظ مین کیون ہمکو دیکھکر کہتی ہین آپ

کیا دیکھتا خوشی سی ہی غیرونکی گہر نسبت
پہولی ہی یہان کچھہ اور ہی ای بیخبر نسبت

یہہ کسکی زرد چہرہ کا اب بیان سندہ کیا
میری نظر مین پہرتی ہی آٹہون پہر نسبت

آوارگی ہی باعث نشو و نما کہ دیکھہ
سر سبز جب ہوئی کہ پہری در بدر نسبت

ہم قید یون کو چاہئین سونیکی بیڑیان
ای چارہ گر جہان مین ہی جلوہ گر نسبت

اوس رشک گل کی تیغ ہا تہہ تلک کب پہونچ سکی
سرسون ہتیلی پر نجمائی اگر نسبت

کسکو بہلا خلل یرقان کا ہی ای طبیب
پہولی ہی باغ عشق کی یہان اثر نسبت

وہان تو ہی زرد پوش یہان مین جو ہی درنار
ہی اور ن بہار سیہ مستیون کا جوش

وہان تیری گھر نسبت ہی یہان میری گھر نسبت
دیکھلائی ہی کچھ اپنی بہار دگر نسبت

مومن یہہ کیا کہا کہ ہی رسم ہنود اب
کا ہیکو لائین گی وہ میری گور پر **نسبت**

سودا تہا بلا ہی جوش پر رات
پکڑی تہی یہان وہ انگر رات
ہم تا سحر آپ مین نہین تہے
افسانہ ہجہہ کی سو گئے وہ
آئینہ مین ہو نہ موم جادو
تازی انکہین جہپک رہی تہی
اندیشہ پڑا زمانہ مین ہائی
اس لیل و نہار غم سے نے مارا
کیا پوچہو ہو سنکر و نکیر آہ
یہہ بات بڑی ہی کہ مر گئی ہم

بستر بچہائی ہی نشتر رات
بی طور بنی تہی جان پر رات
کیا جانی رہی وہ کس کی گہر رات
کام آئی فغان بی اثر رات
سوتی نہین اب وہ تا سحر رات
تہا بام پہ کون جلوہ گر رات
نہ دن کو ہی مہر نہ قمر رات
ہی روز سیہ سیاہ تر رات
پکڑی جو وہ طعن غیر پر رات
موت آئی تہی قصہ مختصر رات

اوس گہر مین ہی عیش خلد **مومن**
کیا جانی کہان ہی دن کدہر رات

کرتی ہین عدو وصل مین حرمان کی شکایت
یون کرتی تہی وہ کب دل نالان کی شکایت
ای پردہ نشین جلوون دکہادی کہ جلی جای
ہم خاک مین بہی مل گئی لیکن نہ ملی وہ
پامال ستم ہی دل ناکام کی ہا تون

تہی ہاری ہو شہر غم ہجران کی شکایت
کی ہوگی پای کی نیری فغان کی شکایت
کرتا ہو ذب بن سوز غم پنہان کی شکایت
دل ہی مین رہی رنجش جانان کی شکایت
کس موہنہ سی کرون وہ لولہ جانان کی شکایت

صد شکوہ او بھی ہوئی تقریر نہ سمجھا
تھی یہ بھی زلف پریشان کی شکایت

ہی کسلیئی مجھسی اوسی دل دینی کا شکوہ
کرتا ہی جہا نمین کوئی احسان کی شکایت

کیا باب اجابت پہ گذر ہووی دعا کا
سنتا ہی اثر کب تیری دربان کی شکایت

ای شور جنون ڈرہی زبان بند نہو جاوی
گر آئی لبون پر میری زندان کی شکایت

کیون طعنہ سمجھ کرہی کالہ شکر جفا کا
جانی دو کہ بیجا ہی پشیمان کی شکایت

کسواسطی ای شمع زبان کاٹتی ہین لوگ
کیا تو نی بہی کی تھی شب ہجر انکی شکایت

حوران بہشتی کو بتون کا سا نہ پایا
مومن مجھی کیونکر نہو ایمان کی شکایت

اظہار شوق شکوہ اثر اوسی تہا عبث
یعنی کہا کہ مرتی ہین تم پر کہا عبث

مین ایک سخت جان ہون گردونسی پوچہ لو
تمکو خیال ہی میری آزار کا عبث

تہا ہم پہ لطف تو پہی آفرایش الم
صد شکر غیر ہوگئی اوس سی خفا عبث

ای مہروش ہے حسن تو ہرگز نہ چہپ سکی
جلون تو کیا ہی پردیکا ہی چہوڑنا عبث

امید وعدہ بہی تو نہین روز ہجر مین
ہم سی وفا ہی زندگئی بیوفا عبث

اس ضعف مین تو سینہ سی آتا ہی لب تلک
کہتی ہین اپنی نالی کو ہم نارسا عبث

کیا اپنی دود دل کا بہی شکوہ نہ کیجئی
اوبھی ہی بات بات پہ زلف دوتا عبث

گو چارہ ساز حضرت عیسی ہی کیون نہون
گر درد عشق ہی تو امید شفا عبث

جس غم مین مر رہی تہی وہ غم ہی نہین رہا
افسوس مرگی سمجھی کہ جینا ہی کیا عبث

ای روز حشر کچھ نہ شب ہجران بہی کم نہین
بدنام ہو جہان مین تیری بلا عبث

ہرگز نہ رام وہ صنم سنگدل ہوا
مومن ہزار حیف کہ ایمان گیا عبث

ہو نہ بیتاب ادا تمہاری آج
ناز کرتی ہی بیقراری آج

نزع ہی اور روز وعدۂ وصل
ہی بہر طور دم شماری آج

مانع قتل کیون ہوا دشمن
جان ہی جائیگی ہماری آج

تیر آتی ہی دم مین دم آیا
ہو گئی یاس امیدواری آج

کوئی بہیجی ہی دل کو پہلو مین
کسنی کی اوس سی ہمکناری آج

اوسکی شکوہ سی ہی اثر ظاہر
کچھہ تو کہتی ہی آہ و زاری آج

اوڑ گیا چرخ پر غبار اپنا
ہو گئی خاک خاکساری آج

ایک نئی آرزو کا خون ہوا
ہم ہین اور تازہ سوگواری آج

چھٹ گئی مرکی نیش ہجران سی
کام آئی ہی زخم کاری آج

بیکسی کیون ہی نعش پر مجمع
کیا ہوئی تو ہیری پیاری آج

بہولی حضرت نصیحت اپنی تا صبح
ہی کسیکی تو یادگاری آج

مومن اوس بت کو دیکھہ آہ بہری
کیا ہوا لاف دینداری آج

پنجۂ شانہ سی تو زلف گرہ گیر نہ کھینچ
دل سی دیوانہ کو مت چھیڑ یہہ زنجیر نہ کھینچ

ہم تو بچتی نہین تا شام وہ آئی بہی تو کیا
ای دعای سحری منت تاثیر نہ کھینچ

ای ستم پیشہ میری بعد کہان نشۂ عشق
دیکھہ خمیازۂ حسرت ہی یہہ شمشیر نہ کھینچ

ہی دوا میری وہی سو نہین ممکن کہ ملی
چارہ گر رنج و مصیبت پی تدبیر نہ کھینچ

مین نہ کہتا تہا مصور کہ وہ ہی شعلہ عذار
دیکھہ تو صفحۂ قرطاس پہ تصویر نہ کھینچ

ہم جوان مرد محبت ہی سمجھہ لینگی بہلا
اپنی ایذا سی تو ہات ای فلک پیر نہ کھینچ

روز غم کون بہلا آن کی ہوتا ہی شریک
انتظار اثر ای نالۂ شبگیر نہ کھینچ

اتنی فرصت دی ستمگر کہ پہنچ جائی اجل
دم کی دم اور بہی سینہ سی میری تیر نہ کھینچ

مومن آتش محبت مین کہی سب جائز

حسرت حرمت صہبا و مزامیر نہ کھینچ

گرچندی اور یہہ ہی رہی یار کیطرح
ہم بھی ہنسینگی بلبوں اغیار کیطرح

آواز گنبد اوس سی شکایت عدو کی تہی
ناچار چپ ہین صورت دیوار کی طرح

سونی دیا نہ اوس نی شب وصل مین ہی کیا
ہم جاگتی ہین طالع بیدار کی طرح

پھرتا ہی پھر کشتن عشاق کو بہ کو
گردش مین ہی وہ چرخ ستمگار کی طرح

ہوتی ہین پائمال گل ای دنو بہار
کس سی اڑائی تونی یہہ رفتار کی طرح

چین جبین بلاؤ نگاہ غضب ستم
کرتی ہی قتل اوس بت خونخوار کیطرح

خو رنج رشک غیر کی بہی ہمکو ہوگئی
اب اور کچھہ نکالیی آزار کی طرح

ہوتی ہین قتل غیر اب دہری نگاہ لطف
ارمان میری نکلتی ہین تلوار کی طرح

کرتا ہی ابر اپنا لہو پانی ایک کیون
کب روسکی گا دیدۂ خونبار کی طرح

بس نازکی ضعف کہ گلگشت باغ مین
چبہتی ہین میری پاؤنمین گل خار کیطرح

دلمین ہوائی بتکدہ ظاہر مین کیا حصول
رہنا حرم مین **مومن** مکار کیطرح

رو یا کرینگی آپ بہی پہرون اسی طرح
اٹکا کہین جو آپ کا دل ہی میری طرح

آتا نہین ہی وہ تو کسی ڈھب سی داؤ مین
بنتی نہین ہی ملنی کی اوسکی کوئی طرح

تشبیہہ کس سے دون کہ طرحدار کی میری
سب سی نرالی وضع ہی سب سے نئی طرح

مرچک کہین کہ تو غم ہجران سی چھوٹ جائی
کہتی تو ہین بہلی کی و لیکن بری طرح

نہ تاب ہجر مین ہی نہ آرام وصل مین
کم بخت دلکو چین نہین ہی کسی طرح

لگتی ہین گالیان بہی تیری زبہ سی کیا بہلی
قربان تیری پہر مجھی کہلیا وسی طرح

پامال ہم نہ ہوتی فقط جور چرخ سی
آئی ہماری جان پہ آفت کئی طرح

نہ جائی وہان بنی ہی نہ بن جائی چین ہی
کیا کیجئی ہمین تو ہی مشکل سبہی طرح

معشوق اور بہی ہین بتا دی جہان مین	کرتا ہی کون ظلم کسی پر تیری طرح

ہون جان بلب بتان ستمگر کی ہاتھہ سی
کیا سب جہان مین جیتی ہین مومن اسیطرح

عدو نی دیکھی کہان اشک چشم گریان سرخ	نہ آستین ہی نہ رومال ہی نہ دامان سرخ
نمود حسن خط یار سے ہو کیون کر	بہار ہی جو تہ سبزہ ہو نمایان سرخ
تمہاری دشنہ کا دست حنائی کام لیا	ہی زرد رنگ گلو حلقہ گریبان سرخ
زبس فگار ہوی پاؤن خار و خارہ سی	تمام دشت ہی جون وسعت گلستان سرخ
ملی ہین غیر نی پاہی نگار سی آنکہین	سرشک خون سی نہین پنجہ ہای مژگان سرخ
کمان تہر سی اپنا تو زرد رنگ ہی اور	سیاہ مستی می سی ہی چشم جانان سرخ
ہوا ہون عشق مین گل پیرہن کی لازم ہی	مرا کفن بہی ہو جون جامہ شہیدان سرخ
سر استین مین یہہ طوفان اشک خونی کہ	کہ ایک ایک شجر ہی برنگ مرجان سرخ
کرم جو غیر پہ دیکھا لہو اوتر آیا	نہ پوچھہ کیون تیری انکہین ہین بنگی نادان سرخ
نوید مرگ او نہین جو ہین زخمی لب یار	کہ رنگ پانسی ہوی اور لعل خندان سرخ
نظارہ رخ مردم سی کیون نہ غم ہو کہ تہا	ہمارا رنگ ہی پیش از دو روز ہجران سرخ
ہماری خون کا دہبا نہ جائی حشر تلک	وہ لاکہہ بدلی قبا پر رہی کا دامان سرخ

غریق گریہ خونی رہا اگر مومن
لباس یعنی بہشتی نہین مسلمان سرخ

ہم دام محبت مین ادہر چہوٹی ادہر بند	پرواز ہی کی آہ تو جون طایر پر بند
دیکہا نہ کسیکی طرف اپنا ہی حیا سی	جادو کو کیا نرگس جادو نی نظر بند
یہہ مشت پر سوختہ ہو گین گی قفس کو	تو ساتہہ کسیکی مجہی صیاد نکر بند
وہ آخر شب آئی ہین کچہہ بات تو کرلون	کر اپنی زبان دم کی دم ای مرغ سحر بند

کیا ٹھہری دل بلہوساں مین تیری الفت
جا سکتی نہین جاتی ہین اوس کو مین جو ناصح
شاید کہین تو نی بہی اوسی خواب مین دیکہا
ای شورش سینہ مجہی وہ سینہ دکہا دی

شیشہ مین پری کرتی ہین ارباب ہنر بند
چہٹ جائین گی قصہ سی کیا تو نی اگر بند
آنکہین تیری ای بخت مین کیون آٹہ پہر بند
کہولی تیری گرمی سی وہ گہبرا کی کمر بند

کیا حضرت مومن کہین کعبہ کو سدہاری
سنسان ہی گہر کسلیئی کیون آج ہی در بند

غربت مین گل کہلا ہی ہی کیا کیا وطن کی یاد
گلگون قبا ہین کی کیا قتل غیر کو
از خویش رفتگی ہی عنان کش زبان مان
تو آبرن نہو وی تو کیا جانی کیا کری
ای محتسب توڑیو شیشہ کو دیکہنا
تا شکوہ غیر کا نکرون مجہسی کہتی ہین
پہر پیرہن کی ہوتی ہین ٹکری برنگ گل
ایسی ہی روز گر ستم نو بنو رہی

جیسی قفس مین مرغ چمن کو چمن کی یاد
کیا آئی اپنی کشتۂ خونین کفن کی یاد
دکہلائی گی عدم ہی کہین اوس دہن کی یاد
دشمن کی دل سی ہی مری شعلہ زن کی یاد
آتی ہی مجکو سنگدل دل شکن کی یاد
کیون سرگذشت تمکو بہی ہی کوہکن کی یاد
پہر مجکو آگئی کسی گل پیرہن کی یاد
تمکو بہلا رہی گی سپہر کہن کی یاد

ہی کفر و بدعت ایک نہین تار سبحہ سی
زنار مومن آئی ہی کیون برہمن کی یاد

نامہ رونی مین لکہا تو بہہ گیا کاغذ
اوسکی کوچہ سی چلا آئی ہی اڑتا کاغذ
کیا جواب آئی کہ کثرت سی میری خطون کی
سب نوشتی تیری اغیار کو دکہلا دونگا
لکہہ کی بدمستی غم تاکہ وہ میکش پڑہ لی

کہ بنا ہم کہہ صفحۂ دریا کاغذ
پہاڑ کر پہینک دیا کیا میری خط کا کاغذ
کیمیا یاب سیا ہی ہوئی عنقا کاغذ
جانتا ہی تو میری پاس ہین کیا کیا کاغذ
باندہ دیتا ہون سر شیشۂ صہبا کاغذ

مشق کرتی ہین وہ کیون لفظ نظر بازیکی
پردہ دیدہ مشتاق ہی یہہ یا کاغذ

رنگ اڑجانیکا احوال وسی لکہنا ہی
زردی رخ سی زرافشان مین کرونگا کاغذ

وصف لکہون مین تیری آنکہہ کی ڈورونکا اگر
رگ گل خامہ وہی اور نرگس شہلا کاغذ

ہوگیا اوس لب لعل و دُر دندا کی سبب
غیرت نسخہ اکسیر مسی کا کاغذ

ضد یہہ ہی خط سی میری تا دہ ہزارون کہا
دست اغیار مین ہی گر کبہی دیکہا کاغذ

یہان تلک تو ہون سیہ کار کوئی دہ سکا
حشر مین جب میری اعمال کا کہولا کاغذ

قبر مین چہوٹی عذاب دل بیتاب سی ہم
نام جب لکہہ کی ترا سینہ پر رکہا کاغذ

تو غزل سنج ہی یا مرثیہ خوان ای مومن
رو دیا جسنی کہ دیکہا ترا لکہا کاغذ

نکیونکر بس مواجاؤن کہ یاد آتا ہی رہ رہ کر
وہ تیرا مسکرانا کچہہ مجہی ہو تو نہین کہہ کر

کہان لخت جگر مین سیل گریہ مین چڑہا دریا
چلی آتی ہین یہہ ڈوبی ہوونکی لاشی بہ بہ کر

بہار باغ دو دن ہی غنیمت جان ای بلبل
ذرا ہنس بول لی ہو زمزمہ پرداز چہ چہ کر

نوید ای دل کہ رشک غیر سی چہوٹی و سی ہنسنی
ستم کا کر دیا خوگر جفا و جور سہ سہ کر

ستم ای شدت گریہ سرایت خون نی کی رگ رگ کی
رکہی وہ مال چشم خونفشان لاکہہ تہہ کر

لگی ہچکی ہی سر زانوی غم پر ہی کہ یاد آیا
کسیکا ہاتہہ پہر دم مارنا زانو پہ قہ قہ کر

خدا کو مان ابہی راہ لی کعبہ کو جا مومن
صنم خانہ مین کیا لیوگا ای گم گشتہ رہ رہ کر

ای تند خو آجا کہین تیغا کمر سی باندہ کر
کن مدتون سی ہم کفن پہرتی ہین سر سی باندہ کر

یا وہ ڈبو دیوی ہمین یا ہم ڈبو دیوین فلک
آجائی تو روتی ہین ہم سر طرہ سی باندہ کر

خط مین تجہ لکہہ سکتا نہین احوال سوز دل ادا سی
پر بہیج دون جسمین ہی پروانکی پر سی باندہ کر

دشمن سگ کوچہ ہوا اوس شوخ آہو چشم کا
نادم ہون کعب گرگ پاہی نامہ بر سی باندہ کر

ہی سرخ ٹیکا اور خون عنبر مین رنگا ہوا
کیا قتل پر میری کمر نکلی ہو گہر سی باندہ کر

آجہا اک تو بہی تو کہین بید کیسی لٹکی
بیٹہی ہوئی ہین پر وزن بوار ڈر سی باندہ کر

جراح کیا سوچا بتا کیا رنگ دیکہا کیا ہوا
کیون کہول لی پٹی میری زخم جگر پر سی باندہ کر

دیوانہ نازک ہون مین فصاد مژگان نشتر
لی فصد میری ہاتہہ کو تار نظر سی باندہ کر

مومن سی اچہی ہو غزل تہی اسلیئی پر زور شور
کیا کیا مضامین لائی ہم کس کس ہنر سی باندہ کر

جاتی تہی صبح رہ گئی بیتاب دیکہہ کر
طالع ہماری چونک پڑی خواب دیکہہ کر

پایا جو دشمنون نی تیری پاس اعتبار
آنکہین چراتی ہین مجہی حباب دیکہہ کر

یہہ تشنہ کامی نگہہ گرم دیکہنا
حیرت سی رود یا طرف آب دیکہہ کر

تو یہ کہان کدورت باطن کی ہوش تہی
غش ہو گیا مین رنگ می ناب دیکہہ کر

اوٹہی نہ نعش ہی تیری کوچہ سی بعد قتل
ہم رہ پڑی ہین کو شاداب دیکہہ کر

روئی وہ میری حال پہ حیران کیون نہو
آنکہین سی کہل گئین در نایاب دیکہہ کر

شوق وصال دیکہہ کہ آیا عدو کے گہر
سوجہا نہ کچہہ مجہی شب مہتاب دیکہہ کر

ہی ہی تمیز عشق و ہوش آج تک نہین
وہ چہیپتی پہرتی ہین مجہی بیتاب دیکہہ کر

مومن یہہ تاب کیا کہ تقاضای جلوہ ہو
کافر ہوا مین دین کی آداب دیکہہ کر

یاد اوسکی گرمی صحبت دلاتی ہی بہار
آتش گل سی میرا سینہ جلاتی ہی بہار

کوہ و صحرا مین پی فرحت پہراتی ہی بہار
مین تو کیا اونکو بہی دیوانہ بناتی ہی بہار

جلوہ لالہ رخسونکو دکہاتی ہی بہار
داغ کہاتی پر میری کیا داغ کہاتی ہی بہار

کہل چلی نرگس کہ شرماتی ہی جاتی ہی بہار
دیکہہ کر اوسکی بہار آنکہین چراتی ہی بہار

آمد آمد ہی چمن مین کس سمن اندام کی
سبزہ خوابیدہ سی مخمل بچہاتی ہی بہار

خاک تو مرغ گلستانکو خزان ہی نی کیا — دیکھئی اب آنکر کیا خاک اوڑاتی ہی بہار
ہی خزان مین ہوئی ہی جو تپش جنون کیا ہو گیا — اب کہین پاس اپنی ہمکو ہی بلاتی ہی بہار
جوش گل سی یاد آتی ہین تیری نرگسیان — رنگ فتنہ سی میری کیا رنگ لاتی ہی بہار
داغ اور زخم اوسمین ہین جو لالہ و گل سمین مین — فصل ہی یا آنکی عاشق کی چہاتی ہی بہار
امتیاز دلدہی و دلبری مین فرق ہی — تمکو بہاتی ہی خزان اور ہمکو بہاتی ہی بہار
محو حیرت کو وصال و ہجر دونو ایک ہین — بلبل تصویر کو کب یاد آتی ہی بہار
میری ضد سی غیر پر تیری عنایت دیکھ کر — سبزۂ بیگانہ کی قربان جاتی ہی بہار
ابتدائی فصل ہی مین غیر نی کہائی گل — دیکھئی اس سال کیا کیا گل کہلاتی ہی بہار
چشم گلشن پر قدم رکہتا ہوا کون آئی گا — عطر فتنہ مین گل نرگس بساتی ہی بہار
خندہ دیوانگی یہان بعد مردن ہی ہوا — خاک سی اوگتی ہین گل اونکو ہنساتی ہی بہار
کچھ سوائی گریہ جون ابر اپنی قسمت مین نہین — زعفرانکی کیون نہو مجھکو رلاتی ہی بہار

غنچہ ہائی آرزوی مومن اب کھلنی کو ہین
خیر مقدم گلشن ایمان مین آئی ہی بہار

بیمروت ناتوان مین ہنس دی ہی روتا دیکھ کر — دل یا ہمین اوس سی کیا جانی کیا دیکھ کر
خواب مین کیا غش ہو یوسف کو زلیخا دیکھ کر — کھل گئین آنکھین تجلی ای جلوہ آرا دیکھ کر
تہی چشم وہ نگاہ گرم بہی سوئی عدو — سوجھی اپنی عاقبت کی ہمکو دنیا دیکھ کر
قیس کی دیوانگی مین عقل کیا حیران ہی — مجھکو وحشت ہوگئی تصویر لیلا دیکھ کر
چشم نرگس بد نظر ہی اور گل بی اعتبار — بیوفا سیر گلستان کیا کرہی گا دیکھ کر
خاکمین کیونکر نہ لوٹون سندس کیا سود مین دیبا — اوس کی صحن خانہ کا پہنائی صحرا دیکھ کر
نعش کا ہمدم کفن لانا کہ بس مین مرگیا — جلونون سی جلوہ خورشید سیما دیکھ کر
یاد آیا سوئی دشمن اوسکا جانا گرم گرم — پانی پانی ہو گیا مین موج دریا دیکھ کر

اوسکی ہنسی ہی ندبیر آگیا ایسا کہ بس
گر پڑا مین روزن دیوار کو وا دیکھ کر

کیا تماشا تہا جہپکنا آنکھ کا بی اختیار
آئینہ کو ہاتہ سی اوسنی نچہوڑا دیکھ کر

مین نہ مانون گا کہ چشم آبلہ بیدہ ہی
یہہ ندیکھی وہی غیر اپنی کف پا دیکھ کر

پہر گئی آنکھونکی آگی اوسکی چشم شرمگین
پہر گئین آنکھین مری نرگس کا جہپکنا دیکھ کر

دشمنی دیکھو کہ تا الفت نہ آجائی کہین
لی لیا مونہہ پر دوپٹہ حال میرا دیکھ کر

کیون نہ گھبرائی وہ مین کہل گیا ال بی ہجوم
حشر مین آتی ہین کیا کیا اوسکو تنہا دیکھ کر

انتظار ہا ہوش مین تو نہون آنکھین سپید
شب یہہ وہم آیا ہی سوئی چرخ خضرا دیکھ کر

ق

کاٹ لیتی دو گلا تم شوق سی کہر جائیو
لیک رقص نیم بسمل کا تماشا دیکھ کر

سب ستم ہائی نہان نظرو مین تہی ناصح نو جہہ
کیا کہون مین غش ہوا کیا سوچکر کیا دیکھ کر

جون نقاب اوٹہتی ہی پڑی آنکھون پہ پردا پڑ گیا
کچھہ نہ سوجہا عالم اوس دہ نشین کا دیکھ کر

کردیا خاک آپ کو اوس بت کی در پہ ہائی ہائی
جل گیا جی لاش کو مومن کی جلتا دیکھ کر

مومن خدا کی واسطی ایسا مکان نہ چھوڑ
دوزخ مین ڈال خلد کو کوئی بتان نچھوڑ

عاشق تو جانتی ہین وہ ابدال ہی سہی
ہر چند بی اثر ہی پر آہ و فغان نہ چھوڑ

اوس طبع نازنین کو کہان تاب انفعال
جاسوس میری واسطی ای بدگمان نہ چھوڑ

ناچار دین گی اور کسی خوبرو کو دل
اچہا تو اپنی خوئی بد ای بدزبان نچھوڑ

زخمی کیا عدو کو تو مرنا محال ہے
قربان جاؤن تیری مجہی نیم جان نچھوڑ

کچھہ کچھہ درست ضد سی تیری ہو چلی ہین وہ
یکچند اور کجروی ای آسمان نچھوڑ

جس کوچہ مین گذار صبا کا نہو سکی
ای عندلیب اوسکی لئی گلستان نچھوڑ

گر ہیہہ ہی شک آئین تو جانون کہ عشق ہی
حقہ کا مونہہ سی غیر کی جانب ہوان نچھوڑ

ہوتا ہی اس جحیم مین حاصل وصال حور

مومن عجب بہشت ہی دیر مغان نچھوڑ

ہی چشم بند تو بہی ہی انسو رواں ہنوز — جی سرد ہو گیا ہی ولی دل تپان ہنوز
یہہ دن دکہائی ہین شب فرقت نی ہمکو او — وہ رشک آفتاب نہین مہربان ہنوز
مر ہی گئی جدائی مین پردہ نشین کی پر — آیا نہین زبان پہ درد نہان ہنوز
ہم تیرہ بخت خاک مین بہی مل گئی و لے — کچہہ کم نہین غبار دل آسمان ہنوز
یہان امتحان مرگ سی فارغ ہوئی ہین پر — وہان اپنی ہی پہ مرنیکا ہی امتحان ہنوز
تشبیہ دی تہی مینی کہین انگبین سی — تنخالہ خیز ہی لب شیرین دہان ہنوز
باغ جہان مین گو مہ خورداد آگیا — پر ہی اوسی بہار پہ فصل خزان ہنوز
روز جزا نہ قتل کا انکار کر کہ ھین — دامن پہ تیری میری لہو کی نشان ہنوز
یہان اپنا اونکی چاہ مین مرنا یقین ہوا — وہان اور ہی کی چاہنی کا ہی گمان ہنوز

مومن تو مدتون سی ہوئی پر قبول ورد
دل سی نہین گیا ہی خیال بتان ہنوز

ہجر انکا شکوہ لب تلک آیا نہین ہنوز — لطف وصال غیر نی پایا نہین ہنوز
ای جذب دل وہ شوخ ستمگر تو نک طرف — پیغام بہی کسیکی کوئی آیا نہین ہنوز
جا چک خدا کی واسطی ای موسم بہار — خاک عدو پہ پہول وہ لایا نہین ہنوز
یہہ اہتمام جور ہی کیا تو نی ای فلک — انداز غفلت اوس سی اوڑایا نہین ہنوز
یکچند اور کاہش غم خشم التفات — مین یار کی نظر مین سمایا نہین ہنوز
واعظ ہماری سامنی کرتا ہی صف حشر — سمجہا ہی اوسنی جلوہ دکہایا نہین ہنوز
ہون خون گرفتہ یارون شفاعت سی فائدہ — صید اجل کسینی چہوڑا یا نہین ہنوز
کیون کر مجہی گناہ زلیخا یقین آئی — دامن کو تیری ہاتہہ لگایا نہین ہنوز
کیا سوز رشک کی دل اغیار کو خبر — دوزخ نی کافرون کو جلایا نہین ہنوز

ایسی ستم کیی کہ میرا جی بٹھا دیا
ہر چند سر فلک نی اوٹھایا نہین ہنوز

ناصح رقیب سی ہی بدآموز تر نہین
پر مین نی تیرا حال سنایا نہین ہنوز

آپ کی وفور عشق صنم مین ہی گفتگو
مومن وہ لب پہ ہائی خدایا نہین ہنوز

لب پہ دم آیا ولی نالہ نہین ہی ہنوز
نغمہ غم ہی ترا پردہ نشین ہی ہنوز

ہائی پس مرگ بھی دفن کرین مجھکو غیر
خاک مین ملجائی چرخ بر سر کین ہی ہنوز

لیکی دل و عقل و دین پھری غارت ہی عشق
ای اجل ایک کہین جان حزین ہی ہنوز

روز جزا کیون کیا خون کا میری تمام
مہر عدو بدگمان تجھکو یقین ہی ہنوز

مردہ و حیران مین کیلئی شبہ پڑا دیکھنا
محو خود آرا ترا آئینہ بین ہی ہنوز

چاک سراپردہ سی جھانکی تھی وہ ایکدن
سجدہ محراب در شغل جبین ہی ہنوز

کیون نہین لاتا اوسی آہ میری یاد ہی
کہہ دو فلک سی دم باز پسین ہی ہنوز

دود دل و درد غم کیون ہیہ ہی بیداثر
وہی فلک ہی ہنوز وہی زمین ہی ہنوز

جھوٹ نہین تیری پاس بیٹھتی ہین بی تمیز
چین بجبین کیون نہو فرش مین چین ہی ہنوز

وصل بتان کی دعا کرتی ہو شکر خدا
حضرت مومن نہین دعوی دین ہی ہنوز

یون ہی شعاع داغ میری دلکی آس پاس
ہالہ ہو جسطرح مہ کامل کی آس پاس

ڈوبا جو کوئی آہ کناری پر آگیا
طغیان بحر عشق ہی ساحل کی آس پاس

یہہ غیرت وفا کا اثر ہی کہ بلہوس
بسمل تڑپتی ہین تیری بسمل کی آس پاس

کیا دعوی آہ جب نہ رہا مین ہی کس لئی
ہین جمع اقربا میری قاتل کی آس پاس

ای قیس تیری نالی کی غیرت کو کیا ہوا
لیلی نی رنگ باندھی ہین محمل کی آس پاس

مرجائین تا خوشی سی عدو سن وصال کی
یارو فغان کرو گلی دل کی آس پاس

کیا کیا جلی ہی بزم مین تجہسی جب پہری
ہی تو ہی بیوفا نہین باور تو دیکہہ لی

پروانی شمع شملہ شمائل کی آس پاس
گل جامہ دہین کو رعنا دل کی آس پاس

کافر ہی کون ہم مین سی مومن پہری ہی تو
کعبہ کی آس پاس تو تین دل کی آس پاس

کہا کیا جی غم نہان افسوس
کہل گئی غم کی ماری جان افسوس

میری مرنی سی کہی وہ خوش نہوا
جی کیا یو نہین رایگان افسوس

شکوہ ازار غیر کا جو کرون
ہنسکی کہتا ہی وہ کہ ہان افسوس

مرتی ہم غیر چہوٹتی نہ کیا
تو نی الفت کا امتحان افسوس

کل داغ جنون کہلی بتی تہی
آگئی باغ مین خزان افسوس

کشتۂ روز ہجر کا اوسکی
مرگ کرتی ہی ہر زمان افسوس

بیوفائی ہوئی وفا کا سبب
غیر سی ہی وہ بدگمان افسوس

مرگ پر اپنی ناتوان کی تیری
دل سی آیا نہ تا زبان افسوس

ہونٹ ہی ہو گئی ہی پردہ نشین
راز رہتا نہین نہان افسوس

تہا عجب کوئی آدمی مومن
مر گیا کیا ہی نوجوان افسوس

کل دیکہہ کی وہ غدار آتش
کیا کیا ہی جلی ہی یار آتش

بہونکا تپ غم نی جسکو نکلی
دل کی تیری اب بخار آتش

ہووی نہ مقابل تف دل
ٹہر کا ای کوئی ہزار آتش

ہان سیر دکہا بنگا کہین تو
ای نالہ شعلہ بار آتش

اف رہی تپ گرمی محبت
اس نام پہ جان نثار آتش

دل کو میری پوج کبر جسکو
سجدہ کری بار بار آتش

تو نی تو وہاں لگائی مہندی — یہاں دلمین لگی نگار آتش
مت آئیو میری خاک پر تو — برسی ہی سر مزار آتش
ہین آہ زبانہ کش جو کیچون — باندھی ہی ابھی حصار آتش
دیکھی ہی تو اور لگی ہی دلمین — اے دیدہ اشکبار آتش

پڑھتا ہی کہین غزل جو مومن
لگ اوٹھتی ہی ایکبار آتش

کہان نیند تجھ بن مگر آئی غش — تو ایک صورت خواب دکھلائی غش
تمہاری کدورت سی ہوش تن آگیا — کیا بوئی گل نی مداوای غش
نہ ٹھہری بس آئینہ کو دیکھہ کر — وہ اتنا کہ دیکھین بتاتا ہی غش
قیامت جنون مین ہوئی نازک دماغ — نہ کیون نکہت گل سی آجای غش
تیری بال لاکر سنگہای کہین — کہ غش ہوگئی چارہ فرمای غش
نہو جب کہ میرا خیال وفا — تو کیا اوس ستمگر کو پروای غش
خبر لو میری تم کہان تک ہی — یہہ حالت کہ غش پر چلا آئی غش

خدائی کا جلوہ ہی مومن کہ تو
گر اوس بت کو دیکھی تو ہوجای غش

روز ہوتا ہی بیان غیر کا اپنا اخلاص — چشم بد دور تمہین ہم سی ہی ہی کیا اخلاص
غیر کرتا ہی بیان مجھسی تو مین کہتا ہون — یاری اتنک تو نہین تجھسی پر اتنا اخلاص
غیر سی لطف کی باتین ہین میری چھیڑنیکو — دشمنی کہتی ہین جسکو وہ تمہارا اخلاص
ہم یہان سورہ اخلاص کا پڑھتی ہین عمل — اور پڑھتا ہی وہان غیر سی وہ اسکا اخلاص
مجھسی دل ورنہ رقیبونسی ہین سب کہدینگا — دشمنی انکی تیری اور وہ پہلا اخلاص
جنبش لب کی تیری پوچھنی کو کیفیت — تیری بیمار سی کرتا ہی مسیحا اخلاص

اوس ستمگر نی بناوٹ کی لگاوٹ بہی نکی
ہاہی قسمت میری کچھ کام نہ آیا اخلاص

پس قتل آ میری خاطر سی ٹہر جاتا دفن
ظالم آخر تجہی مجہسی بہی کبہی تہا اخلاص

چاہتا ہی کہ دل اوس تنگ قبا سی پہٹ جای
میری ناصح کا ہی بناسی نرالا اخلاص

اب او نہین لکہتی ہین ہم خط مین سراسر دشمن
جنکو لکہتی تہی سدا یار سراپا اخلاص

موت بہی آ نہ پہری پاس ہماری شب ہجر
سچ تو یہہ ہی کہ بری وقت مین کیسا اخلاص

مومن اس بد ربائی سی بہی کیا بدتر ہی
اوس بت دشمن ایمان سی ہمارا اخلاص

بی صبر کو کہان تپ داغ جگر سی فیض
کانچین کو کب ہوا شجر بارور سی فیض

زاہد نگاہ بہر کی وہ بید ید دیکہہ لے
اتنا ہوا نہ خدمت اہل نظر سی فیض

یاد خط نگار مین ہم زہر کہا موے
کیا آب زندگی کا ہوا ہی خضر سی فیض

بالطبع گر کرم ہو تو مفلس بہی ہی کریم
ہوتا ہی سایہ کا شجر بی ثمر سی فیض

ہم چرخ سی امید کشایش عبث ہین
کسکو ہوا ہی خانہ وابستہ در سی فیض

ملنی کو خاک ہی مین بخیلون کا مال ہی
دیکہو تو ہی کسکو بہی غنچہ کی زر سی فیض

شب بہر کیا ہی مبدء فیاض کا گلہ
تو ہی عیان ہوا نہ دعای سحر سی فیض

ترسا صنم یہ مر گئی ہم آہ جب نہین
جاری ہی مسیح کی لب اعجاز اثر سی فیض

تصویر سی تیری مجہی تسکین ای کہان
کیا خاک تشنہ کام کو آب گہر سی فیض

کیونکر نہ ہو ہم خلق کو مومن کی مرگ کا
تہا سبکو اوسکی ذات سراپا ہنر سی فیض

ہان ہان کہا یہ بوی زلف دوتا قرض
جان ای تو نہین حشر کی ان دنگی صبا قرض

سمجہین گی قیامت مین ستم پیشہ دم قتل
دیکہا نہ ادہر تو نی رہا خون بہا قرض

کیون کردی فلک داغ مہ عید کو درم داغ
مفلس کو جہان مین کوئی دیتا ہی بہلا قرض

اگر کہی کہ کیون لیتی ہو تم دل کو تو وہ شوخ
کس ناز سی کہتا ہی کہ یون دیتی ہو یا قرض

کچہہ دینی کا ہی دیکہہ لی ای آہ ٹہکانا
کس پوری پہ لیتی ہی تو تاثیر دعا قرض

افلاس سی کہا یا کئی غم سبز خطون کا
افسوس کہین زہر بہی ہمکو نہ ملا قرض

گن گن کی دیئی داغ فلک نی مجہی گویا
آتا تہا یہہ اسپر زر نایاب میرا قرض

آمد سی فزون خرچ ہی ای شور محبت
بختون کا میری زخم سی کیونکر ہوا دا قرض

ہم قرض یہہ نقد دل اوسی دیتی ہین مومن
جسنی نہ کبہو آج تلک لیکی دیا قرض

ہر غنچہ لب سی عشق کا اظہار ہی غلط
اس مبحث صحیح کی تکرار ہے غلط

کہنا پڑا درست کہ اتنا رہی لحاظ
ہر چند وصل غیر کا انکار ہے غلط

کرتی ہین مجہسی دعوی الفت کا کیا کرین
کیون کر کہین مقولۂ اغیار ہی غلط

یہہ گرم جوشیان تری گو دسی ہون ولی
تاثیر نالہای شرربار ہے غلط

کرتی ہو مجہسی راز کی باتین تم اسطرح
گویا کہ قول محرم اسرار ہی غلط

اوٹہہ جا کہا نہ لک کوہی باتین اوٹہائیگا
ناصح تو خود غلط تیری گفتار ہی غلط

تہا ربط غیر مین میری مرنیکا انتظار
ای شوخ بیوفا تو وفادار ہی غلط

کیا جذب انتظار کی تاثیر بی وفا
سنکر نہو تو بہلی ہی اقرار ہی غلط

ہی حرف کامیابی دشمن ہین ہمنشین
مت کہ درست وہم غلط کار ہی غلط

سچ تو یہہ ہی کہ اوس بت کافر کی دور مین
لاف و گزاف مومن دیندار ہی غلط

ہان تو کیونکر نکری ترک بتان ای واعظ
ایسی حورین تیری قسمت مین کہان ای واعظ

منتظر ہی کسی بت کا تو نہین تو کیونکر ہی
مجلس وعظ مین ہر سو نگران ای واعظ

اب ذرا جا نذہی کوئی بتان کی باتین
ہو چکا تذکرۂ باغ جنان ای واعظ

سچ ہی کافر تیری تقریر سی کیونکر نہ چلین
شعلۂ آتش دوزخ ہی زبان ای واعظ

حور کی مدح مین کیا ترک صنم کا مذکور
یہی باتین ہین میری دل پہ گران ای واعظ

ڈر میری آہ سی ظالم نہ جلا جی کہ نہین
یہہ جہنم سی تو کم شعلہ فشان ای واعظ

اہل جنت سی کرو دلبری حور کا ذکر
ایسی باتین کوئی سنتا نہین یہان ای واعظ

جو ملین تجہسی بصد شوق وہ کیا ہونگی نکر
بس میری سامنی حورونکا بیان ای واعظ

کیسی آرام پس مرگ مگر کافر تو
اہل اسلام کا ہی دشمن جان ای واعظ

شرم کی بات نہین ہی یہہ اثر ہو کیونکر
نہ مین مومن ہون نہ تو پیر مغان ای واعظ

کس ضبط پر شرار فشان ہی فغان شمع
ایک برق تہی جو لال نہوتی زبان شمع

دلگرمی فریب پہ بہی مین نثار ہون
پروانہ کیا مجال کری امتحان شمع

روشن ہی اہل بزم پہ شکوہ نسیم کا
اس بہکتی زبان پہ دیکہو بیان شمع

آتا ہی بیکسون پہ تو جلاد کو بہی رحم
روتی ہی شمع آپ سر کشتگان شمع

مجہ بیگنہ کی قتل مین کیون سوچ دیکہہ لی
بن بولی لوگ کرتی ہین قطع زبان شمع

ہی تار گریہ تار نفس اہل سوز کو
یعنی روان شمع ہی اشک روان شمع

داغ جدائی در دندان و روی و زلف
ہی اشک شمع و شعلہ شمع و دخان شمع

سب گرمی نفس کی ہین اعضا گداز یان
دیکہو نہ زندگی ہی سراپا زبان شمع

اوسکو بہی کوئی پردہ نشین ہی جلای ہی
فانوس سی سنا ہی یہہ راز نہان شمع

ایک اور پڑہ وہ مومن شعلہ زبان غزل
جل جائین جسکی رشک سی حاسد بسان شمع

محفل فروز تہی تب و تاب نہان شمع
پروانہ جل گیا کہ نہین راز دان شمع

تہا شب چراغ خانہ دشمن وہ شعلہ رو
کیا کیا جلا ہی صبح تلک جی بسان شمع

ای سوز گریہ آگی تیری آب تاب کی — پانی بہری ہی جلوہ آتش فشان شمع
صحبت مین ایک رات کی کیا محو ہوگئی — اوس بزم مین سحر کو نہ پایا نشان شمع
پہنچی تیری نزاکت و گرمی کو کیا مجال — ہرچند موم جسم ہی اور شعلہ جان شمع
ہوون داغ بدگمانی دل بسکہ یار پر — پروانہ کو ہی سادہ دلی سی گمان شمع
حیرت فزا ہی حسن بہت کیا عجب اگر — تہم جای تیری بزم مین اشک روان شمع
گر دیکہہ لی رخ عرق آلودہ کو تیرے — کہل جای سوز اشک سی تا استخوان شمع
اتنک یہہ سوز دل ہی کہ میری مزار پر — مائل ہوا زمین کی جانب دخان شمع

لائین نہ تاب حرف تبان کافران عشق
پروانہ کو جحیم ہی مومن زبان شمع

مت کہہ شب وصال کہ ٹہنڈا نکر چراغ — ظالم جلا ہی میری طرح عمر بہر چراغ
پروانی کیون نہ صدقی ہون اس آگ کی کہ ہی — ہر رشتہ فتیلہ زخم جگر چراغ
وہ سوختہ جگر ہون کہ پیمانہ و سبو — بنتی نہین ہین خاک سی میری مگر چراغ
زلفین اوٹہا و رخ سی کہ دلکی جلن مٹی — بجہ جای ہی جہان مین وقت سحر چراغ
اوس مہر وش کی جلوی کی قربان کیون نہون — پروانہ کو بہی رات نہ آیا نظر چراغ
کیا ای تکلف آئی صداہای شعر و — گر میری آب اشک سی ہو نوحہ گر چراغ
ہم پیشہ کی ہی سامنی عرض ہنر ضرور — جلتا ہی میری گہر مین بطرز دگر چراغ
کیا خوب روشنی ہی کہ چہرے کی تاب سی — ہی داغ بلہوس تیری مجلس مین ہر چراغ
غم خانہ تنگ و تار ہی اور ہم سیاہ روز — جلتی مین یعنی چاہیئی ٹہون پہر چراغ
ہی شام انتظار تماشا ہی سوختن — جلتی ہین تا بصبح ادہر ہم ادہر چراغ
اوس شعلہ رو کی ناکہ پس مرگ بہی جلون — جلوائی دشمنو نسی میری گور پر چراغ

مومن یہہ شاعرونکا میری آگی رنگ ہی

جون پیش آفتاب ہو بی نور ہر چراغ

گلشن مین لالہ مین ہون کہ ہی دلمین جای داغ
اپنی تو دلنشین نہین کچہہ بہی سوای داغ

کیا ملبہ ندیکہی عشق مین کیا کیا نہ پای داغ
زخمون پہ زخم جہیلی ہین داغون پہ کہای داغ

پہنا ہی کسکا جامہ گلدوز غیر نی
کیون تنگ ہو گئی میری تن پر قبای داغ

کیا کہی گہیان دل مہتاب کی کہ ہی
سینہ مین ایک شعلہ جوالہ جای داغ

کرتا ہی سخت ناخن غم رو خراشیان
دلکو یہہ کسکی چہرہ کی چیچک کی بہای داغ

اوس رشک مہر و مہ کی نشانی ہی دیکہنا
ای چشم اشکبار کہین رہ نجای داغ

چہوڑا نہ لالہ زار مین ساتہہ اوسنی غیر کا
سو بار سینہ چیر لی مینی دکہای داغ

دیکہو تو سرد مہری چرخ اوس سی گرم ہو
وان تو بغل رقیب کی یہان دل جلای داغ

دوزخ مین کچہہ عذاب پایا رسا یہ مین
خو کردہ تہا یہ تاب و تب شعلہ ہای داغ

رہ تو بغل مین غیر کی سینہ سی لگ کے یہان
پہلو بر آی زخم ہی سینہ بر آی داغ

تارونکی بدلی گن کی شب تار کاٹ دی
ایام ہجر مین میری آیا کام آئی داغ

جلتا ہون اہل نار کی تبدیل جلد سی
مومن غضب ہی آتش لذت فزای داغ

مجلس مین نادیکہہ سکون یار کیطرف
دیکہی ہی مجکو دیکہہ کی اغیار کیطرف

کتنا شعاع مہر نی حیران کیا ہمین
تکتی ہین کب سی روزن دیوار کیطرف

وہم فغان غیر نی سینہ جلا دیا
آتش لگی تہی کوچہ دلدار کیطرف

شام فراق خواب عدم کا ہی انتظار
انکہین لگین ہین دولت بیدار کیطرف

اوسنی دکہا دکہا کی مجہی چہیڑ دیکہنا
گل ہنسنکی عندلیب گرفتار کیطرف

ہی کیا قبول سجدہ شہیدان عشق کا
ہون غوث سر جہکائی ہین تلوار کیطرف

دیکہہ اشک لالہ گون رقیب اوسنی ہنس دیا
دیکہا نہ میری دیدہ خونبار کیطرف

کلبانگ نالہ ہی یہہ بنا گل کھلا اگر / دیکھا نہ میری طرف دیدۂ خونبار کسطرح
ابر تنک رحم یار پہ منصف کرین کسی / کی آگی موت نی بہی تو اغیار کی طرف
دل بعد قتل بہی نہین پہرتا کہ گور مین / مونہہ پھر گیا ہی کوئی ستمگار کی طرف

کافر کلی لگا ہی تو مومن کی ہٹ مگر
دیکہہ اپنی نفس رشتہ زنار کی طرف

وہ جو زندگی مین نصیب تہا وہی بعد مرگ ہا قلق / یہہ قلق ہی کتنا کہ ہی ستم گئی جان پر نہ گیا قلق
کسیکی خرام کی یاد مین تہ خاک بہی یہہ ہا قلق / کہ زمین کو زلزلہ آگئی ہی جو لٹا ہی مجہکو ذرا قلق
دئی ہم ہی حالت جانکنی غرض اتنو جان پر آبنی / یہہ عذاب مرگ ہی یا تپش یہہ خدا کا قہر ہی یا قلق
یہہ کہا انکی جسکو بلا لگی میری ہای کیونکہ ہو زندگی / کوئی کیا جئی جو ہوا ایک سا شب و روز صبح و مسا قلق
شب ہجر روز وصال کی تیری تیغ جیسا جو نظر مین تہین / کہون کیا تغیر حال دل کبہی سکون کبہی تہا قلق
نہین چاہ میری اگر اونہین نہین راہ دلمین تو کس لئی / مجہی روتی دیکہہ کی رو دیا میرا حال سنکی ہوا قلق
غم ہجر یار کی یاد تہی سی شب و روز ہو نہ مین عذاب مین / ہی ہمیشہ ایک نئی طپش ہی مدام ایک نیا قلق
شب وعدہ جذبہ شوق سی ہوی کشمکش یہہ ستم ہوا / کہ وہ آتی آتی جو تہم گئی تو کسطرح نہ ہوا قلق
کہا جان بلب ہان جو آئی تو میری زندگی ہو تو یہہ کہا / تیری جینی کی مجہی کیا خوشی تیری مرنی کا مجہی کیا قلق
یہہ شرار تو نکی نکا تہین یہہ جلانا غیر کا دیکہیو / کہی مجہسی وہ تیری یاد تہی سی نہین چین مجہکو سوا قلق
نظر ابر پر جو کبہی پڑی تو خیال رونی کا آیند ہی / جو طپش کو برق کی دیکہون تو مجہی یاد آئی ترا قلق

یہی دین گر ہی تو چہوڑ دو طرف اوس صنم کی نہ رخ کرو
جسی مومن آپکی واسطی ہی شکال قبلہ نما قلق

قہر ہی موت ہی قضا ہی عشق / سچ تو یون ہی بری بلا ہی عشق
اثر غم ذرا بتا دینا / وہ بہت پوچہتی ہین کیا ہی عشق
آفت جان ہی کوئی پردہ نشین / کہ میری دلمین آچہپا ہی عشق

بلہوس اور لاف جانبازی — کہیل کیسا سمجہ لیا ہی عشق
وصل مین احتمال شادی مرگ — چارہ گر در دبی دوا ہی عشق
سوجہی کیونکر فریب دلداری — دشمن آشنا نما ہی عشق
کس ملاحت سرشت کو چاہا — تلخ کامی پہ بامزا ہی عشق
ہمکو ترجیح تم پہ ہی یعنی — دلربا حسن و جان ربا ہی عشق
دیکہہ حالت میری کہین کافر — نام دوزخ کا کیون دہرا ہی عشق
دیکہیئی کس جگہہ ڈبووی گا — میری کشتی کا ناخدا ہی عشق
اب تو دل عشق کا مزا چکہا — ہم نہ کہتی تہی کیون برا ہی عشق
آپ مجہسی بناہین کی سچ ہی — باوفا حسن و بیوفا ہی عشق
مین وہ مجنون وحشت آرا ہون — نام سی میری بہاگتا ہی عشق

قیس و فرہاد و وامق و مومن
مرگئی سب ہی کیا وبا ہی عشق

امتحان کی لیی جفا کب تک — التفات ستم نما کب تک
غیر ہی بیوفا پہ تم تو کہو — ہی ارادہ بناہ کا کب تک
جرم معلوم ہی زلیخا کا — طعنۂ دست نارسا کب تک
مجہہ پہ عاشق نہین ہی کچہہ ظالم — صبر آخر کری وفا کب تک
دیکہیئی خاک مین ملاتی ہی — نگہہ چشم سرمہ سا کب تک
کہین آنکہین دکہا چکو مجہکو — جانب غیر دیکہنا کب تک
نہ بلائین گی وہ نہ آئین گی — جوش لبیک و مرحبا کب تک
ہوش مین آ تو مجہہ مین جان نہین — غفلت جرات آزما کب تک
لی شب وصل غیر بہی کاٹی — تو مجہی آزمائیگا کب تک

تمکو خو ہو گیے برائی کے / در گزر کیجیئے بہلا کب تک

مرچلی اب تو اوس صنم سی ملین
مومن اندیشۂ خدا کب تک

ہم مین اور نزع شب ہجر مین جان ہوتی تک / صبر آتا ہی کوئی تاب و توان ہوتی تک
آسمان فتنہ کچھہ ایسا نہین اے اہل جہان / کوئی باقی نہین رہنے کا امان ہوتی تک
شمع سان اپنی تپش ہی تو سنی یا نہ سنی / طی نہوویگا یہ افسانہ زبان ہوتی تک
اس چمن زار کا حسرت سی نظارہ کرلی / اہی نگہ دیدۂ ہر سو نگران ہوتی تک
کون جیتا ہی نگاہون مین سبک ہونیکو / سخت جانی ہی تیری لیہ گران ہوتی تک
کر ہی نالہ جانگاہ کی ہین شور و شغب / دم رہا کا ہیکو تا تیر فغان ہوتی تک
ہاتہہ شاید کہ وہ سرمایۂ حسن آجاوے / کچھہ نکچھہ فائدہ ہی جیکی زبان ہوتی تک
غم و غصہ سی ہی خلقت میری جی ان طفل سرشک / نہین کرنیکی وفا عمر جوان ہوتی تک

ضد ہوئی محتسب و پیر مغان مین مومن
عید ہر روز ہی انکی رمضان ہوتی تک

پہر نچہوڑون گی ذرہ گردہی چاک جیب جان تلک / ہاتہہ پہنچا چاہیی اوس شوخ کی دامان تلک
خاک ڈالی آنکہونکو میری اگر دو ہائی مجہسی تو / سب نمکدان ہین ہوائی کوچۂ جانان تلک
اول لذت ہی یارب وصل ہی ہین تو وصال / ہمکو تو جیتا نرکہیو آمد ہجران تلک
سینہ سی کہبرا کی آخر جان لب پر آگئی / حال پہنچا یہان تلک اور تم نہ آئی یہان تلک
کل کا جلسہ بہولتا ہرگز نہین اے اضطراب / آج پہر لیچل کسی ڈہب سی مجہکو تو وہان تلک
گر مثل سچ ہی کنوئی کی پاس پیاسا آئی ہی / کیون نہ آ پہنچی زلیخا مصر سی کنعان تلک
طالع برگشتہ اے شوق شہادت دیکہنا / مرگ و قاتل پہر گئی سب خنجر بران تلک
نیند مین یارب دوپٹہ کسکی مونہہ سی ہٹ گیا / ہی مین کی وشتی افلاک نورافشان تلک

شوق بزم احمد و ذوق شہادت ہی مجہی
جلد مومن لی پہنچ او مہدی دوران تلک

لگائی آہ نی غیرون کی گہر آگ
ہوئی کیا کیا وہ اتنی بات پر آگ

وفور اشک و طغیان فغان ہی
کدہر جاؤن ادہر پانی ادہر آگ

سمندر کر دیا آتش رخون نی
کہ گر پڑتا ہون آتی ہی نظر آگ

جلایا آتش ہجران نی دل کو
تیری گہر مین لگی اہی بی خبر آگ

نچوڑین کی ہم اپنا دامن تر
جہنم مین ہی ای واعظ آکر آگ

وہان تاب رخ دہیان آتش دل
جدہر دیکہو ادہر ہی جلوہ گر آگ

جلی کیا کیا شجر تربت پہ میری
دبی تہی لاش کی بدلی مگر آگ

زبس غیرون سی ہی وہ گرم صحبت
میرا جلتا ہی جی کیا دیکہہ کر آگ

دہوان اوٹہتا ہی کسو وقت گریہ
بجہا دی تو نی کیا ای چشم تر آگ

حصول سوز دل جز داغ کیا ہو
کہ نخل شعلہ لاتا ہی ثمر آگ

نکالا رنگ عالم سوز کس نی
یہہ کیون بکہری پڑی ہی در بدر آگ

پڑہی مومن نی کیا کیا گرم اشعار
بہری تہی دل مین یارب کسقدر آگ

ہم سیہ بختون پہ بہی تجہکو رحم نہین ای کرخت دل
کم ہوئیگا جہان مین تجہسا ہی سخت دل

داغ جنون و سنگ دریار ہو نصیب
کرتا ہی رات دن ہوس تاج و تخت دل

گر جانتی کہ ہی شب ہجران یہہ کچہہ بلا
دیتی کسیکو کاہیکو ہم تیرہ بخت دل

الماس ریزہ تہی میری آنسو کہ ضبط سی
ہی پاش پاش سب جگر اور لخت لخت دل

کیا شبہ مومن اہن قمری کی کفر مین
کرتی ہین نذر جلوہ سنگ و درخت دل

مرد عشق ستیزہ کار ہی دل — ملک الموت سی دوچار ہی دل

بسکہ مشتاق ناز یار ہی دل — ستم آموز روزگار ہی دل

زلف مشکین مین کاہیکو رہتی — کیا خبر تہی اونہین فگار ہی دل

وصل جانان کہان سوائی خیال — ہم مین مایوس امیدوار ہی دل

دیکہہ افراط زخم و کثرت داغ — سینہ گلزار و لالہ زار ہی دل

بسکہ تہی ہمزبان گلی مین تیری — دل سی مین مجہسی شرمسار ہی دل

بی وادرد و بیوفا ہی وہ شوخ — بی اثر آہ و بیقرار ہی دل

تیرہ بختون کی پیچ و تاب نہ پوچہہ — غیرت زلف تابدار ہی دل

بسکہ اوسنی جلا کی خاک کیا — سر عشاق کا غبار ہی دل

کیا کہون مین ہجوم یاس و امید — رشک ہنگام انتظار ہی دل

شب ہجران کو سمجہی روز جزا
مومن ایسا سیاہ کار ہی دل

کیا کرون کیونکر رکون ناصح رکا جاتا ہی دل — پیش کیا چلتی ہی اوس سی جس پر آجاتا ہی دل

سوزش پروانہ دکہلاتی ہو کیا مین کیا کہون — دیکہہ جلتی شمع محفل کو جلا جاتا ہی دل

یا الہی مجکو کس پردہ نشین کا غم لگا — سینہ مین اندر ہی اندر کچہہ کہلا جاتا ہی دل

حیرت دیدار سی آئینہ رکہہ دی ہاتہہ سی — اپنی حالت دیکہہ کر ظالم کٹا جاتا ہی دل

کوئی سنتا ہی نہین بکتا ہی کیون دیوانہ وار — میری دل لگی ساتہہ ناصح کا ہی کیا جاتا ہی دل

مت بگڑ تو ہرزگردی سی مری انصاف کر — کچہہ بن آتی ہی جب ای بیوفا جاتا ہی دل

وہ ستمگر دلبر عالم ادہر آتا ہی اب — کیا بنی گی دیکہئی رہتا ہی یا جاتا ہی دل

ہاتہہ اوٹہائی کسکی دلسی کسکی سینہ پر دہرے — ہاتہہ سی اغیار کا ہی تو جلا جاتا ہی دل

آمد گریہ دم اندوہ بی موجب نہین — سینہ مین کٹتا ہی جب آنکہونمین آجاتا ہی دل

جانتا ہون مین تو مسجد مین رہون مومن ولی
کیا کرون بتخانہ کی جانب کہینچا جاتا ہی دل

شام سی تا صبح مضطر صبح سی تا شام ہم
ایک عالم مین ہین کیون ای گردش ایام ہم

شب ہی تجہہ بن زیست بیچین بی آرام ہم
صبح تک وہ یا کئی لی لی کی تیرا نام ہم

یار و دشمن نی ستایا جب کہ ہم عاشق ہوئی
ہی گناہ اپنا ہی پہر دیوین کسی الزام ہی

کیا مزا پایا عدو سی بیمزا ہو آپ نی
تلخکامی عشق مین تہی لائق دشنام ہم

بسکہ ایک پردہ نشین کی عشق مین ہی گفتگو
بات ہی کرتی نہین جز صنعت ایہام ہم

آن بیٹہا کون کوٹہی پر کہ یون حیران ہی
خاک پر جہلکی پڑی تکتی ہین سوئی بام ہم

تو خبر لایا کہا قاصد سی چہپتی پہرتی مین
ہمدم اوس پردہ نشین کو بہیج کر پیغام ہم

اس سیہ بختی پہ رکہین تجہسی امید وفا
ایسی سودائی نہین ای شوخ لیلی فام ہم

آئینہ کا بوسہ لی تو عکس لب کو دیکہہ کر
اور بس رہ جائین یون ناکام اخجی دکام ہم

پہنچتی وہان تک تو اوس پردہ نشین کو دیکہتی
کاش ہوتی چشم نرگس دیدہ بادام ہم

گر تیری کوچہ سی دی کعبہ کو نسبت کیا گناہ
مومن آخر تہی کبہی ای دشمن اسلام ہم

سرمہ ہین اوس چشم جادو فن مین ہم
خاک ڈالین دیدۂ دشمن مین ہم

ناتوان تہی پر نہ چہوڑا مثل خار
خو دا و لجہہ کر رہ گئی دامن مین ہم

غیر کو جہانکا تو ڈہیلی آنکہہ سی کی
دیکہنا رکہہ دیوین گی روزن مین ہم

پہولی جامہ مین سماتی ہی نہین
وصل شوخ چست پیراہن مین ہم

اور شبنم دن کو ٹہری کیا مجال
روئی ہین ای مہروش گلشن مین ہم

کر دیا اوس جلوہ نی مجنون چلو
خاک اوڑاوینگی وادی امین مین ہم

دل مین ناصح آئی کب اپنا خیال
جا سکی کب یار کی مسکن مین ہم

جوش وحشت نی اوٹھایا لاش کو — اپنی پاؤن سی گئی مدفن مین ہم

ٹوٹا نا مومن نہ پیمان الست
ہین مسلم عاشقی کی فن مین ہم

۴ پاتی ہتی چین کب غم دوری سی گہر مین ہم — راحت وطن کی یاد کرین کیا سفر مین ہم
اسطرح خاک چہانتی پہرتی ہین دشت دشت — ہوتی جو پائمال کسی رہگزر مین ہم
لکہتی ہین ایک پر یکو کچہہ آوارگی کا حال — باندہین کی نامہ طایر مجنونکی پر مین ہم
نہین دشت سی زیادہ تر اوس کو مین سختیان — کیا پہوڑین سر تصور دیوار و در مین ہم
ہی یاد رطب و یابس تقریر ناصحان — کیا بولین شکوۂ سفر بحر و بر مین ہم
۴ یکسان ہی شام غربت و صبح وطن اثر — پائین فغان شب مین نہ آہ سحر مین ہم
اوس گل کی غم مین پہولتی پہلتی تو رشک سی — کیون جلتی سایۂ شجر بارور مین ہم
دلی سی رامپور مین لایا جنون کا جوش — ویرانہ چہوڑ آئی ہین ویرانہ تر مین ہم
جانین اثر جب اس رقم جذب اشتیاق — دیکہین زمام ناقہ کف نامہ بر مین ہم

وصل بتان کی دن تو نہین یہہ کہ ہو وبال
مومن نماز قصر کرین کیون سفر مین ہم

غم ابرو مین پہرتی ہین دم شمشیر اکثر ہم — کیا کرتی ہین اپنی قتل کی تدبیر اکثر ہم
کمان کہینچی ہی وہ اور ہم خجالت سخت جانی سی — وہ دل توڑہی ہی پینا اور اوسکی تیر اکثر ہم
کسیکی زلف پیچیدہ کی کیا سودا مین بکتی ہین — کیا کرتی ہین کیا کیا پیچ کی تقریر اکثر ہم
چمن کو جہانکتی ہین روزن دیوار سی گویا — کہ دیکہا کرتی ہین داغونکو سینہ چیر اکثر ہم
ہوئی تم کیون خفا تاثیر سی آہ رسا کی اب — کیا کرتی تہی یہہ تو پہلی ہی تقصیر اکثر ہم
لگی آگ آتش غم کو زبان خامہ شعلہ ہی — جلا دیتی ہین سو سو خط دم تحریر اکثر ہم
جبین ہی تابناک تو سنگ آستان تیری گہستی ہین — مٹا دیتی ہین لفظ دفتر تقدیر اکثر ہم

وہان چہوڑا کلی لگنا کہ شوق ہمکنار ہمین
لگائی تہی گلی سی غیر کی تصویر اکثر ہم

عجب حالت ہی سودی مین تیری زلف مسلسل کی
کہ سر سی باندہتی ہین پاؤنکی زنجیر اکثر ہم

نہین باقی اثر اپنا یہہ غیرت کا اثر دیکہا
کہا کرتی تہی بیتابی کو بی تاثیر اکثر ہم

یہہ اب کیون پڑ گئی جون بی گلو سی ہل روزن
الہی و کیتی تہی نالۂ شبگیر اکثر ہم

نہی مسجد مین برکت ورنہ وہ بت رام ہو جاتا
گئی مومن فسون پڑہتی تہی تسخیر اکثر ہم

کب چہوڑتی ہین اوس ستم ایجاد کی قدم
سر سی ہمارا اور ہی جلاد کی قدم

کیا ٹہری فوج غم کی مقابل فغان واہ
جمتی نہین ہین لشکر برباد کی قدم

ابتک گیا نہ باغ مین تو بہر انتظار
سُن ہو گئی کہڑی کہڑی شمشاد کی قدم

پابوس یار کرتی ہوئی کہینچ دی ہی تو
تصویر میری چوم لی بہزاد کی قدم

ای ہمدمان باغ رہا ہون پہ کیا کرون
اوٹہتا نہین ہی گوچہ سی صیاد کی قدم

تلوار لیکی کہر سی جو نکلا وہ جنگ جو
تاثیر نی لیی ہیں سر ہی فریاد کی قدم

سر پر یہہ کوہ غم گرا اوٹہاتا تو بوجہہ سی
دہس جاتی بیستون مین فرہاد کی قدم

خواب عدم حرام ہی یہان انتظار مین
کیا سو گئی اجل تیری بیداد کی قدم

کیا ہو وہی دل پہ ہاتہہ دہر سی گذر گہی
سینہ پہ وہ بہی عاشق ناشاد کی قدم

پامال جہل حضرت مومن بغیر ہون
دکہلائی پہر خدا مجہی وستاد کی قدم

ٹہانی تہی دل مین اب نہ ملین گی کسی سی ہم
پر کیا کرین کہ ہو گئی ناچار جی سی ہم

ہنستی جو دیکہتی ہین کسیکو کسی سی ہم
موںہہ دیکہہ دیکہہ روتی ہین کسی بیکسی سی ہم

مجہسی بولو تم اسی کیا کہتی ہین بہلا
انصاف کیجی پوچہتی ہین آپ ہی سی ہم

بیزار جان سی جو نہوتی تو مانگتے
شاید شکایتون پہ تیری مدعی سی ہم

اوس کو مین جا مرین گی مدد ای ہجوم شوق
آج اوہر زور کرتی ہین بیطاقتی سی ہم

صاحب نی کس غلام کو آزاد کر دیا — لو بندگی کہ چہوٹ گئی بندگی سی ہم
بی روئی مثل ابر نہ نکلا غبار دل — کہتی تہی اونکو برق تبسم ہنسی سی ہم
ان ناتوانیون پہ بہی تہی خار راہ غیر — کیون کر نکالی جاتی نہ اوسکی گلی سی ہم
کیا گل کہلی کا دیکہئی ہی فصل گل تو دور — اور سوئی دشت بہاگتی ہین کچہہ ابہی سی ہم
موہنہ دیکہنی سی پہلی ہی کسدن وہ صاف تہا — بیوجہ کیون غبار رکہین آرسی سی ہم
ہی چہیڑ اختلاط ہی غیرون کی سامنی — ہنسی کی بدلی روئین نکیون گدگدی سی ہم
وحشت دل ہی عشق پردہ نشین مین دم بکا — موہنہ ڈہانکتی ہین پردہ چشم پری سی ہم
کیا دلکو لی گیا کوئی بیگانہ آشنا — کیون اپنی جیکو لگتی ہین کچہہ اجنبی سی ہم

لی نام آرزو کا تو دل کو نکال دین
مومن نہون جو ربط رکہین بدعتی سی ہم

جو پہلی دن ہی سی دل کا کہا نکرتی ہم — تو اب یہہ لوگونکی باتین سنا نکرتی ہم
اگر نہ ہات مین اوس دلربا کی دل دیتی — تو دل پہ ہات سدا دہرلیا نکرتی ہم
اگر نہ دام مین اوس لف خم کی آجاتی — تو یون خراب و پریشان رہا نکرتی ہم
اگر نہ لگتی چپ اوس بدگمانکی شوخی سی — تو بات بات مین مضطر ہوا نکرتی ہم
اگر جلاتی نہ اوس شعلہ رو کی عشق مین جی — تو سونہ آتش غم سی جلا نکرتی ہم
نجاتی اوس بت ہرجائی کی گلی مین اگر — تو دوڑہی دوڑہی قلق سی پہرا نکرتی ہم
اوس آفت دل و جان پر اگر نہ مرجاتی — تو اپنی مرنی کی ہر دم دعا نہ کرتی ہم
نہ بہرتی دم جو کسی شعلہ رو کی خواہش کا — تو ٹہنڈہی سانس ہمیشہ بہرا نہ کرتی ہم
اگر انکہہ تغافل شعار سے لگتے — تو بیٹہی بیٹہی یہہ یون چونک اوٹہا نہ کرتی ہم
نہ ہوش کہوتی اگر اوس پری کی باتون پر — تو آپ ہی آپ یہہ باتین کیا نہ کرتی ہم
نہ کرتی اوس کی برنگ حنا جو پابوسے — تو شکل برگ حنا یون پسا نکرتی ہم

اگر نہ ہنسنا ہنسانا کسیکا بہا جاتا
تو بات بات پہ یون رو دیا نکرتی ہم

اگر نہ دیکھتی وہ پیاری پیاری صورت آہ
تو ایک ایک کی موںہہ کو تکا نکرتی ہم

نہ لگتی آنکھہ تو دن رات سوتی ہی رہتی
کسیکی چاہ نکرتی تو کیا نکرتی ہم

جو غم تون کا نہوتا تیری طرح **مومن**
تو دیکہہ چرخ کو ہی ہی خدا نکرتی ہم

اوبجھی نہ زلف سی جو پریشانیون مین ہم
کرتی ہین اوسپہ نازادا دانیونمین ہم

سرگرم رقص تازہ ہین قربانیون مین ہم
شوخی سی کسکی آئی ہین جولانیون مین ہم

ثابت ہی جرم شکوہ نہ ظاہر گناہ رشک
حیران ہین آپ اپنی پشیمانیون مین ہم

ماری خوشی کی مرگئی صبح شب فراق
کتنی سبک ہوئی ہین گرانجانیونمین ہم

آتا ہی خواب مین ہی تیری زلف کا خیال
بی طور گہر گئی ہین پریشانیون مین ہم

دیکھا ادہر کو تو نی کہ بس دم نکل گیا
اوتری نظر سی اپنی نگہبانیونمین ہم

اب قید سی امید رہائی نہین رہی
ہمدرد پاسبان ہین زندانیونمین ہم

وردزبان ہین اوس نگہ سرمہ گین کی وصف
تلوار کر رہی ہین صفاہانیون مین ہم

آہون نی اپنی بلبلون کو رلا دیا
ہین رشک چشم یار فسون خوانیونمین ہم

وہ صید ناتوان ہین کہ اس اضطراب پر
اوچھلی نہ آب تیغ کی طغیانیون مین ہم

معمور اسقدر ہین تیری وحشیونسی دشت
گنتی ہین شہرون کو بیابانیون مین ہم

پیش نظر ہی کسکا رخ آئینہ گداز
روتی ہین اپنی حال پہ حیرانیون مین ہم

کیا کیا کی زخم سوئی نمک زار پر دریغ
کھو بیٹھی اپنی جان تن آسانیون مین ہم

مومن جہد سی کرتی ہین سامان جہاد کا
ترسا صنم کو دیکھہ کی نصرانیون مین ہم

دل آگ ہی ور لگائین گی ہم
کیا جانی کسی جلائین گی ہم

وادی سی پہ جو ابہی آئین گی ہم
کیا قیس کی خاک اوڑائینگی ہم

اب گریہ مین ڈوب جائین گی ہم
یون آتش دل بجہائینگی ہم

خنجر تو نہ توڑ سخت جانی
پہر کسکو گلی لگائین گی ہم

گر غیر سی ہی یہہ رنگ صحبت
تو اور ہی رنگ لائین گی ہم

تو سخت عدو اجل فلک دل
کس کسکی ستم اوٹہائین گی ہم

ای پردہ نشین نہ چہپ کہ تجہسی
پہر دل ہی لونہی چہپائینگی ہم

بہیجین گی عدو کی ہاتہہ پیغام
حال دل اوسی جتائین گی ہم

مت لال کر آنکہہ اشک خون پر
دیکہہ اپنا لہو بہائین گی ہم

دشمن کی کہی سی روٹہتا ہی
وہ ہی کہی تو منائین گی ہم

کترا ہی جو گوشہ سر خط
مطلب ہی کہ سر اوڑائینگی ہم

ٹہرو کوئی دم کہ جان ٹہری
مت جاؤ کہ جی سی جائین گی ہم

دم دیتی تو ہو پہ یہہ سمجہ لو
دشمن کی قسم دلائین گی ہم

کیون غش ہوئی دیکہہ آئینہ کو
کہتی تہی کہ تاب لائین گی ہم

دزدیدہ نظر ہی کیون دم قتل
کیا مرنی سی جی چرائین گی ہم

گر ہی دل غیر نقش تسخیر
تو تیری لیی جلائین گی ہم

آئینہ رنگ غم نی توڑا
کیونکر اوسی موںہہ دکہائینگی ہم

کیا پوچہی ہی رکہہ تو دیکہہ دشنہ
آہی گردن جہکائین گی ہم

کہہ اور غزل بطرز واسوخت
مومن یہہ اوسی سنائینگی ہم

اب اوسی لو لگائین گی ہم
جون شمع تجہی جلائین گی ہم

برباد نہ جائی کی کدورت
کیا کیا تیری خاک اوڑائینگی ہم

سر دوش عدو پہ رکہہ کی مٹہی
جانا نہ کہ سر اوٹہائین گی ہم

بگڑی تو کرینگی اور سی صلح
تجہ پر بہی ترسی بنائین گی ہم

دل دیکی ایک اور لالہ رو کو
ہر داغ پہ داغ کہائین گی ہم

لب کا تیری دعوی مسیحی
مر اور پر آزمائین گی ہم

گر خواب مین ادہر کو دیکہا
آنکہین مژہ کو دکہائین گی ہم

گر تیری طرف کو بیقراری
کہیچی گی تو لوٹ جائین گی ہم

گر دیکہہ کی ہنس دیا ہمین تو
موہنہ پہیر کی مسکرائین گی ہم

کیا ذکر ہی ہونٹ چاٹنی کا
کچہہ اور مزا چکہائین گی ہم

پہر تیری ہوا کا دم بہرا تو
جی ہی کو ہوا بتائین گی ہم

گر خواب مین انکر جگایا
سوتی مردی جگائین گی ہم

آتا ہی گلی سی دہیان تیری
خاطر مین ستم نہ لائین گی ہم

بتخانہ چین ہو گو ترا گہر
مومن مین تو پہر نہ آئین گی ہم

صفحے جیسون پہ جو کبہو ہم سوزش دل لکہواتی ہین
ساری حباب لب یا تبخالی سی بن جاتی ہین

اچکی کل تم جہوٹہی لیسی تا تو ہمین ہم آتی ہین
اوس سی کہو جو تمکو نجانی آپ کسی فرماتی ہین

پہرتی ہین سو سو سو جہمن دل مین سوچ دہی آتی ہین
کوٹہی پر وہ دہوب مین اپنی بال کہری سکہلاتی ہین

سوزش دل جب کہتی ہین ہنس آنسو وہ بہر لاتی ہین
موم کی مانند آتش غم سی پتہر کو پگہلاتی ہین

آب ہوائی ملک محبت اس نہین ہی ہمکو تو
ہوتی ہین لاغر اور زیادہ جتنا ہم غم کہاتی ہین

کسکی خبر آئینگی ہی کیسی ہی یہہ بیتابی
کسلئی ہم ہین دم بہرتی آتی ہین پہر جاتی ہین

شکوہ کیا بیداد کریگا کبہی اوس سی دیکہو تو
دیکہی ہی ظالم خنجر جب ہم زخم جگر دکہلاتی ہین

اف ری کثرت اشک و تبسم لب پہ ہجوم یاس و امید
جی ہی بہی سرکتا ملنی کی اوسکی فال تو ہم کہلواتی ہین

خط غلامی لکھدی غیرت تو ہی کلہ کیا لکھی اب
جہیٹر تو دیکھو پہر لخط وہ غیرون سی ہوائی ہین

ہوش گئی یہان دل سی پہلی ہو وی سمجہہ تو سمجہین بات
یہہ تو سمجہی حضرت ناصح آپ کسی سمجہاتی ہین

کیا کہین تم سی اے ہمدرد و پوچہو مت مرغان چمن
کیون کر یہان ایام خزان او ہجر کیدن کٹ جاتی ہین

کنج قفس مین مینہہ کی گاہی روتی ہین تنہائی پر
یاد سیر موسم گل سی کاہی جی بہلاتی ہین

شام سی اپنی سو رہی تو اور ہم اونکی تو چمین
ولولہ ہای شوق سی کیا کیا پہرتی ہین گہبراتی ہین

کرتی ہین آواز فیرمی ہتی ہین سنگ سو سو بار
گہر مین پہر پہینکتی ہین زنجیر در کہٹکاتی ہین

کیا کسی بت کی دلمین جگہہ کی کوئی ٹہکانا اور ملا
حضرت مومن اب تمہین کچہہ ہم مسجد مین کم پاتی ہین

عشق نی یہہ کیا خراب ہمین
کہ ہی اپنی سی اجتناب ہمین

بسکہ پردہ نشین ہی مرتی مین
موت سی آئی ہی حجاب ہمین

کیسی حیرت سی ای ہی سکروحی
دیکھی ہی دیدۂ حباب ہمین

شب فرقت مین خال جسکی آنکہہ
یاد ہی چشم نیم خواب ہمین

وہ جفاکش ہین ای فلک کہ کیا
اوس ستمگر نی انتخاب ہمین

دم گہٹی ہی بہشت مین تو کوئی
اوسکی گہر لیچلو شتاب ہمین

غیر سی ہی وہ گرم صحبت می
کیون نہ غیرت کری کباب ہمین

کسکی زلفونکی بو نسیم مین تہی
ہی بلا آج پیچ و تاب ہمین

غیر کی واسطی نہو بی تاب
طعنہ دینا ہی اضطراب ہمین

اب کوئی کیا کری علاج افسوس
موت نی بہی دیا جواب ہمین

ای بت ہجر دیکہہ مومن ہین
ہی حرام آگ کا عذاب ہمین

لاش پر آنی کی شہرت شب غم دیتی ہین
ای پری ہم ملک الموت کو دم دیتی ہین

دہیان آیا ہی تیری مہنہ مین پان لینی کا / جی ہم ای شوخ پی سیر عدم دیتی ہین
کردیا خانہ اغیار ہوسناک خراب / داد رونی کی ہیری دیدہ نم دیتی ہین
مرگئی رشک سی ہم تو کہ وہ دشمن کو خطاب / خط ترسائی پہ اعجاز رقم دیتی ہین
سبزہ پشت لب یار دلاتی ہین یاد / گہول کر شہد مین دشمن مجہی سم دیتی ہین
دم نہ لی ای اشراہ کہ معلوم ہوا / جن پہ دم دیتی ہین ہم وہ ہمین دم دیتی ہین
کیا دوا سی ہو تیری بخش ہر دم کا علاج / چارہ گر کیون مجہی سچ پی ہم دیتی ہین
کیا اڑیی ہتی ہی ای پردہ نشین جون بیمار / بد دعائین تیری چلون کو جو ہم دیتی ہین
مدعا یہہ ہی کہ غیرت سی مین سم کہا جاؤن / اسلیئی غیر کو وہ اپنی قسم دیتی ہین
لذت جور کشی نی مجہی شرمندہ کیا / طعنہ کیا کیا اوسی ارباب ستم دیتی ہین
اہل بازار محبت کا ہی کیا سودا ہی / عشرت عمر ابد قیمت غم دیتی ہین
خون بہا قاتل بیدرد سی مانگا کسنے / کہ فرشتی مجہی یہان داغ درم دیتی ہین

کعبہ کا دہیان نہو حضرت مومن کو کہ جان
حسن بتون سی پس دیوار صنم دیتی ہین

ناصح نادان یہہ دانائی نہین / دل کو سمجہاؤ مین سودائی نہین
کس توقع پر امید وصل اب / طاقت صبر و شکیبائی نہین
دعوی حسن جہان سوز اسقدر / پہر کہو گی تم مین ہرجائی نہین
دیکہہ مضطر کیون پہیری تشنہ پہر / یار ہی وہ کچہہ تماشائی نہین
گر نہین ملتی ملونگا اور سے / کیون مجہی کیا پاس رسوائی نہین
ہی دعا ہی بی اثر گویا نہین / عرض عاشق کی پذیرائی نہین
درد دل تو سن لی تو ظالم الحیار / گو دماغ چارہ فرمائی نہین
چاہتا قاتل کو ہون روز جزا / چاہ کی ابتک سزا پائی نہین

ترک مذہب کیون کرون مومن مین کیا
اوس صنم کو لاف یکتائی نہین ہی

کبھی ہی چہیرنیکو میری گر ستبون میری بس مین
ندون ملنی کسی معشوق اور عاشق کو آپس مین

اگر مشہور ہوا افسانہ اپنی بت پرستی کا
برہمن کیا عجب ایمان لی آئین بنارس مین

نہین دم لینی کی طاقت فلک ورنہ بتا دیتی
کہ یہہ تاثیر ہوتی ہی فغان آسمان رس مین

تن کاہیدہ سی اپنی ہین خوش ہم اس توقع پر
کہ ایکدن آئی تیری صرف عشرت خار خس مین

رقیب بلہوس نی رونما مین تیری کیا جان دی
وہ نووارد ہی کیا جانی یا عشق کی رسمین

نہ بین اپنا نہ دل اپنا نہ تم میری نہ جان میری
اثر کس کو ہو ہووی بہی گر فریاد بیکس مین

کہون گر غیر سی مت مل تو کہوی طعن سی کہ کر
یہہ کیون کسو اسطی ہم ایسی تیری ہو گئی بس مین

ذرا سمجہو تو جانمن وصال غیر پر ہر دم
مری جاتی کون ہی یہہ کسکی جہوٹی کہاتی ہو قسمین

در بتخانہ و عشق بتان اور آپ ای **مومن**
یہہ حضرت آگئی یکبار کیا طبع مقدس مین

جبین آتا ہی نہین سوتی ہین جس پہلو ہمین
اضطراب دل غرض جینی نہ دیگا تو ہمین

لطف سی ہوتی ہی کیا کیا بیقراری بن جفا
تیری بدخوئی نی ظالم کر دیا بدخو ہمین

دیکہتی ہی گل نظر مین تیرا ہنسنا یہہ کیا
آتش گل نی لگائی آگ ای گلرو ہمین

کیا اثر تہا اشک دشمن مین جو کوئی یار سی
ماری غیرت کی بہا کر پچہلی آنسو ہمین

دود شمع بزم نی دل پہونکراف کر دیا
کیا دلائی یاد وہ زلف خمیدہ مو ہمین

گیسو و خال و خط اپنا دین و ایمان لی گئی
ملکی ایک وکافرون نی کر دیا ہندو ہمین

ہوش کیون جاتی رہی ور دم ہوا کیون ہو چلا
تجبی ای باد صبا آئی یہہ کسکی بو ہمین

کیا بلا دی زلف خوش خم کا تصور بندہ گیا
سانپ سی دن رات آتی ہین نظر ہر سو ہمین

وہم آتا ہی فغان ہجر کوئی یار کا
صور اسرافیل ہی قمری تیری کوکو ہمین

قفس شوخ اب کیون کر دعوی ملک حسن کا کری
باعث بیتابی عالم نگاه یاس ہے

مہر محضر ہوگیا نقش ستم اٹہو ہمین
چشم جادوگر نی یہہ سکہلا دیا جادو ہمین

کر رہی شوق شہادت ہی تو مومن جی چلی
مار ڈالی کاش کوئی کافر سجو ہمین

ہوگئی گہر مین خبر ہی منع وہان جانا ہمین
وہ ہی سودا ہو خدا جسنی کیا رسوا ہمین

دمبدم رونا ہمین چارون طرف تکنا ہمین
یا کہین عاشق ہوی یا ہوگیا سودا ہمین

ہر ستم صیاد کا کیا التفات آمیز تہا
بہند کرنیکو قفس مین دام سی چہوڑا ہمین

یار تہی یا دشمن جان تہی الہی چارہ گر
لیچلے مرنی ہی بد انسی سوی صحرا ہمین

طالع برگشتہ بخت خفتہ مت پوچھو کہ ہم
عشق پر ہی تہی پہر گیا وہ جانکر سوتا ہمین

تو نجانی عشق بازی ور ہم نادان ہون
بی سمجہہ کہتا ہنی سچ تو نی کیا سمجہا ہمین

یہہ ستم کیا غیر پر کرتا وہ سچ پوچھو تو ہے
یار کی ناز بجا ہے شکوہ بیجا ہمین

کیا کہین کیون رہگئی حیران تجکو دیکھہ کر
آگیا دل یاد ای آئینہ رو اپنا ہمین

دست بوسی پر کرو ہان قتل اپنی ہاتہہ سے
سچ تو کہتی ہین قبول انصاف غیرونکا ہمین

اہل ماتم اپنی روئین کسطرح مونہہ ڈہانپ کر
مرنی مرنی پاس اوسکی وہ نشین کا تہا ہمین

ہم سنی نازک طبع سی کیا وٹہہ سکی بیداد چرخ
مرگئی مضمون جور یار جون سوجہا ہمین

مومن انکا تو نہ تہا ملنی مین آخر اختیار
یہہ شکایت بہی خدا سی ہی تو لنسی کیا ہمین

غیر بیمروت ہی آنکہہ وہ دکہا دیکہین
زہر چشم دکہلائین پہر مزا دیکہین

کب تلک جلین یارب ہجر غیرت سے ہمین
صبح اوٹہہ کی مونہہ کب تک آفتاب کا دیکہین

ناصح اون کو گر میری شکل ہی تنفر ہی
تو بہی کم نگاہی کیون جانب وفا دیکہین

کچہہ نہین نظر آتا آنکہہ لگتی ہے ناصح
گر نہین یقین حضرت آپ بہی لگا دیکہین

غیر کو دکہاتا ہون چاک دل تماشا ہو — گر وہ روزن در سی آنکہ ذرا دیکہین
چشم وانی نابینا کر دیا جدائی مین — کوئی آنکہہ لگتی ہی خواب وصل کیا دیکہین
دیکہیی خدا کب تک وہ دن دکہائی گا — یار کو ان آنکہون سی غیر پر جفا دیکہین
ٹکٹکی لگائی ہی اب تو گو ہو رسوائی — تا وہ گر ادہر دیکہین مجکو دیکہتا دیکہین
کسی اور کو دیکہا اسکی آنکہہ جہپکی ہے — دیکہنا ادہر آؤ پہر نظر ملا دیکہین
وہم عاشقی سی تو یہہ ستم نکرتا ہو — کیون نگاہ حسرت سی چرخ کو سدا دیکہین

نکلی آرزو اپنی **مومن** آہ جب تجکو
صحن بتکدہ مین ہم خاک پر پڑا دیکہین

بزم مین اوسکی بیان درد و غم کیونکر کرین — وہ خفا جس بات سی ہو وہی وہ ہم کیونکر کرین
مجہہ بعد امتحان ہی جور کم کیونکر کرین — وہ ستائین غیر کو ایسا ستم کیونکر کرین
لکہتی لکہتی ہی سیاہی حرف سی اڑ جاتی ہے — ہای حوال دل مضطر رقم کیونکر کرین
گر نگاہ ناز کو مشق ستم منظور ہو — دشمن اپنی نرگس تربت قلم کیونکر کرین
دیکہہ لیوی عکس رخ تو کیا ہی پہر دیکہہ تو — گریہ اوسکی سامنی ای چشم نم کیونکر کرین
جب دل اغیار خون ہو کر مژہ تک آگیا — پہر لحاظ غمزہ شمشیر دم کیونکر کرین
اضطراب شوق شاید غیر اوسکی پاس ہو — جانب جلون نظارہ دمبدم کیونکر کرین
ہی شب فرقت مین مرگ افسانہ خوان بیفائدہ — نام آرام آگیا خواب عدم کیونکر کرین
دیکہہ پیچ و تاب سنبل ہو گیا دل بیقرار — اب نہان سودائی زلف خم بخم کیونکر کرین

سبکو ہوتا ہی جہان مین پاس اپنی نام کا
ہم ہی تو **مومن** ہین دل نذر صنم کیونکر کرین

تن ہی کی تیری بسمل کی ٹکری ٹکری ہین — ہی پاش پاش جگر دل کی ٹکری ٹکری ہین
جنون عشق پر یہ پیروی دلشکن ہی بلا — کہ روز طوق و سلاسل کی ٹکری ٹکری ہین

اوٹہاکی سوتی ہین دی ٹپکارات سرشاید
کہ زیر سرکی میری سل کی ٹکری ٹکری ہین

درازدستی یہہ کس بی دب نی کی دم قتل
تمام دامن قاتل کی ٹکری ٹکری ہین

یہہ کسکی چشم فسونگرنی کی فسون سازے
طلسم جادوی بابل کی ٹکری ٹکری ہین

یہہ بیحجابی بڑہی کو مجہی کو جہانکو تم
کہ روز پردہ حایل کی ٹکری ٹکری ہین

یہان ہی چاک گریبان تو وہان ہی جیتی سی
قبائی شوخ شمایل کی ٹکری ٹکری ہین

کبہی نہ ملنی کی اوس سنگدل کی گر قاصد
تو سنگ وسرابہی یہان ٹل کی ٹکری ٹکری ہین

نہ کیونکہ رشک سی خون ہوگیا اوسپر
ہمیشہ ایک نئی بسمل کی ٹکری ٹکری ہین

غزل سرائی کی مومن نی کیا رشک سی آج
چمن مین سینی عنادل کی ٹکری ٹکری ہین

ہی جلوہ ریز نور نظر گرد راہ مین
انکہین ہین کسکی فرش تیری جلوہ گاہ مین

گر رحم کہا کی غیر نی دی تہی دعای وصل
ظالم کہان وگرنہ اثر میری آہ مین

مت کیجو دیر آنی مین کیا جانی کیا بنی
پہنیکا ہی جذب شوق نی یوسف کو چاہ مین

اتنی بہی تاب ور خورشید طلعتان
نقصان کیا کمال سی آیا ہی ماہ مین

جانی دی جلی پہ گر شب ہجران مین مت بلا
وہ کیون شریک ہو میری حال تباہ مین

ظالم وہ بیوفا ہی عدو جسکی رشک سی
اتنا کچہہ آگیا خلل اپنے نباہ مین

اس موںہہ پہ اوس دعوی حسن ایک ذرہ نہین
ای مہر روشنی میری روز سیاہ مین

شیرین پہ طعن تلخی فرہاد کس لیئے
مجکو بہی کچہہ مزا نہ ملا تیری چاہ مین

ہی دوستی تو جانب دشمن نہ دیکہنا
جادو بہرا ہوا ہی تمہاری نگاہ مین

ظالم کہین نہ وانہین عاشق سی احتراز
کہدی اگر ہو رشک سخن دادخواہ مین

ابتک نہین گواہی اطفال معتبر
محسوب ہی جو عصمت یوسف گناہ مین

مومن کو پیچ ہی دولت دنیا و دین نصیب

شب بتکدہ مین گذری ہی خانقاہ مین

تا نہ پڑی ہی خلل کہین آپکی خواب ناز مین
ہم نہین چاہتی کمی اپنی شب دراز مین

اور ہی رنگ آج ہی عارض گلعذار کا
خون دل اپنا تہا مگر گونۂ رخ طراز مین

کیونکہ نہ آدمی دہیان جاتی وہ جگا دہیان ہو
آہوی نیم خواب مین نرگس نیمباز مین

خسرو و عیش وصل ہار جانکنی اور کوہکن
اپنا جگر تو خون ہوا عشق کی امتیاز مین

بن تری بزم سور مین ہین یہ قیامتین کہ ہی
نفخۂ صور کا اثر نغمۂ نی نواز مین

اونسی بی التفات کی غیر کو مین نہ کہتا تہین
سنکی مرا مبالغہ منت احتراز مین

کیا ہی سینہ جل چکی کیا ہی دل ابہی جلی
اب تو کمی ہی اب نہین آہ جگر گداز مین

پردہ نشین کی عشق مین پردہ دری نہو کہین
ہوتی ہین بی حجابیان جان نہفتہ راز مین

رخنہ درسی غیر پاس دیکہا کسی کی آج ہی
رخنہ کری کچہہ اور ہی نالہ رخنہ ساز مین

یاد بتان نہین لاکہہ بار فرط قلق ہین ہم ہی تو
بیٹہتی اوٹہتی ہین **مومن** آج گر ہی شب نماز مین

حبیب درست لایق لطف و کرم نہین
ناصح کی دوستی بہی عداوت سی کم نہین

منظور ہو تو وصل سی بہتر ستم نہین
اتنا ہا ہون دور کہ ہجران کا غم نہین

سیدہا نکر دیا ہو مری ذوق قتل نی
قاتل کی آگی گردن اغیار خم نہین

غیرت کی جا ہی رام نزاکت ہوا وہ شوخ
وحشت کا جوش کیونکہ نہو مجہہ مین رم نہین

کیا خوش ہون کوی غیر مین گر نقش پا نہو
وہ شوخ جانتا ہون کہ ثابت قدم نہین

فریاد نالہ ہای عزا بار پر اوٹہین
آیا ہی رحم کب کہ ذرا مجہمین دم نہین

کس بلہوس کی حال پہ رویا وہ گلعذار
خار مژہ مین اب خلش دمبدم نہین

جانا حرام ہجر بتان مین تو کیا گناہ
پیر مغان شراب ہی شیشی مین ہم نہین

بی التفاتیان جو عدو سی سنین نہین
ہم جانتی تہی وصل مین رنج و الم نہین

معلوم ہو تو تیری بہی عالم کا حال ہو
میرا دل دونیم ہی یہہ جام جم نہین

بیجرم پائمال عدو کو کیا کیا
مجکو خیال بہی تیری سر کی قسم نہین

ہون آب آب اف ری نگہ ہای گرم گرم
اوس مہروش کی سامنی آنکہون مین نم نہین

نام وصال لینی سی ہوتا ہی مضطرب
کیونکر کہون اوسی مری مرنی کا غم نہین

ناصح کہانتک تیری باتین اوٹہا سکون
سچ ہی کہ مجمین طاقت جور و ستم نہین

عاشق کشی ہی شیوہ اگر بوالہوس سے ہی
آخر کچہہ اپنی جان کی دشمن تو ہم نہین

مومن سوئی حرم ہی تکاپوی فکر کیون
کیا اس زمین مین قافیہ بیت الصنم نہین

غنچہ سان خاموش بیٹہی ہین سخن کی فکر مین
قافیہ کیا تنگ ہی وصف دہن کی فکر مین

دامن قاتل کو وقت قتل کیونکر چہوڑتا
بیکسی سی جان تہی اپنی کفن کی فکر مین

شوق مردن کو بہی سامان سفر درکار تہا
سو ہی از خود رفتگی ترک وطن کی فکر مین

تلخی خسرو ہو شیرین کام ناشاد مرگ کیا
جانکنی ہی انتقام کوہکن کی فکر مین

وہم عشق لالہ رو سی داغ دل کیا کیا کہلی
جانکر گلچین کو تاراج چمن کی فکر مین

سر سی شعلی اوٹہتی ہین کسطرح روکون کیا کرون
جل گیا جی ضبط آہ شعلہ زن کی فکر مین

درد بیدرمان مرا منت کش مرہم نہین
داغ تو ہی چارہ داغ کہن کی فکر مین

ہی گریبان گیر وہان ناز تغافل اب تلک
جی جلا یہان باعث دیر آمدن کی فکر مین

گر تقاضی وہان دعا ہوتی ہی ای **مومن** قبول
جائینگی کعبہ بہی طفل برہمن کی فکر مین

دن بہی راز رات بہی کیون ہی فراق یار مین
کاہی سی فرق آگیا گردش روزگار مین

بسکہ بن آئی مرگئی ہم شب انتظار مین
دن جو رہی تہی عمر کی جیتی ہی مزار مین

خاک مین وہ تپش نہین خار مین وہ خلش نہین
کیون نہ ہمین ہو بادہ جوش جنون بہار مین

ہو گئی کیا بلا ئی جان بوسۂ زلف کی ہوس
پہیرتی ہین پانکو ہم کام و دہان مار مین

مرگ ہی تہا ئی عشق یہان یہی تہندی شوق
زندگی اپنی ہو گئی رنجش یار بار مین

پوچہا ہی وسنی کیا میری بیخودی و قلق کا حال
ہوش نہین حواس مین تاب نہین قرار مین

کیون نہ گلی کا ہار ہو شوق اجل بروی مے ہین
پہول عدو کی خاک کی وسنی گلی کی ہار مین

خاک اڑا ئی کل نی یہہ کسکی جنون عشق مین
آئی ہی کچہہ اڑی ہوئی باد صبا غبار مین

لاکہہ شکستگی سی بہی لگی گرہ نہ کہل سکے
عقدہ ہو یہی ہر شکن طرۂ تابدار مین

تہا قلق بر تہی دشمن جان شب فراق
کاٹ کی اپنی سر کو ہم پہینکتی ہین کنار مین

دہیان مین **مومن** آگئی سخت جبر و اختیار
قابو ئی یار مین ہین ہم وہ نہین اختیار مین

کون کہتا ہی مے عشق عدو بہرتی ہین
کہ ہوا باندہنی کو آہ کبہو بہرتی ہین

شمع پر کچہہ نہین موقوف کہ ساری ظالم
پانی آگئی تیری ای عربدہ جو بہرتی ہین

حوض میخانہ ئی سی بہی مرا جی نہ بہرا
کیا تنک ظرف ہین جو خم سی سبو بہرتی ہین

حسرت بوسہ کاکل کا کیا ہمنی علاج
زخم دل مشک سی ای غالیہ بو بہرتی ہین

رہ چکی سلک گہر اشک کا مذکور کہ ہم
کیسی غماز ونکو موتہہ دیکہیو تو بہرتی ہین

اوس ستمگر سی مگر آنکہہ لڑی ہی کہ حباب
کیسی کچی کہڑی پانی لب جو بہرتی ہین

کسکی ہاتہو نسی ہی مے نی کی طرح آنکہین جو
نالی کرتی ہین کبہو آہ کبہو بہرتے ہین

حالت نزع ہی جیتی ہین تیری ہجر مین خاک
دن جو کچہہ عمر کی ہین آئینہ رو بہرتی ہین

اشک دیتی ہین مری نالۂ موزون کا صلہ
موتیون سی دہن زخم گلو بہرتی ہین

غیر کرتی ہین سبو سی مے گلگون خالی
ساغر چشم مین ہم دل کا لہو بہرتی ہین

پی ہی مے حضرت **مومن** نی جبہی مضمضہ کو
آفتابے کئی ہنگام وضو بہرتے ہین

نانی نہ مانی ہنر تیشہائی دل کرون
مین غیر تو نہین کہ تماشائی دل کرون

ہو جان بہی جالی کچہہ تو مداوائی دل کرون
کبتک مین دل پہ ہاتہہ دہرے ہائی دل کرون

کیونکر پہرئی اوس سی کہین قرض و عاریت
ناصح دیا نہ تہا کہ مین اغوائی دل کرون

سو طرح کی زیان ہین رہنی مین اسکی گر
دشمن بہی مفت لی تو مین سودائی دل کرون

مرتا ہون کس عذاب سی ہی وقت جسمین ہی
اسدم دعائی برائی تمنائی دل کرون

جان دیوون ہی اوس آفت جان سی معاملہ
بس کب تک انتظار تقاضائی دل کرون

مین اور وہ کوچہ لی گیا کس جائی ظلم ہی
اس پر بہی گر شکایت بیجائی دل کرون

چہٹتا ہی جیتی جی کوئی زنجیر زلف سی
دیوانہ ہون کہ چارۂ سودائی دل کرون

بیرحم ہرزہ گرد یونسی پاؤن گہس گئی
کیا ذکر جوش حوصلہ فرسائی دل کرون

دہبا لگا ہی شوق سیہ کار زلف کو
اللہ کیا علاج سویدائی دل کرون

کہئی جو درد دل تو وہ کہتا ہی مجہکو کیا
مین کیا طبیب ہون کہ مداوائی دل کرون

اوس بت کو ترک دین سی نہین **مومن** اعتماد
کیون کر نہ مین شکایت اغوائی دل کرون

بیمزا ہو کر نمک کو بیوفا کہتی کو ہین
کہل گئی زخمونکی ہو نہ کسکی برا کہتی کو ہین

سب جفا جو اوس ستمگر کی سوا کہتی کو ہین
جنکو چرخ و مرگ کہتی ہین سنا کہتی کو ہین

نالہ ہی نکلی ہی گو ہم مدعا کہتی کو ہین
لب نہین کہتی ہین اب کیا جانی کیا کہتی کو ہین

تیری تیغ و دشنہ کی کیون لب پہ چپالی پڑ گئی
گرم خونیکا مری کیا ماجرا کہتی کو ہین

دوست کرتی ہین ملامت غیر کرتی ہین گلہ
کیا قیامت ہی مجہی کو سب برا کہتی کو ہین

جل بجہا دل تو بہی وٹہتا ہی ہوان سر سی کباب
مرثیہ ہمدم اس چراغ کشتہ کا کہتی کو ہین

دیکہنا کس حال سی کس حال کو پہنچا دیا
بخت تیری عاشقونکی نارسا کہتی کو ہین

ایکدن کو تو زبان شعلہ دوزخ قرض دی
قصۂ شبہائی غم روز جزا کہتی کو ہین

شکوہ حرف تلخ کا یا شور بختی کا گلہ
مین گلہ کرتا ہون اپنا تو نہ سن غیرونکی بات
وہ نہین آتی نہ آوین مرگ ظالم تو تو آ
غیر سی سرگوشیان کر لیجئی پھر ہم بھی کچھ
ترجمان التماس شوق ہی تغیر رنگ
تیغ غمزی کو لگا لی جلد سنگ سرمہ پر

ہم جو کچھ کہنی کو ہین سو ہم زا کہنی کو ہین
ہین یہی کہنی کو وہ بھی اور کیا کہنی کو ہین
یہان لب شوق و تمنا مرحبا کہنی کو ہین
آرزو ہای دل رشک آشنا کہنی کو ہین
جون زبان شمع عاشق بی صدا کہنی کو ہین
حرف مطلب آرزو مند جفا کہنی کو ہین

ہو گئی نا مہربان سنتی ہی **مومن** بیقرار
ہم نہ کہتی تہی کہ حضرت پارسا کہنی کو ہین

وہ علی الرغم عدو مجھ پہ کرم کرتے ہین
طلب وصل کس انداز سی ہم کرتے ہین
جب تیری کوچیکا بیتابی دل سی پھرنا
نیم بسمل ہین تپ چھیڑ اے تپش دل کہ ابھی
ابھی چل کاش الٹ جائین شب ہجر انجمن
وہ مہین مت آئیو اے غیر کہ مانند صبا
محضر قتل ہی مکتوب گنہگارون کا
دیکھنا اوس دہن تنگ کی بوسے کا مزا
ہای قسمت کہ ہوی مجھ پہ جفا اور فزون
کشتۂ ناز ہون اس شک سی مرتا ہی جہان
کیا ہی بیزار ہی اس زیست سی جی ہای ستم
اپنی سودی کی نہ پوچھو کہ خریدار کے ہاتھ
آبرو رہ گئی مرنیکی کہ روتی تو ہین وہ

ہی ستم لطف کی پردی مین ستم کرتی ہین
شوق نامہ اوسی وصل پہ رقم کرتے ہین
یاد آتا ہی زمین بوس قدم کرتے ہین
روی قاتل کا نظارہ کوئی دم کرتی ہین
وہ دعائین کہ تیری جانکو ہم کرتے ہین
جس سی لگ چلتی ہین وہ اوس سی ہی رم کرتی ہین
سر قاصد کو وہ فتوی سی قلم کرتی ہین
کہ ہوسناک تمنائی عدم کرتے ہین
اندنون غیر پہ گر لطف وہ کم کرتے ہین
وہ بھی کیا ہین جو میری موت کا غم کرتی ہین
قتل کرتی نہین وہ اور ستم کرتے ہین
جنس مین تقوی ہی اور بیع سلم کرتے ہین
اشک شادی ہی سی گو چشم کو نم کرتی ہین

جا کی کعبہ مین بہی مومن نہ گئی دیر کی یاد
جا ہی لبیک صدا ہای صنم کرتی ہین

صورت دکہائی جو کبہو جا کی خواب مین
بیدار آنکہہ کہول دی جہنجلا کی خواب مین

شب جو وہ سو رہی مری پاس آ کی خواب مین
جاگی تہی بخت خفتہ تمنا کی خواب مین

آنکہونکو بند کر کی وہین کہول دی گر آئی
یوسف کسیکی محو تماشا کی خواب مین

کابوس ہین بتاتی مجہی ہان تو رشک ہی
کاش اور کوئی آئی اطبا کی خواب مین

وہ ہی بغل مین تو بہی یہان نیند اور گئی
یہہ سوچ ہی کیا نہوا عدا کی خواب مین

سو رہتی پای ناقہ زمان وداع کر
طالع نہوتی قیس کی لیلا کی خواب مین

ان نالہ ہای شب کا اثر صبح دیکہو
آیا خلل گر اوس ستم آرا کی خواب مین

نیرنگ عشق سی ہو غافل ہی ایک رنگ
اس دل لگی جاگنی ہین زلیخا کی خواب مین

رہتا ہی ہیان دیکہتی ہو جب مجہی نہین
کیون چونک چونک پڑتی ہو گہبرا کی خواب مین

اوسکی گلی ہی نالہ زنجیر غل نکر
یہان پاؤن جاگتی ہین کوئی جاگی خواب مین

سو جاؤن روتی روتی تو کیا ہنس کے طعن سے
کہتا ہی سوتی ہو مری بن آ کی خواب مین

کیا کفر ہی کہ چہوڑ دی سونا ہی گر کبہی
مومن نظر پڑی بت ترسا کی خواب مین

سوز دل کی ہاتہہ سی ڈہونڈون جو ماہی آب مین
ہو وی ہر ہر قطرہ داغ افزای گلخن آب مین

گر ہو وہ دست حنائی ہمکس لگن آب مین
ہو وی جان جوں برنا آتش زن تن آب مین

عکس دیکہو و فور اشک عبرت سی ہوا
بعد مردن جون غریق اپنا ہی مدفن آب مین

دی دل سوزان کو تشبیہ سمندر مینی اب
چہوڑ کر آتشکدہ ڈہونڈی ہی مسکن آب مین

سمجہا بازیہہ رو یا کون مجلس مین کہ ہے
غرق جون آئینہ وہ شوخ حیا فن آب مین

دوستو مرتا ہون اوسکی عرق آلودہ پر
لاش بہی میری بہانا بعد مردن آب مین

یاد چشم یار مین دریا پہ رو یا بن گئے
مردم آبی کی پلکین شمع روشن آب مین

کیون ڈوباتا نہ اگر غرق دریائے الم
کیون سدا شور تموج سی ہی شیون آب مین

تشنہ کام آب تیغ یار ہون گرمی تو دیکھہ
بھر تسکین تیرتا ہون تا بگردن آب مین

اشک چشم گریہ زخم دل اب ہین کیا کرون
ہو گئی تر آستین لو ہو ہین دامن آب مین

کشتہ غیرت تیری پانی جو آنی سی ہی غیر
مرتی دم پاتا ہون وقت خون دشمن آب مین

ڈوب مرتی کیون نہ غیرت سی جب ای **مومن** نہائے
غیر کی ہمراہ وہ طفل برہمن آب مین

دکہاتی آئینہ ہو اور مجہہ مین جان نہین
کہو کی پھر ہی کہ مین تجسا بدگمان نہین

جو یار صلح پہ ہی اب تو آسمان نہین
وہ مہربان ہوا تو یہہ مہربان نہین

تری فراق مین آرام ایک آن نہین
یہہ ہم سمجہہ چکی گر تو نہین تو جان نہین

نپوچھو کچھہ مرا احوال مری جان مجہسی
یہہ دیکہہ لو کہ مجھی طاقت بیان نہین

یہہ گل ہین داغ جگر کی انہین سمجہکر چھیڑ
یہہ باغ سینہ عاشق ہی گلستان نہین

نہ چاہون روز جزا داد یہہ ستم دیکھو
کب آزماتی ہین جب وقت امتحان نہین

نپوچھی حال تو جب تک مرا بیان نکرون
مری زبان نہین گر تیری دہان نہین

زبسکہ دیر لگی نامہ بر کو ڈہونڈتی تہی ہم
عدم مین جاتی ہین گویا و نکا نشان نہین

شب فراق مین پہنچی دل سی جان تلک
کہین اجل ہی تو مجہسی نہ ناتوان نہین

وہ حال پوچھی ہی اور چشم سرمہ گین کو دیکھہ
یہہ چپ ہوا ہون کہ گویا مری زبان نہین

نہون نثار ہو جان فرط کین جانان پر
کہ اوسکو میری سوا اور کا دھیان نہین

نکل کی دیر سی مسجد مین جا رہا ای **مومن**
خدا کا گھر تو ہی تیری اگر مکان نہین

ہجر آئین ہی پست کیون نہ چاہون
جان دادۂ شوخ بیوفا ہون

ہین غیر مری نکلنی سی خوش | گویا کہ مین انکا مدعا ہون
اُف کر گئی باد گرم جوشی | مین آتش مردہ سی جلا ہون
کیا شکوہ جفائی آسمان کا | مین آپ کو دور کھینچتا ہون
دشمن سی ہی چشم مہربانی | محروم نگاہ آشنا ہون
ربط اوس سی ہی مثل شعلہ و شمع | مرجاؤن گر ایکدم جدا ہون
کیونکر نہ بگڑ گئی وہ بناے | مین دو لکی غبار سی بنا ہون
شکوہ نہین غیر کی ستم کا | انصاف کر توبہ کہ مین ہی کیا ہون
کہتا ہون بدن پہ عشق مین داغ | اعمال کی اپنی خود جزا ہون
ہی طعن سی مدح شام ہجران | مین کیسی بلا کو چھیڑتا ہون
اوس کو مین نچھوڑ رجائی مجکو | ہرچند عدو کا نقش پا ہون
خودبینی و بیخودی مین فرق | مین تم سی زیادہ کم نما ہون
بیزار ہی سوز عشق سی جی | کس شعلہ مزاج سی جفا ہون
مجھ رمز شناس سی یہ باتین | کیا خوب مین غیر سی برا ہون
ایکاش عدو کو غیرت آوی | مین منتظر اپنی موت کا ہون

اس نام کی صدقی جسکی دولت
مومن رہون اور بتونکو چاہون

ہردم رہین کشمکش دست یار ہین | چلونکی بند کسکی گریبان کی تار ہین
پالیدہ دمبدم جو مری لکی خار ہین | سرآن برچھیان سی کلیجی کی پار ہین
کیا کیجئی کہ طاقت نظارہ ہی نہین | جتنی وہ بیحجاب ہین ہم شرمسار ہین
عمر دراز کے لئی رقیبون کو آرزو | دیکھو زمان ہجر کی امیدوار ہین
مضطر وہ جو کل سیری دم سرد سی ہوا | کیا کیا شمال و باد صبا بیقرار ہین

چہپائی سی ہین لگائی رکہہ اُن نی یون رات دن
یہہ داغ و زخم دل کی مری یادگار ہین

خنجر بہ سپہر ہین مری دشمن تو اور بہی
لیکن بڑی غضب ہی دو تین چار ہین

ہجو ملیح غیر سمجہہ کر مری اوٹہائی
خوش حرف پی نمک سی بہی ہم دلفگار ہین

کیسا فلک کہ اختر طالع جلا دیئی
کیا سرد مہر ہیہ ہی دم شعلہ بار ہین

کیونکر نہ رحم حال پر آئی شب وصال
اندوہ و درد روز مصیبت کی یار ہین

پانی کی بدلی برسی گی آج آگ ابر سے
اوٹہی ہماری خاک سی بہی کچہہ بخار ہین

سبنم خراب مہر و کتان سینہ چاک ماہ
لو اور بہی ستم زدہ روزگار ہین

ناصح سی مجکو کیون کہ نہون بدگمانیان
دشمن ہین جو مری وہ تیری دوستدار ہین

کیسی گلی رقیب کی کیا طعن اقربا
تیرا ہی جی نہ چاہی تو باتین ہزار ہین

مردون کو تجہہ دیتی ہین ترجیح جو حسود
مومن یہہ جان لی کہ سگ جیفہ خوار ہین

سرمہ گین آنکہہ سی تم نامہ لگاتی کیون ہو
خاک مین نام کو دشمن کی ملاتی کیون ہو

گرم جولان مری مدفن پہ تم آتی کیون ہو
اپنی دل سوختہ کی خاک اوڑاتی کیون ہو

شعلہ ہای تپ دل آگ لگاتی کیون ہو
گر ہو دلسوز مری مجکو جلاتی کیون ہو

کون سی سوختہ اختر کا خیال آتا ہے
سرمہ جب دیتی ہو تم اشک بہاتی کیون ہو

بار گردن تو نہین تیغ ستمگار آخر
جان نثار و سر مشتاق جہکاتی کیون ہو

جنسی منظور وفا ہی ہو جفا بہی ان پر
مجسی کچہہ کام نہین ہی تو ستاتی کیون ہو

کہول دو وعدہ کہ تم پردہ نشین ہو نہ وصال
آپ چہپتی ہو چہپو بات چہپاتی کیون ہو

دل بیتاب کی اکسیر بناوگے ہمین
اسقدر شوق نہ دل سی جلاتی کیون ہو

نہین منظور اگر بو الہوسی کا شکوہ
غیر کو تم مری اشعار سناتی کیون ہو

توڑنا جانکا ہو جائیگا دشوار آخر
چارہ ساز دم مری امید بندہاتی کیون ہو

اوسنی کیا غیر کو دزدیدہ نظر سی جہانکا — رخنہ ہائی در یار آنکہہ چراتی تی کیون ہو

خیر ہی کسنی کہا شور قیامت تم کو — نالہ ہائی سحری دہوم مچاتی تی کیون ہو

دم قدم سی ہی لگا جانکل جاہی کے — دیکہہ سینہ سی مری ہونٹ وہ ہاتی کیون ہو

کہل گیا عشق صنم طرز سخن سی **مومن**
اب چہپاتی ہو عبث بات بناتی کیون ہو

اگر زنجیر کش سوی بیابان اپنی وحشت ہو — تو پای قیس کا ہر ایک چہالا چشم حیرت ہو

ہماری قتل سی قاتل نکیون غیرونکو عبرت ہو — بہم جوہر سی جی ہر تیغ کا جب دست حسرت ہو

کسیکی ابروی خوش خم کا کشتہ ہون تعجب کیا — جو میری خاک سی تعمیر محراب عبادت ہو

دم بسمل خیال شکوہ قاتل کر آجاوے — بزخم جگر مین دشنہ انگشت ندامت ہو

سمجہنا خوب ہو نہین اس بناوٹ کی لگاوٹ کو — قسم کہا جاونگا گر میری لین کچہہ محبت ہو

ہوئی بیخواب آہ نیم شب سی تو لگی کہنی — کہ سوتونکو جگا دیتی ہو تم بہی کیا قیامت ہو

جلا جاتا ہون سوز رشک سی مانند پروانہ — جلاہت اور کو تو گرچہ میری شمع تربت ہو

عدو سی ضم مین ہوتی رہی چشمک نی کیا کیا — ندیکہا حال میرا تم بہی کتنی بیمروت ہو

بجای سبزہ نکلی خاک سی میری زبان ظالم — دل نالان بس مردن جو گرم شکایت ہو

بہلا ایسی صنم کو خاک دل دی کوئی ای **مومن**
نہ جسکو کچہہ مروت ہو نہ خاطر ہو نہ الفت ہو

نکسی مجہسی بگڑتی ہی تم اللہ اکبر رات کو — ذبح کرتی ہی جو ہوتا پاس خنجر رات کو

اپنی آواز قدم سی بہی وہ ڈرکر رات کو — مڑکی پیچہی دیکہلی تہا ہر قدم پر رات کو

ہم مین کیا باقی رہا تہا ای ستمگر رات کو — جان لب تہی بچ گئی قسمت سے مر کر رات کو

یہان جو تو ای مہروش تہا جلوہ گستر رات کو — چہٹ رہی تہی کیا ہوا مسی کی کہہ پر رات کو

صرصر آہ و فغان شعلہ زن طوفان اشک — جمع سامان خرابی تہا میری گہر رات کو

بوی گل کا ای نسیم صبح اب کسکو دماغ / ساتھہ سویا ہی ہماری وہ سمن بر رات کو
صبحدم مہتاب کا سا رنگ کیون ہی گر نہ تہا / بوالہوس کی پاس تو ای نازپرور رات کو
بزم دشمن مین نہو وہ نغمہ گر آتی رہے / ہر فغانکی ساتھہ لب پر جان مضطر رات کو
روز ہجران سی شب فرقت نہو کیون سخت تر / گاہی گاہی جنکو ملتی تہی وہ اکثر رات کو
رشک سی جلتا ہون ورا ای شمع بار عام مین / دن کو ہی مجہپر وہی صدمہ جو تجہپر رات کو
دیکہئی وہ کونسی شب ہوئی کی اللہ ری جہوٹ / روز کہتی ہو کہ آؤنگا مقرر رات کو
رہ گئی ہم جہانکنی سی ہی یہہ کیا اندہیری / بند کسنی کر دی تہی روزن در رات کو
بن تیری پیش نظر تہی یہہ اندہیری چہا گئی / جائین انکہین پہوٹ کر دیکہین اختر رات کو
کودکر گہر مین تو پہنچا مین تیری پر کیا کہون / دم نکل جاتا تہا کہٹکی کی برابر رات کو
یاد دلوا دی تپش نی تیری شوخی وصل مین / مر گئی ہم دیکہہ کر چین ہای بستر رات کو
کیا کہون تم جو نہ آئی کیا قیامت آگئی / مہمان تہا میری گہر مین روز محشر رات کو

کیا اوسی بتخانہ کو فرماتی ہو ظلمت کدہ
حضرت مومن جہان جاتی ہو چہپ کر رات کو

حلقۂ ماتم مین آئی حلقۂ زنجیر سے

کب ہماری ساتہہ سوتی ہین کہ دیکہی کا کوئی
اونکو بیتابی ہی کیون اس خواب کی تعبیر سے

تم سی وہ کرتا ہی نہین شک سی کی تا ہو نہین
سچ کہا چھڑتی ہین ہوتی غیر کی تقریر سی

نالہ ہا ہی بلہوس نی کہو دیا آزار شوق
لو ہم اچھی ہو گئی درمان بی تاثیر سی

ساتہہ سونا غیر کی چہوڑا تہوا ہی ہمین بدن
خاک سیری ہو گئی نایاب تر اکسیر سی

عشق اوس قاتل کا بعد قتل بہی ہمکو رہا
ہی یہہ کیسا جرم جو جاتا نہین تعذیر سی

سر پٹکتا ہی فلق مین مومن خانہ خراب
مسجدین بنتی نہین کیا فائدہ تعمیر سے

متفرقات

قلق نی شب یہہ گہیرا یا جب وہ ماہرو آیا
کہ جب او بہار مین سبی امن گردونکو چہو آیا

اوس ستم کش نی یہہ اپنی نصیبونکا لکہا
خط ہی لکہا تو سلام اوسمین رقیبونکا لکہا

جوڑا کہلا تو زلف سیہ فام مین پہنسا
چہوٹا تہا دل قفس سی سو پہر دام مین پہنسا

سینہ مجنون کی جانب دیکہہ کر رخ کیجیو
محمل لیلی کہین ست سنگ طفلان توڑتا

عطر ملتا تہا وہ عذر بد دماغی کی لیئی
دور سی دیکہا عدو کو ہاتہہ مل کر رہگیا

کیونکر دیکہہ مجہکو رنگ بدلی اوس پریرو کا
پلٹنا اون نگاہونکا اولٹ جانا ہی جادو کا

بدا بو نمین مجہی جوش جنون لایا ہی دلی سی
یہہ کیونکر چارہ پند خردمندان کا ہوش آیا

وقت وداع یار عجب اپنا حال تہا
کیا کرتی ہمرہی کہ ٹہرنا محال تہا

جانباز مومن اوسنی دیا غیر کو خطاب
ہم جان پر بہی کہیلی یہ نام اور کا ہوا

رحم کرنیکا نہین مومن وہ کافرکیش پہر
فائدہ رونی سی سر جو کہٹ سی حاصل ٹوٹیا

تہی ہمین مومن کی خود داری کا کیا اعتماد
کیا خبر تہی یہہ کہ یون محو بتان ہو جائیگا

خیال نرگس میگون مین مر گئی ہین ہم
نہ کیونکہ لوگ پئین اپنی بزم غم مین شراب

محروم ہوا مومن ناکام محبت
اے اہل محبت یہہ ہی انجام محبت

دربتخانہ پر کہڑا تہا آج
مومن دیندار کیا باعث

جس سی ہمین ہی کام اوسی خوف وکا ہی باعث
بہیج قاصد اپنی بجوا اور معتمد سا بہیج
اوسی غیر کی پاس سنتی نہین ہین
مین تو دیوانہ ہون مومن کا کہ ہی وس شخص کو
چکہتی ہین شوق محبت کا مزہ لذت نصیب
بیجا گلہ ورنہ تو نسی تری دم ہی ناک مین
سا قیا زہر دی ہجر امین کہ بیہوش ہو نہین
نکہیون او ٹہہ جائین اس محفل سی جب یہہ طور ہم دیکہین
ہی لطف بناوٹ کا ہم خوب سمجہتی ہین
مجکو کیا کام کہ آئینہ کی حیرت دیکہون
جیتی یا مرچکی یون نزع کب تک
نہو تو بیٹہی بٹہا ہی خراب اے مومن
مری تربت پہ کیا ہی کام شمع گل کا اے یارو
خوش آئی مجکو صبا کب گلو نکی باغمین بو
بہائین کیا کہین اب دیدۂ عدا سی ہم آنسو
یار و کسی صورت سی تو احوال جتا دو
وہین تو بولا ہی نہین سنتی کیا ہی شکوہ
گریہ شب نی بہگو یا ہی اب اے آہ سحر
یہہ حالت بن گئی ذرا کچہہ مونہہ سی تو کہو تو
سنگ مرقد سی مری فیض ہی سبکو مومن
ہو صورت خاک جی لگتی کی جنت مین بہلا مومن

ہمنام سی صحبت ہے تو کیون نام کی باعث
تیری واسطی مینی دل رکہا ہی منگوا بہیج
زیادہ ہمین ہوش سی بہا ہی ہی غش
اسقدر وحشی مزاجی پر بہی یک عالم سی ربط
تجسی اپنی صبح کہی کیا کوئی غم کہا نیکا خط
ملجاؤن کاش پر اوسی کوچہ کی خاک مین
کاسہ عمر ہو لبریز تو می نوش ہون مین
لڑائی آنکہہ تو غیرون سی بیٹہا اور ہم دیکہین
یہہ طور لگاوٹ کا ہم خوب سمجہتی ہین
دیکہہ تو آئینہ اور مین تیری صورت دیکہون
ادہر ہو جاؤن یارب یا اودہر مین
اڑا نہ اوس بت خانہ خراب سی آنکہین
یہان پروانہ و بلبل کی اک وجا ریر کہو
بہری ہوی ہی یہان اور بہی ماغمین بو
کہ بنگریہ گئی اے شوق گریہ چشم نم آنسو
دروازہ ہی پر اوسکی مری تصویر لگا دو
چہوٹ طوفان اوٹہا خیمہ ہی ابر ہمت ہو
تیری گرمی سی جو بستر نہ جلی خشت تو ہو
تمہین کیا ہو گیا یہہ دیدہ او یا کس شوخ کا در کو
ہون تہ خاک بہی طوطی پس آئینہ
مری نظرون مین ہی شاہ جہان آباد کا نقشہ

بجان و دل پیام یار کی تعظیم کی ہمنے
سلام اوسکا کہا قاصد نی جان تسلیم کی ہمنے

اہی ماتم فراق اجل سی بچا بچا
رکہا تہا مینی جانکو کیا تیری واسطی

اوسنی نامہ لکہا نصیب پہری
نامہ بر کیا پہرا نصیب پہرے

جہان نے جون خاک ہمکو روندا تمسی ملتے نہ ایسی بنتی
ہوی ہے مٹی خراب کیا کیا تمسی ملتے نہ ایسی بنتی

بہا کب اشک اگر اوسکی چشم سرمہ گین مین ہے
عصای انہو سی ست بیمار حزین مین ہے

چہیڑ دیکہو جو سنا نالہ موزون میرا
غیر سی شوخ نی اشعار فغانی مانگے

ستمگر پوچہتا ہی حال کیا بیمار کا اپنے
کوئی دم کا گہری کا لحظہ کا تہا کا میہمان ہے

خدا کی واسطی اتنو جنون ہو سلسلہ جنبان
کوئی دیوانہ وحشت زدہ تا دست و پا کہولے

خاک کر کہول دیا گرچہ یہہ سینہ تونے
تو بہی دلکی نہ گرہ ناخن شمشیر سے کہلے

جنبش نہ دیجی ابروی خوش خم کو دیکھیے
تیغ ستم کو دیکہی او رہمکو دیکھیے

دیکہا ہی خواب مین یہہ کس آرام جانکو ہای
غش پہرون آپ جانکی ہتی ہین ہم ترے

ہجر کی شب او ر یاد زلف کی لوٹا مجہی
جی وہ آکر لی گئی اور دل یہہ آکر لی گئی

لیجیی رشم کی نہ ہاتہون مین یہہ
دیکہہ نازک ہے کلائی تیرے

باقی نہین رہا ہی کچہہ تن مین حال اپنی
ایک ایک ہوئی سر ہی سرکا و بال اپنی

جو بعد مرگ بہی الفت کا کچہہ اثر ہو جائی
ہماری خاک یہ ہو جای یار پر ہو جائی

یہان یہہ ٹہیری ہی کہ اب بڑی پنہانی چاہیے
اونکو مقناطیس کے چوکہٹ لگانی چاہیے

کافر اوسی بنانا تہا یہہ کیا کیا بتو
مومن سی مل کی تم بہی مسلمان نہ ہو گئے

دو ہی دن ہی شب و روز غم و شادی ہین
کچہہ ہمیشہ نرہیگا نرہا یاد رہے

معما باسم مہتاب رای

بنی کیون گر کہ ہی سب کام اولٹا
ہم اولٹی بات اولٹی یار اولٹا

معما باسم غلام علیخان

قید بیجد ہی خانہ بی درہے ۔ تو ہی صاحب غلام سی ملے

معما باسم میر محبوب علی

مرجا رقیب رشک سی گو ہی وصال یار ۔ ہی اوسکی چشم شوخ ادا میر مجی اسطی

معما باسم مومن

کیفیت وصال بس اب کچہہ نہین رہی ۔ کیونکر نہون ملول مین شب کچہہ نہین رہی

ایضاً

ازل سی جی ہی لگا سینہ سیر حاصل ہی ۔ ہم سر رشک سی شاداب گلشن دل ہی

معما باسم نواب مصطفی خان بہادر

نوا بلبل کی بی بس کررہی ہی
صدا بی درد قمری کی بلا ہے
فلک کو کل نہین بی جور و بیداد
کہ وہ سرو خرامان یہان نہین ہی
بہار سبزیا کی پانون ٹوٹین

بہار ایک جام بیجا بہر رہی ہی
سر طاقت ہی جبکا نقش پا ہی
سر می کیا ہو کو ہی فصل خرداد
سرور اپنا تو اب مکان نہین ہی
کہ درد بیجد حسرت سی چہوٹین

مقطعات

جب کہا مینی کہ تم بیداد گر نا آشنا ۔ ہیمروت بیوفا بیگانہ احباب ہو
ہنسکی فرمایا کہ مین تو خیر جو کچہہ ہون سو ہون ۔ تم ہی تو بیچین ہو بی صبر ہو بی تاب ہو

قطعہ

صاحبو میرا حال مت پوچہو
چہوڑ دلی کو سہسوان آیا
عذر بیجا سی سرکشی کی لیے
ایک ناخدا وند شوخ کی غم مین

بندہ سخت بیوفا ہون مین
ہرزہ گردی مین مبتلا ہون مین
شاکی بی سبب جفا ہون مین
قابل رحم ہو گیا ہون مین

مجھی پہنچا دو میری صاحب تک | کہ غلام گریزپا ہون مین +

قطعہ

وہ نوجوان عابد و زاہد کہ سب جسی | کہتی تہی مومن اور بہت دیندار تہا
کل ایسی حال سی نظر آیا کہ کیا کہون | جو تہا سوا اوسکو دیکہہ کی زار و نزار تہا
عبرت کی جا ہی اون مضمون نی کیا خراب | ملنی سی جسکی معتقد ننگ و عار تہا
بیمار کر دیا شب ہجر بتان نی آہ | کیا ہو گئی وہ روز کہ پرہیزگار تہا
یا تو ہمین ڈراتی تہی خورشید حشر سے | یا اپنی سر پہ داغ جنون شعلہ بار تہا
اختر شماری شب غم نی بہلا دیا | جتنا خیال پرستش روز شمار تہا
ہر ایک کی طرف نگہہ بیکسانہ تہے | کسکی نگاہ لطف کا امیدوار تہا
ہمت سی اور نازا و ٹہانیکے آرزو | باقی تہی گو کہ ضعف سی جینا ہی بار تہا
ہر دم ہوا ہی آہ سی اڑتی تہی منہہ پہ خاک | جتنی کہ سر مین گرد تہی دل مین غبار تہا
زخموں نہین لپکہ شک بہرا تہا مین کیا کہون | عالم بدن کا اوسکی عجب لالہ زار تہا
آنکہون سی چند جدول خونابہ تہین وان | چہرہ جو تہا خون سی سراپا فگار تہا
نی راحت و فراغ نہ آسایش و شکیب | نی طاقت و توان نہ سکون و قرار تہا
بیہوش و بیحواس و بی آرام و بیقرار | بی صبر و بی تحمل و بی اختیار تہا
کیا کشمکش نی دونو کو بیحال کر دیا | نی زور رہا تہہ مین نہ گریبان مین تار تہا
جنبش بہی تہی محال تڑپنا تو یکطرف | کاہیدہ جسم ضعف سی کوہ وقار تہا
ہو خود ہی بیحواس تو احوال درد دل | کس سی کہی خبر ہی نہین کون یار تہا
گویا تہہ ہی اشارہ نہ تہا نی زبان سی بات | تو بہی تو حال دست و زبان آشکار تہا
اسواسطی کہ خاک پہ انگشت دست سی | رحمی بحال بندہ خدایا نگار تہا
اور ایک یہہ شعر شعلہ فشان و زبانہ خیز | تبخالہ ریز کام و زبان بار بار تہا

آغاز کار عشق مین انجام کار تہا
مین کیون فناے ہستی بی اعتبار تہا

قطعہ

عم بزرگوار کہ ہین عیسے زمان
نسخہ کا جنکی معجز یسی مشکل ہین انبیاز

سقراط زہر خوردہ کا گر چارہ وہ کرین
عمر خضر سی ہو نفس واپسین دراز

وہ سب ہی جسکی فطرت عالی کی ہین مقر
وہ جسکی رای خیل طبیبان مین سرفراز

ہو آب آب قول قدیم وجدید سے
تصریح قابضات کا اوسنی جو راز

ہوناف بیچ رشک سی بیتاب بو علی
قولنج مادہی کی اگر وہ ہون چارہ ساز

حضرت کی خوان فضل سی فضلہ چین نہین
فی مین کیون محقق طوسی کی ہو نیاز

خاکستر اوسکی نسخہ اکسیر اثر کی ہے
کحل الجواہر مد چشم حرص و آز

بالفرض گر شراب مین ترکیب اونکی ہو
ہرگز نہ ہی نہ گردن مینا مین پہر گداز

ازبسکہ زندگی کی توقع نہین رہے
وہ بہی مری علاج سی کرتی ہین احتراز

کیا نار عنصری کی اوڑا دالیںکی دہوئین
دل گرمی حرارت عشق جگر گداز

سوی دماغ ابخرہ دل کا ہوے صعود
سجدہ یسی جبین کعتا ول ضعف نماز

یہہ حال ہی کہ ضعف سی کہلتی نہین ہی آنکہہ
ہی باد کہلے نرگس بیمار نیم باز

مین کیا کہ دم مین چلنی کی طاقت نہین رہے
بیٹہا ہی پاؤن توڑ کی جب لیا ٹرہ تاز

دوران سر کو دیکہہ کی چکر مین آ گئے
وہ عقل جو کہ سرزدہ دہی سی ہی بی نیاز

گر نفس ناطقہ کو نہین لگ گئی ہی چپ
ورد زبان ہی کیون ہذیان چلی ست راز

کسکے خیال مین یہہ پراگندگی ہوئے
احساس کو ذرا نہین وسواس جنتیاز

اعصاب محو زلف شکن در شکن ہوئے
گردن مین ہی تشنج اقدام سی گزاز

مین کیا کہون حقیقت رنگ عذار زرد
سمجہو تو صفرت یرقان اوس سی ہی مجاز

گر یہہ ہی زور ضعف قوی ہی عجب نہین
دشوار ہو وہی عمر روانکو ہے اجلواز

مونہہ کا مزا یہہ تلخ کہ شیرین ہی وس سی لو
ہو جو سرکہ رہی زہاد حیلہ ساز

صندل سی ہی درد سر کو ہو گیا جبتلک حسین
مین اوسکی آستان پہ نہ رگڑون بصد نیاز

یہان فوق ترشی وہی ہندی صنم ہی خاک
صفرا شکن ہو سرکہ انگوری حجاز

یہان بوسی چاہئین گرہ زلف یار کی
ممکن نہین کہ دانہ آلو ہو چارہ ساز

لازم ہی میری سینہ پہ رخسار ماہوش
کافور کی ہو قرص سی کیا چارہ خراز

جہوٹی شراب یار کی درکار ہی کہان
تسکین نیر بر ہو عرق بید سی جواز

اس جا ہی بوسۂ شکرین لب کا کام ہے
گلقند سی ہو کیونکہ طبیعت کو احتراز

باقی رہی ہی یخنی کی تدبیر کون سی
اہی ناصح شفیق جگر سوز چارہ ساز

الاہی کہ پہنچون وہان جسکے خاک در
کرتی ہی آج خاک شفا پر ہزار ناز

وہ مایۂ حیات وہ سرچشمۂ بقا
جسکا کہ ہی لعاب دہن آب جان نواز

صد سالہ مردہ زندہ ہو گر اپنی بات پر
آجائی اوس صنم کا لب معجزہ طراز

رحم آئی تو عجب نہین آخر غلام ہون
اور وہ غلام خاص کہ یوسف تہا یا ایاز

الہی پہنچادی کاش کوچہ مین اوس سبز رنگ کے
مرتا ہون اپنی جان سی عمر خضر دراز

قطعہ

مرا جاتا ہون اب جمین ہی وہی بیدرد کو لکہو
کہ مجکو تحفۂ منتق اطبا کیون بنایا ہی

نہ یہہ سمجہین سبب سے کچہہ علامت سی مرض ہان وہ
سری ہین آپ مالیخولیا مجکو بتایا ہی

کوئی کہتا ہی آلودہ کہ صفرای گرائی ہی
سیہ رونی ہرا جو رنگ کو چہرہ کی پایا ہی

کوئی کہتا ہی اس سر غش ہوا جب بیخودی چہائی
مجہی سوداس سام و روغنین بیچ ہی آیا ہی

کوئی کہتا ہی مین سمجہا یہہ سر جو اوٹہہ نہین سکتا
نہال روح نفسانی نی بار و سر اوٹہایا ہی

کوئی کہتا ہی جلی شاہی یہہ گرمی غب خالص کے
اسی جا لسو آتش علی دہوان اسکا اوڑایا ہی

کوئی کہتا ہی ترکیب اور غالب خلط بلغم سے
رطوبت گر نہین تو کیون پسینی مین نہایا ہی

کسی کو قشعریرہ سی عفونت کا جو دہیان آیا ہے
تو آخر سونگہنی کو بول کا شیشہ منگایا ہے

کوئی کہتا ہے تپ سکتہ ہی نظر و نمین رہی تو
کئی بار احمقون نی لاکی آئینہ دکہایا ہے

کوئی سمجہا جو تلخی ذائقہ کی سرکہ روئی سی
تو کہتا ہی کسی گا ہی شہد خالص ہمیں چٹایا ہے

کوئی اطراف کی سردی سی کہی م شور و غوغا یون
کہ سینکو چارہ بالضد مکرر آزمایا ہے

کوئی کہتا ہی یکہو ممتلی ہی نبض مسہل دو
ولیکن پیشتر سی گر کوئی منضج پلایا ہے

کسیکو کم غذائی سی گمان ہی ناتوانی کا
تو کہتا ہی کہ جلدی لاؤ گر کچہہ بھی پکایا ہے

کسینی شربت ورد مکرر کی جو ٹہیرائے
تو کوئی سنکے مثل غنچہ گل مسکرایا ہی

کوئی کہتا ہی تو ہو گیا کیلوس بہی ناقص
کہ سالم وسیہی ہین گرچہ ہونٹونکو چھپایا ہی

کوئی کہتا ہی یون جو تشنج سی سگڑتی ہین
کہ قطرب ہی یہ فانوسین مینی پڑہایا ہے

کوئی کہتا ہی یہ سوزش عزیزی ہی کہی نسخہ مین
سبہی اجزا ہین بار وبندہ تحفہ ساتھہ لایا ہے

کوئی کہتا ہی اس آتش کا اطفا سخت مشکل ہے
مگر دید و کوئی گر برف کا کوزہ جمایا ہے

کوئی کہتا ہی بانجاصت ہی خ مین می
تمہین ہندی مداوا کس ستمگر نی سکہایا ہے

کوئی کہتا ہی روغن دیجی بادام ہفشنر کا
یہ نکتہ مرتی دم استاد نی مجکو بتایا ہے

مگر غم فلاطون منزلت سیری جو سمجہین مین
مرض وہ ہی ہی لیکن شرم کی مارے چھپایا ہے

یہ سودا عشق ہی تیرا یہ تب سوز غم سی وہ
کہ بیجا گرمی صحبت نی تیری جی جلایا ہے

یہ تلخی ذوق کی وہ تلخکامی ہی کہ حسرت نے
لب شیرین کی بوسی کی مزا مجکو چکہایا ہے

یہ حضرت کون کی پر تو ہی تیری سبزہ رنگی کا
نہی نیرنگ شوق محویت کیا رنگ لایا ہے

عرق وہ اشک ہی جو پاس ہوائی سی وکا تہا
اوسکی جوش نی دریا کا دریا لون بہایا ہے

صداع و سدر کا باعث ہی تیری بید ماغی ہے
اگرچہ مبحث ناصح نی بہی سر تو پہرایا ہے

سبب ظاہر ہی اضمحلال و ضعف و ناتوانی کا
قلق نی کاوشین کی ہین الم نی جی کہٹایا ہے

نکمیو نکر کانٹا کانپ و ٹہون نانیکی ہوا اگر ٹے
فلک نی سرد مہری سی تیری کیسا ڈرایا ہے

منہ دی جاتی ہین آنکھین بسکہ شبہای جدائی مین ۔ سحر تک شام سی خوابیدہ طالع نی جگایا ہی
افاقہ غش سی کیا آتا کہ تیری کاکل مشکین ۔ نسونگھی گر سونگھایا ہی عطر خس سنگھایا ہی
نکیونکر امتلا ہی معدہ ہو محسوس ایک مدت ۔ غم فرقت تیری دوری مین کس کثرت سی کہایا ہی
غرض آچک کہ مین بچ جاؤن ور مرجاہی بن آئی ۔ مسیحا درد حسرت سی کہ کیا مردہ جلایا ہی

دیگر

محمد عمر کا ہوا انتقال ۔ بزرگ ایسی ہوتی ہین پیدا کہان
مجہی سال تاریخ کا تہا خیال ۔ کہ سب نی کہا مرگ شیخ زمان ہو

دیگر

ہیری یار ہیرن کو اس سال مین ۔ ہوا کدخدا ہی سی باری فراغ
اگر غنچہ نارسیدہ دلہن ۔ تو دولہ نہایت ہی نازک دماغ
شگفتہ گل تازہ سال زفاف ۔ بہم کہہ رہی ہین گلستان باغ

دیگر

ہوا کدخدا آج یعقوب بیگ ۔ عروس اور داماد دونو پری
بغل مین ہی ہمخوابہ باہوش ۔ زہی اختر بخت کی یاوری
کہا مینی **مومن** سی تاریخ کو ۔ کہ ہی ختم اوپر سخن گستری
کہا مینی دیکہا اگر تو بہی دیکہہ ۔ سما پر بہم زہرہ و مشتری

ولہ

جہان مین پی چارہ تشنگی ۔ نہین کوئی بہی اس سی بہتر سبیل
یہی سال ہی ای تفضل حسین ۔ جو کہتی ہین شب تشنہ بر در سبیل

ولہ

خلیفہ نور محمد وہ شمع بزم حضور ۔ کہ جس کی نی پر زمین تا بہ آسمان روشن

مکاشفات کا احوال کیا کہون اونکی	تمام حال جہان وجہانیان روشن
خیال سال وفات اونکا جب کیا مینی	ہوا درونہ مثال ستارگان روشن
نکالی سال ہین اس مصرعہ دل آراسی	روان نور محمد سی ہی جہان روشن

ولہ

گیا رنج نواب اصغر علی خان	مبارک سلامت سلامت مبارک
ہوی محو اب سستی وناتوانی	رجوع قوا عود طاقت مبارک
معالج ہوا فکر درمان سی فارغ	مجھی فکر تاریخ صحت مبارک
حساب اس سخن کا تو کر لین جو لبنے	کہا اعتدال طبیعت مبارک

ولہ

دخت روشن روان ہوی پیدا	کیا ہی چمکا ہے اختر مومن
نال کٹنی کی ساتھہ ہاتف نی	سے کہے تاریخ دختر مومن

ولہ

شحنۂ دہلی خلق آزار	بچۂ افغان رشوت خوار
خوار ہوا باری اس سال	لوگو نکا تہا یار اقبال

تاریخ وفات جدہ مومن سراپا غم دخلت اسنی فی جنت النعیم

جب کہ اس غم سرا سی کی رحلت	جدۂ مومن پریشان نے
سال تاریخ حسب حال کہا	دخلت بالنعیم رضوان نے

تاریخ رحلت وحید زمان یکتای دوران زین ابرار مانشرای ویرانی بنیان

انتخاب نسخۂ دین مولوی عبد العزیز	بی عدیل وبی نظیر وبی مثال وبی مثل
جانب ملک عدم تشریف فرما جبکہ ہوی	آگیا تہا کیا کہین مردونکی ایمانمین خلل
ہجر نمای چرخ تو کسکو یہان سی لی گیا	کیا کیا یہہ ظلم تو نی بیکسون پرای اجل

جب وٹہائی نعش ایک عالم نہ دبلا ہوا	لوٹتا تہا خاک پر ہر قدسی کردون محل
کیا کس و ناکس تہا صدمہ کیا جسوقت دفن	ڈالتا تہا خاک سر پر ہر عزیز و مبتذل
مجلس درد آفرین تعزیت مین بہی تہا	جب اٹہی تاریخ مومن نی یہہ آگری بدل
دست بیداد اجل سی بی سر و پا ہو گئے	فقر و دین و فضل و ہنر لطف و کرم علم و عمل

ایمان تازہ کردن شہور و سنین بدست امیر المومنین ابن امیر المومنین

چو سید احمد امام زمان و اہل زمان	کری ملاحدہ بیدین سی ارادہ جنگ
تو کیون نہ صفحہ عالم پہ لکہی سال وغا	خروج مہدی کفار سوز کلاک تفنگ

ایضاً

گلاب ناب سی ہوتا ہون مغز اندیشہ	کہ فکر مدحت سبط قسیم کوثر ہے
وہ کون امام جہان و جہانیان احمد	کہ محض مقتدی سنت پیمبر ہے
زمین کو مہر فلک سی کیون ہو دعوی نور	کہ اوسکا رایت اقبال سایہ گستر ہے
عروج سنگ در قصر جاہ یہہ کہ جسے	ہزار طعن حضیض اوج لامکان پر ہے
زبسکہ کام نہین ہی اوسی سوای جہاد	جو کوئی اوس سی مقابل ہوئی وہ کافر ہے
شرف ہی مہر کو اوسکی زمانی سی دایم	زبسکہ روز و شب انصاف سی برابر ہے
وہ بادشاہ ملایک سپاہ کو کیہ دین	کہ نور شمس و قمر جسکی گرد لشکر ہے
وہ شعلہ خصلت الحاد سوز و کفر گداز	کہ جسکا نقش قدم مہر روز محشر ہے
وہ برق خرمن ارباب شرک و اہل ضلال	کہ شعلہ خوشہ حاصل تو دانہ اخگر ہے
وہ قہرمان فلک توسن و نجوم حشم	کہ ترک چرخ غلام اوسکا مہر چاکر ہے
وہ شاہ مملکت ایمان کہ جسکا سال خروج	امام برحق مہدی نشان علی فر ہے

شورانگیزی قلم سینہ چاک اشک فشان در ماتم حکیم غلام نبی خان

جہان نکوئی نکوئی جہان	وحید زمان و الد مہربان

یہانتک اونہین شوق خلد برین ۔ کہ ہر دم کو گنتی دم واپسین
نہ دلمین تہا اونکی زبان پر کبہو ۔ رضائی الہی سوا آرزو
غرض آگیا وقت موعود جب ۔ گئی تن سی وہ جان عشرت طلب
تاسف نی کیا کیا ستایا مجہے ۔ قلق نی زمین پر لٹایا مجہے
غضب جانکو بیقراری ہوئے ۔ بری حالت ایسی ہماری ہوئے
کہ دکہا دل عشرت آلود مرگ ۔ ہوئی زندگی اپنی محسود مرگ
جہانسی جب ایسا شفیق اوٹہہ گیا ۔ تو جینی کا سچ ہی مزا کیا رہا
کہون کیا کسی سی کہ کیا غم ہوا ۔ سزاوار اشفاق ماتم ہوا
دلی شعر کی جو ہوس ہی کمال ۔ اوسی غم مین تاریخ کاتہا خیال
جنازہ اوٹہایا فرشتون نی آ ۔ تو قد فاز فوزاً عظیما کہا

عقد عبارت و معانی باظہار سال نکاح یار جانی

کہانتک تغافل ہی اب بی خبر ۔ خبر بہی ہی کچہہ ساقی بیخبر
شراب تمنا پلا آج تو ۔ ہو سبہای مردہ جلا آج تو
مئی شنگ آوازقسم دی مجہے ۔ سبوکی سبو خم کی خم دی مجہے
علاج دل سر بسر جوش کر ۔ مئی وصل سی مجہکو بیہوش کر
کہان تک یہ مستی اشک خون ۔ کبہی تو مئیون بادۂ لالہ گون
کہانتک ہون تلخکام وخراب ۔ مئی عیش سی مین بہی ہون کامیاب
جہان ہی سراپا سرور نشاط ۔ زمانیکو ہی دورۂ انبساط
عجب وقت آسائش و کام ہے ۔ کہ گردونکو جنبش سی آرام ہے
نکلنی لگی خواہش و مدعا ۔ یہہ جو فاب ہوا سی ہی ہیچ مچ بہرا
جہانمین کسیکو ذرا غم نہین ۔ کہین مرگ حسرت کا ماتم نہین

نہین ہی زمانی مین رونیکا نام
صراحی بہی سیخی لگی مثل جام

جو شبنم کی تہی تنگ و ندان ہوئی
برنگ لب غنچہ خندان ہوئی

عجب گر کوئی یار سی ہو جدا
وہ اقبال مند اب ہوا کہ خدا

ہی اقبال جسکا جہان پر محیط
سعادت زمین و زمان پر محیط

وہ خان فلک رتبہ عباس نام
خجل جسکی جلوی سی ماہ تمام

نکیونکر ہو ہمہ اوسکی جلوی سی داغ
ہی کس مہر تابانکا چشم چراغ

وہ عبد العلی خان گردون مکان
جہکی جسکی آگی سر آسمان

خلیق و شفیق سراپا وقار
زمانی کو ہی جس سی سو افتخار

طبیعت مین اوسکی کرم سا کرم
سراپا مروت سراپا کرم

محبت فزائی اہل ریش ریش
کرم گستر مومن مہر کیش

عجب بزم عشرت کا سامان کیا
سلیقہ سی عالم کو حیران کیا

کیا کیا سر انجام اسباب سور
کہ صرف چراغان ہوئی چشم حور

سر انجام وہ ہو سکی کیا بیان
زبان سخنگو کو طاقت کہان

ہوا جشن کیا کیا نہ سامان سی
گئی لیکی کس شوکت و شان سے

بندہا عقد کیا محکم و استوار
کہلا عقدۂ خاطر روزگار

کیا مینی تاریخ کا جو خیال
یہہ شعر آسمانی پڑہا حسب حال

وصال دو مہ طالع مہر اثر
قران دو نجم سعادت ہنر

ترانہ ریزی ہزار در شمار سنۂ اتمام گلشن بیخار

کیا تذکرہ شیفتہ نی لکہا
ہی شیفتہ جسکی جان غنی

یون نکتہ شناس مین پڑہیا
کوئی نہین قدردان معنی

افکار بلند سے بنایا
نہ چرخ پر آسمان معنی

هر فقرهٔ نثر جان مضمون	هر شعر روان روان معنے
کیا بات هی منتخب کے تیری	ای منتخب جهان معنے
هر نقطۂ انتخاب تیرا	خال رخ دلبران معنے
تیری جو سخن سی هی فراز	الفاظ کا پایه شان معنے
معنی هین تناظر از الفاظ	الفاظ هین مدح خوان معنے
ای تازه بهار باغ مضمون	ای گلشن بی خزان معنے
هی تذکره یا ریاض فردوس	فردوس هی یا جنان معنے
مومن نے جب اسمین زیرک کے	سیر گل و ضمیران معنے
آیا هی خیال سال اتمام	تها وه بهی تو باغبان معنے
غنچه کی طرح سی سر فرو تها	یکچند وه همزبان معنے
جب نغمه سرا نهو سکا وه	دستان زن داستان معنے

هاتف نی کها هی اسکی تاریخ
گلدستهٔ گلستان معنے

رام پور ایک زمان ممتد سے	تیری مقدم کا تها تمنائے
جب یه زیرا هوئی دعائی یار	ای سراپا قبول والائے
یعنی اس ملک کی نصیب کهلی	تیری قدمون په کی جبین سائے
تیری خدام کی نصیب هوئی	حکم رانی و کار فرمائے
تجکو شایسته کرسی عزت	تجکو زیبا سر سرآرائے
مین هوا گرم فکر سال جلوس	ناگهان غیب سی صدا آئے
که محمد سعید خان کو ملے	ورثۀ صدر کام آبائے
اس وساده په تجکو بهٹلا کر	یعنی تاریخ کی روش پائے

اے وزیر بلند پایہ تجھے
التفات شہی مبارک ہو

قدر عالی و خصلت محمود
خان حامد علی مبارک ہو

رفعت پایہ روز افزون ہے
آسمان پایگی مبارک ہو

امرا ئے زمانہ سے ہی تجھے
ہر طرح برتری مبارک ہو

کارگاہ سپہر سے ہر روز
تجکو خلقت نئی مبارک ہو

ذات کرسی ترا مقام بلند
کیا کہون پالکی مبارک ہو

فیل گردون مطیع ہی تیرا
فیل تشریف بھی مبارک ہو

تیری دولت سے سکوبی شش و پنج
صدر زدہ دہی مبارک ہو

تیری تیغ زبان کی تیزی سے
تجکو اعدا کشی مبارک ہو

مومن آیا ہے بزم مین تیری
صحبت آدمی مبارک ہو

تہنیت خوان کا مبالی ہے
صلہ بو وستی مبارک ہو

بہر تاریخ یون کہا بی فکر
خلعت آصفی مبارک ہو

نواب کو بادشہ نے بخشا
خلعت مین جو فیل چرخ تمثیل

مینی بھی زیادہ بہر تاریخ
تشریف وزیر پر کیا پیل

رباعیات

اس تذکرے کا جو ترجمہ بھی بھایا
مومن کو خیال سال تاریخ آیا

مضمون کا ہجوم دیکھ کر فرمایا
کیا گلشن بیخار یہ بادل بھایا

رباعی

تھا ہم سے بھی ربط بوفا یا کہ نہ تھا
ایسی ہوئی کچھ بھی کبھی گویا کہ نہ تھا

یار دشمن تمہاری ہم بھی تھے یا کہ نہ تھے
دیکھو تو ادھر کو کبھی کچھ تھا کہ نہ تھا

ہو حق وفا ادا قضا نے چاہا
کعبہ کا سفر بخت رسا نے چاہا
ہی ترک علاج ان بتونکا مومن
دیکھو چاہینگے گر خدا اسنے چاہا

رباعی

کیا گوشہ خفا مین انجمن مین بہی تو تہا
کیا وحشت کہ تنگدل چمن مین بہی تو تہا
کچہہ اور نہین سفر مین اندالیکن
ایک درد ہی دلمین سو وطن مین بہی تہا

رباعی

جب سی وہ گئی ادہر نہین یاد کیا
بہیجی نہین کچہہ خبر نہین یاد کیا
ہم یاد مین جسکی آہ سب کچہہ بہولے
اوسنی ہمین بہول کر نہین یاد کیا

رباعی

گر جور و ستم پہ طبع آئی اچہا
ہی شوق محبت آزمائے اچہا
یان روز جزا کی آس ہی روز افزون
گر یہی جو ہو سکے برائی اچہا

رباعی

گر دل مین اتر نہ تیرے غم کا ہوتا
کاہے کو یہہ لوٹتا تڑپتا ہوتا
کیسی آرام سی گذرتی اوقات
ایکاش کہ میرا دل بہی تنہا ہوتا

رباعی

محروم حصول مدعا نی چاہا
حسرت زدہ بخت نارسانی چاہا
مومن اوس بت نی گر نہ چاہا نہ سہی
ہم خوش ہین اوسمین جو خدا نی چاہا

رباعی

کیون مد نظر ہی تمکو مرنا میرا
کیون بہائی ہی جانسی گذرنا میرا
ہی روز وصال یا کہ عید قربان
واجب کتنی ہو ذبح کرنا میرا

رباعی

جام آپ نی دمبدم دئی ہین کیا کیا
خونابۂ درد و غم پئی ہین کیا کیا
کچہہ کشمکش صبر و حجاب کے حد بہے
انصاف کرو ستم کئی ہین کیا کیا

رباعی

کہدین مین تہا لقب یگانا اپنا ؞ تہی تب سی خفا ؞ اللہ ری خطا
کاہی جہونکو ہمنی جانا اپنا
دیر و حرم کے خاک چہانی مومن ؞ کیا خاک کہین
دیکہا تو کہین نہین ٹہکانا اپنا ؞ جی بیٹہہ گیا

رباعی

جب پاس وفا اوسی ہمارا نہ رہا
ہمکو بہی خیال دوستی کا نہ رہا
قربان مین کس ادا سی کہتا ہی تہین
اتنی ہی مین عاشقی کا دعوا نہ رہا

رباعی

کیا ظلم یہہ اس نالہ بیباک کیا
اوس شعلہ مزاج کو غضبناک کیا
افسوس وہ لعل لب نہین گرم سخن
اس آتش خاموش نی جی خاک کیا

رباعی

یون کاہیکو یار بیوفا جانا تہا
یون کہا ہیکو دشمن آشنا جانا تہا
ایسا کہین آتا ہی دل ایسی پر بہے
کیا جانئی مینی تمکو کیا جانا تہا

رباعی

اندیشہ پا یان جفا کرنا تہا
نادان ذرا پاس وفا کرنا تہا
غیرون کی لیئی ہاتہہ سی کہو یا مجکو
کیا تمنی کیا آہ او کیا کرنا تہا

رباعی

مومن دل اسا مکان جو برباد دیا ؞ مانند حباب
ان سنگدلونکو دیکہی کیا خاک لیا ؞ خر رنج و عذاب
یعنی وہ مکان کہ تہا خدا کا مسکن ؞ کر نذر بتان
برباد کیا او یہی کیا کام کیا ؞ اہی خانہ خراب

رباعی

یہہ چند منافق سراپا بدعت ۔ ہی کفر و ضلال و فسق جنکی طینت
تبلائی ہین بدعتی امام حق کو ۔ گویا کہ جہاد ہی خلاف سنت

رباعی

ای حلقۂ زلف دام داری ہی عبث ۔ ای ناز و ادا کمین ہماری ہی عبث
یہان دل سی قرار جا چکا ہی کب کا ۔ ای شوخی یار بیقراری ہی عبث

رباعی

درمان مین مری طبیب کو غور ہی آج ۔ معلوم ہوا مزاج کی طور ہی آج
اس حال مین کل تلک تو جینا معلوم ۔ آجاؤ کہ زندگی مری اور ہی آج

رباعی

پامال ہون مین اگر جفا سی ناصح ۔ کیا کام تجھی تیری بلا سے ناصح
جس بت کو کہو جی خلق مین دل ہی نہ دو ۔ کیا ظلم ہی ڈر ذرا خدا سے ناصح

رباعی

جون ماہ مین عمر بہر پہرا ہون ای چرخ ۔ ہر شہر مین دربدر پہرا ہون ای چرخ
اونسا کوئی مہروش کو تو دیکہا ہی نہین ۔ مین تجھسی زیادہ تر پہرا ہون ای چرخ

رباعی

مومن نی کیا نام محبت برباد ۔ ہی طوف حرم مین اور کیا کیا دلشاد
آتا ہی یہہ جی مین پوچہیی کیون حضرت ۔ اب بہی وہ بتون کی گرد پہرتا ہی یاد

رباعی

مومن نہین زہد کی ریا سی امید ۔ کیا شیخ بتون کسی دعا سی امید
جب رحم محبت صنم مین نہ کیا ۔ کیا عشق حقیقی مین خدا سی امید

رباعی

کرتا ہی لگاوٹین وہ رشک مہ عید
بیوجہ نہین ہی جوش دریای امید
پائی اوسنے جو تجہہ پہنچا مومن
تر دامنی وصال کی ہے یہہ نوید

رباعی

تہمت تیری عشق کی لگادی مجہہ پر
کردی مریجان حرام شادی مجہہ پر
نہ دنکو قرار اور نہ ہی رات کو خواب
دل نی مری ہامی کیا بنادی مجہہ پر

رباعی

ہم بلہوس اور غیر ٹہری جانباز
ہم غیر بنی عدو ہوبی محرم راز
گو بات بگڑ گئی پہ سب کچہہ بنیائے
گر ہوئی موافق یہہ سپہر ناساز

رباعی

تشریف وہ یہان نہ لائی افسوس افسوس
مرتی دم بہی نہ آئی افسوس افسوس
سب رہ گئین لگی حسرتین دل ہی مین
افسوس افسوس ہائی افسوس افسوس

رباعی

پروانیکو کس لیے جلایا ای شمع
بیجرم کو خاک مین ملایا ای شمع
سرکشی سی بہی ذرا شرارت نہ گئی
تو نی تو غضب ہی سر اوٹہایا ای شمع

رباعی

ہر روز ہون مثل مہر سرتا پا داغ
ہر رات ہی سوز سینہ مانند چراغ
سیماب کی طرح جان مضطر کی سبب
مر کر بہی ہوا نہ مجکو جلنی سی فراغ

رباعی

کہہ دہیان ہی طالع بداختر کی طرف
کہہ چشم امید لطف دلبر کی طرف
ہی خوف بلا و انتظار جانان
ایک آنکہہ ہی سوی چرخ ایک در کیطرف

رباعی

تاثیر نکی عشق نی ہی مطلق
چہیڑی ہی زیادہ شوخ ہنگام قلق
گلگونہ لالہ رنگ خونابہ کو دیکہہ
کہتی ہین وہ کیا ہی مونہہ پہ پہولی ہی شفق

رباعی

مومن شوق گناہگاری کب تک
اے تیرہ درون سیاہ کاری کب تک
مان اپنی خدا کو باز آ بہر خدا
اے دشمن دین بتونسی یاری کب تک

رباعی

خاطر مین یہہ کلفتین نہ لائین کب تک
صحرا صحرا یہہ خاک اڑائین کب تک
ناچار جہانسی ہم اوٹہہ جاوینگے
جور و ستم فلک اوٹہائین کب تک

رباعی

ہر ایک پہ کہل رہا ہی سارا احوال
مشہور ہی خلق مین ہمارا احوال
افسوس یہہ پوچہنا کہ احوال ہی کیا
معلوم ہوا مجہی تمہارا احوال

رباعی

مومن تب و تاب غم مین ونی سی حصول
پہل پاچکی مفت جان کہونی سی حصول
یہہ تخم کہین ہوا ہی سرسبز آب تک
اس دانہ سوختہ کی بونی سی حصول

رباعی

کیون زرد ہی رنگ کسلیی آنسو لال
کسواسطی ہر گہڑی رہی ہی تو نڈہال
کیا شکل یہہ بن گئی ہی تیری مومن
کیا ہوگیا تجکو کیون ہی تیرا یہہ حال

رباعی

بدنام کیا تیرا برا ہوا ے دل
نام کام کیا تیرا برا ہوا ی دل
مومن کو بتون سی کیا سرو کار بہلا
کیا کام کیا تیرا برا ہوا ے دل

رباعی

مین شمع نہین مری رولانی سی حصول
لوبان نہین مری جلانی سی حصول
ہون خوردہ گل نہ اب بہاران بہار
ظالم میری خاک مین ملانی سی حصول

رباعی

مصروف روا ہی کار تہی ہر جا ہم
کام آئی ہر ایک شخص کی کیا کیا ہم
پر جبکی ہوئی نجانا اوسنے اپنا
دنیا مین مکان وقف تہی گویا ہم

رباعی

کسواسطی متصل رولانا ظالم
یون کسلیے دمبدم جلانا ظالم
ہوتی ہی ادا اگر قضا ہو بیداد
ہی فرض مگر مرا ستانا ظالم

رباعی

ہی تمکو عداوت آزمانا معلوم
کیا زیست کہ گور پر بہی آنا معلوم
ہم جانسی جائین یا جہانسی لیکن
ہو آپ کی دل مین کچہہ ٹہکانا معلوم

رباعی

مومن تمہین کچہہ بہی ہی حمیت پاس ایمان
ہی معرکہ جہاد چل دیجیے وہان
انصاف کرو خدا سی رکہتی ہو عزیز
وہ جان جسی کرتی تہی بتون پر قربان

رباعی

اس طالع شور کا تو چارا ہی نہین ٥
دنیا مین علاج ایک ہمارا ہی نہین
اغیار کو نوش جان می وصل کہ یہان
جز شربت مرگ کچہہ گوارا ہی نہین

رباعی

مومن رہ عشق آہ کچہہ خوب نہین
واللہ بتون کی چاہ کچہہ خوب نہین
آمان کہان جا سوئے بتخانہ
کچہہ خوب نہین یہہ راہ کچہہ خوب نہین

رباعی

اب ہم پہ جو ہر گھڑی وہ جھنجلاتی ہین
الطاف قدیم آہ یاد آتے ہین
تہا یا تو وہ لطف یا یہہ نفرت اسد
لوگ ایسی ہی دنیا مین بدل جاتی ہین

رباعی

پانی اوس بت نی نہ جبہ پہینکا مومن
احسان مین سر بسر ڈبو یا مومن
ہی کشت امید سبز و خرم باری
ابر رحمت کچہہ آج برسا مومن

رباعی

اچہا ہی گر اوسکی دم مین پہراؤن مین
چاہت کی سزا زیادہ تر پاؤن مین
اس دشمن جانکا پاس اتنا ہی ہی
کہتا ہون کہ دل ملی تو ملجاؤن مین

رباعی

قاصد مین تری سخن کا شایق ہی نہین
کچہہ ذکر ہو طبع کی موافق ہی نہین
پیغام سی بن ملی ہو کیونکر تسکین
باتون مین جو بہل جائی عاشق ہی نہین

رباعی

پائی یہہ سزا چاہ کی جی کہوتا ہون
ہنسنے کی ہی کیا جائی اگر روتا ہون
اس جور پر اب تلک نہین شرم تمہین
مین ذکر وفا کر کی خجل ہوتا ہون

رباعی

آرام و سکون کہان ہی بیتابی مین
صد برق تپان نہان ہی بیتابی مین
ایک آن بہی دلکو چین لینے نہ دیا
تیری ہی سی شوخیان ہین بیتابی مین

رباعی

کیا خوب عذاب مین گرفتار ہون مین
جاندادۂ لطف رشک اغیار ہون مین
جینی سی مر گیا وہ دشمنی سی خوش ہی
جانی ہی کہ زندگی سی بیزار ہون مین

رباعی

تاثیر یہہ پند کی ہی مین بہی کیا کہون
یہہ کہتی ہین آپ اور مین جلتا ہون
الحضرت مومن اب تمہاری ضد سی
انشاء اللہ پہر بتون کو چاہون

رباعی

اتنا عاشق پہ ظلم اتنی بیداد ای آفت جان
یہہ لوگ جہانمین شوخ کافر جلاد بیداد ہین کہان
صد حیف نجانی قدر اوسکی تونی تہا ایک ہی وہ
افسوس کی بات ہی کہ یون ہو برباد مومن سا جوان

رباعی

ہی فکر سدا کوئی نہ چاہے تجکو
ہو کچہہ ایسا کوئی نچاہے تجکو
شکوہ کرکے کرونگا سب مین رسوا
تا میری سوا کوئی نہ چاہے تجکو

رباعی

کیسی دیتی پیچ وتاب دل نی مجکو
دکہلائی یہہ سب عذاب دل نی مجکو
وحشت زدہ کو بکو پڑا پہرتا ہون
کیا کیا نکیا خراب دل نی مجکو

رباعی

نہ صبر وسکون کا گہر مین یارا مجکو
نی کوچہ یار سین گذارا مجکو
سیماب کی طرح اکدم چین نہین
بیتابی دل سے تنے آہ مارا مجکو

رباعی

پہر کوئی صنم پسند آئی مجکو
کوئی بت مہر جلوہ بہائی مجکو
جسدن نی دکہائین یہہ اندہیری راتین
وہ دن اللہ پہر دکہائی مجکو

رباعی

کیا خوار وزبون کیا وفا نی مجکو
کونی مین بٹہا دیا حیا نی مجکو
نظرون سی بتون کی گر پڑا تہا مومن
صد شکر اوٹہا لیا خدا نی مجکو

رباعی

مین کیا کہون اپنی موںہہ سی کیسی تم ہو
تم آپ ہی جانتی ہو جیسی تم ہو
ہر جاے و ناقدر عدو کو نکہو
کہہ بیٹھی کوئے مبادا ایسی تم ہو

رباعی

مومن ہی امید وصل بیجا تجکو
کم فہمی شوق نے ڈبویا تجکو
پانے پہنیکا تو گرم جوشے نہ سمجہہ
نادان یہہ دیا ہی وسنی جہنٹا تجکو

رباعی

الفت مین بہی مجکو دکہہ دئی جاتی ہو
ندکور ندامت کا کئی جاتے ہو
کہتی ہو کہ اب غیر کا مین نام نہ لون
یون بہی تو وہی نام لئی جاتے ہو

رباعی

بیفائدہ غیرون سی جدا ہوتے ہو
کب مائل ارباب وفا ہوتے ہو
ایک ایک سی میری بیوفائی کا گلہ
کچہہ خیر ہی غیرت سی خفا ہوتے ہو

رباعی

گیا رحم نہ آئی بات باور تمکو
کیا لون جگر چاک دکہا کر تمکو
ہون کاغذ نامہ کی ہزارون پرزے
حال دل صد چاک لکہون گر تمکو

رباعی

جو میری بخار کا سبب ہی نہ کہو
یہہ بات جگر سوز غضب ہی نہ کہو
معلوم نہین تمکو طبیبوا احوال
جلتا ہون یہہ کہنی سی کہ تب ہی کہو

رباعی

کب تک ربط بتان دلجولی نباہ
کب تک فکر حصول حشمت او جاہ
آتا ہی یہہ جی مین چہوڑ سب کچہہ مومن
اک کونی مین بیٹہی کیجی اللہ اللہ

رباعی

گر دیکھی ہی آئینہ نوازش خان کاہ
اور پڑتی ہی صورت مبارک پہ نگاہ
ابلیس کی شبہ مین یہہ پڑہتی ہین آپ
لاحول ولا قوۃ الا باللہ

رباعی

وہان تمکو سفر ہوا جو مجبوری سے
یہان ناک مین دم ہی رنج مہجوری سے
تم تو وہان پہنچی اور مین یہان پہنچا
مرنی کی قریب آپ کی دوری سے

رباعی

راز غم عشق کو چہپایا ہمنے
اس ضبط سی جان کو کہپایا ہمنے
تہی دلمین بہری ہوی ہوای جانان
درد قولنج اوسی بتایا ہمنے

رباعی

دل درد کا مبتلا خرابی یہہ ہے
تو یار سو ہو فا خرابی یہہ ہے
مین جان دون تجہہ پہ ہو نہ تجکو معلوم
ای خانہ خراب کیا خرابی یہہ ہے

رباعی

شوخی تہی بس مری یہہ ستانی کی لئی
گرمی تہی یہہ آگ پر لٹانی کی لئی
دشمن یہ گناہ سرد مہری کی سبب
تم آگ ہوی مری جلانی کی لئی

رباعی

افسوس شکایت نہانی نہ گئے
دل پر سی فریب کی گرانی نہ گئے
الطاف تہی ابکہ روبروی دشمن
اوس شوخ سی مجکو بدگمانی نہ گئے

رباعی

مومن یون ہی کسی پہ مرتا ہی کوی
اسطرح ہی جان سی گذرتا ہی کوی
خود کام کیا سمجہہ کی دل توڑ دیا
نادان ایسا ہی کام کرتا ہی کوی

رباعی

خاطر نہیں تمکو گر ہماری نہ سہی
گر اب نہیں وہ جو دوستی تہی سہی
ملنا نہیں تو پیام ہی ہی موقوف
جب وہ نہ رہا تو خیر یہہ بہی نہ سہی

رباعی

ہی اور ہی آگ سوزش پنہانے
یہہ بات طبیبون نی کہان پہچانے
سمجھو نہ عرق کہ دیکہہ کر دلکی جلن
تپ شرم سی ہو گئی ہی پانی پانے

رباعی

کی صرف کمال زندگانی ہمنے
دیکھی نہ جہان مین قدردانی ہمنے
افسوس کہ ایسی بی تمیزون سی گلہ
قدر اپنی کچھہ آپ ہی نجانی ہمنے

رباعی

دنیا کی طلب نہ روضہ رضوان کے
ہو کوئی خفا کہین گی ہم ایمان کے
چہوڑا گیا کچھہ تری لیئی پر تجھکو
کافر ہوئی کچھہ قدر نہ مومن خان کے

رباعی

آتش دل زار مین لگائی اوسنے
برسون جان حزین جلائی اوسنے
پہینکا مجہہ پر کل اختلاطا پانے
بہڑکی ہوئی آگ کیا بجھائی اوسنے

رباعی

احسان کیا اگر ستایا تونے
قصہ سی نباہ کی چھڑایا تونے
کرنی لگی پہر وہی سمجھ کی باتین
بارے ہمین آدمی بنایا تونے

رباعی

عاشق ہوئی کیا کہ ایک مصیبت آئی
جون روز نشور شام فرقت آئی
گویا یہہ مکان تہا تنگنائی عالم
جسوقت کہ دل گیا قیامت آئی

مثلث بر غزل مولانا عرفی شیرازی

لذت فزاست در دل شبہا گریستن | خوش در خور است حسرت تو با گریستن

پنہان ملول بودن و پیدا گریستن

مت بیحجاب ہو تو نہ یون جہان چار سو | ای دیدہ شرم دار کہ مقبول عشق کو

رسوا نگاہ کردن و رسوا گریستن

منظور ہی کچھہ اور کہ اشک آنکھہ سی چلی | من خود کیم کہ گریہ بجا لم کنی ولے

می زیبدت بہ نرگس شہلا گریستن

ہین خونفشانیان عبث ای چشم اشکبار | گر کام دل ز گریہ میسر شدی زیار

صد سال میتوان بہ تمنا گریستن

حیران ہون دیکھہ ربط گل و شبنم ای ہزار | بیدرد را بہ صحبت ارباب دلچکار

خندیدن آشنا نبود با گریستن

بیصرفہ ہای روتی ہین کن ہتون سختی ان | عمرم بگریہ ہای ہوس صرف شد کنون

عمری بتازہ بایدم و وا گریستن

ای شیخ سیر بندہ و خلد برین پرست | گاہی بیاد سرو قدی گریہ ہم خوش است

تا کی ز شوق سدرہ و طوبا گریستن

لاکہون تباہ حال ہین ہین اشکبار ایک | ہر کس کہ ہست گریہ بجا اش رواست لیک

نتوان بعالمی تن تنہا گریستن

مومن یہ کہدی جا کی کہی گرچہ دل پہ شاق | عرفی ز گریہ دست نداری کہ در فراق

دردت ز دل نمی برد الا گریستن

تخمیس غزل خواجہ حافظ علیہ الرحمہ

دور ایام دگر شرم و حجابی دارد | فلک از ابر برخسار نقابی دارد
بخت سیراب نگاہان سر خوابی دارد | آنکہ از سنبل او غالیہ تابی دارد

بازبا دل شدگان ناز وعتابی دارد

جی گیا مفت مین حاصل نہوی ہای ہی مراد
شوخیان ہین قلق بسمل مضطر سی زیاد
کیون نہون نیش زن دل گلہای جلاد
از سر کشتہ خود میگذرد ہمچون باد

چہ توان کرد کہ عمریست شتابی دارد

ہر بلا ہی سر عشاق پر آوردۂ زلف
روز کس کس کی ہہین آہ سیہ کردہ زلف
ظلمت شب جسی کہتی ہین پروردہ زلف
ماہ خورشید نمایش زپس پردۂ زلف

آفتابی ہست کہ درپیش سحابے دارد

گرچہ ہر بوسی پہ ہم کرتی ہین سو جان نثار
جان لیجاوی اجل تو بہی ہی مرنا دشوار
پر ہمین زندگی تازہ ملی ہی ہر بار
آب حیوان اگر اینست کہ دارد لب یار

روشن ہست اینکہ خضر نیز سرابی دارد

جستجو مین تری ہر سو ہی روان سیل سرشک
تو جہان جا ہی ہی پہنچی ہی وہان سیل سرشک
دیکہتی ہی تیری پاؤنکی نشان سیل سرشک
چشم من کرد بہر گوشہ روان سیل سرشک

تا سہی سرو ترا تازہ بآبے دارد

زندگانی سی ہون بیزار جدائی مین اشد
ہون تو بیجرم پہ تعذیر سی خوش ہون بیحد
شاد ہوتا ہون جب احوال نظر آتی ہی بد
غمزۂ شوخ تو خونم بخطا می ریزد

فرعتش باد کہ خوش فکر صوابی دارد

سینۂ آتشکدہ ہی آہ سی جہرتی ہین شرر
اینک اس خام کو ہی حاجت صد داغ دگر
اس تپ و تاب پر اتا ہی دل افسردہ نظر
چشم خونریز تو دارد ز دلم قصد جگر

ترک مست ہست کہ میل کبابی دارد

لب بلا بیکا بہی باقی نرہا ضعف سی حال
دلکی دل ہی ہین ہی عرض تمنای محال
کیا کہون سینہ مین کیسا ہی بہر شوق وصال
جان بیمار مرا نیست ز تو روی سوال

ای خوش آن خستہ کہ از دوست جوابی دارد

ایک دشمن ہی یہہ مومن کو خدا دفع کری
اوسی کہتا ہی کہ خاموش ہو یا آہ بہری
سخت بدخواہ عزیزان ہی کہین جلد مری
کی کند سوی دل خستہ حافظ نظری

ایضاً — **تخمیس**

چشم مستت کہ بہر گوشہ خرابی دارد

عنادل گل رویتو گلعذار انند
غبار راہ وفای تو شہ سوار انند
اسیر دام بلای تو دل شکار انند
غلام نرگس مست تو تاجدار انند

خراب بادۂ لعل تو ہوشیار انند

ہماری مد نظر تہی بہت نشیب و فراز
پہ کیا کرین کہ یہہ ہی قضای زو نیاز
نہ کوئی واقف اسرار تہا نہ محرم راز
ترا حیا و مرا آمد دیدہ شد غماز

وگرنہ عاشق و معشوق راز دار انند

خرام ناز سی پامال ہی جہان بجبر
ولی نہین تجہی احوال پر کسیکی نظر
ہی عاشقونکا تیری ساتہہ ساتہہ ایک لشکر
ز زیر زلف دوتا چون نگہہ کنی بنگر

کہ در یمین و یسارت چہ بیقرار انند

ہماری چلنی سی کیا تجکو کیون لگی ہی لو
یہان نہین کوئی دیوانہ جو کری تگ و دو
سنین نہ ایک تیری تو بنا ہی باتین سو
نصیب ماست بہشت ای خدا شناس برو

کہ مستحق کرامت گناہگار انند

کہی ہی پیر مغان نی یہہ کہنا یہہ رنگ سخن
لگی ہی تیرہ درون و لغط اسکی بات نہ سن
ہی تازہ توبہ ابہی یاد کر شراب کہن
بیا بمیکدہ و چہرہ ارغوانی کن

مرو بصومعہ کانجا سیاہکار انند

وہ کون ہی کہ نہین پای بند دام ہوس
پڑا ہی شور زمانی مین ای نسیم نفس
ہوئی ہین زمزمہ سنج و خاکس و ناکس
زمن بران گل عارض غزل سرایم و بس

که عندلیب تو از ہر طرف ہزار انند

سیاه پوش ہی اک خلق ایک جہان غمگین
وہ کون ہی کہ پریشان و خستہ حال نہین
بہاری کہنی کا تجکو اگر نہ آئی یقین
گزار کن چو صبا بر بنفشہ زار و ببین

کہ از تطاول زلفت چہ سوگوار انند

مین اور چند ہوسناک عاشقی دشمن
ہوی ہین راہرو جلوہ گاہ رشک چمن
ہین خار یہان تہ پا وہان مین پیران تو تن
تو دستگیر شو ای خضر پی خجستہ کہ من

پیادہ میروم و ہمرہان سوار انند

ہمین امید رہا ہی نہ آرزوی خلاص
نہ چہوٹیگی تگ و دو نہ جستجوی خلاص
ہی ناگوار بلا جبکو گفتگوی خلاص
ز دام زلف تو دل را مبادر وی خلاص

کہ بستگان کمند تو رستگار انند

ہی سر پہ خاک گلہ گرد ہی لباس بدن
کدورت دل غمگین عبیر پیراہن
غبار فرق سی آئینہ جبین روشن
ز نقش چہرۂ حافظ ہمی توان دیدن

ایضاً — کہ ساکنان در دوست خاکسار انند — تخمیس

کسی بغمکدہ تا کی بصد محن باشد
ز داغ رشک عدو گرم سوختن باشد
بگوشہ جگر افشان و نالہ زن باشد
خوش است خلوت اگر یار یار من باشد

نہ من بسوزم و او شمع انجمن باشد

تبنگ آئی ہین اب تجکو چہوڑ دینگی ہم
ہمین پسند نہین بیوفا یہ لطف و کرم
کہ غیر سی بہی ملاقات ہی اگرچہ ہی کم
من آن نگین سلیمان بہیچ نستانم

کہ گاہ گاہ برو دست اہرمن باشد

کہانتلک ہی خاطر بحزن و رنج و ملال
کہانتلک ستم رشک سی ہو جان پامال
پس اوسکی محفل دلچسپ سی عدو کو نکال
روا مدار خدایا کہ در حریم وصال

رقیب محرم و حرمان نصیب من باشد

عدو کی بات بھلی اور بُری مری اشعار
کہاں ہی جلد پہنچ بدھد صبا رفتار
پسند نالۂ زاغ اور رد نوای ہزار
ہمای کو مفکن سایۂ شرف زنہار

درآن دیار کہ طوطی از زغن باشد

وفور وحشت و جوشش قلق ہی وزافزون
اگرچہ خوار و زبون دشت دشت پھرتا ہون
نہین ہی صبر و شکیب و قرار و تاب و سکون
ہوائی کوی تو از سر نمیرود بیرون

غریب را دل آوارہ با وطن باشد

مین کیون وہ بات کرون جس سی ہو وہ شوخ خجل
ہر ایک حرف ہی بیان دل شگاف و تاب کسل
وفور ولولہ کی التماس سے حاصل
بیان شوق چہ حاجت کہ شرح آتش دل

توان شناخت ز سوزی کی در سخن باشد

ہی مومن آگی تیری کیا ہی مم بخود حافظ
تو رہنمای سخن اور نابلد حافظ
مجال ہی جو کری تجھسی جد و کد حافظ
بسان سوسن اگر دہ زبان شود حافظ

چو غنچہ پیش تواش مہر بر دہن باشد

تضمین مصرع خواجہ بطریق تخمیس

خندہ زن چاک گریبان تو بیخبری نیست
بی نمک خندہ پنہان تو بیخبری نیست
بی تشکن زلف پریشان تو بیخبری نیست
می حریف لب و دندان تو بیخبری نیست

خواب این نرگس فتان تو بیخبری نیست

کس کے گھر رات توای غیرت مہتاب رہا
بستر خواب نہ تنہا ہا ہی کہ بیخواب رہا
کون سا بیہدہ سر کام ہوس ناب رہا
نیند آتی نہ نزاکت سی جو بیتاب رہا

خواب این نرگس فتان تو بیخبر نیست

شب کسی رند قدح خوار نی سونی نہ دیا
آرزومند ہوس کار نی سونی نہ دیا
بادۂ عیش سی سرشار نی سونی نہ دیا
حسرت آلودہ طلبگار نے سونی نہ دیا

خواب این نرگس فتان تو بیخبری نیست

تو یہہ سمجھا ہی کہ مین محرم اسرار نہین
مین کہین اور رہا رات کو زنہار نہین
کسی کہتا ہی کہ غیرون سی سروکار نہین
جب کہ بیداری شب قابل انکار نہین

خواب این نرگس فتان تو بیخبری نیست

شب کسی نی تجھی مہمان بولایا ہوگا
ہوس لودہ نی کیا کیا نہ ستایا ہوگا
بیٹھہ کر پاس عجب لطف اوٹھایا ہوگا
بخت بیدار نی دشمن کی جگایا ہوگا

خواب این نرگس فتان تو بیخبری نیست

غیر نی گرمی صحبت مین جلایا ہی تجھی
طعنی دی دیکی بہ بدگوئی رولایا ہی تجھی
میری فسانہ جانسوز سنایا ہی تجھی
شام سی صبح تلک خوب جگایا ہی تجھی

خواب این نرگس فتان تو بیخبری نیست

بی مزا پائی بہلا ہوش کو کہوتا ہی کوئی
بی ہم آغوش کسلمند بہی ہوتا ہی کوئی
دامن آلودہ نہو می سی تو دہوتا ہی کوئی
تو ہی کہہ صبح کو بن جاگی بہی سوتا ہی کوئی

خواب این نرگس فتان تو بیخبری نیست

یہہ تو کیا مونہہ ہی کہ ہم بستر اغیار کہون
ہان کنایت سی مگر دولت بیدار کہون
دشمن ننگ و حیا پردہ در عار کہون
اگر ہوا زردہ تو اسپر بہی تو ای یار کہون

خواب این نرگس فتان تو بیخبری نیست

یا تو پھر شب کو رہا آج تو ہم بزم رقیب
یا یہان سی ہی اوٹھا نیکی ہماری تقریب
گھر مین آیا ہی ابہی صبح خستن کے قریب
کچھہ نہ کچھہ تو ہی کرامی بایا آرام و تشکیب

خواب این نرگس فتان تو بیخبری نیست

کیا شب ہجر عذاب دل مضطر نہ سہا
صبح دیکھا اوسی مخمور تو حسرت سی کہا
ایک دریا تہا کہ بس دیدہ حافظ سی بہا
ہی بت افسوس تو مومن سی ہم آغوش رہا

خواب این نرگس فتان تو بی‌خبری نیست

تخمیس غزل رئیس المتغزلین مولانا نظیری نیشاپوری

خانہ زاد عشقم و اندوہ ہمزاد من است — یاس و محرومی سرشت طبع ناشاد منست
از جفای طالع بد داد و بیداد منست — آنکہ رحم از دل برد تاثیر فریاد منست
وآنکہ نسیان آورد خاصیت یاد منست

ہم کبھی تھی می پرست اور گاہ تھی شاہد پرست — کبھہ حزین و مضطرب کبھہ بیخود و بیہوش و مست
عاشق بت تھی کبھی گہ محو معشوق الست — نیست در عالم تمنای کہ از قیدش نجست
ہر کجا بینی ہوای صید آزاد منست

آنکھہ پہر گئی ہی کہ آتا ہی وہ زیب انجمن — شوق کہتا ہی کر و آرایش بیت الحزن
جب نہین آتا تو کیا جلتا ہی جی کو بی سخن — ساختن ممنون دیدار و بحسرت سوختن
از تصرفہای حرمان خداداد منست

دیکھہ لی ہمسا ندیکھا ہو ئیگا الفت پرست — ہی کبھی لیتا ہی پہر آیا تو کاٹین اپنت دست
ہین خموش اس جور بیجا پر کہ چشم نیم مست — حرف عاشق بی زبان شکوہ دل عاجز است
انچہ ہرگز آشنا با لب نشد داد منست

ایک مشت استخوان ہی بلکہ کچہ اس سی ہی کم — جو کمین مین اپنی ہو بیچ تو بیہ ہی دسکا کرم
قتل گہہ مین سر نگون خجلت زدہ بیٹھی ہین ہم — آن شکارم من کہ لایق ہم بخستن نیستم
شرم می آید مرا ز آنکس کہ جلاد منست

جو ہو خود ہر کام مین وآمادہ و اصلاح جو — اوس سی مطلب نکلی کیا واہ افی ہی ابرد
جای رونیکی ہی ہو من سادگی تو دیکھہ تو — کار دشوار نظیری گریہ می آرد کہ او
شاد از تدبیرہای سست بنیاد منست

تضمین مصرعی از واسوخت وحشی یزدی بطرق تخمیس

من ز پیشش آمد اغیار چو رفتم رفتم
باچنین رنجش و آرام چو رفتم رفتم
مرد از راه بیزار چو رفتم رفتم
از جفای تو من زار چو رفتم رفتم

لطف کن لطف که این بار چو رفتم رفتم

جب کہ جی بیٹھہ گیا ناز اوٹھانا معلوم
اپنی جان پہ جب دم تو بچانا معلوم
اوٹھہ گیا دل تو سماجت سے بٹھانا معلوم
پھر گئی تجھسے طبیعت تو پھر آنا معلوم

لطف کن لطف که این بار چو رفتم رفتم

اور ہیں جو کبھی آتی ہیں کبھی جاتی ہیں
جو رہ مصرفہ کسی سے بھی سہی جاتی ہیں
ہم نہیں اُنکی سر بار کبھی جاتی ہیں
اُنکی پھر خاطر الفت سے ہی جاتی ہین

لطف کن لطف که این بار چو رفتم رفتم

کس لئے کوئی حریف غم و حرمان ہوگا
تختۂ مشق جفاہای نمایان ہوگا
پایمال ستم رشک رقیبان ہوگا
چھوڑ دی جو نہین دیکھہ پشیمان ہوگا

لطف کن لطف که این بار چو رفتم رفتم

کیا ہی دیوانہ سمجھہ کا تری ہی یار ہونمیں
غیر کو عیش ہوا و زیست سے بیزار ہونمیں
قابل لطف عدو لائق آزار ہون مین
ہاتھہ سے مجکو نکھو دیکھہ وفادار ہونمین

لطف کن لطف که این بار چو رفتم رفتم

صبر آئی جو عدو کو بھی ستائی تو کبھی
جیتے ہی جاؤن وہان اب کہ نہ آئی تو کبھی
نہ لگی آگ جو اوسکو بھی جلائی تو کبھی
گم کرون آپ کو ایسا کہ نہ پائی تو کبھی

لطف کن لطف که این بار چو رفتم رفتم

رحم ہرگز نہیں آتا تجھے ہم پر ظالم
تیری محفل سے چلی سخت مکدر ظالم
دل ٹھہرتا نہیں ٹھہری کوئی کیونکر ظالم
ای دل آزار جفاکیش ستمگر ظالم

لطف کن لطف که این بار چو رفتم رفتم

ایسی دکھہ دیکھنگی پہر شکل دکھائیگا کوئی
کونسی بات ہی جس بات پہ جائیگا کوئی
یاد کیا کرکی یہہ غم دلسی بہولائیگا کوئی
سر پہرا ہی کہ تیری پاس پہر آئیگا کوئی
لطف کن لطف کہ این یار جو رفتم رفتم

کیون نہ آزردہ ہون کچہہ جانسی ہین بیزار نہین
جس سی ملجاتی نہی لڑ بہڑ کی وہ آزار نہین
مجہہ مین تاب ستم غیرت اغیار نہین
آپ کی ہو ترک وفا ہم سی تو دشوار نہین
لطف کن لطف کہ این یار جو رفتم رفتم

کیا تیری عشق مین پائی ہی سراسر رنجش
بسکہ ہوتی گئی ہر بار فزون تر رنجش
یعنی موجود نہی ملنی کی برابر رنجش
آپ کی بیحد و نہایت ہی ستمگر رنجش
لطف کن لطف کہ این یار جو رفتم رفتم

لاعلاج آہ جب آزار کو اپنی پایا
تو سمجہہ پا نسمجہہ مینی تجہی سمجہایا
عدم آباد کو ناچار سفر ٹہرایا +
یہہ نہو گہر کہ کیا اور مجہی لے آیا
لطف کن لطف کہ این یار جو رفتم رفتم

ای صنم رشک سی کبتک کوئی ناشاد رہی
دیر ویران سہی کعبہ مرا آباد رہے
مثل ناقوس سدا ہمدم فریاد رہے
یعنی مومن ہون چلاجاؤنگا مین یاد رہے
لطف کن لطف کہ این یار جو رفتم رفتم

مخمس برغزل مرزا قتیل

چون شکوہ ام بدشنم آن دل شکن کند
غیرت حیا بجان من خستہ تن کند
او در جواب کار دل خویشتن کند
گو بخت آنکہ یار شکایت زمن کند
چندانکہ مدعی نتواند سخن کند

یون ہی ثری وفاسی دل زار ناامید
ایسا یہہ ناامید ہی ای یار ناامید
جیسی کہ جینی سی کوئی بیمار ناامید
گردد ہزار بارہ گرفتار ناامید

گر شکوه دلم ز تو پیمان شکن کند

یارانہ بتان پہ پہلا اعتماد کیا
یا اسقدر وہ شکل سی بیزار ہو گیا
یا تو کسیکو دخل نہ تہا وہان مری سوا
گر ہیم سرگرانی او نیست غیر را
منعم چرا ز ہمرہی خویشتن کند

غیرت نی ہای قتل کیا مجکو بانصیب
مین دور بیٹہون اور رعدو یار کی قریب
دکہلائی پہر خدا نی یہہ بزم اجل قریب
آن طالعم کجاست کہ از پہلوی رقیب
قتل مرا بہانہ بر خاستن کند

مدت سی وسکی ہم سخنی کی تہی آرزو
ای جوش گریہ بس ہی تیری ہاتہہ ابرو
اب عین وصل ہی تو نہین تاب گفتگو
او میکند سوال و مرا در جواب او
از اضطراب دل نتواند سخن کند

تہی چند جمع پیکش خون دل ایک جا
مومن بہی کیا ہی شوخ ہی کس طعن سی کہا
جائی کباب غیرت عاشق کا ذکر تہا
میلی ہزار حیف کہ آن می پرست را
ذوق شراب ساقی ہر انجمن کند

ایضا

تخمیس

کیست تا پیشش پیام شوق کام من برد
گر برد پیک خیال فتنہ کام من برد
کیست تا غمنامۂ خونی کلام من برد
بسکہ قاصد را بپا زارد چو نام من برد
رحم نگزارد کہ بگزارم پیام من برد

یہہ کہان قسمت کہ کاونسی سنون وہ گفتگو
ہائی ناکامی ہی دل ہی مین دلکی آرزو
ہان مگر قاصد ہو پیدا العبد بعد جستجو
بر نگردد قاصد از شرم جواب تلخ او
چون پیام من بر شیرین کلام من برد

میری ہی قسمت مین تہا یارب عذاب جاودان
بعد مردن بہی ہون پامال غم و حرمان کہ ہان
جیتی جی تو تہی المہای فراوان وقف جان
رشک دارم بر قبول آنکہ پیش از دیگران

مژده مرگم لب و خوشخنده ام من برد

اس اسیری مین گرفتار کمند مشکبو | دل سی پہر صید صیاد ہی تدبیر جو
ای تغافل لا پہسا اوسکو کہ ہی دام نکو | مرغ دل بستم پئی صیدش بدام آرزو

آہ اگر آن مرغ وحشی پی بدام من برد

ہجر شیرین لب مین ہو غمین تلخ عیش و تلخ روز | کیون مری ماتم مین جلنا کیون ہی شور غم فروز
فی الحقیقت گرچہ ای ارباب شور و اہل سوز | تلخ باشد زہر مرگ اما بشیرینی ہنوز

می تواند تلخی ہجران زکام من برد

گو دلایا تو مین کہلنا نہ تہا یون اختیار | شکوہ اوسکا غیر سی کرنا نہ تہا بی اختیار
لیک اب کیون ہی پشیمان کسلیئی ہی بیقرار | خاطرم جمعیت از بدگوئی دشمن کہ یار

گوش بر حرفش مینداز د چو نام من برد

کل ملا ہو من اگرچہ تہی تو وحشت پہلی ہی | پر ہوا عاشق ہلی بہلی و رہی دیوانگی
بہاگتا تہا دور دور اور دلبہ بیت نہی | رام شد وحشی دل بیلی باد و ارسر کشی

ہر زبان آرام از آہوی رام من برد

ایضاً | تخمیس

در بزم یار ہمرہ دشمن گذر کنم | سویم چو بنگرد سوی دیگر نظر کنم
گر گریہ سر دہد گلہ در دسر کنم | ترسم کہ راز محبت خویشش خبر کنم

باخویش سرگرانی او بیشتر کنم

کیا کیا امید تہی تری ہاتہو نسی قتل کی | تہا جی مین کچہ کہون کہ ملی آرزو مری
پر کیا کرون نزاکت دل یاد آ گئی | ترسم ز بیوفائی خود منفعل شوی

گر از امیدواری خود نشت خبر کنم

دیکہا جو میرے حال پہ ہستی ہین تیغ و شتاب | کہائی قسم پہر آنکی ایسے جوش اضطراب
پردہ نشین ہی آئی کس طرح سی حجاب | وقت وداع او من دیوانہ خراب

با ہر کہ روبروی شوم گریہ سر کنم

کیسا طلوع صبح کہان ہی نمود روز
ہی گہر مین جلوہ گر ابہی وہ ماہ دلفروز
کیا کیجی ہمنشین کلا جوش تاب سوز
بی طاقتی شوق ببین کز برم ھنوز
نگذشتہ یار و روی براہ دگر کنم

ناصح ذلیل کہنی لگی مجکو شیخ و شاب
ملنی سی میری کرنی لگی خلق اجتناب
اتنو خوشی ہوئی تری اچہی خانہ خراب
رسوائیم رسید بجائی کہ از حجاب
دیگر بہ پیش او نتوانم گذر کنم

زار اجرت بیا مبران سی نہ تہا زیاد
زور آیا کام دشمن پر کینہ وعناد
زاری رہی سو او سی نہ کیا کیا تہی اعتماد
اکنون کہ ہیچ داد دلم گریہ ہم نداد
درکوی او نشینم و خاکی بسر کنم

مومن کیطرح جوش مین پہرتا ہون کو بکو
شوق نظارہ سی ہوئی برباد ابرو
افسوس کامیاب مین ہو سکا کبہو
ہیہات زشرم عشق بجانم کہ سوی او
باشوق اینچنین نتوانم نظر کنم

تخمیس غزل ابوطالب ہمدانی کلیم تخلص

طبع سنبل کدہ گاہ ہست پریشان از من
کہ کدورت بدل دشت و بیابان از من
چہ گسم من کہ ز صحرا نہ گلستان از من
نہ ہمین سیر بدان تو گل خندان از من
میکشد خار درین بادیہ دامان از من

لطف ہی اپر ستم آلودہ کرم مین آزار
دل کہین اور ہی بیٹہا بغل مین ناچار
ایکدم بہی تو نہین شوخی بیجا سی قرار
با من آمیزش او الفت موج ست و کنار
روز و شب با من و پیوستہ گریزان از من

کسکو ڈہونڈون مین کہان جاؤن کہ تابی نہین دم
کیا کرون وہ نہین سکتا تری کوچی سی قدم

وقت رحم و دم الطاف ہی ہنگام کرم — قمری ریختہ بالم بہ پناہ کہ روم

تا بکی سرکشی ای سرو خرامان از من

اب تک صدمۂ الفت سی نہین ہون آگاہ — کچھ بھی دشوار نہین ہی مری گرفتاری آہ
کوئی دلدار ہو اور کوئی ادائی دلخواہ — بہ تکلم بخموشی بہ تبسم بہ نگاہ

میتوان برد بہر شیوہ دل آسان از من

کرتی ہین رند قدح کش مری صحبت سی حذر — ایسی ناکام کی جینی سی تو مرنا بہتر
جل رہا ہون مجھی کیا آتش دوزخ سی خطر — نیست پرہیز من از زہد کہ خاکم بر سر

ترسم آلودہ شود دامن عصیان از من

کف کشادہ ہی پر افسوس نہین دست کرم — ہین گدا لیک شہنشاہ اقلیم ہمم
گر کوئی لی تو ہین جان دینی تلک حاضر ہم — گرچہ مورم ولی آن حوصلہ باخود دارم

کہ بخشم بود از ملک سلیمان از من

قابل چارہ نہین ہی مرا احوال سقیم — رہ گئی سر پہ مری ساری طبابت ہی ہیم
تجکو مومن کی سی الفت ہی ویسا تو حکیم — اشک بیہودہ مریز اینہمہ از دیدہ کلیم

گرد غم را نتوان شست بطوفان از من

تخمیس غزل نواب محمد مصطفی خان بہادر شیفتہ تخلص

کہتی تہی سب کہ تم نہین بچنی کی شب تلک — نادان ہین یار انہین کوئی سمجہای کب تلک
دشوار ہی وصال ہین ناکام جب تلک — رہ جائی کیون نہ ہجر مین جان آ کی لب تلک

ہی آرزوی بوسہ پہ پیغام اب تلک

ہرچند عمر بہر ستم ناسزا سہا — پر اوس جفا شعار سی شرمندہ ہی رہا
بیداد نو سی اب ہی یہ دریای خون بہا — کہتی ہین بیوفا مجہی ہینی جو یہ کہا

مرتی رہین گی تم سی جیتی ہین جب تلک

کب بزم مین مین کام ہوس یاب ہو سکا
مین کیا کہ غیر بہی نہین ہم خواب ہو سکا
کب مجہسی کچہہ مخالف آداب ہو سکا
تمکین حسن ہی کہ بیتاب ہو سکا
خلوت مین بہی نہ تہی قلق بی ادب تلک

بس ہر دمی دی مضطرب ای چارہ جو نہو
جز نیم جان کچہہ نہین باقی ہے سو نہو
گذرا مین ایسی جینی سی تکلیف تو نہو
آجائی کاش موت ہی تسکین نہو نہو
ہر وقت بیقرار رہی کب تلک

بس اوسکی ہمت کرائی ال بہوش و حس طرف
ہو نہ یہہ پہیر لی ہی بزم مین بیٹہو نہین جس طرف
کیا جانی تو کہ ہی نگہہ لطف کس طرف
وہ چشم التفات کہان اب جو اس طرف
دیکہی کہ ہی دریغ نگاہ غضب تلک

نقد روان اشک کا ہی صرف روز و شب
وہ دُر بی بہا جسی کہین عزیز سب
یاقوت لخت دل کا یہان خرچ ہی غضب
ایسی کریم ہم ہین کہ دیتی ہین بی طلب
پہنچا دو یہہ پیام اجل جان طلب تلک

اچہا نہین ہی عہد وفا دشمنون سی یار
ہونا پڑیگا نارسر شتون سی شرمسار
کہو ما تہہ سی نہ مجہی ستم کش کو زینہار
مایوس لطف سی نگرا ای دشمنی شعار
امید سی دہاتی ہین ہم جو راب تلک

وہ جو یہہ کہتی ہین کہ کسی سی نہ ل فریب
دونو طرف سی ہوتی ہین اب متصل فریب
ہم اونکی رشک سی جو ہین اتنی خجل فریب
یہان عجز بی ریا ہی وہان ناز دل فریب
شکر بجا رہا گلہ بی سبب تلک

مومن کو دیکہہ چشم مین آیا لہو اوتر
کہتا تہا ایک رفیق کو ہر بار دیکہہ کر
یہہ حال تہا کہ مضطر و حیران تہی چارہ گر
ایسی ہی بیقرار رہی متصل اگر
ای شیفتہ ہم آج نہین بچتی شب تلک

تضمین شعر خواجہ میر درد قدس اللہ سرہ بطریق التقدیس

جائی عبرت ہی مرا حال پریشان یارو
دل لگا کر مین ہوا سخت پشیمان یارو
اُس تو رہی ہی یہہ مایوسی وحرمان یارو
ہائی افسوس نہ نکلا کوئی ارمان یارو

جیکی جی ہی مین رہی بات نہونی پائے
ایک بہی وس سی ملاقات نہونی پائے

دل نہ دیتی اگر اوسکو تو نہوتے بدنام
رنج ہی ہوتی ہین الفت مین بعد آرام
کیا خبر تہی کہ اس آغاز کا یہہ ہی انجام
کہین دنیا مین نہوگا کوئی ہمسا ناکام

جیکی جی ہی مین رہی بات نہونی پائی
ایک بہی اوس سی ملاقات نہونی پائی

جذبہ شوق اوسی کہینچ کی لایا نہ کبہی
ماجرای الم و درد سنایا نہ کبہی
اثر اس نالۂ دلکش مین ہی پایا نہ کبہی
سخن شوق غرض لب تلک آیا نہ کبہی

جی کی جی ہی مین رہی بات نہونی پائے
ایک بہی وس سی ملاقات نہونی پائے

ایکدم صحبت دلدار میسر نہوئے
عشرت وعیش سی فرصت اوسی دم بہر نہوئی
نظر لطف وعنایت کبہی ہم پر نہوئے
اپنی ملنی کو کوئی جای مقرر نہوئے

جیکی جی ہی مین رہی بات نہونی پائی
ایک بہی وس سی ملاقات نہونی پائی

ایکدم صحبت اعدا سی کنارا نہوا
ہمکو غرض قلق و رنج کا یارا نہوا
یہہ ہی قرب ہوئی کچہہ پاس ہمارا نہوا
ہای وس بزم تک ایکبار گذارا نہوا

جیکی جی ہی مین ہی بات نہونی پائی
ایک بہی وس سی ملاقات نہونی پائی

کیا سیہ روز ہین یارب مری آرام و شکیب — کہ رہی جلوہ گہہ یار سدا بزم رقیب
پہیری گہر آنیکی ہرگز ہی نہ پائی تقریب — ایکدن ہی نہوئی ہا ہی شب وصل نصیب

جیکی جی ہی مین ہی بات نہونی پائے
ایک ہی اوس سی ملاقات نہونی پائے

تیرہ روزی کی رہی جلوہ فزائی ہی ہی — نہوئی صبح کبہی شام جدائی ہی ہی
کیا کہون اپنی نصیبونکی برائی ہی ہی — طالع بد کی یہہ خوبی نظر آئی ہی ہے

جیکی جی ہی مین رہی بات نہونی پائی
ایک ہی اوس سی ملاقات نہونی پائی

لہو دیا مفت ہین دل مینی کہ دکہہ ہی پایا — قلق ہجر نی کیا کیا نہ مجہے کہبرایا
پردہ پر فن نہ ملا یوہی سدا ترسایا — نہ وہان مجکو بلایا نہ یہان آپ آیا

جیکی جی ہی مین ہی بات نہونی پائی
ایک ہی اوس سے ملاقات نہونی پائی

یہان وہ آیا نہ عیادت کو ہی یکبار افسوس — مرتی مرتی نہ گئی حسرت دیدار افسوس
کرسکا دلولہ شوق نہ اظہار افسوس — نہوئی نزع تلک وا لب گفتار افسوس

جیکی جی ہی مین ہی بات نہونی پائی
ایک ہی اوس سی ملاقات نہونی پائی

تہا عشق مین اوس شوخ کی آرام کبہی — نہ دیئی ست نگارین سی مجہی جام کبہی
لب شیرین سی سنا نہ دشنام کبہی — نہ ملی لذت عوض ہوس کام کبہی

جیکی جی ہی مین ہی بات نہونی پائی
ایک ہی اوس سی ملاقات نہونی پائی

مین ہی حاضر تہا ہوئی جب طرف کعبہ روان — حضرت مومن تقوی وش و شیخ زمان

بی ادب ہیں ستی ہتی کیا لوگ ہین بیہودہ گمان — پڑھ کی یہہ ورد کا مطلع ہو ہوئی اشک فشان

جیکی جی ہی مین سہی بات نہونی پائی
ایک بہی وس سی ملاقات نہونی پائی

تضمین شعر طوطی شکرستان ھند

کیا کہون کچہہ پوچہہ ہائی ان کا احوال ہمنفس — بعد زمانہ وصل پر آج ہوا جو دسترس
کچہہ تو برای آرزو رہ گئی دلمین کچہہ ہوس — یعنی نور عشرت و جوش نشاط تہا کہ بس

صبح دمید و شب گذشت ماہ بتیبہ خانہ رفت
روی سحر سیہ کنید یار باین بہانہ رفت

ہای نظر مین پہرتی ہین شب کی سیاہ مستیان — بادہ سرخ رنگ کی فرش ہین کئی نشان
تاب کسل خمار ہی نشہ وصل اب کہان — سیل سرشک لالہ گون چشم سی کیون نہو روان

صبح دمید و شب گذشت ماہ بتیبہ خانہ رفت
روی صحر سیہ کنید یار باین بہانہ رفت

آئی جو شب کو وہ یہان چارہ رنج و غم ہوا — دشت فضا الم کدہ رشک وہ ارم ہوا
گو کہ حصول مدعا ہو تو کیا یہ کم ہوا — عین سرور و لطف مین قہر ہوا ستم ہوا

صبح دمید و شب گذشت ماہ بتیبہ خانہ رفت
روی سحر سیہ کنید یار باین بہانہ رفت

ساقی ماہرو نہین بیچی کسطرح شراب — سینہ و دل کو کردیا آتش ہجر نی کباب
اختر بخت جل گئی دیکہہ شعاع آفتاب — زانکی صحبت اب کہان پہر وہی ہم وہی عذاب

صبح دمید و شب گذشت ماہ بتیبہ خانہ رفت
روی سحر سیہ کنید یار باین بہانہ رفت

گرچہ کئی برس کی بعد رات ہوا وصال یار — ہمدم و ہمنشین ہی ہم نفس او رہم کنار

لیکن دلکو چین نہ تھا اور نہ جان کو قرار
جس سے کہ ڈر رہے تھے ہم وہی ہوا مآل کا

صبح دمید شب گذشت ماہ شبیہ خانہ رفت
روی سحر سیہ کنید یار باین بہانہ رفت

ہنسی خوشی کی رات یہاں سج تھی دلہن جو گئی
شام سے تا دم سحر عیش نصیب ہو گئے
وصل سے کامیاب کر کام سے ہائے کھو گئی
جاگتے جاگتے غرض بخت ہمارے سو گئے

صبح دمید شب گذشت ماہ شبیہ خانہ رفت
روی سحر سیہ کنید یار باین بہانہ رفت

کیا ہی مزے کی وہ تنہائی شب جھلکی جو آگئی وہ یہاں
لیتے تھے لب کے بوسے ہم دیتے تھے ہونٹھ میں وہ زبان
لذت وصل دوست کو تم سے میں کیا کروں بیان
ہائے تھی کامیاب عیش دو تو ہم کہ ناگہان

صبح دمید شب گذشت ماہ شبیہ خانہ رفت
روئی سحر سیہ کنید یار باین بہانہ رفت

دورۂ چرخ نے مجھے خاک میں بس ملا دیا
یاد شب وصال نے پھر وہی دن دکھا دیا
چاندنی رات کو میری روز سیہ بنا دیا
جلوۂ آفتاب نے سینہ مرا جلا دیا

صبح دمید شب گذشت ماہ شبیہ خانہ رفت
روئی سحر سیہ کنید یار باین بہانہ رفت

جلوۂ بزم عشرت و رونق خانہ ہائے ہائے
ساقی و مطرب و مے و وصل شبانہ ہائے ہائے
زمزمہ و ترنم و رقص و ترانہ ہائے ہائے
گردش چرخ حیف حیف وہ زمانہ ہائے ہائے

صبح دمید شب گذشت ماہ شبیہ خانہ رفت
روی سحر سیہ کنید یار باین بہانہ رفت

مومن بادہ کو حریف تو نہیں اپنے راز کا
وقت اذان تلک ہاں زمزمہ عیش و ناز کا
رات کو یہاں گذر ہوا دس بت دلنواز کا
کس سے ادا ہو اب صلوٰۃ ہوش کہاں نماز کا

صبح دمید و شب گذشت ماہ تبینہ خانہ رفت
روی سحر سپید کرد یار باین بہار رفت

تضمین شعر منشی فضل عظیم

یہہ رنگ زرد جو ہی اور اشک آئی ہین لال — یہہ سب وبال غرض جکی لگنی کا ہی وبال
بیان کرتی ہوتی جی کی ہی یہہ احوال — خدا کی واسطی یارو نپوچھو دل کا حال

دل فریفتہ روئی قاتلی دارم
ز دست دل بعذابم عجب دلی دارم

تڑپھتی گذری ہی ہر روز جاگتی ہر شب — یہہ کیسی بن گئی مجھپر یہہ کیا ہوا یارب
کسی سی کہہ ہی تو سکتا نہین کیا ہی غضب — کرنسب عذاب یہہ دلکی سبب ہین دلکی سبب

دل فریفتہ روئی قاتلی دارم
ز دست دل بعذابم عجب دلی دارم

نہ شکوہ فلک وبخت نارسا ہی مجھی — نکچھہ شکایت دلدار بیوفا ہی مجھی
غرض کسی سی نہ شکوہ نہ کچھہ گلا ہی مجھی — اگر گلہ ہی ہی تو اپنی دل ہی کا ہی مجھی

دل فریفتہ روئی قاتلی دارم
ز دست دل بعذابم عجب دلی دارم

خدا کی واسطی ای یارو کیون جلاتی ہو — یہہ پوچھہ پوچھہ کی احوال جی دکھاتی ہو
تبنگ کرتی ہو یک یک کی جان کھاتی ہو — جو ماجرا ہی سو لوسن لو کیون ستاتی ہو

دل فریفتہ روئی قاتلی دارم
ز دست دل بعذابم عجب دلی دارم

کہان تلک نفس سرد واہ گرم بھرون — کہان تلک پی تسکین جگر یہ دشنہ دہرون
کہان تلک قلق و اضطراب سی مین مرون — نہین ہی بس مین ذرا ایسی دلکو صدقی کرون

دل فریفتہ روی قاتلی دارم
زدست دل بعذابم عجب دلی دارم

کہا جو مینی کہ مت پوچھو سرگذشت مری — جب آپ جانین کہ ہوتی ہی کیسی لگی لگی
کہ دل ہو میرا سا اور چاہ بہی ہو مری سے — تو مجھسی کہتی ہین کیا مسکرا کی وہ ہین بہ

دل فریفتہ روی قاتلی دارم
زدست دل بعذابم عجب دلی دارم

یہہ میرا حال جو ای یار و دیکہتی ہو تباہ — کہ رنگ زرد ہی مونہہ فق ہی بکہری نگاہ
ہین اشک چشم مین اور لب پہ نالہ جانکاہ — یہہ سب ہی لگی سبب دل نی مجکو مارا آہ

دل فریفتہ روی قاتلی دارم
زدست دل بعذابم عجب دلی دارم

قلق مین رکہی ہی مجکو ہمیشہ میرا دل — مری تو سینہ مین ای کاش کی نہوتا دل
اگر ہوا بہی تو تہا جیسا اور سب کا دل — تجہی بہی دنیا تہا یارب مجہی کو ایسا دل

دل فریفتہ روی قاتلی دارم
زدست دل بعذابم عجب دلے دارم

ملا جو مومن غمگین بحال زار سحر — کہا یہہ مینی کہ کیا حال ہی بیان تو کر
تو کچہہ بہی مونہہ سی نہ بولا وہ دل گرفتہ مگر — پڑہا یہہ شعر عظیم اوسنی ہاتہہ دہر دل پر

دل فریفتہ روی قاتلی دارم
زدست دل بعذابم عجب دلی دارم

مسدس بمضمون واسوخت

ای ستمگر کہان تلک بیداد — سر پامال عاشق ناشاد
قول دینا عدو کو حسب مراد — مرگیا تیری ہاتہہ سے فرہاد

فکر جور و سر جفا کب تک
بیوفا غیر سی وفا کب تک

اب بہی آجانی دی دل ازار ے
دیکھہ اچھی نہین ستمگار ے

چھوڑ دی خود سری و خونخوار ے
نہ پری صبر نالہ و زار ے

کہین تو بہی نہ دلکو کہو بیٹھے
کہین آنکہون کو یون نہ ردبیٹھے

کچھہ زمانے کا اعتبار نہین
عشرت دہر پائدار نہین

دور گردون پر اختیار نہین
چرخ کو ایکدم قرار نہین

ہو نجائے ہماری بات بُری
کبھی دن ہی کبھی ہی رات بُری

حسن آخر ہی بیوفا نر ہے
شوخی نازشں و ادا نر ہے

چہرہ گلرنگ و باصفا نر ہے
لب شیرین مین کچھہ مزا نر ہے

شور اوٹہی نہ خوشخرامی سے
بیہلاوت ہو تلخ کامی سے

طرہ مار سپید سا ہو جائے
زلف سے بدلی قد دوتا ہو جائے

کاکل ایک جان کی بلا ہو جائے
خوشنما چہرہ بدنما ہو جائے

آپ مو کی عوض پریشان ہو
روئی آئینہ وار حیران ہو

تیغ ابرو سے دل فگار نہ ہو
خنجر غمزہ زخم بار نہ ہو

تیر مژگان جگر کے پار نہ ہو
کوئے دنیا مین جان نثار نہ ہو

ایک قلق طبع نازنین پہ رہے

بی ارادی شکن جبین پہ رہی

کلفت آجای ماہ کامل مین
غنچہ ہو گل رخون کے محفل مین

داغ رخ لالہ کے مقابل مین
شل سنبل شکن پڑین دل مین

جلوہ بی بدل بدل جائے
زلف خوش خم کا بل نکل جائے

پہر مری طرح نازاوٹھائی کون
ہی فسون ایک دم مین آئے کون

پاس اپنی تجھے بیٹھائی کون
لب شیرین کو موہنہ لگائی کون

طعنہ زن ہووی انگبین لب پر
مکھیان پہنکین شکرین لب پر

ہو عرق جب کہ ابرو نہ رہے
دلربا یا نہ گفتگو نہ رہے

تندی و ناز کے خو نہ رہے
یہہ قیامت کہ اب ہی تو نہ رہے

بلہوس بات بات پر بگڑے
کچہہ نہ بنیا ہی اسقدر بگڑے

چہوڑنے کے مری ندامت ہو
بیٹہتی اوٹہتے ایک قیامت ہو

آپ کو دمبدم ملامت ہو
پہر ملے تجہی کسکے شامت ہو

یون غضب مین ہی بلا مری
یہہ مصیبت سہی بلا میرے

فکر انجام سے نہو انجان
اس زمانے کو ظالم آیا جان

مجہسے ملجا تو میرا کہنا مان
دل مین اپنی ذرا سمجہہ نادان

کب تلک کوئی نامراد رہے
بہول جاونگا مین ہی یاد رہے

کوئی بے اسطرح جلاتا ہے
کوئی بے اتنا بھول جاتا ہے
کوئی بے اسقدر ستاتا ہے
یہی رہ رہ کے جیمین آتا ہے

مین بے پروا تیرے ذرا نکرون
ہون تو عاشق ولے وفا نکرون

وہ جو ہمدم ہی تیرے مہ پارہ
وہ بے ہوتے چلے ہے آوارہ
شوخ جیسے نجوم سیارہ
تازہ تازہ ہے شوق نظارہ

مژہ سے سوخیان ٹپکتی ہین
انکہین زہرہ نمط جہپکتی ہین

پردے کو دمبدم اوٹہا دینا
گاہ آواز خوش سنا دینا
روئے تابندہ کو دکہا دینا
جون سحر گاہ مسکرا دینا

جلوی خورشید کی سی ہوتی ہین
نغمی ناہید کے سی ہوتی ہین

بسکہ ہے ولولہ جوانی کا
قصہ سن میرے جانفشانی کا
لطف ڈہونڈی ہے زندگانی کا
شیوہ سیکہا ہی مہربانی کا

کم شدہ دلکی جستجو ہی بہت
مجہسے عاشق کی آرزو ہی بہت

ڈہب پر اپنے اوسے لگا لون گا
تجہے بیباک تر بنا لون گا
حسرت و آرزو نکا لون گا
ناز و انداز سب سکہا لون گا

چاہیے آفت زمانہ بنے
غیر آشنا یگانہ بنے

بزم مین جب وہ جلوہ فرما ہو
کوہ تمکین سے نالہ پیدا ہو

تیرے واماندگی تماشا ہو
رشک پر بہی قیامت اوٹھنا ہو

تجھسے تشکل زمین بلا کب جائے
اوسکے شان و شکوہ مین دب جائے

سر پہ مانند گل بٹھاؤن اوسے
ہاتھہ وہ گل سے جب ملاؤن اوسے
تیرے آگے گلی لگاؤن وسے
گلے کا ہار بس بناؤن وسے

دست رنگین جو یون حمایل ہو
تو گلا کاٹنے پہ مایل ہو

اوسکی جانب رہی نظر ہردم
کھیچون مین آہ پر شرر ہردم
تھام لون بس دل و جگر ہردم
زہر مین اوسکو دیکھہ کر ہردم

مسکراؤن تیرے رولانے کو
داغ کہاؤن تیری جلانے کو

سب یہہ پاس و لحاظ اوٹہادی وہ
جور بیداد کے سزا دے وہ
رشک سے جی تیرا ابیٹھا دی وہ
کیا تماشا غرض دکہادی وہ

کیسے کیسے بہم نظارہ ہون
تیرے دکہلانیکو اشارے ہون

لعل لب سے جو درفشانی ہو
مثل شبنم تو پانی پانی ہو
جلوہ جون مہر آسمانی ہو
زرد رو رنگ ارغوانی ہو

تیرے گلبرگ خندہ زن پہ ہنسی
مثل گل غنچہ دہن پہ ہنسی

کہے وہ ہین یہہ کیا بلا زلفین
دور کر ایسے بدنما زلفین
خم سی کتنی ہین کج ادا زلفین
روسیاہی ہی چہوڑنا زلفین

یون جو وہ متصل کرے چوٹین
تیری چھاتی پہ سانپ سی لوٹین

بس جلایا کرے شرارت سی
دیکھے تو دیدہ حقارت سے
پانی پانی ہو تو حرارت سے
جی ہلا دے ترا اشارت سے

طعنی ہر دم ہون تیغ ابرو پر
خشمگین تیری چشم جادو پر

دم تیرا شوخیون سی ناک مین لائے
دست گلگون سی اپنی عطر لگائے
سونگ کر بو کو تیری ناک چڑہائے
بگڑی جتنا تو اور تجکو بنائے

بس تیرا اوسکے ہاتہہ سی نہ چلے
حسرتون سی تو اپنی ہاتہہ ملے

خوئی بدنار خوش ادا کو کہے
کہربا روئی دلربا کو کہے
نقش پا چشم سرمہ سا کو کہے
بند غم کاکل دوتا کو کہے

طعن و تشنیع ہی سی کام رکہے
جائی جائی کو تیری نام رکہے

شوخیون سی سدا ستائی تجہے
حال ابتر مرا دکہائی تجہے
گرمجو تسے مین بہی جلائی تجہے
قصۂ درد و غم سنائی تجہے

کبہی اب بہی یہہ تمکو چاہتی ہین
ایسی صورت پہ یون بناہتی ہین

ہت برا مان عرض بیجا کا
کر علاج آہ تاب فرسا کا
کیا گلہ حرف اہل سودا کا
اب تلک وقت ہے مدارا کا

گر مکافات مجہہ دل جو ہو

پھر وہی مین ہون اور وہی تو ہو

جوش اندوہ کے سبب آیا
ورنہ بن تیرے چین کب آیا
جب گلہ دل سے تا لب آیا
مین گیا یہان سی تو غضب آیا

گو در وازی پر بٹھاؤ مین
ہوئی پر بھی نہ یہان سی جاؤن مین

پر گرون کیا کہ اختیار نہین
کچھہ محبت کا اعتبار نہین
دل بیتاب کو قرار نہین
یعنی اچھا مآل کار نہین

تمکو خو ہو گئی تغافل کی
یہان نہین حد رہی تحمل کی

کب تلک یہہ جفا سہون گا مین
یہہ نہین ہے تو بس نہونگا مین
اس ستم پر نہ کچھہ کہون گا مین
جو کہا ہے سو کر رہون گا مین

جلے کیون **مومن** آتش غم مین
جا ہی ایسی وفا جہنم مین

ایضاً واسوخت بہمان قالب مسدس

دوستو عشق نہفتہ نی ستایا ہی مجھے
کیا کہون کیا غم پنہانی دکھایا ہی مجھے
آتش شوق نہانی نی جلایا ہی مجھے
ضبط وحشت نی یہہ دیوانہ بنایا ہی مجھے

چہرۂ راز سی پردہ نہ اوٹھاؤن کب تک
گو غم پردہ نشین بھی چھپاؤن کب تک

تاب پرخاش ستم ہای نہان کی حد ہی
کچھہ فریب دل بیتاب و توان کی حد ہے
قوت کشمکش آہ و فغان کی حد ہے
ضبط سوزان نفس شعلہ فشان کی حد ہے

کیونکہ خالی نکرون جی کہ بھرا آتا ہے

پیش چلتی جو نہین غصہ چلا آتا ہے

کب تلک کوئی نہ سرگرم حکایت ہووی
ہو تحمل جو تحمل کی نہایت ہووے
کب تلک لب نہ شرر ریز شکایت ہووی
کیجئی صبر اگر صبر سے غایت ہووے

کچھہ زبان ہی تو نہین ورکہ چل نہ سکے
غم کچھہ ارمان نہین ہی کہ نکل ہی نہ سکے

جب سی عاشق ہوئی ہم رنج زیادہ کیا کیا
کیا کہین اہ کہ خاطر مین نہ لائی کیا کیا
لب پر آئی نہ گلی جی مین گزرائی کیا کیا
جب تلک تاب رہی ناز اوٹھائی کیا کیا

پر نہین حوصلہ نیم ستم ہے اب تو
ہو فنا ہائی ہوئی جاتی ہین ہم ہی اب تو

دل میری کہنی مین ہووی تو کچھہ اب نکہون
اسکو ہی چاہیئی طاقت کہ مین چپ بیٹھہ رہون
پر بگڑ ہی گئی جب بات تو کیون بات سہون
کچھہ بن آتی ہی نہین ہائی عجب رنج مین ہون

دل یہ کہتا تہہ دہرون ہاتہ ہی قابو مین نہین
سر رہی کس پہ کہ حالت مری زانو مین نہین

دل ہی یاد دشمن جانی کہ ستاتا ہی مجھی
جوش ہی یا شب وعدہ پھر آتا ہی مجھی
داغ ہی یا تپ غیرت کہ جلاتا ہی مجھی
شکوہ ہی یا خبر وصل کہ بہاتا ہی مجھی

غش مگر اوسکا تصور ہی کہ آجاتا ہے
جی ہی معشوق ہی گویا کہ چلا جاتا ہے

ہم پہ جو گذری قلق اوسکی بلا سی گذری
ہی وفا سی ہی حاصل تو وفا سی گذری
جان سی جا نہین لی وہ نہ جفا سی گذری
کب تلک کچھہ نکہین ایسی حیا سی گذری

پاس ناموس ہمین کیون ہو جو اونکو ہی نہین
جس نظر سی کہ لحاظ آئی تہا اب وہی نہین

ملک لموت بہی آتا نہین ہان کیا کیجی
نہین کہنی مین زبان منع زبان کیا کیجی
کچھہ توقع نہین دلجوئی جان کیا کیجی
دم ہی باقی رہا ضبط فغان کیا کیجی
نالہ گرم و دم سرد کی طغیانی ہے
کوئی دن اور جو دنیا کی ہوا کہانی ہے

دلکو اوس دشمن جانی سی لگانا ہی نہ تہا
دم مین اوس چشم سخن ساز کی آنا ہی نہ تہا
باتون پر اوس لب عیار کی جانا ہی نہ تہا
جور کم سہنی تہی یہہ قصہ بڑہانا ہی نہ تہا
اب بہی یکاش کچھہ ایسا ہو کہ جہگڑ آجائے
رحم آجای اوسی یا مجہی صبر آجائے

خوب کرتی ہین کہ ظلم کئی جاتی ہین
داد بیرحمی و بیداد دئی جاتی ہین
رنج دینی کو دل اورونکی لئی جاتی ہین
ہم بہی ایک اتنی توقع پہ جئی جاتی ہین
کہ جو ہو ابکی ملاقات تو بدلا لے لین
جنسی وہ خوب لئی جائین وہ طعنی دیلین

چشم فتان نگہہ شوخ وہ شرما جائے
جی پہ کچھہ ایسی بنی رخ پہ تغیر آجائے
عرق شرم کی طوفان مین ڈوبا جائے
بگڑی یہہ چہرہ کہ مجسی ہی نہ دیکھا جائے
ہووی یہہ رنگ پہر ہو نہ وہ دیکھا ہی نہ سکے
سر کو زانو سی مری طرح اوٹہا ہی نہ سکے

اب کی ہو گرمی صحبت تو جلاؤن واللہ
روئی تو اور بہی ہنس کی رلاؤن واللہ
کیا ستایا ہی مجہی جو مین ستاؤن واللہ
رنگ اوڑ جائی پہ آئینہ دکہاؤن واللہ
بس وہ حیران ہئی وہ جائی یہہ حیران کرون
اوسکی تصویر نکال اپنی پہ قربان کرون

چہیڑنیکو کہون ہی ہی وہ زمانہ کیا تہا
کہ شب و روز کوئی آپ کی گہر رہتا تہا

دیکہنا میری بہی صورتکا کوئی شیدا تہا　　نام ہوسن بہی کسی چاہنی والی کا تہا

یاکہین سبکو رقیبون کی سوا بہول گئی
مجکو پہچانتی ہو کون ہون یا بہول گئی

اب بہی کچہہ یاد ہین وہ روز مریجان تمکو　　جن دنون مین تہی شب وصل کی ارمان تمکو
آئینہ دیکہنی دیتی نہ نگہبان تمکو　　اقربا کیسا کیا کرتی تہی حیران تمکو

گہر مین بہی پہر نہین سکتی تہی ہا قید مین کیا
آپ یوسف تہی غرض حسن مین قید مین کیا

ہمنشین ایک ذرا سر نہ اوٹہانی دیتی　　سر دیوار سی جلوہ نہ دکہانی دیتی
جہانکنی کی لیئی در تک بہی نہ آنی دیتی　　کہین شادی ہو ولی تمکو نجانی دیتی

اوس پہ پیدا کئی یون چاہنی والی تمنی
گہر مین بیٹہی ہوئی یہہ پانون نکالی تمنی

اپنی ہی حال مین تہی زلف گرفتار سدا　　کہاتی پرہیز سی غم نرگس بیمار سدا
غمزی کو نوک مژہ سی خلش خار سدا　　تازہ آزار مین ہر عشوہ بیکار سدا

آرزو چشم کو وحشی نظری سے کی کسنے
دست مژگانکو ہوس پردہ دریکی کسنے

قیدی سلسلۂ زلف دوتا ایک نہ تہا　　بی سبب کشتہ شمشیر جفا ایک نہ تہا
پائمال روش فتنہ فزا ایک نہ تہا　　نام رسوا کن انداز حیا ایک نہ تہا

حیرت حسن کی چرچی سی خجل ہوتی تہی
کیسی افسوس سی دیکہہ آئینہ کو روتی تہی

شوخی وحشی افعال کہان تہی ایسی　　خلق رفتار سی پامال کہان تہی ایسی
بانگ شور افگن خلخال کہان تہی ایسی　　یہہ چلن کا ہیکو تہا چال کہان تہی ایسی

آنچلون سی گہو مقیس کہان چہرتا تہا
کب دوپٹہ یہہ مرے طرح گرا پڑتا تہا

گرم تہا یون ملک الموت کا بازار کہان
کو بکو تہی یہہ فغان ہائی غزا بار کہان

زندگانی سی تہی کم حوصلہ بیزار کہان
زندگانی سی تہی کم حوصلہ بیزار کہان

نہر یون خون کی کس روز بہا کرتی تہے
یہہ وہی کو ہی جہان خاک اوڑا کرتی تہے

تمکو یہہ طور یہہ انداز کہان آتی تہے
ایسی دمہائی فسون ساز کہان آتی تہی

ستم حادثہ پرواز کہان آتی تہے
اسقدر مہر فزا ناز کہان آتی تہے

یون الگ رہنی مین عاشق سی لگاوٹ کب تہی
روز بیوجہ بگڑنی مین بناوٹ کب تہی

زلف تہی ہم اثر شام غریبان کسدن
برق خرمن تہا کہو خندہ پنہان کسدن

صبح محشر تہا بہلا چاک گریبان کسدن
سرمہ تہا رشک بلای شب ہجران کسدن

خوبی طرز تغافل کی خبر کا ہیکو تہی
شوخی جنبش مژگان پہ نظر کا ہیکو تہی

حلقۂ دام نہ تہا حلقۂ گیسو ہرگز
درپی قتل نہ تہی طبع جفا جو ہرگز

موج شمشیر نہ تہی جنبش ابرو ہرگز
فتنہ پردازیون کی کچہہ بہی نہ تہی خو ہرگز

چشم فتان کو خیال نگہہ ناز نہ تہا
غمزہ مانند مری اشک کی غماز نہ تہا

مجہہ سی جب آنکہہ لڑی برسر پیکار نہ تہی
مجکو جب کام پڑا ہی تو جفا کار نہ تہی

لیگئی جب مری دل کو تو دل آزار نہ تہی
ایسی بیدرد وستم پیشہ و خونخوار نہ تہی

طرز عشاق کشی آپ کو معلوم نہ تہی

شہر مین الحذر و ولولہ کی دہوم تہے

جان سی آگئی تہی طبع کی آجانی سے
شوخی روز فزون تہی مری گہبرانی سے
کیا ہی خوش ہوتی تہی دلین مری غم کہانی سے
ہاتہہ سی جاتی تہی دلگی مری ہاتہہ آنی سی

یہی ہم بہرتی تہی جو دم مرا بہرتا ہی کوئی
اسپہ مرتی تہی کہ اب ہم پہ بہی مرتا ہی کوئی

دمبدم کہا مری دلجوئی و دلداری تہی
وصل مین صبح تلک شام سی بیداری تہی
دوستی تازہ نیا شوق نئی یاری تہی
ہم کناری و بہ مستی و میخواری تہی

غش مری بیخودی نشہ سی ہونی لگتی
دیکہہ کر گریہ مستی کو بہی رونے لگتے

بیمروت تہی اون آنکہون مین مروت کتنی
بدگمان تہی نگہہ چشم محبت کتنی
راتدن مد نظر تہی مری الفت کتنی
دور بین تہی نظر لطف و عنایت کتنی

بیمروت نظر آتی ہو کہا کرتی تہی
دیکہتی ہی مری جینون کو رہا کرتی تہی

ابتو بیرحمی و بیدردی و بیباکی ہے
لطف مین سستی و آزار مین چالاکی ہے
بی سبب رنجش و بیوجہ غضبناکی ہے
کہو دیا آپ کو کیا وضع یہہ پیدا کی ہے

جا لسی جاتی ہین ہم اور تمہین پروائی نہین
ہو گئی ایسی کہ گویا کبہی کچہہ تہا ہی نہین

ایک مصیبت ہی کہاتا ہون نہ مین سوتا ہون
یاد ایام ملاقات مین جی کہوتا ہون
ہی غذا خون جگر ضعف سی غش ہوتا ہون
راتدن کلبہ احزان مین پڑا روتا ہون

خندہ زن زخم جگر دیکہہ کی سبز دم اپنی
یاد آتی ہین وہ گل خندہ پیہم اپنے

گو سوا شربت دیدار مرا چارہ نہین
پہر وہان آن پہرون یہ بیتابی آئی وارہ نہین

جز نظر تار رفو ہی دل صد پارہ نہین
کیا کرون صبر نہین طاقت نظارہ نہین

کیونکہ بدلی ہوئی تیور یہہ تمہاری دیکہون
کیون کہ ان آنکہون سی غیرونکی اشارے دیکہون

چہوڑ دینا تہا نہین جہوٹ قسم کو نہ مجہی
بہول جانا تہا جفائی پیہم کو نہ مجہی

دل سی کہونا تہا اس انداز ستم کو نہ مجہی
نیست کر دینا تہا اندوہ و الم کو نہ مجہی

قابل ترک تہی خوئی ستم آرانہ کہ مین
لایق سہو تہی یہہ رنجش بیجا نہ کہ مین

غیر ہین ہمزہ تو وصل گوارا کیون ہو
سب سی لگذری تو کسی کا بہی گذارا کیون ہو

دو جواب انکو تو پہر عرض کا یارا کیون ہو
گر پڑی چشم سی جو اونسی نثارا کیون ہو

کس لئی شغل نظر باز بہی بیباک رہی
پردہ کیون میری گریبان کی طرح چاک رہی

ہائی یکبارگی وہ لطف پیہم چہوڑ دیا
چارۂ رنجش و درمان الم چہوڑ دیا

انس و اخلاق و دلاسا و کرم چہوڑ دیا
ہنی بہی آپ کو اس سر کی قسم چہوڑ دیا

اب اگر دو بہی تو داد دل ناکام نہ لون
گو کہ بدنام ہوا ہون پہ کبہی نام نہ لون

جب نہو چارہ تو کس واسطی چارہ جو نہین بہی
تم ہو گر فتنۂ دوران تو بلا ہون مین بہی

بیوفا نکلی تو کاہی کو بنا ہون مین بہی
خوب ہی جان کہو یہہ کہ برا ہون مین بہی

پہر اودہر منہہ نہ کرون شکل دکہانا تو کہان
اوس طرف سی چلون کوچی مین آنا تو کہان

دل سی ہی عہد کہ ملنی کی قسم کہاونگا
آن بیٹہو گی کہین پاس تو اوٹہہ جاونگا

پہر مین بہی آئی تو صحرا کو نکل جاؤن گا
کیونکہ کہو دون کہ مین پہر جان کہان پاؤنگا

دم ہی آنکھون مین یہہ صدمہ مری لپر گذرا
گذری بنیا سی بلا تم ہی سی مین در گذرا

دیکہہ لونگا مین بس اب مہر لقا اور کوئی
آتش خرمن ازار و جفا اور کوئے
برق وش شعلہ روش گرم ادا اور کوئی
شمع کاشانہ فروزان وفا اور کوئے
تو بہی آتش غیرت سی جلاون تسکو
تم تو کہتی ہو مین سچ آگ لگاؤن تسکو

وہ پریزاد کہ دیوانہ ہو عالم اوس کا
چشم جادو و فسون عشوہ بہم اوسکا
طاق محراب بلا طرہ خوش خم اوس کا
تیر ترا یسی نظر دشنہ بہری دم اوسکا
تیغ ابرو کی یہہ جنبش ہو کہ بس تو کٹ جائے
دست مژگان کی اشارسی کلیجہ پہٹ جائے

نکلے ہر بار نئی طرز ملاقات مین بات
کس ادا سی کری ایما و اشارات مین بات
بذلہ آمیز بیان حرف و حکایات مین بات
ہر سخن مین سخن مغز ہو ہر بات مین بات
چپ سی لگجائی تجہی جب وہ فسونگر بولی
ہر جگہہ بند کری جب وہ زبانکو کہولے

رات دن نغمہ سرا زمزمہ پرداز رہے
طعن و تشنیع مین بہی چاشنی ناز رہی
اپنی شوریدہ ناکام سی مساز رہے
سخن تلخ سی لذت وہ انداز رہی
گالیان جب لب شیرین سی سنائی تجکو
دانت کہتی ہون تیری بات نہ آئی تجکو

دعوی نیکدمی اوس سی کہ اثنا ہوں ہووی
روش ایک فتنہ محشر کی علامت ہووی
جون تری سامنی ہو تجکو ندامت ہووی
جب تیری پاس سی نکلی تو قیامت ہووے

لگ چلی ہی تو اگر اوس بت مغرور کی ساتھہ
پہنچی مرنیکی قریب ایک ہی جان ور کی ساتھہ

ہای جی بیٹھہ گیا بسکہ اوٹہائی ہین ستم
صدمۂ عشق نی بی طور کیا ناک مین دم
دل کہنچی کیون نہ بہت کہنچ چکا رنج والم
ایسا بیزار ہوا ہون کہ خدا ہی کی قسم

اوسنی بہی کام نہ رکہا تو نہ رکہونگا کام
پہر یہہ سمجہونگا کہ مومن کو بتونسی کیا کام

مثمن روضہ گلستان دلفروز بہ گلفشانی مضامین وفا سوز

ای چارہ گر اجل کہ دم چارہ گری ہی
کیون پہلی ہی درمان سی یقین بی اثری ہی
ہو جاؤن مین جان بر تو تری ناموری ہی
مین جان سی مرتا ہون تجہی بیخبری ہی
اپنی سی تو کر دیکہہ عبث نسخہ دری ہی
یون دعوی بیصرفہ تو بیہودہ سری ہی

گر ہمسی مریضون کی دوا ہو لی تو جانی
بیمار محبت کو شفا ہوئی تو جانی

ہر چند کہ درمان ہی نہین عشق بتان کا
مرنا قلق ہجر مین بچنا ہے یہان کا
وہ حال نہین ہی دل بیتاب و توان کا
زخم دل مجروح پہ لگتا نہین ٹانکا
پر شکر ہوا سہل علاج اپنی تو جانکا
تہمتا نظر آتا ہی لہو زخم نہان کا

تاثیر دوا اب تری کر جائی تو کر جائی
ہر چند کہ ناسور ہی بہر جائی تو بہر جائی

یعنی کہ دل اوس دشمن جانی سی پہرا اب
بیطاقتی جان نہین آزار فزا اب
وہ عشق کی خاطر ہی نہ وہ پاس وفا اب
گو تہا مرض الموت پہ ممکن ہی شفا اب
سینی سی مری ہاتہہ جدا ہونی لگا اب
وہ فتنہ کی الفت ہی نہ وہ شوق بلا اب

کچہہ کام نہین پیچ و خم زلف دوتا سی

کہا یا کری بل سیکڑون اب ہیری بلاسی

ایک عمر تلک زیست سی بیزار رہا مین ‌ ‌ ‌ ‌ سر مشق غم و وقف صد آزار رہا مین
معشوق کی پرہیز سے بیمار رہا مین ‌ ‌ ‌ ‌ بیجرم جفاوٗن کی سزاوار رہا مین
کیا کیا نہ مصیبت مین گرفتار رہا مین ‌ ‌ ‌ ‌ افسردہ دل گرمی اغیار رہا مین

آخر تپش اس آتش خاموش مین آئے
جان گرمی غیرت سی غضب جوش مین آئی

کل گہر مین وہ بیٹہی تہی سراسیمہ و حیران ‌ ‌ ‌ ‌ اس حال کی دیکہی سی ہوا حال پریشان
غصے کی سبب چہپ سکی رنجش پنہان ‌ ‌ ‌ ‌ سمجہا مین کہ یون بہی تو ہٹیلی ہوسکی حیران
انصاف کرو صبر کری کب تلک انسان ‌ ‌ ‌ ‌ ناچار کہا طعن سی بیٹہی کہ مری جان

کس سوچ مین بیٹہی ہو ذرا سر تو اوٹہاوٗ
گو دل نہین ملتا ہی پر آنکہین تو ملاوٗ

دیکہو تو ادہر کو کہ کبہی یار رہتی ہم بہی ‌ ‌ ‌ ‌ غیرون کیطرح محرم اسرار رہتی ہم بہی
سرمست مئی حیرت دیدار رہتی ہم بہی ‌ ‌ ‌ ‌ آئینہ نمط پشت بدیوار رہتی ہم بہی
منظور نظر صورت اغیار رہتی ہم بہی ‌ ‌ ‌ ‌ اس چشم عنایت کی سزاوار رہتی ہم بہی

یون شربت دیدار سم آمیز نہین تہا
کچہہ نرگس بیمار کو پرہیز نہین تہا

کہیے تو یہہ کیا بات ہی قربان تمہاری ‌ ‌ ‌ ‌ کچہہ طور نظر آتی ہین بدلی ہوئی ساری
ہی ناز نہ ایما نہ ادائین نہ اشاری ‌ ‌ ‌ ‌ اب کس لیی رہتی نہین تم گہر مین ہماری
آئے کبہی برسون مین تو آتی ہی سدہاری ‌ ‌ ‌ ‌ بیٹہے بہی اگر پاس تو چپ شرم کی ماری

پہر کس لیی گہونگٹ رخ روشن پہ لیا ہی
پہر کیون نئی سر سی وہی پہلی سی حیا ہی

وہ ہی تو ہون مین ہمدم و دمساز تمہارا
وہ جسکی ہوا صرف سب انداز تمہارا
وہ محرم ہر غمزہ غماز تمہارا
مدنظر چشم نظر باز تمہارا
ایک عمر تلک جسپہ رہا ناز تمہارا
پوشیدہ نہ تہا جس سے کوئی راز تمہارا

حسن آئینہ دیدار طلب تہا
سر حلقہ عشاق وفادار لقب تہا

وہ مہر وہ الفت وہ محبت ہی نہین ہی
یہہ ہو وہ سدا ابروی خمدار رہین چین ہی
آتی ہی یہان بس چلی جائیگی کہین ہی
یا طبع مین الطاف تہی یا بر سر کین ہی
ہو جسپہ شب و روز شکن زیب جبین ہی
اب ہوش کہان آپ کہین دہیان کہین ہی

فرق آہ پڑا طرز ملاقات مین کیسا
غصہ ہی چلا آئی ہی ہر بات مین کیسا

وہ پیچ و خم طرہ طرار کہان ہے
وہ ناز کی نرگس بیمار کہان ہے
وہ بوئی تن رشک سمن زار کہان ہے
وہ کشمکش کاکل خمدار کہان ہے
وہ تازگی و رونق رخسار کہان ہی
وہ رنگ رخ غیرت گلنار کہان ہے

گلگونہ سی چہرہ پہ کدورت ہی نہین اب
بدلی گئی کچہہ تم تو وہ صورت ہی نہین اب

ہی طبع مین ہر روز فزون رنج فزائی
یہہ تندی خو تو نہین کچہہ گرم ادائی
ہر ایک سی ہر بات پہ ہوتی ہی لڑائی
اپنی مین سماتی نہین کیا دل مین سمائی
اس شعلہ مزاجی نی مرچین جلائے
کیون خصلت مذموم پسند آپ کو آئی

کسواسطی ہو جہہ غضبناک ہوئے ہو
کچہہ شرم مین تہا عیب کہ بیباک ہوئی ہو

تم گہر مین کہان آئی کہ گویا غضب آیا
کوئی ہو جہان سامنی آیا غضب آیا

کچھہ خیر تو ہی ایسا کہان کا غضب آیا
سمجہو تو ذرا بات کہ بیجا غضب آیا

پہر لڑکی چلی جاتی ہو یہہ کیسا غضب آیا
گہر والی کہان جائین یہہ کیسا غضب آیا

بیوجہ عداوت کا سزاوار تو مین ہون
اوروں پہ ہی کیوں ظلم گنہگار تو مین ہون

سر ایک سی بگڑ کر مری دم پر نہ بناؤ
کیون ہاتہہ سی جاتی ہو تم اتنا ہی نہ آؤ
دل سرد ہوا تمسی ہے راجی نہ جلاؤ

وہ رات جہان رہتی ہو اب بہی ہین جاؤ
جو تم کو ستایا کرین تم اونکو ستاؤ
اس گرمی الفت کو بس اب آگ لگاؤ

کب تک جلی کوئی یہہ تپش خاک مین ملجائی
ٹہنڈا ہو کلیجا جو کہین سوزش دل جائی

افسوس مری غم نی نکی تجہہ مین سرایت
آئی وہ ہی در پیش جو تہی عشق کی غایت
بہولی سی جو ملجاتی ہو یہہ ہی ہی عنایت

بیفائدہ سی آتی ہی نظر حرف و حکایت
بیجا ہین کلی سب مری بیہودہ شکایت
یعنی ہون سبب بوجہ کی شرمندہ نہایت

ہی رنج بجا بات یہہ بہائی مری جبکو
سچ کہتی ہو دل مینی دیا اورکسیکو +

مین ہی تو رہا ہون کہین شب کو خوش و خرم
ہیرمی ہی نظر سی ہی عیان نیند کا عالم
انگڑائیان لیتا ہون یہہ مین ہی تو پی ہم

مینی ہی تو کی بادہ کشی غیر سی باہم
آتی ہی جماعی پہ جمائی مجہی ہر دم
مری ہی تو گردنمین پڑا جاہی کچہہ خم

میری ہی تو آنکہونمین غضب نیند بہری ہی
میری ہی جبین ہی یہہ جو کہٹنی پہ دہری ہی

مین ہی تو کہین رات کو بیدار رہا ہون
مین ہی تو می وصل سی سرشار رہا ہون

مین ہی تو ہم آغوش طلب کار رہا ہون
مین ہی تو کف غیر سی میخوار رہا ہون

ملک ہوس تازہ خریدار رہا ہون
لذت دہ اوباش ہوسکار رہا ہون

بدمستیان میری ہی تو آنکھون سی عیان ہین
میری ہی تو ہوٹون پہ یہہ دانتونکی نشان ہین

کوئی نہ کہی یہہ کہ سکھایا ہی کسی نے
بیجرم پہ طوفان اوٹھایا ہی کسی نے
یہہ جہوٹ نہین سچ ہی جتایا ہی کسی نے

تجکو میری جانب سی لگایا ہی کسینی
ایسا مجہی دیوانہ بنایا ہی کسی نے
کیا کیا نہین آنکہونسی کہایا ہی کسی نے

یون مان لی ایسا کوئی نادان نہین ہے
تم غیر سی ملتی ہو طوفان نہین ہے

کیون لوگ لگی آپ پہ بہتان لگانے
مینی تمہین جانا کوئی جانی کہ نہ جانے
کچہہ خیر ہی مجسی ہی لگی باتین بنانے

یہہ بات تم اوس سی کہو جو بات کو مانی
سب عذر ہین بیفائدہ بیہودہ بہانے
معلوم ہین ساری مجہی جتنی ہین ٹہکانے

گر کہیی تو ایک ایک کا مین نام بتادون
یہہ پردہ ناموس کہی چاک اوٹہادون

یہہ بات تو ہی آپکی گفتار سی ظاہر
اقرار ہی صاف آپکی انکار سی ظاہر
عالم ہی خزان کا گل رخسار سی ظاہر

یہہ حال ہوئی آپ کی رفتار سی ظاہر
ہی مستی شب نرگس میخوار سی ظاہر
بدطوری دوشینہ ہی اطوار سی ظاہر

کیا شکل بگاڑی ہی بس اب موںہہ نہ بناؤ
آئینہ دکہا دیجی تو صورت نہ دکہاؤ

کیا قہر ہی کیونکر نہ اوٹہی درد جگر مین
ایک آن ہی مجسی ملو آٹہہ پہر مین
سنتا ہون شب و روز تمہین بزم دگر مین

میری ہی تو بغل خالی اور آپ اور کی بر ہین
گہر چہوڑ کی اپنا رہو یون اور کی گہر مین
کیونکر نہو تاریک جہان میری نظر مین

ہر روز تو ای مہر درخشان ہی کہین اور
ہر رات تو ای شمع شبستان ہی کہین اور

ہی وقت اگر دلمین سمجہہ جاؤ تو بہتر
بیباکی بیصرفہ سی شرماؤ تو بہتر
اغیار سی ملنی کی قسم کہاؤ تو بہتر

اندیشۂ انجام سی پچہتاؤ تو بہتر
جو دلمین ٹہرتی نہین ٹہراؤ تو بہتر
اب بہی جوان اطوار سی باز آؤ تو بہتر

پہر ورنہ مری طرح پچہتاؤ گے دیکہو
اپنی کئی کی تم بہی سزا پاؤ گے دیکہو

کچہہ تم ہی تو دلبر نہین ای یار جہان مین
باقی ہین ابہی دلکی طلبگار جہان مین
نکلین گی بہت آگی اغیار جہان مین

تم سی بہی زیادہ ہین طرحدار جہان مین
اس جنس کی ہی گرمی بازار جہان مین
میری بہی ہزارون ہین خریدار جہان مین

معشوق مجہی گر تمہین عشاق بہت ہین
یہہ یاد رہی میری بہی مشتاق بہت ہین

کیا ایسی نہی مجہہ کہ پامال جفا ہون
تم چہوڑ دو یون اور مین پابند وفا ہون
یہہ چاہیئی مجکو بہی کہ اب اورکو چاہون

تم اتنی بگڑ جاؤ مین اوس پر بہی بنا ہون
تم سی نہون آزردہ مین گو جیسی خفا ہون
ایسی کسی معشوقۂ دلجو پہ فدا ہون

ہر دم جو سوہی عاشق مضطر نگران ہو
فکر ستم اوسکی دل نازک پہ گران ہو

یون دلشکن عاشق جانباز نہووی
ہر ناکس و کس محرم و ہمراز نہووی
بار فلک تفرقہ انداز نہووے

ان بلہوسون سی کبہی دمساز نہووی
جو دور زمان حادثہ پرداز نہووی
بیصرفہ ادا اوسی کو ئی ناز نہووی

کیا ذکر ہنسی بولی وہ بیطور کسے سے

کچھہ بات ہی وہ بات کرہی اور کسی سی

لازم ہی کہ ضد سی تیری ہر بزم مین جاؤن
دیکھی کہ نہ دیکھی کوئی احوال دکہاؤن
ہر ایک کو افسانہ دیچسپ سناؤن
یہہ تیری جفا اوسکی وفا سب کو جتاون
اس شعلہ زبانی سی مین کیا کیا نہ جلاؤن
شاعر ہی تو ہون شکر و شکایت نہ جتاؤن

مشہور اوسی اور تجہی بدنام کرون مین
ناکام تجہی اور اوسی خود کام کرون مین

غیرون کو ملاقات سی تیری حذر آئی
ہر کوئی بہانہ سی مرا قصہ سنائے
یون غیر کی بنیائی تو کیا کیا نہ بنائے
طعنی تجہی دمی وکی جو دم نالمین لائے
تو بیٹھہ رہی شرم سی اور وہ نہ بلائی
ہر وانکر ہی کچھہ بہی تو جائی کہ نجائے

ہرگز سبب ترک ملاقات نپوچہے
لگ جائی تجہی چپ کوئی بات نپوچہے

یہہ نالہ ہو لب پر کہ خداوند دو عالم
ہم بہی کبہی رہتی تہی جہامین خوش و خرم
کس جرم کی تعذیر مین یون خوار ہوئی ہم
جتنی کہ ہوئی تہی خوشی و تنا ہی ہوا غم
وہ عیش جو یاد آئین تو کیا کیا نہو ماتم
دلمین کہی حسرت وا فسوس سی سردم

جلتا ہو نمین تو انجمن افروز کہان ہی
دل داغ ہی تو اہی مری دلسوز کہان ہی

ہوان حرکات نسی ندامت تجہی کیا کیا
رہ رہ کی خیال آئی کہ یہہ میں کیا کیا
قسمت ہی بری ہو تو کرہی کوئی بہلا کیا
الزام دون کیونکر اوسی مین اوسکی خطا کیا
ہر وقت ہو افسوس کہ ہی ہی یہہ ہوا کیا
عاشق نہ رہا کوئی تو معشوق رہا کیا

ہر ایک سی کہی کچھہ مجہی تدبیر بتادو
اوس حسن ستم خوردہ کی تسخیر سکہادو

ہر ایک بہانی سی مجہی جلوہ دکہا جائی
ہر لحظہ مری سامنی سی ہنس کے چلا جائے
ہر شوخ اشارت مری دل کو لٹا جائے
ہر آن نئی آن سی لبر و بروا جائی
ہر وقت شرارت سی نئی آگ لگا جائی
یہہ شعر سدا میری سنائی کو پڑہا جائی

کیا کبہی ہمین ناز اوٹہانا نہین آتا
روٹھے کو مناتے یہ منانا نہین آتا

پہر دل نہ ٹلی بات سی گو بات کو ٹالون
ناچار ہو پہر آپ سی مین تجکو منالون
پہر دل کی نئی سر سی سب ارمان نکالون
پہر جان یہ سنبہلی مری ہر چند سنبہالون
بیتاب ہو بس دوڑ کی چہاتی سی لگالون
تجکو بہی مین اپنا سا وفا دار بنالون

ہی نام جو پہر تابع فرمان کرون مین
مومن ہون تو تجکو بہی مسلمان کرون مین

ترجیع بند

ساقی مے سرخ رائگان ہی
خم بہر لی کہ چشم خونفشان ہی
لبریز ہوا ہے کاسۂ عمر
کیا دور بلائی ناگہان ہے
جام مے عشق سی چہکا ہون
یہہ زہر کشندۂ نوش جان ہی
یکبار آ گئے خمار ایسے
بدمستی شوق سرگران ہی
اوٹہی بہی نہ تہی کہ گر پڑی ہم
کیا لغزش پا ز مان زمان ہی
کس پردہ نشین نی تیز دیکہا
اس جوش پہ راز دل نہان ہے،
یون غور سی بندگو کی باتین — قطعہ
سنی کا مری سبب عیان ہی
یعنی وہی جانکر رون مین
جس بات مین جانکا زیان ہی
چپ لگنی کا ماجرا نہ پوچہہ آہ — ق
کب حرف یہہ لایق بیان ہی
اہی ہمدم جان نواز تجہ سے
کیا دلکی کہون مین دل کہان ہے

آنشوخ چنان ربود از من
گوئے کہ دلم نبود از من

تو چھوڑ کے مجھے چلا گیا دل
ہی وس سی زیادہ بیوفا دل

دلدار کے کھینچے بڑی ناز
افسوس کہ میری پاس تہا دل

یہ دشمن جان تمہین مبارک
یعنی نہین میری کام کا دل

کیون دعوی دلربائی اتنا
مایل اودہر آپ ہی ہوا دل

دیتا ہون دم ایسی فتنہ گر پر
انصاف سی دیکھنا مرا دل

اوس چشم نے کر دیا خراب آہ
تہا ورنہ بہت ہی پارسا دل

کیسی میری جان پہ بنائے
اللہ بگڑ گیا ہے کیا دل

کھوتی ہی کوئی گلی کو ہمدم
کیا بات کرون کہ ہی خفا دل

ای محرم راز کیا کہون مین
کس آفت جان سی لگا دل

ای مونس غمگسار ہردم
کیا پوچھی ہی کیونکہ لی گیا دل

آنشوخ چنان ربود از من
گوئی کہ دلم نبود از من

پردے مین ہی رشک ماہ میرا
کیون کر نہو دل سیاہ میرا

کیا مرنیکی بعد پاؤن پہیلائی
ہی مقبرہ خوابگاہ میرا

قطعہ

بس آپ مین آو تم کہ شاید
ہو دل مین گذارگاہ میرا

اس سد سکندری کو توڑو
آئینہ ہی سنگ راہ میرا

مین کشتۂ شہید بی دیت ہون
ہی شوق ستم گواہ میرا

دیکھا تونے کہ رنگ بدلا
ایشوخ فسون نگاہ میرا

مرنا نہین اختیار کی بات
خود جرم ہی عذرخواہ میرا

اے دوستو ہاتھ سے جلا مین / قابو مین نہین دل آہ میرا
اسچارہ گر اب تو پہنک تدبیر / ہے حال بہت تباہ میرا
ناصح انصاف تو ہے کر یار / دل دینے مین کیا گناہ میرا

آنشوخ چنان ربود از من
کوئی کہ دلم نبود از من

جلون سے ہے حسن کیا نمودار / یون چہانتے ہین صفائے رخسار
یہان بخت وہان ہے خواب مین پاؤن / یہان چشم وہان نصیب بیدار
آئینہ حجاب سے نہ دیکہا / کیا جانے وہ کیون ہے صبر دشوار
مین مرگ وصال سے ہی خوش ہون / دل جان سے کسقدر ہے بیزار
خود کام ہے وہ مبارک اے دل / ناکامی شوق تہا ہے اغیار
دیوانہ نہین کہ خاک اوڑاؤن / عاشق کو ہے سر سے کیا سروکار
خون ٹپکی ہے اوسکی تیغ سے کیون / کیا تیرہ مژہ ہے چشم خونبار
غم کہانے مین کیا مزہ اوٹہایا / کہتا ہے وہ شوخ مجکو غمخوار
اے حسرت پایبوس قاتل / یہان کام مین ہے زبان نہار
دل لیگئے اوسکی چہرہ دستی / ہو نہ دیکہہ کی رہگیا مین ناچار

آنشوخ چنان ربود از من
کوئی کہ دلم نبود از من

دردِ طلب و غم جدائے / دل جاتی ہے کیا مصیبت آئی
دیکہا نہ کسی نہ دلکی ہمراہ / ظاہر ہوئی جانکی بیوفائے
دی چرخ نی کسطرح سے ہمکو / آسودگی شکستہ پائے
پروانہ خدا ہے گل ہے شاہد / دیکہا ترا غنچہ حنائے

اے آہ ذرا بتا دے سیدہا	قطعہ	ہے چرخ میں سخت کج ادائے
اے پردہ نشین وہی ہے سودا		پھر شکل اگر نظر نہ آئے
تو رشک پری تری بلاوے		آسیب زودنکو بھی کہائے
ہون خاک وراہ سکا جب فلک نے		گردن مری سامنی جہکائے
اے یاس وصال سنگدل ہے		بیفائدہ روز آزمائے
امید نہین رہی کہ دے لگے		ایسی سی کہو طرح رہائے

آنشوخ چنان ربود از من
کوئے کہ دلم نبود از من

اوس در پہ جو مین غبار ہوتا		شکر دم شعلہ بار ہوتا
اوس زود کسل سی خود بگڑتی		گر عمر کا اعتبار ہوتا
بیکار ہون یہہ ڈر ہی ایکاش		ناکام تاآل کار ہوتا
دن پھرتی اگر یہی ہے		کیا گردش روزگار ہوتا
کہتا ہے کہ چھوڑ راہ اوسکو جسپر	ق	دشمن سا ہی جان نثار ہوتا
یہہ بات زبان سی کب نکلتے		ناصح جو تو دوستدار ہوتا
جنت پہ مری ہی زاہد ایکاش		اوس کو مین کبھی گذار ہوتا
اوس غیرت حور کو بلاؤ		واعظ نہین شرمسار ہوتا
اے پند شعار ہوش مین آ	ق	کوئی بھی ہے آپ خوار ہوتا
ہم کاہیکو دلکو جانی دیتی		اپنا گر اختیار ہوتا

آنشوخ چنان ربود از من
گوئی کہ دلم نبود از من

طالع مین نہین طرب ذری بھی	منحوس ہی زہرہ مشتری بھی

ای مہر لقا ہی جلوہ لازم ‌ ‌ آسان نہین ذرہ پروری بہی
ہیو جہہ نہین ہی مجسی چہپنا ‌ ‌ عاشق تری حور ہی پری بہی
بیداد گری و سر نگوئے ‌ ‌ کیا فتنہ ہی چرخ چنبری بہی
یہہ آئینہ کی ہے مہربانی ‌ ‌ اب محو ہوئی ستمگری بہی
کیا مشک بہرا ہی زخم دلمین ‌ ‌ غش ہو گئی زلف عنبری بہی
تو چہوڑدی تو ہی مین نہ چہوڑون ‌ ‌ صیاد ہی دام لی پری بہی
یہان کیون نہ کفن ہو پارہ پارہ ‌ ‌ داہان نارسی ہی قبا دری بہی
دن رات اگر یہی ہی رونا ‌ ‌ یہہ جائیگا آب عنصری بہی
ہم آج تلک نہ جانتی تہی ‌ ‌ ہی ایک ستم یہہ دلربائی بہی

آنشوخ چنان ربوداز من
گوئی کہ دلم نبوداز من

کہتک سیون پارہ پارہ دل کو ‌ ‌ رخصت ہی شکیب جان کسل کو
اوس تنگدہن نی کیا کہا کیون ‌ ‌ چپ لگ گئی ناصح خجل کو
تہا ضعف ہی طاقت آزمارات ‌ ‌ لوٹا گئے جان مضمحل کو
مارا تری ناز دمبدم نے ‌ ‌ کیا روکئی جوش متصل کو
گلرو سی وہ لالہ رو بنا ہے ‌ ‌ تشبیہ ہی داغ سی جو تل کو
کیا پاس مجہے نہ ہو نہ دکہا یا ‌ ‌ رحمت ہی امید منفعل کو
آئی ہین سرشک کلفت آلود ‌ ‌ تعمیر مکان کی آب و گل کو
ہی خواب عدم گران کیا ہے ‌ ‌ بالش نگر اوسکی در کی سل کو
ہی جوش ہوس بہت نکالون ‌ ‌ گر آپ کہین تو اس خجل کو
ای ہمدم جان نواز دلجو ‌ ‌ بیدل نہون کسطرح کہ دل کو

آن شوخ چنان ربود از من
گوئی کہ دلم نبود از من

اللہ ری دلکی ہرزہ تازے
مین اور محبت مجازے

ہندی ہی صنم آفت جہان ہی
سوگند ہمپر حجازے

پہر سینہ مین آئی مہرہ دل
دیکہین تو فلک کی حقہ بازی

ہی رشتہ جان پہ زخم نشتر
اے نغمہ پاس دلنوازے

جولان سی ہی اوسکو قصد پامال
اے خاک نوید سرفرازے

اوس چشم کا محو ہون شب و روز
دیکہو تو مری زمانہ سازے

امید وصال ہی نہین یہان
ہی تم سی زیادہ بی نیازے

طول امل وصال کیا ہو
کم ہی شب ہجر کی درازے

سینہ مین ایک آگ لگ رہی ہی
بہائی کسی ہیری جانگدازے

مجبور وہ ہای دل کا جانا
اللہ ری اوسکی ترک تازے

آن شوخ چنان ربود از من
گوئی کہ دلم نبود از من

پوچہی ہی خبر مریض غم سے
کیا بات ہی اوس مسیح دم کے

بجلی تری شوخیونکی آگے
اے آہ شرر فشان نہ چمکے

مین جان شکنی کا غم نکہاتا
یاد آگئی ہی تری قسم کے

ق
جسوقت وہ پہانسی گہر سدہارے
جان نی وہین راہ لی عدم کے

اے اہل عزا وہ سر پہ ڈالو
جو خاک ہی یار کی قدم کے

نالہ فلک نہم سے گزرا
کچھ حد نہ ہی مری الم کے

وہ کوچہ ہی اشک خون سی گلزار
رونق ہی یہہ ساری اپنی دم کے

لون کیون ٹ بلائین آہ بیجان
دامن پہ تمہاری ہم رہی ہی
ہی روز جزا کی آنی مین دیر

تصویر ہی زلف خم بخم کے
ہو خاک نہ میری چشم نم کے
اب کون دی داد اس ستم کے

آن شوخ چنان ربود از من
کوئی کہ دلم نبود از من

ایک لحظہ نہین قرار جسکو
اوس آفت جان کو دل دیا ہی
پردی نی تیر ہی تعمار ڈالا
ای رشک پری حجاب کبتک
مین ناز کہانتلک اوٹہاون
پہرتی ہی نظر چشم ہی گون
ترپا گئی جب تلک جی ہم
وہ بہی چاہی ہی کہ ستاون
آتا نہین صبر دل سے گئی پر
کوئی نہ کہ پونچہے آنسو

ق

موت آئی بس ایسی زندگی کو
جو عیب سے کئی ہی دلدہی کو
اس مضطر تنگ عاشقی کو
ہی شرم ضرور آدمی کو
انصاف لازم آپ ہی کو
تسخیر کیا ہے کس پری کو
آرام نہین یہان کسی کو
پر کیا کری ناز خطرتی کو
سمجہاؤن کہانتک آہ جی کو
کیا روون اپنی بیکسی کو

آن شوخ چنان ربود از من
کوئی کہ دلم نبود از من

پہلی پایا فلک نی کیا ستاکر
مدت مین ہوئی دعا کی تاثیر
کچہہ کام نہین کسی سی ہمکو
غیرون سی ملی گا اپنا مری

خاک آہ نی کر دیا جلاکر
اوس بت سی ملی خدا خدا کر
کیا چہوٹ گئی ہین دل پہنساکر
ای عمر اوسے بہی بیوفا کرکے

کانون کیونکر نہ وہ گئے ہین		دامن مری ہاتہہ سی چہوڑ اکر
کونی مین بیٹہا دیا صد افسوس		اوس بزم سی رشک نی اوٹہا کر
کیا سرمہ ہی اوسکی پاؤن کی خاک		روتا ہون مین آنکہہ سے لگا کر
ہردم جو نظر مین ہی وہ صورت	ق	گو چہپ گئی وہ جہلک دکہا کر
کہتا ہون کمال رشک سے مین		اہی پردہ نشین ذرا چہپا کر
گہر آنکہون مین کر گیا وہ بیدید		دل چہین لیا نظر ملا کر

آنشوخ چنان ربود از من
گوئی کہ دلم نبود از من

ہے مجہہ پہ نگاہ لطف منظور		کیا خوب نظر ہے چشم بد دور
خوش کیون نہ ہون بات بات پر آج		ہی اوس کی زبان پہ میرا مذکور
کیا آتش دل سی دم رکے ہے		اف کریگا بہی نہین ہی مقدور
میری دم گرم کی مقابل		بس شمع کی مونہہ کا اوڑ گیا نور
بہولی سی ہے اور کو نہ دیکہون		جو تمکو وہی ہے مجکو منظور
لیکن نہین حسرت اختیار سے		نظارہ چرخ سے ہون مجبور
کیا عشق مین ہو خلاف ناصح		دیوانہ ہے یہان نہین ہی معذور
اہی ہمنفس اب کہان وہ ایام	ق	ہی دوز مان کا یہہ ہی دستور
تہی اپنے پہ اعتماد کیا کیا		دعوی مری ہین جہان مین مشہور
کہتا تہا مین دل کبہی نہ دون کا		ہرچند کوئی پری ہو یا حور

آنشوخ چنان ربود از من
گوئی کہ دلم نبود از من

بدعہدون سی بات بن نہ آئی		تہی موت بہی دلشکن نہ آئی

کیا بخت عدو فسانہ خوان تھی | کیون نیند شب محن نہ آئی
کیا جاتی تھی جان بی شکایت | کیون موت دم سخن نہ آئی
یون داغ عدو کا شکر ایدل | بی شرم تجھی جلن نہ آئی
قصہ ہی حموشیون کا لب پر | ق | کیون آہ زبانہ زن نہ آئی
سمجھی ہی وہ التماس بوسہ | جو بات کہ تا دہن نہ آئے
اوس کو مین جو خاکمین ملا پھر | بلبل طرف چمن نہ آئے
کب ٹوٹ گئی ناز خصلتون پر | ق | بیہ طبع نیاز فن نہ آئے
اس رشتہ کی ناز کی تو دیکھو | آواز گسیختن نہ آئے
جسوقت بگڑ کی لی گیا دل | مومن مجھی کچھہ بہی بن نہ آئی

آنشوخ چنان ربود از من
کوئی کہ دلم نبود از من

ترکیب بند بمضمون مرثیہ معشوقہ حور طلعت ملک تشیم خصلتے وصنالہافی جنت النعیم

خمیازہ عیش کا مراد ل کھینچتا ہی آج | آغوش رشک حلقہ اہل عزا ہی آج
برپا د شور رعد ہوا آپ اشک ابر | کیا او فورشیون وجوش لگا ہی آج
جیتی رہی تو لال طمانچون سی مونہہ کیا | تغیر رنگ شرم وخجالت فزا ہی آج
پانی کی بدلی مونہہ مین بہر آئی ہی لہو | لب کاٹنی مین ہائی کہان وہ مزا ہی آج
مجکو نہ اپنی ساتھہ عدم مین لئی گیا | ہر دم شکایت نفس نارسا ہی آج
آواز ہاے ہاے کی آتی ہے متصل | گردون طلسم گنبد ماتم سرا ہی آج
اتنی کہان حواس کہ تدبیر مرگ ہو | اپنی خبر نہین مجھی کیا جانی کیا ہی آج
اے دل خبر لی نغمہ شادی کو کیا ہوا | لب پر ہمارے نالہ واحسرتا ہی آج

بیٹھی مجھی جو روئی وہ کہتی تھی بار ہا
او تریں گلی سی گھونٹ نہ آبحیات کی

کیا روی اوسیکا ہمیں بیٹھا ہی آج
دل آہ زندگانی سی کتنا خفا ہی آج

مرنا یہہ کسکا جان سی بیزار کر گیا
ماتم ہیں مر رہا ہون ہیں یہہ کون مر گیا

دولکی طرح سی یہہ بھی چلی جان کو کیا ہوا
دم ہیں نہیں ہی غم مری جانان کو کیا ہوا

سر پیٹتا ہی شاہزادہ دونو ہاتھہ سے
کیا جانی اوسکی زلف پریشان کو کیا ہوا

پیتی ہی اپنا خون دل افسوس سی حنا
اوس دست رشک پنجۂ مرجان کو کیا ہوا

شبنم کو پھیر ہی جانب خورشید التفات
شرمندہ ساز مہر درخشان کو کیا ہوا

دلہیں شکن ہی زلف مسلسل کدہر گئی
برہم ہی حال کاکل پیچان کو کیا ہوا

لذت فزا نہیں الم اوس لب پہ کیا بنی
کچھہ زخم پھر اہیں نمکدان کو کیا ہوا

بوئی قبائی یوسف گل ہی نسیم ہیں
اوسکی شمیم عطر گریبان کو کیا ہوا

گردش پہ اپنی نازہی پھر روزگار کو
اوس چشم رشک فتنۂ دوران کو کیا ہوا

دعوا ہی شوخیونکا غزالان دشت کو
اوس خوش نظر کی جنبش مژگان کو کیا ہوا

کتان ہی سینہ چاک رخ ماہ دیکھہ کر
اوس روئی غیرت مہ تابان کو کیا ہوا

غیب وحجاب شمع رخان جہان گیا
وہ مہر آسمان نکوئی کہان گیا

یہہ گلستان سرائی تماشا نہیں رہا
وہ نوبہار گلشن دنیا نہیں رہا

افسوس کوئی پردہ نشین پردہ در نہیں
وہ حسن جس سی عشق ہو رسوا نہیں رہا

حیف اپنی تلخکامی وشوریدہ طالعی
جس سی کہ زندگی کا مزا تہا نہیں رہا

ای چرخ چاہنی سی رہی مہر و ماہ کو
کیا چاہیں روزگار تمنا نہیں رہا

اپنی خرابیون کو کہان جا کی روئیی
وہ شمع روئی انجمن آرا نہیں رہا

دل مین جگہہ نہونیکا کس سی گلا کرون — وہ قدر دان شکوہ بیجا نہین رہا
اوسکو گلی لگائی ای شوق ہمکنار — وہ خوش گلو ہی سینہ مصفا نہین رہا
کس سی بنا ہی کہ سوای وفات کی — دنیا مین ہای نام وفا کا نہین رہا
اب کسکو دیکہی کہ کسیکو نہ دیکہئی — وہ پردہ سوز چشم تماشا نہین رہا
اوس نور چشم حسن کو کیونکر نہ روئی — آنکہون مین نہ ہوی اب کوئی ایسا نہین رہا

ہر دم جہان آئینہ آلودہ غم سی تہی
یہہ آب و تاب حسن اوسی ہمدم سی تہی

کیا ماجرا لکہون مین کہ تاب رقم نہین — ہین نالہ ہای صور صریر قلم نہین
اوٹہی ہی نعش خوش قد محشر خرام کی — یہہ حادثہ نزول قیامت سی کم نہین
ایسا گیا کہ یہانتلک آنا محال ہی — کہتی تہی ہم کہ اوسکی طبیعت مین رم نہین
جا کر رہین گی عرش پر ارباب تعزیہ — اس جوف مین سمائی یہہ ایسا الم نہین
وحشت مری نگاہ سی ہو کیون نہ جلوہ گر — آتا نظر وہ سلسلۂ خم بخم نہین
پہنچا دیا ہی ہجو دیون نی قریب مرگ — بیچارہ گر اب آپ مین ائی تو ہم نہین
یہہ زندگانی اہل ہوس کو نصیب ہو — مین ناتوان سزای جفا و ستم نہین
ق
بیداد دیکہہ تازی ترک فلک نپوچہہ — کوئی نہین جہان مین کہ پامال غم نہین
اہل زمانہ دیدہ بادام کیطرح — وہ آنکہہ پہوڑ ڈالتی ہین جسمین نم نہین
از بسکہ ہی جہانسی اوٹہہ جانیکا خطر — اب حضرت مسیح کی بہی دم مین دم نہین

افسوس یون وہ جان جہان جا ہی تہہ سی
دنیا تہا غسل خضر کو آبحیات سی

اوس جور و شن سی ہای کیا کیا جلا ہمین — اس زندگی کی ہاتہہ سی مرنا پڑا ہمین
دلجو نہ جان کہا تو بہلا خاک کہا ہی — غم بہی دیا فلک نی تو کیا بیمزا ہمین

شیرین نہین وہ خون کہ ہتی ہین جای اب
چہلنی تو پاؤن ہو گئی اس جستجو مین ہای
اوس تک پہنچنی کی کوئی تدبیر ہی نہین
اوس گہر کو دیکی گلشن شداد سی مثال
جنبش نہین کہ زخم کوئی کارگر لگی
نجلی نہ ایجبار گری ہم پہ بانصیب
دامن پکڑ کی روئین کیون ایک ایک کا
یہہ جوش رشک خاک مین ملجائی ایخدا

شکوہ ہی اپنی طالع شوریدہ کا ہمین
بیجا ہی خاک چہانی وہ کب ملا ہمین
ایجاش خضر آن کی ہو رہنما ہمین
کرتی ہین دریہ ہا کہ اوٹہالی خدا ہمین
تیغ مژہ کا لاکہہ تصور بندہا ہمین
دن رات کو خیال تبسم رہا ہمین
جب چہوڑ جائی بیکس و تنہا قضا ہمین
ہی وس سی ایسی مہر و وفا پر گلا ہمین

کیا کیا کدورتین ہین دل ناصبور مین
کیون نیند آگئی اوسی آغوش گور مین

قطعہ

مین مر رہا ہون اسکی بلا کو خبر نہین
مجہ پر بہی ہی عذاب شب اولین گور
ایسا کہ اوس سی عوض کری جا کی یہہ پیام
یہان جوش غم مین ہوت سی ملی تر ہی ارمانگی
میرا لہو پئی جو گلا کاٹنی نہ دسی
ای ہمنشین ترٹپنی ندی خاک پر ذرا
پتہر پہ سر پٹکنی دی ای مہربان کہ آج
چہوڑا تسنلین کہ جامہ ہستی قبا کرون
بیچارہ بیقرار ہی درمان کی فکر مین
بیفائدہ نہین ہین مری خاک پر زبان

ناصح کی بات کون سنی نوحہ گر نہین
ای موت آکہ تاب قلق تا سحر نہین
ملتا جہان مین کوئی پیغامبر نہین
اب آکی دیکہہ جائیی باور اگر نہین
ہمدم خیال تیغ مژہ مین اثر نہین
ایسا تو آسمان بہی بیداد گر نہین
بازو سی نرم نرم وہ بالین سر نہین
غمخوار دہیان آیا کہ مین جامہ در نہین
آگاہ میری درد سی مشفق مگر نہین
اسکی حصول کی تجہی ہمدم خبر نہین

اوس سیم تن کو ہای ملایا ہی خاک مین

گردون نی گنج حسن چھپایا ہی خاک مین

ویران ہی خانۂ جلوۂ حیرت طراز کا
آئینہ دیکھتا ہی موںہہ آئینہ ساز کا

ہاتھون سی اپنی مہرہ تریاک کھو دیا
بگڑا ہی کھیل کیا فلک حقہ باز کا

پہلی ہی اذن عام کہا نعش یار پر
غیرت سی انتظار نہ دیکھا نماز کا

سر پیٹتی ہین حلقہ ماتم مین قمریان
نخل عزا ہی آہ یہہ کس سرو ناز کا

کب پہنچی باغ خلد مین ہمسی گناہگار
ہی تنگ قافیہ ہوس سبزہ تاز کا

زندہ ہی دفن کر دو مجھی دوستو کہ اب
محتاج کون ہوا جل بی نیاز کا

ہی کفر منت کہہ اب وسی کس سی وصال ہی
ای محرم آہ فائدہ افشائی راز کا

گستاخ نالی فتنہ محشر جگا نہ سکے
خواب عدم مین چین ہی گر خواب ناز کا

گر گلشن خلیل جلادی تو کیا عجب
شعلہ ہماری سوز ہی سمندر گداز کا

نادان دلکو مرگ کا اب تک یقین ہی
اللہ کیا گمان تہا عمر دراز کا

خود کام ہی عجب مجھی مرجانی کا گیا تری
کام آئی تیری کیون نہ لب جانفزا تری

کہو دی خزان نی رونق گلزار ہای ہای
پژمردہ ہوگئی گل رخسار ہای ہای

پھرتی نہ تہی جو پردہ نشین گھر مین بیحجاب
نعش اوسکی جاتی ہی سر بازار ہای ہای

سرو قبا وہ قامت محشر خرام ہی
کیا ہوگئی وہ شوخی رفتار ہای ہای

ہم خواب مہ جبین کی مری آنکہہ بند گئی
کیا سو گئی ہین طالع بیدار ہای ہای

وہ شمع مہر پرتو مہ جلوہ بجھ گئی
دن رات ہی فروغ شب تار ہای ہای

ہی کچھ خبر ہی گھر مرا ویران ہو گیا
سر پھوڑتا اپنا اسی در و دیوار ہای ہای

اب پوچھی محبتی عاشق بیکس کی بات کون
اوسمین نہین ہی طاقت گفتار ہای ہای

روتا ہون جانکو ملک الموت کی ڈرا
کہہ مہری ساتھ تو بھی تو غمخوار ہای ہای

اے چرخ یار کشن تجھی پاس وفا نہین
اوس مہروش کی مرگ نی خفاش کردیا

مین اور رنج و محنت و آزار ہا یہا ی
ہی اضطراب مانع دیدار ہا یہائے

نظارہ ہی محرک ماتم ہزار حیف
ابرو ہوا ہلال محرم ہزار حیف

مدفن ہنی زمین چمن واہصیبتا
جس نازنین صنم پہ گران تہا حریر چین
دہی منکر و نکیر کو ناچار وہ جواب
جسکو شکستن دل عاشق عذاب ہو
جو عرض مہر تازہ رسی ہون سرنگون
تشبیہ آئینہ سی جو ہوتا تہا آب آب
دیتی تہی حور وش ہی جس آرام دلہجان
جہو مر دہری سی تو گھٹتی تہی جسکی ہاتہ و بازو
یہہ لونکو جسکے بو نی ملایا تہا خاک مین
وہ خانہ باغ عیش محل جسکا نام تہا

معدوم ہو وہ غنچہ دہن واہصیبتا
اوسکا غلاف کعبہ کفن واہصیبتا
جو حور سی کری نہ سخن واہصیبتا
وہ اور جانکنے کی محن واہصیبتا
اوس پر جفای چرخ کہن واہصیبتا
ملجای خاک مین وہ بدن واہصیبتا
اوسکا غم ہلاک شدن واہصیبتا
وہ زیر بار تاب شکن واہصیبتا
ہی اوسکی خاک وقف سمن واہصیبتا
کہتی ہین اوسکو بیت حزن واہصیبتا

کیا اعتبار دہر کا عبرت کی جای ہی
عشرت سرا کبہی کبہی ماتم سرا ہی یہہ

کیا میر اسد راہ ہی سنگ مزار حیف
یارب ہین ہنی کہ سما جاؤن ورنہ کیا
ہون غرق آب شرم کہ ڈوبا نہین ہنوز
ایمرگ چشم لطف کہ حسرت سی مرتی دم
کہتی تہی اونکو جان قیامت مین خاکسی

چہاتی کا پتہر اونکی ہوا انتظار حیف
لیلی کو مونہہ دکہائیگا وہ مہ عذار حیف
بی ابر دیتی مژہ اشکبار حیف
دیکہا گئی وہ میری طرف بار بار حیف
کس مونہہ سی سراوٹہائینگی ہم شرمسار حیف

دم کی لگی نہ آتش یاقوت کو ہوا
جو گلرخون کی قبر پہ جاتا نہ تہا کبہی
ہر دم زمین کو زلزلہ ہیری تپش سی ہے
اللہ مرگ کی بہی سر آئی نہ آرزو
زندہ رہون مین اور وہ مرجائی ہم نفس

کیا خاک ہو گیا گہر آبدار حیف
حُر بہشتی ہین وسکی گور پر اب گل ہزار حیف
وہ شوخ خاک مین بہی ہاسا بیقرار حیف
مایوس ہو گیا دل امیدوار حیف
کیا اعتبار ہستی بی اعتبار حیف

یہہ نیم جان بہی کاش اجل کی پسند ہو
شیون کا غلغلہ مری گہ سی بلند ہو

وہ مہر جلوہ ریز زمین افلاک دریغ
ایسی مہ دو ہفتہ کو رنج خسوف ہو
ہرگز سوائی روز قیامت نہو صعود
یوسف تہا وگرگ اجل ائی ہائی نہ آہ
ظالم تری کدورت بیجا کو کیا کہون
کیون لیگیا بہشت مین اوس شاخ تر کو
سوچا نچہہ اعادہ معدوم ہی محال
سوز غضب سی ہی گرہ نار سینہ مین
اوسکو کہ جسکا نقش قدم رشک مہر ہو
یہہ نالہ ہای شعلہ فشان و زبانہ زن

گردون نشین ہو خاک نشین افلاک دریغ
دوران کا اعتبار نہین الفلاک دریغ
اتنا ہو طرز ہرہ جبین ای فلک دریغ
عیسی نفس ہو مرگ گزین ای فلک دریغ
نایاب ہو وہ در ثمین ای فلک دریغ
پیدا کہان ہین ایسی حسین ای فلک دریغ
نسیان جو ہر و ثمین ای فلک دریغ
ایک مشت خاک اور یہہ کین افلاک دریغ
کرتی ہین خاک مال کہین ای فلک دریغ
بہولین گی تا بہ عرش برین افلاک دریغ

ہم پائمال مرگ بہی اب سر اوٹہائین گی
جلتی رہی تو حشر کو مہمان بلائینگی

ابجوش نالہ کاوش سر دم کہان تلک
اوس مہروش کو رونی کی سی کیا حصول

یون موت سی شکایت مبہم کہان تلک
ای اشک بیقراری شبنم کہان تلک

گر داں جہکی ہوا ہی وہی بار دوش ہی
ای دل خیال ابروی خوش خم کہاں تلک

جل جل کی میری دلکی طرح خاک ہوگیا
ای آہ سینہ سوز سی ہمدم کہاں تلک

مین صحن اوسکی گہر کا سمجہتا ہون گور کو
اللہ مجہسی تنگ ہی عالم کہاں تلک

سینہ کی ساری آبلہ ناسور ہو گئے
ای دست عیش وصل کا ماتم کہاں تلک

ہی جستجو ہی یار مین سعی رہ عدم
ای شوق دیکہیی کہ ہی دم کہاں تلک

تاثیر کو بہی آگئی موت اوسکی ساتہ ہاے
کہا یا کرون امید اثر سم کہاں تلک

اس زندگی سی میرا دم آیا ہی ناک مین
آخر تحمل قلق و غم کہاں تلک

اللہ سینہ کوبی سی ہاتہ تہک گئے
ہیٹین گی اپنی جان کو یون ہم کہاں تلک

ای مرگ اس عذاب سی اگر چہٹا مجہی
مومن ہون قید خانہ ہی دار الفنا مجہی

مثنویات

این نالہ شکایت ستم نام
با من خود گفت سال اتمام

ساقیا دیکہ آپ آتش رنگ
گرم و سرد زمانہ سی ہون تنگ

نالہ آتشین ہی تف پر درد
کرہ زمہریر ہی دم سرد

جوش صیف و شتا سی حال نہین
اس ہوا مین کہہ اعتدال نہین

ہی طبیب روان محزون ہی
خم بادہ خم فلاطون ہی

یہہ اگر التفات فرما ہو
باد صرصر دم مسیحا ہو

گرم تدبیر کرد ہی ہو جای
تپ غم نار عنصری ہو جای

چارہ سازی کری جو بعد ہلاک
بنی خاک شفا مزار کی خاک

گر عرق ریز فکر درمان ہو
گریہ ماتم آب حیوان ہو

اس سی ممکن علاج عاشق ہی
گرم و تر ہم مزاج عاشق ہی

کہو دی یہہ رشک شربت اعجاز | نزلہ اشک چشم اہل نیاز
کیا کہون اسکی چارہ فرمائے | ہی یہہ تریاک زہر تنہائے
مین بہی محتاج چارہ سازی ہون | خستہ نازبی نیازی ہون
ہی حواسون مین انتشار بہت | خم کی خم لاکہ ہی خمار بہت
جوش غفلت ہوا سقدر مجہی سی | نہ صراحی سبو پیالی دی
پاس ناموس و ننگ اوڑجائی | ہوش مانند رنگ اوڑجائی
مثل قلقل خروش مین آؤن | صورت بادہ جوش مین آؤن
دامن تر طلسم باران ہو | رعد شور سیاہ کاران ہو
خم کی خم متصل کرون خالی | جی بہری یہہ کہ دل کرون خالی
مطلب آما ہو شور مستانہ | کہدون بیہوشیون مین افسانہ
جوش دل کو جو یک بیک آوی | راز پنہان زبان تلک آوی
گلۂ یار و شکوہ گردون | چپ لگی جب سمجہ بیان کردون
یعنی طفلی سی ہو مین پیر مغان | بلد راہ گمرہان جہان
تہی برس ہم شمارہ افلاک | کہ ہوا پایمال صورت خاک
کہو دیا چین ایک مہ رو نے | شب سیہ کی ہلال ابرو نے
خنجر غمزہ نی ہلاک کیا | نرگس سرمہ سانی خاک کیا
اور اوسکا ہی مجہہ پہ دل آیا | کہو کی دل مینی جان کو پایا
دشمنی تہی زخم یار دونو کے | ہو لی سینی فگار دونو کے
صبر و آرامش و ثبات چلی | آپ سی دونو ساتہہ ساتہہ چلی
ہوئی آرام و صبر سر دوران | بی اجازت گئی سکون و توان
اپنا ہوش اوسکی رنگ کا پیرو | اوسکا صبر اپنی رنگ کا پیرو

دو نوا ایک تازه کار افتاده

ہوئی منظر و نین گفتگو باہم
ہمکو چشم لحاظ و پاس وفا
ترس جور فراق زیب بیان
نکلی ارمان خیال کی کیا کیا
ہائی بچپن مین دل کا آجانا
شوق آیا تو دل نیازی کا
شغل طفلانہ دلکی یاس گئی
غم تکلیف کی نہ آئی تھی
پہنچی سن وقوف کو بہنی ہم
آه ورد زبان ولوله تھی
کچھ نہ سیکھو سکھا دیا دل نی
لذت آئی جو لفظ الفت سے
بسکہ تھا دلمین شکوه بیداد
زلف و لب سرخط دل غمگین
جور اوستاد کی خوشی ہوتی
رونی کو ایک بہانہ ہو جاتا
بسکہ یاد نگار مین روتے
وا و پڑہتی تو ہونٹ کاٹتی ہم
بی کہی سی جو ہونٹ ملجاتی
حفظ قرآن و یاد مصحف رو

دو نو دلدار دو نو دلداده

غرض کی دلکی آرزو باہم
اون کو منظور التماس وفا
سخن اشتیاق ورد زبان
ہوئی وعده وصال کی کیا کیا
کچھ سمجھتی نہ تھی یہ کیا جانا
کھیل کھیلی تو عشق بازی کا
ہوش کی آتی ہی ہواس گئی
مینی تکلیف جب وہائی تھی
کہ ہوئی واقف رموز الم
نیم بسمل ہوئی یہہ بسملہ تھی
سبق اولٹا پڑہا دیا دل نی
پڑہتی دایم الف کی آگی تے
سبق الحمد کا نہ تھا یاد
نام لکھتی تو لیلے و شیرین
عذر فریاد کی خوشی ہوتے
حیلۂ آه و نالہ ہاتھ آتا
تختۂ مشق اشک سی دہوتی
لام آتا تو لب کو چاٹتی ہم
بوسۂ لب کی لطف یاد آتی
فرصت ایکدم نہ روز و شب مین کبھو

دن کو ورد زبان سبق ناچار　　رات بہر درس شوق کی تکرار
ہوس راحت آہ کیا کیا تہی　　لیگئی بخت خواب میرا بہی
گہر سی عیش و طرب کی جوش گئی　　میری نیند اقربا کی ہوش گئی
ہوئی سرگرم چارہ و تدبیر　　گئی کیا کیا علاج بے تاثیر
دستہای گل و ہجوم سمن　　بستر خواب رشک صحن چمن
چشم بد کی لئی فسون سازی　　تازہ ہر شب فسانہ پردازی
اوڑ گیا اور بہی میرا آرام　　حال تغیر مقتضای مقام
ذکر ہجران سی ارقستین آئین　　وصل کی جائی حسرتین آئین
شہرہ عاشقانہ ہونے لگا　　حال میرا فسانہ ہونی لگا
گہہ کبہی جو وصال ہوتا تہا　　وہ بہی جیکا وبال ہوتا تہا
دیکہہ وہ غمزہ ہراس آلود　　نگہہ آرزو تہے یاس آلود
شبنم و نرگس اوسکی تر آنکہین　　جی بہر آئی دیکہہ کر آنکہین
کان رکہون جو آہ پیہم پر　　صدائہ تو بنو رہے دم پر
آفت جان و دل فراق و وصال　　الغرض یونہی کٹ گئی دو سال
جب پڑی دونو کی قلق کی ہجوم　　اوٹہنی ملنی سی بہی ہوئی محروم
اوسنی ناچار پہر چہپایا موںہہ　　اس وفا پر نہ پہر دکہایا موںہہ
لاکہہ عاشق کی چشم بہر آتی　　زندگی تہی وہ کیا نظر آتے
جوش خمیازہ ریزش انتظار　　چشم آغوش حسرت دیدار
سحر اشک ابیار گلشن ابر　　نگہہ یاس برق خرمن صبر
شوق پامال حسرت و حرمان　　کف افسوس پنجہ مژگان
سرمہ سا چشم آبناک ہوئی　　آرزوی نظارہ خاک ہوئی

خاک مین جی ملا دیا غم نے
خاک اوڑائی کدورت ہم نی

دل پہ جب یہہ غبار بہہلایا
چرخ سی فتنہ گر کو رحم آیا

راہ پر آسمان کو لایا کچھہ
طالع خفتہ کو جگایا کچھہ

ہوئی شادی ہماری ہان اِکبار
آئی مہمان وہ دولت بیدار

شرکت محفل سراپا زیب
اوسکی آنی کی ہوگئی تقریب

ایک خالی مکان مین آکر
مل گئی جیب کی جیب ڈہبا کر

کیا ملاقات رشک تنہائی
دمبدم تازہ حسرت افزائی

دو نو جانب سی نالہ و فریاد
شکوۂ جور و طعنۂ بیداد

گرد دل سی اوٹھی زمین کی ہوش
نالۂ آسمان فگن کا جوش

صور کا نفخ اولین افغان
فتنۂ محشر آفرین افغان

اشک آنکھون سی متصل جاری
خون دل تا بہ بخت دل جاری

آرزو پایمال یاس وصال
لحظہ لحظہ خراب تر احوال

اوسپر آیا زمانہ رخصت
دور ایام نی نہ دی فرصت

آگیا دو ہی دن مین روز نشور
منتشر ہوگئی وہ بزم سرور

آئی رنج و غم و تعب مہمان
گہر گئی اپنی اپنی سب مہمان

شعلہ زن آہ سینہ سوز وداع
مہر حشر آفتاب روز وداع

لاشۂ صور دوش افغان پر
ایک قیامت بنی دل و جان پر

وہ ملاقات آخری ہی ہے
کیسی دلداریان مری ہی ہی

وہ نگاہ ہراس آلودہ
حرف امید یاس آلودہ

آرزوی وصال کی باتین
ممکن و احتمال کے باتین

سخن اتفاق سی تسکین
اثر اشتیاق سی تسکین

ہائی اوسکی دم فسون پرداز | چلتی چلتی سنا گئی آواز
ایک تسکین دل کہان مجکو | بیقراری زمان زمان مجکو
نکلی ہونٹہ سی کرون کوئی بات آہ | آہ نومیدی ملاقات آہ
ملکی بیٹھی تھی دونو ہم وہ جہان | روتی روتی بہا دیا وہ مکان
ہائی نی کعبہ نی کنشت پرست | بن گئی ایک سنگ خشت پرست
سجدہائی نشان پاہون ہان | در و دیوار پر فدا ہون ہان
جائی جائی کی وہ انکی لیوین بلائین | کبہی سر پٹکی گہہ گلی سی لگائین
خواہشین حسرتین سدا خون ہون | کاہشین لحظہ لحظہ افزون ہون
اونکا احوال کچھہ پریشان تر | چشم خوناب حسرت افشان تر
طبع نازک کو اونکی تاب کہان | طاقت ضبط اضطراب کہان
دل بتان شوق ہمکناری سے | خفقان ضبط بیقراری سے
ایک قیامت دل حزین پہ رہی | تہلکہ جان نازنین پہ رہی
ایکدن جی زیادہ گہبرایا | جان بیتاب کو نہ صبر آیا
ایک جان اور غم کا وہ انبوہ | ایسی نازک پہ شدت انبوہ
جوش یاس آسمان تلک ہی ہی | تاب لائی کہان تلک ہی ہی
تنگی دہر وحشت افزا تہی | تپش دل قیامت آرا تہی
بہرہ تسکین شدت خفقان | پہری گلگشت روضہ رضوان
گئی جنت مین بسکہ ایسی حور | ہوہی بیتاب کیسی کیسی حور
رشک سی خضر پایمال ہوا | ملک الموت سی وصال ہوا
کیون نہو کرم منت یزدان | دہن گور کو ملی یہہ زبان
اثر حسن سی بنی یکبار | رشک خورشید ذرہائی غبار

مجکو جسوقت یہہ خبر آئے — بیہوشی مرگ کی خبر لائے
پاش بدنامی ایک ذرا نرہا — ہوش ناموس و ننگ کا نرہا
خار خار غم آشکارہ ہوا — مثل دل جامہ پارہ پارہ ہوا
ہوگئی بسکہ بوئی خاک یہ ہم — جلد ہمرنگ کسوت ماتم
کیا نظر زخم اندرون آیا — چشم سی روتی روتی خون آیا
نہ لیا پہر قرار نی آرام — کہو دیا اضطرار نی آرام
سینہ کوبی سی دل فگار ہوا — تیر حسرت جگر کی پار ہوا
دم اٹکتی اٹکتی ٹوٹ گیا — سر پٹکتی پٹکتی پہوٹ گیا
آہ نی دلسی کیا اوٹہائی دہوئین — چاہ بابل کی بس اوڑائی ہوئین
سر اوٹہایا خروش پہہان نی — ایک قیامت کی آہ و فغان نی
شور محشر خروش واویلا — نفخۂ صور جوشش واویلا
جی کو رشک زمین نی خاک کیا — خواہش مرگ نی ہلاک کیا
موت پر نکلی آرزو کا دم — یہہ بہی دم پہ پر نہ بگڑا دم
نالہ آخر فسون ہوا دل کو — رکتی رکتی جنون ہوا دل کو
چارہ سازونسی نفرتین کیا کیا — حرف تسکین سی وحشتین کیا کیا
پاس ربط وفاسی بہاگین ہم — دور دور اقرباسی بہاگین ہم
ذکر درمان سی اور درد بڑہی — نام تبرید سی بخار چڑہے
خصمی و کینہ غمگسارونسی — دشمنی سخت دوستدارونسی
جان اسیر عداوت احباب — بند غم دام الفت احباب
سختی چشم بد نگہبانی — خانہ زندان کدہ مین ندانی
خفقان الفتونسی ہمدم کی — طوق گردن کنار آب وغم کی

شعلہ داغ جنون و فرق تنور
دود تہ شفقت آفتاب نشور

ابر رحمت تپ عذاب الیم
سایۂ ما در احتراق جحیم

قطرہ قطرہ شرشک خال غمین
دانہ ہائے سلاسل سجین

ان بلاؤن سی چھوٹنا معلوم
اس سلاسل کا ٹوٹنا معلوم

غم کو وحشت فزائیان مشکل
رم کو زور آزمائیان مشکل

بیقراری کو جوش کا افسوس
غود نمامی سی وحشتین پابوس

ایک مدت تلک یہہ حال رہا
ملک الموت کا خیال رہا

حسرت مرگ دادرس کیا کیا
خاک مین ملنی کی ہوس کیا کیا

خلش خار خار صد آزار
آرزوہی ھلاک مین بیمار

دردمندی و بیدوائی حیف
زہرو خنجر کی نارسائی حیف

دور بینی ستم فریبون کے
چارہ سازی سم ان طبیبون کے

جب یہہ دیکہا نہین بن آتی کچہہ
نہین پیش انکی آگی جاتی کچہہ

دل سی کی مشورت کہ کیا کیجی
کیونکر اس درد کی دوا کیجی

اس بلا سی نجات ہو کیونکر
رفع قید حیات ہو کیونکر

کسطرح سی یہہ سلسلی ٹوٹین
حلقۂ اقربا سے ہم چھوٹین

یون کہا دل نی انی یون تقدیر
نہین اسکی سوا ہی کچہہ تدبیر

کہ ذرا جان کو سنبہالو تم
بات جب ہی کہ بات ٹالو تم

چارہ سازونکو ہو نہ حیرانی
نکرین اسقدر نگہبانی

جان کا ہو علاج فرصت مین
کہا سکو زہر کنج خلوت مین

بات دلکی مجہی پسند آئی
ضبط بیطاقتی کی ٹہر آتے

نفس تیز تیز کو روکا
نالۂ شعلہ ریز کو روکا

ظاہر آزار کچھ غرض نہ تھا | لاغری کے سوا مرض نہ تھا
فرق جوش و خروش مین آیا | مین بصد زور ہوش مین آیا
صبر یہان بہر حیلہ و تدبیر | اور اطبا کو دعوے تدبیر
کیا کہون اس افسون کا فسانہ | عاقلون کو بنایا دیوانہ
ھل نہ سکتی یہ سکر تاب کرین | غش ہی ہو تو خیال خواب کرین

بار دوم گرفتاری دام بلا و نغمہ سنجی بعد فریاد و واویلا

ایکدن مجکو جوشش بیہوشی | خواب ناز جہان فراموشی
ضعف سی طاقت آزما غفلت | ہوش روپوش و خودنما غفلت
اس مین ایک بو ی جانفزا آئی | جان پر غش کی کیا بلا آئی
کردیا رشک صحن باغ شام | واہ بو ی تن سمن اندام ۞
بیہودی کو حواس یکبار آئی | ہوش تو آئی لیک ناچار آئی
غش سی مجکو افاقہ ندرت ہی | نہ چلی بس خدا کی قدرت ہے
کھل گئی کیا در فرا بستہ | ہو گئے باز چشم وابستہ
دیکھتا کیا ہون ایک زہرہ جبین | جلوہ افروز ہے سر بالین
سال عمر اب تہی ہم شمار بروج | کہ ہوا اختر بلا کا عروج
چرخ نے داغ نو دیا مجکو | واللہ اوس ماہ کا کیا مجکو
صدمہ جان گسل دوبارہ ہوا | جون کتان سینہ پارہ پارہ ہوا
دیکھ زانو پر اوسکی سر اپنا | تھا دماغ آسمان پر اپنا
جان آگئی کہ تھا سہارا ۞ | آبحیوان سی جام زانوے یار
کیا کہون پرسش نگاہ کرم ۞ | چشم سی غمزہ دادخواہ ستم
ذکر امید خاطر محرم ۞ | سخن دلدہی کا جوش و ہجوم

حرف مونہہ سی جو اوسکی نکلی پڑین — ایک غنچہ سی لاکہہ پہول جہڑین
دیکہہ اس شب کی گوہر افشانی — ہو گیا آب ابر نیسانی
حال پوچہا جو ناتوانی کا — بڑہ گیا نور سخت جانی کا
لب جان بخش چارہ جو کیا کیا — الفت آلودہ گفتگو کیا کیا
واہ اوس لب کی چارہ فرمائی — بات مین آگئی توانائی
شادیان دلکو ہمکناری کی — ہائی باتین وہ دوستداری کی
پوچہا اب مزاج کیسا ہے — غش یہہ پہر تمکو آج کیسا ہے
دیکہو کسکا ہی برا احوال — یہہ بنایا ہی تمنی کیا احوال
جان سی یون گذر نہین جاتی — موئی کی بہی مرنہین جاتی
حظ اوٹہاؤ ذرا جوانی کا — کچہہ مزا دیکہو زندگانی کا
عمر رفتہ کی جستجو کب تک — اپنی مرنی کی آرزو کب تک
آخر ایک روز جان جانی ہی — یہی دو دن کی زندگانی ہی
جاکی خلد برین مین مل لینا — داد امیدہائی دل لینا
پہر نہو گا کبہی فراق تمہین — ہی گر ایسا ہی اشتیاق تمہین
وہان کسی سی نہ بات کیجو تم — حور کا بہی نہ نام لیجو تم
یہان تو ممکن نہین وصال اوسکا — خواب آشفتہ ہی خیال اوسکا
گریۂ چشم تر سی کیا حاصل — نالۂ بی اثر سی کیا حاصل
ایک ذرا آپ کو سنبہالو بس — مثل غم حسرتین نکالو بس
آگئی جان کو قرار و ثبات — واہ اوسکی کلام کی کیا بات
نفس جانفزا تکلم تہا — کیا کلام اسمین کیا تکلم تہا
چارہ درد و غم کیا مینی — بس گلی سی لگا لیا مینی

ابر اشک طرب کا باعث واہ — بن گئے ہاتھ میری ہالۂ ماہ
صبر آنی لگا مجھے کم کم — شوق جتنا بڑھا ہوا غم کم
متصل کی جو اوسنی دلداری — نہ رہی زندگی سی بیزاری
ہوس مرگ و وصل کی خواہش — مبتلائی فزایش و کاہش
ہمدم و ہم مزاج لیل و نہار — حسرت خفتہ دولت بیدار
آخر آرام آگیا ہے کو — چھوڑ کر غم چلا گیا ہے کو
روز گلہای انبساط کا جوش — ہر سحر خندۂ نشاط کا جوش
کیسی دو نو طرف سی یکروئی — دو نو جانب از محو دلجوئے
چشم الطاف چارہ جو باہم — کیا نگہ ہائی آرزو باہم
دمبدم تازہ محفل آرائے — دلدہی دلبری دل آرائے
کسقدر تشنہ کام آب وصال — کاسۂ چرخ جام آب وصال
وا پیا ساغر و سبو بیکار — منتے اشتیاق بوس کنار
ربط جذب دل و اثر کیا کیا — دو نو مشتاق یکدگر کیا کیا
کوئی آیا تو ہٹ گئے لاچار — ورنہ ہر لحظہ شغل بوس و کنار
ایک برس تک یہی رہا عالم — زندگی کی مزی اوٹھائی بہم
بعد یکسال خصم دیرینہ — چرخ بیداد گر زمین کینہ
آگیا اپنے کج خرامے پر — غش ہوا از گونہ کامی پر
کیسی جلد ایسی آگئی شب تار — دن پہری تھی سو پہر گئی یکبار
ہوگئی نجم سعد سے گشتہ — ہائی بیداد بخت برگشتہ
کیا پامال سیہ اختر نے — یاد دن پہلائی نحس اکبر نے
راہ پر اپنے آسمان نہ رہا — زہرہ بر جیس کا قران نہ رہا

پر وہی شوق دشت و جوش جنون — اپنی وادی پر آگیا گردون
اس مصیبت کے ابتدا ایسہ ہی — ظلم دوران کا ماجرا ایسہ ہی
ایک دن ہم موافق معمول — تہی نشاط و سرور مین مشغول
بادہ شوق وصل سی مدہوش — محو لذات بوسہ و آغوش
بیخود اشتیاق کیا کیا ہم — گلی لپٹی پڑے ہوی باہم
نیند دونون کو آگئی ناگاہ — بخت بہی اپنی ساتہہ سوگئی آہ
حائل ایک پردۂ حجاب نہ تہا — ہوش جاتی رہی تہی خواب نہ تہا
ایک حالہ وہان چلے آئے — اپنی سر پر بلائے آئے
دونو کو جب مدعا دیکہا نہ — چشم بد دور اوسنی کیا دیکہا
آنکر سب مین کردیا بد نام — اوس تبہ کارنے کیا کیا کام
خوش ہیا نون کو بات آئی ہات — بدزبانون کی موہنہ پر تہی یہہ بات
بذلہ سنجون کو ایک بہانہ ہوا — بڑہتی بڑہتی سخن فسانہ ہوا
بات عصمت مین سخن آئے — حروف گیرونکے بات بن آئی
بیخبر کیسی چونک اوٹہی یکبار — فتنہ خفتہ ہوگیا بیدار
ہم بہی سوتی اوٹہی جو بعد زوال — ہوگئی خواب آرزوی وصال
دیکہتی کیا ہین ایک قیامت ہی — شور محشر دم ملامت ہے
گہر مین ہی سب کو اضطراب نشور — دہن یادہ گوہی روزن صور
نفس ہی ہم صرف طنار سے — عیب جوئی و جوش غماز سے
آنکہہ کچہہ سب کی سب چرانی لگی — بیمروت نگاہ آنے لگے
لب پہ ہر ایک کے حرف ناگفتہ — گل نو اغنچہ ہاے نشگفتہ
کہا جگر سوز حرف بی ادبی — برق گل خندہ ہای زیر لبی

یاس ومحرومی امان و شفیع
کوئی کہتا تہا آپ کی کیا بات
کوئی کہتا تہا کیا کہی کوئے
دیکہنا عشق کی فسونسازی
اورہم دونو رہی حیرانی
دو گہڑی کی ہی بات کچہہ بہی نہ تہا
اتنی مین ہوگئی خبر کیون کر
کیون ہوا بگڑی اپنی عالم مین
فکر وتدبیر وچارہ تہی باہم
اتنی مین ایک نی کہا آکر
آپکی سبکو یادگاری ہے
کہدیا آپنے جو ہرج کار نہو ؎
تو ذرا ایک دم کو آجاؤ
وہ صدا تہی سموم جان آزار
وہان سی ناچار آئی ہم گہرمین
ڈرسی ہرکام لغزش پا تہی
آستانہ پہ جون قدم رکہا
دیکہتا کیا ہون سارا گہر ہی غمین
دیدہ ہا چشم مردم سے ؎
اقربا کی نگاہ قہر آلود
نغمہ وبیک کا تہی صدای عدم
تیرباران طعنہ وتشنیع ؎
اتنی سی عمر اور یہہ حرکات
کس سی یہہ ماجرا کہی کوئے
کہل بچونکا ہوئی جانبازی
کہ کہلا کیونکہ رازپنہا نے
کوئی واقف نہ تہا کہ بات ہی کیا
ہوئی بدنام اسقدر کیون کر
گل کہلایا یہہ غنچی ایک دم مین
مشورہ کررہی تہی کیا کیا ہم
گہرمین ہو آئی ذرا جا کر ؎
ہوگئی دبر بقرار ی ہی
دیکہنا ہمکو ناگوار نہ ہو
اپنی صورت ہمین دکہا جاو
میری اوسان اوڑگئی یکبار
پاؤن رکہتی وہان اٹر درمین
ایسی مستی خمار مین کیا نہے
سرتہ بار سنگ غم رکہا
جو نظر آئی ہی سو چین بہ جبین
مژہ ہر ایک نشتر کژدم سے
دست دشمن مین تیغ زہر آلود
ہوی آگ آتی ہی صدای قدم

دیکھتی ہی دل اور بہر آیا | چشم نم مین لہو اوتر آیا
موںہہ مین آیا سو ناصحون نے کہا | پاس کیا ہو کہ ننگ ہی سرہا
نہ کی اوس جوش جانگذاری مین | گو تہی کچہہ زبان درازی مین
گہر سی اوٹہی صدا ملامت کی | ایک ایک نی جدا قیامت کی
بد زبانون نی آ کی مونہہ پہ کہا | جا کہ تو اپنی کام کا نہ رہا
دور بس یہان نہین ہی تیرا کام | گہر سی خانہ خراب کو کیا کام
ہمکو بدنام کر دیا تونے | ای زبون کار کیا کیا تونے
کہین کس مونہہ سی جائینگی اب ہم | ہای کیا مونہہ دکہائینگی اب ہم
تجہسی لی نام و ننگ کو کیا عیب | دل لگا کر ہمین لگایا عیب
کیون نہ آنکہین لڑاتی آئی حیا | تیری آنکہون سی یہہ بگاڑ گیا
ہم سمجہتی تہی اب تلک معلوم | یہہ سیہ کاریان نہ تہین معلوم
جانتی تہی کہ ہی ابہی بیہوش | کیا خبر تہی کہ یہان ہین ایسی ہوش
لاغری کی جو یون حکایت تہی | جور استاد کی شکایت تہی
ہوئی واقف نہ حرف مطلب سے | بیٹہنا وہان تہا اوٹہہ کی مکتب سے
نہ مفہوم کا دماغ کہان | جب مزا دی زبان کو میم دہان
نام کو خاک مین ملایا حیف | تو نی جون کاف سر اوٹہایا حیف
تو سہی ہم بہی نا کہین دم لائین | بہیجین مکتب مین پہر نہ پڑہائین
کب تلک در گذر بہلا ہووی | کیا کیا یہہ تیرا برا ہووے
ہم سمجہتی تہی گہر کی آبادی | تو نے لی کی ہای خانہ بربادی
نہ ڈرا یہہ کہ کہل سنجائی کہین | کوئی آخر مبری بہی ہی کہ نہین
آرزو تہی کہ نکلین گی ارمان | کہ خدائی کی کرتی تہی سامان

نسبتون کو، کلام تہی کیا کیا — جا بجا سی پیام تہی کیا کیا
اس توقع سی اب ہوی مایوس — آگیا حرف بات مین افسوس
سنکے ایسی صفات نامعقول — نکریگا کوئی جہا مین قبول
نہ ہوا تجکو پاس اپنا کچہہ — دور سمجہا تو آپ کو کیا کچہہ
دل شکن حرف نادرست درست — طنز عبرت فزا درست درست
رای سالم بلا بلا انگیز — سخن لطف بہی جفا آمیز
طعنہ حرف نصیحت آلودہ — طرز تفہیم وحشت آلودہ
کہ سنا اب بہی چہوڑ دی یہ خیال — خواب ہو جائی تا پریشان حال
عزت و شان خاندان کو دیکہہ — جاہ ہم اوج آسمان کو دیکہہ
چہوٹی مین بس ذلیل و خوار نہو — دل احباب کا غبار نہو
جون فلک کجروی سی باز آ تو — پہر نہ ہمراہ ماہ سیما تو
کیون روش تیری بی محابا ہی — یہہ چلن سب خلاف آبا ہی
کسنی یون سعی عشقبازی کی — کسنی اسطرح ہرزہ تازی کی
کون تہا محو آئینہ رو کا — تشنہ لب آب تیغ ابرو کا
کسکی آنکہین تہین فرش رہ ہر گام — کون تہا پایمال طرز خرام
کسکو تہا اشتیاق چشم سیہ — کون تہا تختہ مشق کلک مژہ
کسکو تہا شوق مصرع گیسو — منتخب کسکے تہی بیاض گلو
غش ہوا کون عنبرین مو پر — دم دیا کسنی تیغ ابرو پر
کسکو تہا ان خرابیونسی کام — کون تیری سوا ہوا بدنام
باعث عبرت جہان تو ہوا — ہای کیا ننگ خاندان تو ہوا
تیری جینی سی دل کیا گیا — اب خوشی موت کی ہی اپنی ناشاد

سنکے مینی کہا عتاب کی ساتھہ – گریہ آیا مجھی جواب کی ساتھہ
بات کہتی ہین رو دیا مینے – جو جواب آیا سو دیا مینے
غرض کی وجہہ افترا کیا ہی – رو دیتی ہو ماجرا کیا ہے
خیر ہی کیون خیال مفسدہ ہی – اُس شرانگیز کا شعبدہ ہی
کسطرح جھوٹی یاد آئی بات – کیون پکڑتی ہو ہی بنائی بات
مجسا نادان عشق کیا جانی – شوق زلف سیہ بلا جانی
آپ کو مین ہلاک کرتا ہون – یہی مرتی ہو کسپہ مرتا ہون
نگینہ انتقام لیتے ہو – دل نہ دینی کی طعنے دیتی ہو
جھوٹی اک وہ جب قسم کھائی – سمجھے سچ ہی یہہ سن وہ شیدائی
صاف طوفان اوسکو جان گئی – دشمن جان اوسکو جان گئی
کے وہان جانیکی نگہبندی – مجسا دل بند اور نظر بندی
دام نازنگار بین مین اسیر – حلقہ چشم حلقہ زنجیر
ہی کس نور چشم پر تاکید – لگی آنکھو نمین رکھنی لبی صید
اب کہان وہ وصال تنہائی – غم غزلت ملال تنہائی
سے آرام دنا صبوری ہائی – خوکر وصل و رنج دوری ہائی
تپش دل کی حد تین سی کیسے – مجھ سے نازک پہ شد تین کیسے
صد مو وہی اور وہی وصال – سے پرواز و شوق بی پر و بال
حسرت آمادہ طلب گار سے – نوبت افتادہ رہ خوار سے
محشر آباد باشش ہجران دل – خانہ زاد جنون نہفتان دل
خار غم تیر سینہ کاوی مین – قطرہ تر گرم خون تراوی مین
نالہ قیس جوش واویلا – روز غم ہم تجلی لیلا

جای اختر گنون ستیزہ شعار — شب ہجران جو اب روز شمار
چین ہیم بلا ہونے دے — چشم جہپکی پہڑک نہ سونی دے
شوق نظارہ سی مگر بیتاب — نجم سیارہ دیدۂ بیخواب
جان مصیبت کش خمار مدام — خواب و خور صورت شراب حرام
گرم بازار گریہ ہمہ جوش — دیدہ پر نم دکان شیشہ فروش
دل تنگ و ہجوم درد و محن — زخم نو ہمنشین داغ کہن
نفس گرم و شعلہ افشانی — سوز تقریر دوزخ تا تے
جھڑی پہولون کی بدلی موںہہ سی شرار — رشک گل ریز آہ آتش باز
شعلہ آہ سے فلک بیتاب — حوت ہم داغ ماہی بی آب
بیخودی مین نہ بات کا سر پاون — اور کئی ہوش رکھکی سر پر پاون
چاک دل گشت زعفران دیدہ — رخ گلگون گل خزان دیدہ
مرتی مرتی نہ دیکھا میرا موںہہ — رنگ رفتہ نے اب پہیرا موںہہ
جون ہوا چاک وہین سلوایا — کب گریبان جنون کی ہاتہہ آیا
منفعل خیر آباد لب پر آئے — پہر نہ یہہ بیحیا مصیبت جائے
زخم پنہان سی دل ہوا گلزار — گل کہلا تہا سو اوسکی دیکہی بہار
دہیان سی جلد ہوش جانی لگا — یاد سی پیشتر غش آنے لگا
مہر و مہہ دونو دشمن کین توز — داغ دین کہانئی نئی شب و روز
دم شماری مین گزری ساری رات — نفس واپسین مین سب اوقات
خواب کیا گر کرون تصور ہے — چشم وابستہ ہو سکی نہ کبہی
غم نگہبان دیدہ بیدار — انکہین دکہلائی حسرت دیدار
وہم دربان دل کری ہر شب — تشکل بستر سی مشوری ہی ہر شب

شعلہ رو کا خیال جان جلائی　　شمع بالین کو دیکھہ رونا آئی
دہیان مہتاب پر کبہی جو جائی　　لوٹتی لوٹتی سحر ہوجاوی
چہر دستی کری جنون بیباک　　صبح کی ساتہہ ہو گریبان خاک
سامنی جون وہ مہروش آئی　　مجکو جون تاب مہر غش آئی
گہر پہرون صحن خانہ مین ناچار　　صورت سایہ در و دیوار
شوق دیدن کو بسکہ جوش آئی　　بیقراری سی مجکو ہوش آئی
دیکہہ کر اوسکی جلوہ فرمائی　　مضطرب دیدۂ تماشائی
خواہشین دل کو ہووین شدت سی　　بیٹہا دیکہون نگاہ حسرت سی
آرزو لذتین اوٹہانی کے　　پہلوئی شوق مین بہٹانی کی
گلی لگنی کو بسکہ جی ترسی　　مستعد دل کہ گر پڑی پرسی
جان کو ٹہیرنی کی تاب کہان　　چین لینی سی اضطراب کہان
مضطرب سامنی پہرون ناچار　　ورد لب اپنی حسب حال اشعار
برق بیتاب شرمساری ہی　　بیقراری سی بیقراری ہی
وصل کی آرزو نی قتل کیا　　غم فرقت نی انتقام لیا
دست بر دالم سی ہون پامال　　تیری سرکی قسم نہین ہی حال
تیری بن زیست کسکو بہاتی ہی　　نام مرون سی لذت آتی ہی
نی ملی چین کیونکہ دم بہر آئی　　جان جاتی ہی صبر کیونکر آئی
کیسی قسمت ہماری ہی پہوٹ گئی　　تیری ملنی کی آس ٹوٹ گئی
بیخبر تہی کہ چین آیا تہا　　طالع خفتہ نی سلایا تہا
سجدۂ شکر نی نہ کی تاثیر　　کیسی اپنی اولٹ گئی تقدیر
سیر اختر سی ہون مین سرگشتہ　　نہ پہری ہائی بخت برگشتہ

ہو گئی رجعت آہ گردون کو
عکس تھا مجھسی سخت واژونکو

ماہ نی خاک پر لٹایا ہے
گردش مہر نے جلایا ہے

کیا فروغ آتش فراق مین ہین
مشتری زہرہ احتراق مین ہین

جان پامال اس ہی جون خاک
سیر مریخ نی کیا ہی ہلاک

ہی عطارد کو اندنو نمین وبال
خط تقدیر مٹ سکی یہہ مجال

ہندوی چرخ نی تباہ کیا
روز روشن مرا سیاہ کیا

دور لیل و نہار نے مارا
ستم روزگار نی مارا

نگبری ایام کسقدر افسوس
بن گئی کیسی جان پر افسوس

درد دل ہر طرح سناتی ہم
بیجو اسی سدا جتاتی ہم

کچھہ نہ کچھہ کر گئی اثر طعنے
کہ ہوا مہربان فلک یعنے

گئی دن بعد ایک شب تنہا
اتفاقاً ملے وہ مہ سیما

بس مجھی دیکھتی ہی رونی لگی
سلک گو نثار ہونی لگے

گریہہ رہ رہ کی بار بار آیا
جھوم جھوم ابر نوبہار آیا

لب پہ ہر دم وہ نالۂ غم کش
رعد جسکا نہ ہوسکی دم کش

نفس گرم کا قلق و مساز
غیرت برق شعلۂ آواز

چاہی وہ چپ ہون پر رہ نہ سکی
جی مین دلکی کہون پر کہہ نہ سکی

جوش مین رودل کہا کب جائی
یونہی برباد حرف مطلب جائی

آخر اوس دلو لسی صبر کیا
جی پہ ہی اختیار جبر کیا

دلکو لبکیطرف رجوع کیا
قصۂ درد غم شروع کیا

کہ تیری واسطی مین خوار ہوئی
بی حجابی سی شرمسار ہوئی

کیسی رسوائیان ہوئین ہی ہی
محشر آرائیان ہوئین ہی ہی

مضطرب ساز جان ندامت ہے
صبر اب ہی نہین یہہ شامت ہے

تیری الفت تہی دشمنی اپنے
کیا کہون تجہسی مین بنی اپنے

تیری پیچہی غضب ہوا کیا کچہہ
پیش آمین بلائین کیا کیا کچہہ

کاوش اقربا کی دل شکنی
طعنہ دشمنان کی نیش زنی

خلش خار خار رنج و ملال
اضطراب فراق و شوق وصال

یہہ خزان اور بلا جنونکا جوش
دمبدم اشک لالہ گونکا جوش

جس جگہہ کرتی تہی بہم آرام
وحشت آتی ہی دیکہہ کر وہ مقام

سگ گزیدہ کی طرح ہون مضطر
کاٹ کہاتا ہیکو دوڑتا ہی گہر

جسے نے مضطر کیا مجہکو
تیری ملنی نے کہو دیا مجہکو

یاد آتی ہین وصل کے آرام
ہون مین بیتاب گردش ایام

اگلی باتین تمام بہول گئی
سوچ مین سب کلام بہول گئے

مین کہان اور کہان خندۂ عیش
ہوگیا خواب سازمانہ عیش

مین کہان اور وہ فکر آرایش
سادگی بہی ہی رنگ آسایش

مین کہان اور کہان وہ ناز و غرور
بات کرنیکا بہی نہین مقدور

مین کہان اور کہان خود آرائی
بیخودی ہو گئے تماشائی

نہ رہا رنگ شوق آئینہ کیا
روی حیران کا معائنہ کیا

ہی نظر مین میری سیہ عالم
سرمہ آلودہ کیا ہو دیدۂ نم

چشم خود بینی آنکہہ دکہلائے
بن تیری دیکہی کیا نظر آئی

چشم میگون ہی خون ناب فشان
رگ حلق بریدہ ہی مژگان

ہر شب غم یہہ جوش ماتم ہی
ہر شب عشرہ محرم ہے

نیند آتی نہین کسی ڈہب سی
آنکہین ملتی ہین ایک کو کب سے

شام سی چشم باز صبح تلک
ہجر مین کیا لگی پلک سی پلک

سبزہ خفتہ سنبل شاداب
خار بستر ہی خواب بستر خواب

لذتین شور شو نہین آتی ہین
حسرتین جان کہائی جاتی ہین

موںہہ مین پڑتی نہین ہی کہیل اوڑ گر
زندگانی تہی غصہ کہانی پر

بہوک ہی گر لگی تو غم کہاؤن
تشنگی ہو تو اشک پی جاؤن

زندگی ناگوار ہی تجہہ بن
پانی اوتری گلی سی کیا ممکن

تلخ کامی ہی شہد ناب کی گہونٹ
زہر کی گہونٹ مین شراب کی گہونٹ

کوفت پر کیچہہ یہ تاب لاتی ہے
کوہی سندان کہ میری چہاتی ہی

ایسی صدمی اوٹہاتی ہین مشکل
مجکو کہنا بجا ہی سنگین دل

جہڑتی ہین جذبہ قلق سی شرار
ہی جگر سنگ و تنگ آتش بار

تپ غم شعلہ زن ہی سینی مین
بوئی خون آتی ہی پسینی مین

نالہ کی ساتہہ دل مین اوٹہی درد
آہ کی طرح دست و پا ہون سرد

خونفشان دیدۂ پر آب رہے
حال گہر کی طرح خراب رہی

اگر امید بر نہین آتے
جان رہتی نظر نہین آتی

ابتدا مین تہی کیسی کیسی سرور
سچ ہی پر کہئی کیونکر اب سی دور

آخر کار دیکہتی کیا ہو
دو ہی کچہہ ہو تو کیا تماشا ہو

آپ سی چاہئی کوئے تدبیر
آگی جو ہو وہی خواہش تقدیر

دہب اونہین کے خیال مین آیا
سوچتی سوچتی یہہ فرمایا

نیند آخر تو ساری رات نہین
شہر شوق سے نجات نہین

جبکہ ایک ایک گہر مین سو جاسی
بیخود اپنی طرح سی ہو جاسی

اوتم یہان پہ ہوشیاری سی
پختگی سی نہ خام کاری سی

رہین بیدست و پا یان ہر گام — ہین گران دل کو پہر سبک ہو خرام
خاک بہی جون نشان پا نہ اوٹہی — پاؤن اوٹہی ولی صدا نہ اوٹہی
بانک پا چشم بستہ کی منتظر — خاک زیر قدم سرمہ اثر
حال سی بی خبر رہین غماز — نکلی حسرت نہ پاؤن کی آواز
آپکی یہہ بات گر ہوئی مشہور — پہر ملون تمسی اسکا کیا مذکور
آئی یہان بہی نہ پاؤن پہیلانا — اب نہ ہوئیگا شب کا رہ جانا
یہی بس ایک دو گہڑی ٹہیری — نہ گئی دل پہری بلکہ جی ٹہیری
یون بہی چندی اگر رہی اوقات — راہ پر آئی چرخ بد حرکات
دور ایام کچہہ ستم نکری — شب عشرت کو روز غم نکری
دولت بی زوال جانین ہم — شب و روز وصال جانین ہم
کیا کہون مین کہ سنتی ہی یہہ نوید — ہو گئی کیسی اپنی گہر مین عید
سر کو پاؤن پہ دہر دیا مینے — سجدۂ شکر یون کیا مینے
صدقی کیا کیا نہ مین ہوا اوسکی — نکلی کس کس طرح لگا اوسکی
ہو گیا پہر فسانہ شکوۂ غم — قسمت بخت خفتہ خواب عدم
کم کم امید باری بر آئی — رات اسمین زیادہ تر آئی
اوسنی رخصت کیا بمجبوری — پہر وہی ہم وہی غم دوری
آئی گہر مین تپ الم کی ساتہہ — شعلی ویسی ہا اوٹہی قدم کی ساتہہ
گہر مین آتی ہی یہان کا دہیان آیا — چل دیا صبر جو مکان آیا
تا سحر جان پر عذاب رہا — ماہ کی طرح اضطراب رہا
صبحدم پہر وہی نظر بازی — چشم نازو ناوک اندازی
ورد اپنا حکایت مطلب — نظرون مین وثوق وعدۂ شب

انتظار سواد روز گذار — سرمۂ چشم آرزو شب تار
نکہت دیدہ فروغ سواد — طرف مہر مہر وش سے زیاد
دودہ شام نقش صفحۂ میل — شوق نقش سورہ والیل
ون ملاقات کی خوشی مین گھٹا — دل بڑھا جسقدر کہ روز گھٹا
تہی یہی حالت ادہی رات تلک — دیدہ دم چشم شوق سوئی فلک
غور تثلیث چشم کوکب مین — آرزو وصل کی دل شب مین
نیم شب جب ہوئی عنان کش دل — جانب منزل مہ کامل
تہا ستم فکر خواب ناز کا وہم — نگہ چشم نیم باز کا وہم
ہوئی آنکہونسی ڈرتی ڈرتی وان — لغزش پا تہی جنبش مژگان
تیرہ بختی نی کیا ڈرایا تہا — سایہ اپنا پریکا سایہ تہا
فکر رفت و نشست و گشت ستم — بارہی پہنچی ملی پہر آئی ہم
اور کسی کو ذرا خبر نہ ہوئے — انجم نحس کی نظر نہ ہوئے
لطف چرخ بلند پیشانی نے — دیدۂ مہ کی نگہبانی نے
نہوئی چشم عیب بہتان باز — نہ ذرا اسرا اوٹہا سکی غماز
خواب مہر خوش نی سر بائی کہا — بخت بیدار نی سلامی رکہا
رہی پوشیدہ گرم جوشی شب — کہل گئی ہم پہ پردہ پوشی شب
دوسری رات بہی وصال ہوا — روز فرقت کا انتقال ہوا
نہ ہوا بارہی پہر کوئی آگاہ — بیجا اسونکی ہوشیاری واہ
جب ہوئی خاطر پریشان جمع — پہر تو ہر شب بسان شعلۂ شمع
کہلین عجب کر جوشیان دل نی — لگی ادس برق جلوہ سی ملنی
قصہ کوتاہ ایک زمانہ دراز — نہ ہوا کہر مین کوئی محرم راز

ایک شب جوش انبساط و سرور
ساغر مہ لبالب مے نور

ظلمت شب بیاض روز سپید
قمر و کاسہ لیلے خورشید

ہر ہر اختر حباب ماہ وشان
خرمن برق خط کاہ کشان

شرم اوس شب سی شمع طور کرے
لیلۃ القدر اخذ نور کری

جلوہ ماہتاب نور فشان
پردۂ سایہ ہم قماش کتان

ذرہ ذرہ غبار نورانے
صبح محشر کی سی درخشانی

چون دل صاف کاشف اسرار
ہم فروغ ضمیر شب بیدار

روشنی سی نظر کو پاے نظر
نکتہ چشم مور آے نظر

عالم آئینہ تجلی ذات
جنبش عرش گردش اوقات

زیر خاک آسمان دکھای دے
بی نشان کا نشان دکھای دے

مجکو یہہ رنگ دیکھکر وسواس
کثرت اشتیاق پر یہہ ہراس

کہ کوی محو ماہتاب نہو
چشم وا پاے نیند خواب نہو

دیکھہ لیوی وہ آتی جاتی مباد
اوٹھہ گہڑی ہون پیچہے ور فتنی فساد

آج جانا وہانکا خوب نہین
بات نبکر بگڑ نجاے کہین

پر دل بیقرار رہ نہ سکا
صدمہ اشتیاق سہ نہ سکا

دیکھتی ہی مجھے وہ گہبرائے
پاس گم کردہ ہوش و صبر آئے

لگی کہنی غضب کیا تو نے
مجکو رسوا پہر اب کیا تو نے

چہوڑ دی ہاتہہ کیا پکڑتا ہے
جا ابہی کوی آپکڑتا ہے

دور تجکو نہین ہی پاس حیا
شرم آتی نہین یہہ ننگ کیا

مینی منت سی التماس کیا
کہ محبت نے بیحواس کیا

کیا کرون دل پہ اختیار نہین
جان کو تیری بن قرار نہین

تھم گئی باری اضطراب کو دیکھ
ٹھیری یک لحظہ پیچ و تاب کو دیکھ

دل مئی وصل سی خراب ہوا
پر یہہ ناکام کامیاب ہوا

اوٹھہ گئی لیک جلد وہ خودکام
مین ہی بیکار رہ گیا دل تھام

گھر مین آیا ولی مین خود رفتہ
شعلہ بیتابی دل تفتہ

تپش دل سی درد پہلو مین
جان بیطاقتی کی قابو مین

تھما جی تو اوٹھہ کی پھرنی لگا
ہر طرف سایہ وار گرنی لگا

جب کسطرح سی نہ صبر آیا
شادگی نی یہہ نقش ٹھلایا

کہ جو وہان پھر چلو تو ڈر کسکا
ہوش رکھتی ہین بیخبر کسکا

لیچلا کھینچ اضطراب مجھی
کہ نہ تھی کشمکش کی تاب مجھی

لیک ہر کام دلکو وہم لجائی
اپنی کھٹکو نسی آپ سہما جائی

صحن مین تھا کہ بولی یک نے پیر
ہین یہہ دو نوجوان کیسی شریر

ہم تو بیخوابیون سی مرتی ہین
آپ ہر رات چین کرتی ہین

تو سبھی صبح دہوم اوٹھاونگی مین
فتنہ خفتہ کو جگاونگی مین

اوٹھتی ہی یہہ صدا اکہری ہوئی کان
اوڑ گیا وہانسی بس مین جون اوسان

گھر مین آیا یہ خوف سی جی جائی
فتنہ اٹھنی سی جان بیٹھی جائی

کیا خیال و گمان کی نیرنجات
تھی بہت سانگ اور تھوڑی رات

صبح کا دم بہی ڈر سی کیا نکلا
مہر نکلا تو کانپتا نکلا

اوڑ گیا رنگ رو برنگ شفق
ہو گیا جون سحر مرا مونہہ فق

تنظراب قیامت آتی ہے
تیرہ روزونکی شامت آتی ہی

راز شب آشکارا ہوتا ہے
شور محشر دوبارا ہوتا ہے

ساری دن دہبدہی مین تہی وسواس
رنگ رو زرد شور ہوش و حواس

لیک راز نہان نہان ہی رہا | باری وسکی کہی سی کچھہ نکہا
بسکہ یہہ ہی خیال تہا کہ مباد | متردد ہوا وسکی خاطر شاد
زنگ اندیشۂ آئینہ پر ہو | مجھسے وہ صاف دل مکدر ہو
تہا مین اس گہات مین کہ اگر ایک آن | ملی تنہا وہ راحت دل وجان
عذر تحریک اضطراب کرون | شکوۂ خویش ہیچ و تاب کرون
سو سر شام او دہر ہو گذار | ملی تنہا وہ شمع شعلہ عذار
چشم نم سی پڑی نظر مجکو | ہو گئے آگ دیکھکر مجکو
لگی کہنی کہ جل ہوا کیا بس | جی بہر آئی ہی چلا جا بس
پاس اپنی بٹہائی سی تیری | کہڑی ہوتی ہین رونگٹی میری
چاہیی دل کی بدلی لاگ لگے | جل گئی جان تجکو آگ لگے
واہ کیا خوب آشنائی کے | سخت بیگانگی برائی کے
مورد طعن شیخ و شاب کیا | ساتہہ اپنی مجہی خراب کیا
تجسی اب دل لگائی وہ ناکام | جسکو ہونا ہو خلق مین بدنام
کیون نہ دلمین میری کدورت آئی | کیا کیا یہہ تو خاک مین ملجائی
ڈہونڈلی اور کوئی مہرواب | ہاتہہ اوٹہا میری ملنی سی تو اب
کیون زیادہ ہی مجلس آرائی | ابہی کچھہ کم ہوئی ہی رسوائی
ملنی کی جسنے سعادت نہ سنی | شوق دل کی مبادرت نہ سنی
رحم آیا نہ خستہ حالی پر | صدر ہی اپنی لاوبالی پر
خواہش گردش زمانہ ہوئی | مہربان وہ قمر لقانہ ہوئی
بات بگڑی زیادہ افغان سی | مونہہ بنا کر وہ اوٹہہ گئی وہان سی
ہین سبب ناچار ہو چلا آیا | قرعہ بر عکس مدعا آیا

نجم طالع کو پھر زوال ہوا | اپنا گھر خانۂ وبال ہوا
قلق و جوش منفعل کیا کیا | مجھسی بیتابیان خجل کیا کیا
اوس عداوت پہ ربط زاری سی | باری اس کین پہ بیقراری سی
گہہ غم ہجر و گاہ یاس وصال | جون زمانی دمبدم تغیر احوال
کبھی جون سایہ خاک پر گرنا | کبھی بیتاب دوڑتی پھرنا
کبھی جوش سرشک طوفان بار | کبھی آہون کا باند دینا تار
تار دم چلہ عرش پر باندھے | کیا ہوا آہ بی اثر باندھے
دم افسون نالہ بے تاثیر | جادو او بھی ہمیشہ جون تقدیر
اشک بر باد دیدۂ نم مین | خاک اثر آتش تپ غم مین
دور گردون سی مدعا پامال | دست حسرت کفِ دعائی وصال
لیکن او داد خواہ دور قضا | عاجزی شاکی جفائی رضا
دور افزون تباہی حال | الغرض یون ہی کٹ گئی دو سال
ایک کوٹھی پہ ایکدن تنہا | پھر رہی تھی وہ آفتاب لقا
اوسی دم مین بھی ناگہان پہنچا | داد کو میری آسمان پہنچا
دوڑ کر لگ گیا گلی سی بس | زور کرنی مین جسطرح بی بس
وہ بہت آپکو چھٹایا کے | تھی میری جان تلملایا کے
صید آخر ہوئی وہ نازک دوش | حلقہ دام تھا نہ تھی آغوش
کرگئی باری دل مین تاثیر آہ | تھی مجرب فسون تسخیر آہ
کیا کہون رشک چشم نم کا جوش | ہوگئی آتش غضب خاموش
ہوگئی دل سی دور کین و عناد | مل گئی باری جو تھی اپنی مراد
پھرمی وصل سی ہوئی بیہوش | بن گیا گھر دوکان بادہ فروش

اوسکی دل بستگی کی ہائی مزہی
خوب دل کھولکر اوٹہائی مزی

تلخکامی کو تلخکام کیا
دردِ ہجران سی انتقام لیا

کاہش یاس کا جگر خون تہا
دونو کا شوق روز افزون تہا

دونو جانب سی دلدہی ہردم
محو دن رات اس خیال مین ہم

سختی اوس طبع نازنین پہ نہو
مونہہ تکی وہ چین جبین پہ نہو

ہر طرح جان و دلکو صبر و شکیب
پیچم گردون زمانہ ترش رقیب

اب پریشان مین خاطر جمع
راہذن تاب مہر و شعلۂ شمع

یونہی یکچند ارتباط رہا
دورۂ عشرت و نشاط رہا

ہای نیرنگ چرخ بوقلمون
پہر نئی رنگ سی کیا دلخون

یعنی ایک پیرزال شعبدہ باز
چرخ کی طرح تفرقہ انداز

بی سبب میری دشمن جانی
ہوئی سرگرم خانہ ویرانی

اوس سراپا وفا کی یار بنی
کیا حریفان دوستدار بنی

خیر خواہی جتائی رنگا رنگ
لائی اوس سادہ رو کی کیا ڈہنگ

جب یقین ہوگیا کہ یار ہی یہہ
محرم راز و راز دار ہی یہہ

لگی ہونی ہر ایک طرح کی کلام
ہوئے آخر ذریعۂ پیغام

جب بلائی وہ آگی لیجائے
مین جہان ہون بلا کی لیجائی

اکدن جو بلانی آئے وہ
دن نہ تہا تہی شب جدائی وہ

ڈہونڈکر ہر ٹہکانی مین ظالم
پہنچی دیوان خانی مین ظالم

بند دروازہ کو لگا تہا ناگاہ
در کشائی سخن دل آگاہ

شوق کو ہشتی نالۂ موزون
باندہتا تہا مین لکتا مضمون

آگی بولی کہ کوئی ہی تو بول
آج کیا بند و بست ہی رکہول

مینے بیتاب ہو کہا کیا ہے | لگی کہنے تمھین بلایا ہے
کہا مینے کہ رہ کے آؤن گا | ایک دو شعر کہہ کے آؤن گا
گئی بگڑی ہوئی وہ مایۂ تمکین | موںہہ بنائے تھی چین بجبین
جاکے اوس سے کہا کہ اے نادان | بے خبر کسطرف ہے تیرا دہیان
تو ہے اونکے لیے حزین و ملول | وہ ہین عیش و نشاط مین مشغول
اب وہ کہل کہیلے کب ہین تجہ پہ بند | دیکہکر مجکو کر دیا در بند
رخنۂ در سے مینے جب جہانکا | اور عالم نظر پڑا وہانکا
ایک پریوش تہی غیرت حور | پاس بیٹہی تہی اونکے آپ سے دور
میری آواز سن نہ آئی نکل | وہین سے بولی آؤنگا تو چل
جو ہین یہ حرف تا بلب آیا | گئی وہ ہاتہ سے غضب آیا
بات کہنے مین اوسکی کام کیا | قصۂ دوستی تمام کیا
مین جو آیا تو التفات نہین | وہ نظر وہ سخن وہ بات نہین
اشک جاری ہین دیدۂ نم سے | بات ظاہر ہے حال برہم سے
پوچہتا ہون ہزار باعث کین | جز خموشی وہان جواب نہین
چاہین بار دہوئے سماجت سے | سر گرانی بڑہی لجاجت سے
پہر کوئی ملنے کی طرح نہوئی | صلح آپکی کسطرح نہ ہوئی
آج تک ہے وہ بات ذہن نشین | وہم طوفان وہ اٹہایا ہی نہین
ہے وہی خشم بے سبب اب تک | وہی غصہ وہی غضب اب تک
رشک جب باعث کدورت ہو | پہر صفائی کی خاک صورت ہو
اوسکو پروا نہین ہے مرتا ہون | چندے اور انتظار کرتا ہون
بن ملے انتقام لون گا مین | سچ کسی اور سے ملونگا مین

لطف پر فلک نی کیون نہ کیئی — عمر کیا ہے کہ ایسی داغ دیئی

ایسی نہ ایسی سیہ شبین آئین — ایسی ایسی بلائین دکہلائین

دیکہین آگی دیکہائی کیا کیا ان — ہی ابہی سترہ برس کا سن

مومن تو ہی اپنی نام پہ جا — نام کو ان ستون کی آگ لگا

چہوڑ اس لفت مجازے کو — کر سلام ایسی عشقبازی کو

کب تلک حسرت وصال انات — کیا نہین جانتا تو حال انات

رنج و اندوہ بی نہایت کیون — حیلہ اندیش کی شکایت کیون

کینی کی ہی یا نہین تعلیم — آیت اِنَّ کَیْدَکُنَّ عَظِیْم

مثنوی دوم

نام این چند نالہ پیہم — ہمچو تاریخ گشت قصہ غم

کہینچ دار و مرنے کب تلک یون — بس جام مین بہر شراب گلگون

بہر لب سی میری لگا دے — ساغر کئی متصل پلا دے

ساقی ہین یہہ روز ہائی گلگشت — ہی غربت باغ ہر سحر و شب

اب دور فلک سی دل ہوا شاد — ہی نام حمل کا مہر آباد

ہین جلوہ نو بہار کے دن — بدمستی بادہ خوار کے دن

تزئین سمن کی ہین یہہ آیات — گلگشت چمن کی ہین یہہ آیات

کیا رنگ چمن بہار پر ہے — عالم گل و لالہ زار پر ہے

آیا ہی نظر جو سرو بستان — شمشاد کہڑا ہی سخت حیران

اور دیکہہ کی کی جلوہ ہائی شمشاد — پابند طرب ہی سرو آزاد

ہی وجد فزا نوای بلبل — قربان ترانہ ہائی بلبل

دلکش ہی غضب صدای قمری — کیا خیر ہی ہائی ہائی قمری

باندہی ہی ہوا نسیم گشتنی
ہی روح فزا نسیم گشتنی

کیا کیا ہی مچا رہا ہی دہوم ابر
آتا ہی مدام جہوم جہوم ابر

چل سوئی چمن بہار دیکہین
سیر گل لالہ زار دیکہین

بیٹہین لب آبجو پہ ایکدم
پہنچائین سبو سبو پہ یکدم

شاید اسیطرح چین آئے
جی ٹہہری کچہہ اضطراب جائی

پائی دل بقدر تسکین
مسرور ذرا ہو جان غمگین

ہو چارہ پذیر درد الفت
اوڑ جائی جہان سی گرد کلفت

پامال نہ یون کری غم عشق
جسنی دی عذاب ہر دم عشق

اس رنج و عذاب سی چہٹین ہم
اس حال خراب سی چہٹین ہم

خوناب کہان تلک پئی دل
تڑپہی ہی شراب کی لیئی دل

گہر آتی ہین جب سیاہ بادل
اور پڑتی ہین بس نگاہ بادل

اندہی ہی وہین سحاب گریہ
پہنچی ہی فلک تک آب گریہ

چلتی ہی جو باد نوبہاری
دم بہرتی ہی جی کا بیقراری

جب دیکہی ہی سبزہ لہلہاتا
کیا کیا ہی یہہ جی ہی تلملاتا

لالہ کا خیال آئے ہے گر
پڑجاتی ہین تازہ داغ دل پر

گلبرگ کہین جو دیکہہ پایا
خوناب دل آنکہہ نی بہایا

یاد آگئی ایک عذار گلرنگ
دل غنچی سی بیشتر ہوا تنگ

رنگینی بزم کا بندہا دہیان
جون بوئی گل اوڑگئی بس اوسان

وہ گوچہ طلسم رشک گلزار
پڑجائی ہی پیش چشم یکبار

دیکہین تو یہہ فصل کیا دکہائی
کیا کیا یہہ بہار گل کہلائی

آگاہ مآل کار سے ہو
واقف میری حال زار سی ہو

ہی یہہ تو بوقت دوستداریکا — ہی یہہ بھی زمان غمگساری
اگلی سی ہی یعنی پھر ملامت — پھر ہوتی چلی ہی وہ ہی حالت
اب عشق ہوا ہی مہربان پھر — بیتاب ہی جان ناتوان پھر
پھر دل کو تپش سی ہو رہی ہی — سینہ مین خلش سی ہو رہی ہی
پھر پہنچی ہی اب پیام الم کا — پھر آنی لگا سلام غم کا
پھر داغ کہن ہی تازہ و تر — پھر زخم جگر ہنسے ہی گل پر
پھر چشم ہی خونفشان و خونباز — پھر چہرہ بنا ہی زعفران زار
پھر دیدہ تر ہی وقف دامان — پھر ہاتھ ہی مایل گریبان
پھر آتی ہین وہی غش پی پہم — پھر ہی وہی بیخودی کا عالم
پھر ناوک درد دل شکن ہی — پھر سینہ کا زخم خندہ زن ہی
پھر داغ جنون ہی سر پہ ہی گل — پھر نالہ ہی ہم نوائے بلبل
پھر ہی وہی پیچ و تاب دل کو — پھر ہی وہی اضطراب دل کو
پھر ہی وہی سنگ در وہی سر — پھر ہی وہی ہے وہی پتہر
پھر ہمدم و ہم نفس ہوئی آہ — دمساز ہی نالہ سحر گاہ
گستاخ ہی آہ خونچکان پھر — موہنہ لگنی لگا ہی کچھہ فغان پھر
غم کرنی لگا ہی غمگساری — دیتی ہی قرار بیقراری
پھر ہی ترسر دشت سر مین — پھر خار سی چہتی ہین جگر مین
پھر کوچہ یار کے ہوس ہی — پھر گرمیری واسطی قفس ہی
پھر آنکھوں سی خون دل بہا ہی — پھر سینہ بھی گرم سار ہی ہی
پھر دل مین اسیری لگی ہی آتش — نالی سی برس رہی ہی آتش
پھر جہڑتی شرار ہین سخن سی — پھر اوٹھتی ہین شعلہ سی دہن سی

ڈرتا ہون کہ دل کہین نہ لگ جائے / پھر اور نہ سر پہ کچھہ بلا آئے
ایسی کسی کی پڑین نہ پالے / جو وہ حسد سے مار ڈالے
ایسا نہوا اب بیوفا ہو / جو رحم کو عیب جانتا ہو
مین چاہون اوسے وہ نہ چاہے / مین اوس سے وہ اورسے نباہے
مین اوسپہ مرون مرے نہ پروہ / مین جان دون اوسپر اور پروہ
اوس سے مجھے عشق ہی نہایت / مجھسے اوسے ہے جاہ کی شکایت
ہجران کا مجھے ملال ہر دم / غیرون سے اوسے وصال ہر دم
یہان چشم مین سرمہ خاک در سے / چہائی وہ عدو کو چاک در سے
یہان دل مین بہری امید دیدار / وہان دل پہ رقیب کی وہ رخسار
یہان چشم کو خواہش نظارہ / وہان غیر سے وہ ہمدم اشارہ
اور اون سے وصال کی حکایات / اور میری نہ پوچھے بہول کر بات
وہان بزم مین راگ ہو رہا ہو / یہان نالون کا تار بندہ گیا ہو
وہ غیر کی ساتھہ شب گذاری / یہان نیند نہ آئے غم کی ماری
وہان وسعت خوابگاہ گلزار / یہان اپنی نصیب بستر خار
وہان زانو پہ غیر تکیہ سر / یہان نیچے دہرا ہو سر کی پتہر
وہان سوے رقیب عشوہ کاری / یہان جانکی ساتھہ دلفگاری
وہان بلہوس سے وہ ہم آغوش / یہان ہمدم نیشتر سر دوش
بوسون کی عدو مزے اوٹہائین / ہم جانسے تلخکام جائین
وہان ہونٹہ ہین یان دشمن افسوس / یہان حسرت لب گزیدن افسوس
وہان وہ تو ہم طعام کہائین / ہم مفت کا غم مدام کہائین
وہ مے کی سبو پیا کرین وہان / ہم دل کا لہو پیا کرین یہان

اونکو ہو سرور ہمکو ہو غم ہو عید او نہین ہمین محرم
وہ چین سی کاٹی اپنی اوقات یہان دلکو ہو اضطراب دن رات
لگتا ہی ڈران ستمگرون سی اولی حذر ان ستمگرون سی
معشوق ہین جتنی بیوفا ہین یہہ ایک ہین کسکی آشنا ہین
ہین اپنی یہہ عاشقونسی بدظن ہین اپنی ہی دوستونکی دشمن
عاشق کو جو پیچ و تاب پاہین آرام سی زلف کو بنائین
بی درد نہ دیکھین حال اوسکا تو بہی نہ پڑہی وبال اوسکا
عشاق تو کہنچین آہ پر دود یہہ کرتی ہین چشم سرمہ آلود
دو چار خلق کی ماری نالی عاشق کہی لب سی گر نکالی
ہرگز نہ اودہر کو کان کہین یہہ گانی مین اپنا دہیان رکہین
ہمدین جو ہو اشکبار کوئی راحت کہ ہی بیقرار کوئی
دشمن کو یہہ دوستدار سمجہین بیگانہ وشان کو یار سمجہین
جو انکو نچاہی اوسکو چاہین ایسون سی یہہ بیوفائیان ہین
جو کوئی کری علاج انکا اوس سی رہی خوش مزاج انکا
غمخوار کی اپنی جان کہالین جو جان دہی اوسکو مار ڈالین
جو کہولی دل اوس سی کہولین جو انسی نہ بولی اوس سی بولین
جو بات کری تو اوس سی خاموش جو یاد رکہی وہ ہو فراموش
جوان کو بہلای یاد رکہین ناشاد رکہی تو شاد رکہین
جو انکی وصال سی ہو مسرور اوس سی کہین ہمدم کہ چل دور
جسکو نہو حسرت ملاقات آنکہون سی پری کہین اوسکو دن رات
جو کوئی کری مائل وفا ہو بیچارہ رہین ہمہ جفا ہو

اور جسکو ہو غم جدائی
ہوں کشتن خون گرفتہ سی شاد
جو کوئی کہ ان کی بیچ ہی مرجائی
وہ عشق مین انکی جان سی جائی
ہنگام پسین نہ آ پہرین پاس
ہنسکر نی سی دلکی بخوش و شاد
حسرت سی نہ ہاتہہ کو ملین یہہ
ہا حسرت دل نہ کچہہ کہی وہ
دو اشک نہ آنکہون سی بہائین
عیشین نہ اوسی یہہ کہول کر ٹال
ہو وین نہ شریک محفل غم
کچہہ غم نکرین یہہ لوگ اوسکا
تب وقف سمی ہو پان کہائین
آلودہ حنا سی دست و پا ہون
خاطر ہو عدو کی ہائی منظور
اور اوسکا نہ ہو خیال ہرگز
افسوس وہ نامراد ناشاد
سچ ہی کہ یہہ ایک ہو گا ہین
مین حال کو انکی جانتا ہون
اللہ بھی بچائی ان سے
لی شوق سی جان گر ہو درکار

اوس سی نکرین یہہ بیوفائی
معشوق نہین ہین یہہ جلاد
ان پر سی نثار جان کر جائی
دوزخ کا عذاب سر پہ لی ہائی
کیا عذر بجا ہی جای وسواس
فریاد یہہ کیا ستم ہی فریاد
تابوت کی ساتہہ نی چلین یہہ
محروم اوسیطرح رہی وہ
چہلم مین سوم مین یہہ نہ آئین
رووین نہ یہہ ہونہہ پہ سر کی رومال
دیکہین نہ بہار نخل ماتم
دو دن ہی رکہین نہ سوگ اوسکا
آج آپکو اور ہی بنائین
اغیار نہ دل مین تا خفا ہون
ہر روز سی ہون زیادہ مسرور
محزون نہ کری ملال ہرگز
ایکروز نہ آئی بہول کر یاد
بلا ہین جتنی حسین بری ہین
افعال کو ان کی جانتا ہون
ہرگز نہ خدا ملائی ان سے
پر مجکو نہ دی یہہ رنج و آزار

ہر آن ہی مرگِ ناگہانے
قربان اجل یہ زندگانے

دوزخ کی عذاب سب قبول آہ
لیکن نہین تاب سوز جانکاہ

یہہ شعلہ وہ ہی جو سر اوٹہائی
اخزائی جحیم بہی جلائے

یہہ داغ وہ آتش جہان سوز
ایک جبکا شرار آسمان سوز

یہہ عشق ہی رنج جاودانے
ممکن ہی نہین نجات پانے

گو آپ کہین نہین دیا دل
پر دیکہین ہین عاشقان کامل

گر سنیے تو کچہہ بیان کرونمین
ایک راز نہان عیان کرونمین

ہین چند فغانِ عاشقانہ
آلودۂ دردسے فسانہ

ہی قصہ دوستان صادق
نازِ صنم و نیاز عاشق

کیا حال عجیب دلنشین ہی
افسانہ درد آفرین ہی

آغاز داستان

اس شہر مین ایک نوجوان تہا
عشاق مین شہرۂ جہان تہا

تہا نام تو مومن اور دین کفر
جان محو بتان و دلنشین کفر

رسوائی زمان و تیرہ ایام
آوارہ دہر زہ گرد و بدنام

دلِ بستہ دام تارِ زنار
جاروب کشِ دکانِ خمار

سر خطِ سیاہ مست کافر
تہا ایک ہی بت پرست کافر

ربط اوسکو بتان نازنین سی
دنیا سی نہ کام کچہہ نہ دین سی

آشفتہ کاکلِ پریشان
انداز پرست کفر کیشان

خونابہ فشان کبہو نہ دیکہا
ہر سو نگران کبہو نہ دیکہا

وقفِ غم و درد گہہ نہ پایا
گرمِ دم سرد گہہ نہ پایا

مدہوشِ شراب نوجوانے
سرشار نشاط و شادمانے

آرام و طرب مین صرف اوقات — مشغول سرود عیش و نزات
ہر دم اوسی شاد شاد دیکھا — سرمست مئ مراد دیکھا
وہ طبع کبھی غمین نہ دیکھی — بھولی سی جبین پہ چین نہ دیکھی
جون غنچہ سدا کھلی ہی جانا — ہر وقت ہر آن مسکرانا
جون شیشہ سیر قلقل مے — صد خندہ و قہقہہ پیاپے
دیوانون سی شوق بی نہایت — اشعار کا ذوق بی نہایت
تصحیح سخن پہ طبع مائل — علم شعرا مین فرد کامل
بی بذلہ سنی نہ بات کوئے — ختم اوسپہ ہوئی لطیفہ گوئی
ل چلنی کی ہر کسو سی تھی خو — تھا یار غرض جہان مین تھا جو
ہر پیر و جوان سی آشنائی — ساری ہی جہان سی آشنائی
اور مجھسی تو اختلاط بیحد — یارانہ و ارتباط بیحد
ہمدم وہ میرا مین اوسکا دمساز — وہ میرا مین اوسکا محرم راز
دو یکدل و یک زبان گویا — دو قالب و ایک جان گویا
پیمان نباہ کے بہم تھے — سو عہد وفا کی مستدم تھے
تھی محکمی حد سی افزون — اللہ رے جوش گرمی خون
دور آنکھہ سی ایک ذرا ہونا — بھولی سی کبھو جدا نہ ہونا
جون ناز و نیاز دونو باہم — جون معنی و لفظ دونو توام
ناگاہ کسی سی دل لگایا — ایک رشک پری سی دل لگایا
آنکھہ آفت جان سی لڑائی — ایک ترچھی نگہہ کی برچھی کھائی
ایک بت کا ہوا وہ آستان بوس — مومن سی ہوا برہمن افسوس
کی دوستی ایسی بیوفا سے — بیگانہ رہی جو آشنا سے

یار اپنی ہی گون کی ایک عیار
حیالہ دل فریب و مکار

باتون سی تو ڈپکے کیا محبت
اور دل مین نہو ذرا محبت

دیکھی جو ادہر سی یون لگاوٹ
سمجھا نہ کہ سب یہہ ہی بناوٹ

الفت ہی کہان کہان ہی یاری
باتین یہہ فریب کی ہین ساری

ہین سب یہہ فریب دینی کی رنگ
ہین دام مین اپنی لینی کی ڈہنگ

ہی اتنی جو گرمی ملاقات
ہی اول عشق کے مدارات

آخر ہی وہی غم جدائی
وہی گلہ ہائے بیوفائی

آغاز مین پای جو یہہ آرام
سوچا نہ کہ کیا ہی اسکا انجام

سمجھا کہ سدا رہیگی یونہی
یہہ مہر و وفا رہیگی یونہی

اب رنج محال مرتے مرتے
ہی عیش وصال مرتی مرتے

سنتی کی نہین کبھی یہہ دلسوز
افسانہ طرازے بد آموز

یہان غیر نہ آسکیگا زنہار
ہر ایک سی اسکو کیا سروکار

کٹ جائیگی یون ہی زندگانی
اب مجکو ہی عیش جاودانی

یہہ ہی شغلہ ہر زمان رہیگا
ایسا ہی بس آسمان رہیگا

چند ایسی خیال خام مین وہ
آتی ہی بس آیا دام مین وہ

رہنی لگا جبکہ جو اس اکثر
جانی لگا اوسکی پاس اکثر

دیکھی جو اودہر سی طور الفت
سمجھا ہی اسی ہی میری محبت

جب ہو گیا مرتبہ یقین کا
بس پہر تو یہہ ہو رہا وہین کا

پایا جو ذرا وہان ٹہکانا
سب جانی کا چہوڑا آنا جانا

سہمی ہی رہی پہر تو وہ بات
یک مرتبہ ترک کی ملاقات

کی ہمنی بہت تلاش اوسکی
پر پائی نہ بود و باش اوسکی

دیکھا نہ کہیں نشان اوسکا
ہرگز نہ ملا مکان اوس کا

ہرچند تلاش کو بکو کے
ہر عیش کدہ مین جستجو کے

لیکن کہیں کچھہ اثر نہ پایا
بیدید کہین نظر نہ آیا

اوس سی نہ ملی کئی برس ہم
ملنی کو گئی ترس ترس ہم

ایک روز ہوای روح افزا
دم جسکا بھرے دم مسیحا

جنبش دہ دست و پای تصویر
تن پرور و جانفزای تصویر

تکلیف کن سیاہ مستے
مفتی طریق مے پرستے

برباد دہ نشان توبہ
رخنہ گر خانمانِ توبہ

زاہد کی جو دہ ہوا ہو قسمت
کاہی کو رہی ہوای جنت

اور اوسپہ وفور ابر باران
ہنگامۂ عید بادہ خواران

ابر و گل و سبزہ سب طرب خیز
افلاک و زمین سرور انگیز

بس دیکھہ کی اوس گھڑیکا عالم
اپنی نہ تھی اختیار مین ہم

کھینچا ہی ہوا نی دامن دل
بھڑکی تپ شوقِ گلخنِ دل

جی چاہا کہ سیر دشت کیجی
ہی ابر شراب ناب پیجی

دل مین ہوئی اپنی جای صحرا
زنجیر بنی ہوای صحرا

آخر ہوئی مضطرب شتابان
لی ہی گئی الفت بیابان

دیکھین تو کچھہ اور ہی ہی عالم
صحرا ہی نہین بہشت سی کم

رخسار زمین پہ سبزہ ہر سو
ریحان خط عذارِ گل رو

ازبسکہ ہی سبزہ جلوہ آرا
ہی خاک طلسم چرخ خضرا

یون سبزہ گیاہ جانفزا ہی
گویا خط یار دلربا ہے

کیا یون جو ہی جوش سبزہ ہرجا
ہرجا ہی معدنِ زمرد

خود رو گلِ دشت کیسی کیسی   شاید کہ بہشت مین ہون ایسی
ہر رنگ کی گل جو ہین نمودار   صحرا کی زمین ہی صحنِ گلزار
ہی سرخ تو رشکِ لالہ و گل   ہم رنگ سرشکِ خونِ بلبل
جامِ می لالہ گون سی فائق   داغ آتش جلوہ شقائق
ہی کوئی اگر سیاہی مائل   سو دیدہ اہلِ حسنِ کامل
ہی زرد تو نور چشم گلزار   یا جلوۂ حسن عاشق زار
اور ہی جو سپید تو وہ دلخواہ   جیسی شب ہجر کی سحر گاہ
ہم جلوہ دلبر سمن فام   جانسوز نجوم آب اندام
ان پہولون سی ہی مین جو رنگین   صحرا ہی نگارخانہ چین
اشرما کی ہی بید سی نگون سر   فوارۂ اب حوض کوثر
گر دشت ہنہین ہی غیرت باغ   ہی لالہ کی دل مین کسلئی داغ
سنبل کو یہہ پیچ و تاب کیون ہی   احوالِ چمن خراب کیون ہی
ہنگامہ سیر کسقدر گرم   گلگشت مین شیخ شہر سرگرم
اوس وقت کہ لطف آسمان تہا   ہم پر یہہ سپہر مہربان تہا
ہین محو تجلے تماشا   ہر سمت روانہ بی تحاشا
تہی مایل عیش و شادمانی   دم دیتی تہی ہم پہ زندگانی
قسمت نی وہان بہی دم دیا ہائی   یہہ بخت زبون نی کیا کیا ہائی
ایک اور ہی تازہ گل کہلایا   یعنی وہ جوان یاد آیا
تہا آب جو زیر کاہ پنہان   غم علین سرور مین ہوا وہان
تہی سیر کہان نکلی کیا تماشا   کچہہ اور ہی ہی تو تہا تماشا
وہ سبزہ کہ باعثِ طرب تہا   وہ گل کہ نشاط کا سبب تہا

وہ ہی میرے حق مین سم ہوا ہہر — وہ ہی سبب الم ہوا ہہر
تھی برق جو موجب تبسم — اور موجہ ابر کا تلاطم
ہی ہی ہہر اوسی نی جی جلایا — ہی ہی ہہر اوسی نی خون رلایا
طغیان سرشک چشم گریان — غارت گر خانمان طوفان
نالیدن رعد آہ وزاری — آتش دہ برق بیقراری
تھی ہم جو گئی پئی تماشا — سو آپ ہی بن گئی تماشا
القصہ بتنگ آگیا دل — ہرگز نہ کسیطرح لگا دل
روئی ہوتی ہم چلی وہانسی — دو چار قدم چلی وہان سی
بی طرح قلق نصیب جان تہا — گہرا اونکا ہوش پہر کہان تہا
بیتاب ہو بی خبر چلے آہ — لی جوش جنون مین اور ہی راہ
گمراہی ہر ایک کام پر تھی — گمراہی تھی کا ہیکو خضر تھی
دیکھو تو یہ بخت کی رسائی — گمراہی نی کی ہی رہنمائی
یعنی اوسی حالت قلق مین — وارد ہوئی دشت لق ودق مین
کیا دشت کہ رشک دشت مجنون — جس سی کہ ہو کربلا کا دل خون
سبزہ بہار صد جنون تہا — ہر سنگ وہان کابی ستون تہا
ہر نخل بحال صاحب دق — ہر موجۂ باد آہ عاشق
ہر نغمۂ طائران صحرا — جون نالۂ قیس وحشت افزا
ہر برگ درخت چہرہ زرد — ہر چشمہ طلسم چشم پر درد
ایک شخص بہت خراب خستہ — چہرہ پہ غبار غم نشستہ
بیٹھا تہا وہ جانشین مجنون — حیران وملول وخوار ومحزون
کیا تن نہ خاک اللہ اللہ — کیا صورت پاک اللہ اللہ

یہہ جلوۂ حسن ناتوانے
زیبا او سی لاف لن ترانے

تشریح کا صحیفہ وہ تن زار
ہر ہر رگ و پی غرض نمودار

کیا جبہ سے نورِ عشق تابان
مسجود سراید خرابان

لٹکی ہوئی سر سی بال سر کے
تہی ضعف سی کیا وبال سر کی

کرتی تہی بیان وہ خم نجم بال
سب جان کی پیچ و تاب کا حال

وہ موئی سیہ شب جدائی
ہان ہجر کی رات سر پر آئی

وہ بال کہ زیب بخش سر تہے
آلودۂ خاک اسقدر تہے

بس ایک سرِ مو کو جہاڑئے گر
پیدا ہو وہین زمین دیگر

سر پر گل داغ یون نمودار
جون لالہ ہو زیب بخش دستار

سب حال جبین کی چین سی ظاہر
قسمت کا لکہا جبین سی ظاہر

حیران سا چہرا آئینہ وار
موںہہ زرد برنگ زعفران زار

دردل و ہتہم یہ گیسو
ناخن کی خراش نام ابرو

آنکہین سبب سرشک گلگون
جون جام شہید پر خون

مژگان ہو سی شہیدان
یا خار کہ دل مین تہی وہ پنہان

اب آنکہو نمین اشک جو بہر آئی
وہ گریہ کی ساتہہ باہر آئی

ظاہر رخِ مردمک سی ہی غم
ہی ان کو مگر کسیکا ماتم

ہین ورنہ سیاہ پیرہن کیون
ہین دست ترہ سی سینہ زن کیون

پر غم ہی تو انکو کسکا ہی غم
ماتم ہی تو کسکا ہے یہہ ماتم

جاری ہی جو متصل سدا خون
شاید دل زار کا ہوا خون

بیوجہ کہان یہہ ماجرا ہے
یون ہی یہہ قلق کہین ہوا ہی

ہی کچہہ تو کہ ہی کچہہ اور ہی طور
کچہہ تو ہی کہ ہی نظر ہی کچہہ اور

اللہ ری نگاہِ حسرت آلود — دل خون کن آہِ حسرت آلود

اندازِ نگاہِ چشمِ حیران — جون طرۂ خم بخم پریشان

وہ کان کہ وہ حلاجلِ غم — وہ کان کہ برگ نخلِ ماتم

لخت دلِ چاک گوشوارہ — صد برگ عذار پارہ پارہ

بینی سے تہی کہ شمعِ بزمِ ماتم — لب یا دہن غنچۂ محرم

سبزہ سرِ پشت لب نمایان — جون سبزۂ تربتِ شہیدان

ایک داغ سیاہ خال سا تہا — یہہ لطف فغان شعلہ زا تہا

آہو نسی جو ٹپکے متصل خون — لب ہو رہی لالہ رنگ و گلگون

سرگرمِ فغان دہان کہان تہا — سوراخِ نئی گلو دہان تہا

دندان تہی وہ وقف لب بصد یاس — یا زخم مین ریزہ ہای الماس

خنجر تہا اسکے یا زبان تہی — خنجر سے زیادہ تر روان تہی

تہی یا کوئی تیغ آتشین دم — یا شعلۂ آتشِ جہنم

تہا سیب ذقن تو سیب تہا وہ — جو سوکھ کی زرد ہو گیا وہ

گردن کہ مئے الم کا مینا — تہی جسمین لہو کی گہونٹ صہبا

کیا دست جفا گلو سے چہپان — عریانی کی جامہ کا گریبان

امیدِ بغل وصال جانان — آغوش کشادہ چشم حیران

داغ اوسکی زبس مثال گل تہی — تہی ہاتہ کہان تہا اہلِ گل تہی

پوچہی تہی جو اشک چشم پرخون — جون دست نگار پنجہ گلگون

اوس سوختہ دل کا تہا وہ پنجہ — یا نخل چنار کا وہ پنجہ

کیا دولت ہے سوزش درون گرم — ہان پنجۂ مہر سے فزون گرم

تیر دون سے جو چہن ہاے سینہ — غربال سا بن رہا ہے سینہ

زخمون سی جو خون دل ہی جاری — بہتا نہین متصل ہی جاری
ہر زخم سی کہا بہار خون ہی — سینہ نہین آبشار خون ہی
سینہ مین نفس نہان ہی آتش — یہہ بال نہین دہوان ہی سرکش
کاہش سی ہی یہہ حالت تن زار — پہلو کی سب استخوان نمودار
ہی فرق جو استخوان مین باہم — تشبیہ بنائین اسکی کیا ہم
ہی قید مین مرغ جان غمناک — پہلو ہی قفس یہہ اوسکی ہین چاک
تہی پشت خمیدہ یا کمان تہے — تہا تیر کہ آہ خونچکان ستے
دل سینہ مین تہا زبسکہ مضطر — رعشہ کا سا تہا خلل بدن پر
اس دلکو کہون نہ کیونکہ سیماب — سیماب کہان ہی ایسا بیتاب
ہان کہیی تو مرغ نیم بسمل — پر اوسکا کہان یہہ مضطرب دل
وہ جوش قلق پہ اپنی گر آئی — دو چار گز آپ شاید اور جائی
اسکی تپش ایک جہان ہلا دی — ہر زلزلہ آسمان ہلا دی
لاغر تہا یہہ جسم کس ادا سی — پڑتی تہی کمر مین بل ہوا سی
پیشانی چین نما کمر سی تہے — تہی زلف کسیکی یا کمر تہے
وہ ناف کہ بحر غم کا گرداب — وہ ناف کہ چشم جان بیتاب
یون دیدۂ جان سد جو وا ہی — کیا راہ اجل کی دیکہتا ہی
کہتا ہی حجاب چپ ہی رہنا — یہہ حرف نہ گفتنی نہ کہنا
پہرتی نہین کام مین زبان کچہہ — ہی مہر دہن حجاب یہان کچہہ
چپ خامشی کی یہہ جا ہی مومن — انگشت بلب حیا ہی مومن
سر بزانو کا جو دلمین ہی نشان — ہی زانو و فرق گوی و چوگان
یہہ ساق کا حال ضعف سی ہے — ہی سلسلہ گران رگ و پی

صحرا کی جیسی جو پا و نمین خار | اور پشت سی ہو گئی نمودار
یہہ حال تہا رنگ پشت پا کا | جیسی کہ ہو خار پشت صحرا
پاؤنکی جو بہہ ہوئی تہام چہالی | اور اوس سی بہی لہو کی نالی
اور اوس سی جو پاؤن تر ہوا ہی | عالم عجب ایک بہار کا ہی
جیسی کہ حنائی یار کا پاؤن | ہو تن رنگ کسی نگار کا پاؤن
یہہ حالت قامت خمیدہ | جیسی شجر خزان رسیدہ
وہ قامت خم الم فزا یون | جون بید ا دسر فراز مجنون
دیکہا جو نگاہ غور سی خواب | والعہد وہی جوان مطلوب
پر اور ہی طور ہو گیا کچہہ | تہا اور کچہہ اور ہو گیا کچہہ
نی ہوش نہ آشنا شناسی | نسیان جنون سی بیحواسی
جون خشک شجر ستم کشیدہ | جون نکہت گل ز خود رمیدہ
جون ابر نہایت اشکباری | جون عندلیب شدت آہ و زاری
بر آہ کہ لب پہ ہی شرر ریز | دیپک کا ہی نغمہ جنون خیز
جون نالہ زینت زبان ہی | جون نوحہ مرگ نوجوان ہی
القصہ سنا جو کان دہر کی | سمجہی جو بہت خیال کر کی
نار نہین حرف درد و غم ہی | افسانۂ الفت صنم ہے
ایام گذشتہ کا بیان ہی | تذکور محبت بتان ہی
ہی ورد زبان غم نہانے | ہی حالت دلکی قصہ خوانی
یعنی ہی ز بس تصور یار | ہی یار سی یون ز گرم گفتار
ای خلوہ برق خانمان سوز | ای شعلہ آتش جہان سوز
ای طعنہ زن فسون نگاہان | ای موحد قتل بیگناہان

ای غارتِ جان و جان مومن | ای آفتِ خانمان مومن
ای دلبر و دلربای دلدار | ای کافر بیوفای عیار
ای محرم و محرم تمنا | ای همدم و همدم مسیحا
ای مہر عروج کج ادائے | ای ماہ بروج بیوفائے
ای نقش و نگار سکن حسن | ای بارہ بہار گلشن حسن
ای نورس بوستان خوبی | ۱ تجہ پرسی نثار جان خوبے
ای جادوی ہر فن و فسون ساز | ۲ بازی دہ عاشقان جانباز
ای باعث قطع دست موسا | ای غیرت دلبر زلیخا
ای دارو ے درد بیقراران | ای مرہم زخم دلفگاران
ای موجب آہ و زاری دل | ای باعث بیقراری دل
ای حوصلہ سوز چارہ سازان | آتش زن آزرو گدازان
کب تک یہہ ستم کی طور ظالم | کب تک یہہ جفا و جور ظالم
کب تک یہہ ستم کریگا شیوہ | کچہہ عیب ہی دلبرونکا شیوہ
کیون بہاتی ہین اتنی جور تجکو | آتا نہین کیا کچہہ اور تجکو
کیون رنج پسند غم کشونکا | کیا یہہ بدی ہنر ی مہوشون کا
یاہی تیری زغم مین وفا عیب | ہم ہی تو سنین ہی اسمین کیا عیب
کیا تو ہی جہان مین مہ جبین ہے | آخر کوئے اور ہی حسین ہے
ہین اور ہی لوگ واقف ناز | اور وہین بہی ہین تیری سی انداز
رکہتی ہین جہان مین اور ہی آن | اور ون یہ ہی لوگ دیتی ہین جان
مرتی نہین تم یہ کچہہ سبہی تو | عشاق ہین آخر اونکی ہی تو
تم سا نہین کوئی شوخ جلاد | کرتا نہین کوئی ایسی بیداد

یہہ تمنی نئی طرح نکالی | معشوقی ہی آپ کے نرالی
ہر ناز و ادا ستمگری ہے | عاشق کشی آہ دلبری ہے
جو جو کہ ستم کئی ہین تمنے | جو داغ مجھی دئی ہین تمنے
جو تمنی بنائی میری جی پر | یہہ ظلم کوئی کرے کسی پر
درپیش ہی ہو گر سبہی کو | جاتی کوئی کاہیکو کسے کو
دیکھو تو نگاہ غور سے خوب | لیکے ہی تو ہی کسکی محبوب
مجنون سی تہی کیا سلوک اوسکی | ایسی ہی تہی یا سلوک اوسکی
شیرین کہ وہ موجب جفا ہی | مشہور جہان مین بیوفا ہی
وہ بہی تو نہ تہی ستمگر ایسی | پہنچی سر کوہکن پہ کیسے
شیون کئی بعد مرگ کیا کیا | پر کیا کری چارۂ قضا کیا
سب کرتی ہین پاس یار صادق | ہوتا ہی سبہی کو درد عاشق
ہوتی ہی جو گرم نالہ بلبل | کر ڈالی ہی چاک پیرہن گل
ہی سرو کی دل مین جا ہی قمری | سر رکہی ہی زیر پای قمری
پروانہ جو دی ہی شمع پر جان | ہوتا ہی نثار شمع بر آن
وہ بہی تو نہین وفا مین کچہہ کم | پہنچاتی ہی آپ نخل ماتم
جل جاتی ہی سر سی لی قدم تک | روتی ہی تہی مرنی دم تک
گلشن کا ہی چاک پیرہن گر | ہی داغ کلفت دل قمر پر
ایک تم ہو کہ ہی یہہ حال میرا | اور تمکو نہین خیال میرا
پر تم بہی تو ہو گئی اب ایسی | تہی پہلی تو لطف کیسی کیسی
یہہ ظلم تہی کب کہان ستم تہی | کیا کیا میری حال پر کرم تہی
تہی حد سی زیادہ مہربانی | اظہار محبت نہانی

مجھہ بن نہ کبھو طعام کہانا | ہمراہ ہی بس مدام کہانا

ہر رات کو میری ساتھہ سونا | ایک لحظہ کبھی جدا نہ ہونا

سم تہا تمہین می کا جام مجھہ بن | می جانتے تہی حرام مجھہ بن

تہی لطف و کرم بہی ہمیشہ | دلداری و دلدہی ہمیشہ

بس دیکھہ کی مسکرا ہی دینا | الفت کو جتا کی جی ہی لینا

دزدیدہ کبھی نگاہ کرتے | دلمین اسیطرح راہ کرتے

وہ بن میری بیقرار ہونا | وہ بن میری زار زار رونا

وہ میری بغیر اوداس رہنا | وہ بیخود و بیحواس رہنا

غم جین جبین سی آشکارا | ایکدم بہی فراق ناگوارا

گر کوئی گھڑی کی لگ گئی دیر | یہہ فکر کہ کسلیئی ہوئی دیر

بیفائدہ بیقرار رہنا | وسواس سی دل ہی دلمین کہنا

کیا دیر کا یا خدا سبب ہی | کیون آئی نہین وہ کیا سبب ہے

گہر کو نہ منہ ہی تباہ کرنا | بیکس کی طرف نگاہ کرنا

جو تیری رضا ہو خیر الہی | مین جی چکی اوس بغیر الہی

وہ دیدہ منتظر سوئی در | یا حلقۂ در وہ دیدۂ تر

بیتاب وہ گشت صحن خانہ | ساری حرکات وحشیانہ

بیٹا قلقون کا زور جان پر | یا قادر و یا قوی زبان پر

مین آیا جو تن مین جان آئی | دیکھا تو نظر مین آن آئے

کس لطف سی موہنہ کو دیکھہ ہنا | کس ناز سی غصہ ہو کی کہنا

کیون دیر لگی تمہین کہان تہی | جاؤ وہین اب تلک جہان تہی

تشریف شریف جلد لائی | یہان کاہیکو اب بہی آپ آئی

اب اور طرف جی تمہارا | آتا ہی یہان کا نا گوارا
لگتا نہین اب یہان ذرا جی | بیزار یہان سی ہو گیا جی
اب میری نہین ہی راہ دلمین | ہی اور کسیکی چاہ دلمین
اب کاہی کو ہی وہ اگلی سی بات | یا رہتی تہی میری پاس دن رات
یا آنے لگے کہنچے کہنچے تم | ویسی نہین مجہسی اب ہی تم
ہی یاد وہ رات دن کی صحبت | آپس کی وہ الفت و محبت
پہر وہی گلی سی لپٹی رہنا | سہہ رنج ہزار کتنون پہ سہنا
لب سی میری لب ملائی کہنا | بازو سی وہ سر اوٹہائی کہنا
وہ سینہ پہ لیٹ کی ستانا | مطلب کی سخن پہ روٹہہ جانا
وہ صبح ادہر ادہر لڑائی | وہ وہین خفگی وہ وہین صفائی
وہ موںہہ مین زبان کی لذتین ہائی | ظاہر حرکت سی رغبتین ہائی
اپنا جو ہوا کچہہ اور ارادہ | جی چاہا کچہہ اس سی ہی زیادہ
پہر کیا ہی ادا سی کج ادائی | کس ناز سی کہتی ہاتا ہائی
وہ ہاتہہ کو رکہہ کی جوش انکار | واکرنی نہ دینا بند شلوار
وہ ہاتہہ کو دمبدم جہٹکنا | وہ تکیہ پہ سر کو دہی پٹکنا
آہستہ لگانی آہ لاتین | حیلہ کی وہ کیسی کیسی باتین
وہ ہاتہہ کو زور سی چہڑانا | وہ ہو کی تنک کاٹ کہانا
ہر جای کی چٹکیان وہ دینین | آزردہ ہو گالیان وہ دینین
وہ نیچی پڑی ہی تلملانا | قابو سی تڑپہہ کی نکلی جانا
وہ جی سی تنگ ہونی لگنا | کچہہ بس نہ چلا تو رونی لگنا
وہ چلین پہ جبین ہو کی کہنا | کن انکہسون سی رو کی کہنا

ہی تجھکو تو یہہ ہی شغل دن رات
پہرتا ہی نہین ہی جی ترا بس
اتنا تو بتا ہے ستانا
اس ظلم کا کچھہ ٹھکانا بھی ہے
یہہ ظلم اور ہائی کوئی کب تک
کیا جان ہی لینی کی ہی جی مین
منظور یہی ہے گر تو کہدو
ہان ہان تیری بات اب مین سمجھی
چاہی ہی تو یہہ کہ اسکو موت آئی
پہر اور کسی سی دل لگاؤن
ہین کیا ہی سلوک عاشقانہ
بیرحم تو اتنو مجھکو دی چھوڑ
اتنا نہ ستا کہ جی ہی جائی
بیزار ہی مین اسکا لطف کیا ہی
ہی یاد وہ دوستی کا عالم
کس لطف سی چہیڑتی ستاتی
ہو جاتا مین ہنستی ہنستی بیدم
کہتی کسی نی تمہین کیا یاد
ہان کسنی کیا ہی یاد لو لو
لانا گل و عطر مین کبھی گر
یہہ گل تو عمل کیا ہوا ہے

اچھی نہین لگتی مجھکو یہہ بات
کرتا ہی نہین ہی تو کبھی بس
ہر شام سے صبح تک جگانا
آخر کسی اور کی بھی جی ہے
آپہنچی ہی انتو جان لب تک
ہی فائدہ کچھہ تمہین اسی مین
گر جان ہی لینی ہی تو لی لو
ہی بات یہی قسم خدا کے
مر جائی یہہ اور میری بلا جائی
اٹھہ اور بہی شوخ سی لڑاؤن
یہہ رہ گئے الفت زمانہ
بس چھوڑ خدا کے واسطی چھوڑ
فرصت دی کہ جان مین جان آئی
آ سو رہین وقت خواب کا ہی
وہ شوخی و دلبریکا عالم
گدگدیون سی خوب ساہنساتی
آتی مجھی ہچکیان پیہم
آتی تمہین ہچکیان سوا یاد
ہی کون تم اوسکا نام تو لو
فرمانی یہہ مجھسی مسکرا کر
یہہ عطر فسون پڑھا ہوا ہے

یہہ سونگہون نہ مین غم یہہ لگاؤن — ممکن نہین تیری دم مین آؤن
اگہہ دیکہتی تہی مجہی غمین گر — پاتی تہی کبہی جو چین جبین پر
کہتی تہی کہ آج خیر تو ہے — کیسا ہے مزاج خیر تو ہے
کسواسطی تم اداس سے ہو — کس سوچ مین بیحواس سی ہو
کیا کس سی ہوا خلاف مرضی — کچہہ مینے کیا خلاف مرضی
کیا مجہہ سی خفا ہو سچ کہو تم — کسواسطی یون اداس ہو تم
اچہا نہین بند غم مین رہنا — جانی یہی دو فکر مانو کہنا
ہنس بول کی قید غم سی چہوٹو — کیا بات ہی کچہہ تو منہہ سی بولو
کہتا کہ مین بات کچہہ نہین ہی — کچہہ آپ ہی آپ دل غمین ہی
کہتی تہی کہ مجسی بہی چہپاؤ — کچہہ بات نہین قسم تو کہاؤ
کہتا مین قسم تمہاری جانکی — تم نی کوئی بات کب نہ مانکی
گر کچہہ ہو تو ماجرا کہو تمین — کچہہ بات نہو تو کیا کہون مین
کہتی کہ قسم دروغ کہاتے — تمنی مری جانکی سہل جانی
ایسی مری جان ہی کہان کی — کیون کہاؤ قسم نہ اپنی جانکی
ہین یاد وصال کی وہ راتین — ہین یاد وہ شوخ شوخ باتین
آئینہ کو رکہتے اسکے لا کر — او کہتی یہہ موہنہ سی موہنہ ملا کر
تو دیکہو ذرا کرو خود انصاف — ہم دونو مین کسکا رنگ ہی صاف
ہی دونو مین کون خوبصورت — ہی دونو مین کون ماہ طلعت
پہر اپنی غرور مین جو آتی — خاطر مین کسیکو بہی نہ لاتی
خود بینی سی ہوش مین نہ رہتی — آئینہ کو پہینک مجسی کہتی
دیکہو تو بغور چشم بد دور — یوسف کہ وہ ہی جہان مین مشہور

کیا اوسکی بہی صورت ایسی ہے تہی — کیا اوسکی ہی طلعت ایسی ہی تہی
کیا اوسکی بہی ایسی ہی تہی گیسو — خمدار و سیاہ و عنبرین مو
کیا ایسا ہی حسن تہا نہ ہوگا — یہہ حسن کبہی ہوا نہ ہوگا
مانا بہی کہ یہہ ہی رنگ رو تہا — ایسا ہی وہ چہرۂ نکو تہا
اور ایسی ہی ہوی مشکبو تہی — ایسی ہی خمیدہ مومو تہی
پہر اوسمین یہہ بات تو نہو گی — کیون میری سی کات تو نہو گی
ایسی تو نہو گی خوش ادائی — ایسی تو نہو گی دلربائی
یہہ چشم سیاہ تو نہو گے — یہہ شوخ نگاہ تو نہو گے
یہہ خوش سخنی کبہو نہو گے — یہہ گرمی گفتگو نہو گے
پامال روش جہان نہوگا — ایسا تو خرام ہان نہوگا
یہہ فتنہ فزا چلین نہوگا — ہر بات مین بانکپن نہوگا
ایسی تو نہو گی عشوہ بارے — ایسی تو نہو گی طرحداری
ایسی تو نہو گی جامہ زیبے — ایسی تو نہو گی دلفریبے
ایسی تو شرارتین نہونگے — یہہ گرم اشارتین نہونگی
غمزہی فتنہ گر نہ ہون سگے — یہہ ناز نہونگے پر نہونگے
گر فندق پا پہ رنگ آیا — ایسا کہ اپنی جسکو بہایا
کس رنگ سی اور رنگ لانا — کس ناز سی مجہکو دیکہانا
ٹہکرا میری سینہ کو کہایون — رنگین ہی باندہ لو یہہ مضمون
ہی یاد وہ عالم ملاقات — ہی یاد وہ شوخی اشارات
سیلان جو ہوا معاشرت کا — دہیان آہی گیا مباشرت کا
بس خواہش دل سی رہ نسکتا — اور پاس حیا سی کہہ نسکتا

پر کیا ہی شرار تو نسی کہنا
پہر دیکہین اشار تو نسی کہنا

انگڑائی کبہی تو ہینکلے لینے
چلون کبہی اوٹہہ کی چہوڑدی

ہین وعدی ہوئی تہی جو ہم یاد
ہی کچہہ بہی وہ قول او قسم یاد

کہتی تہی مجہی قسم خدا کی
سوگند حبیب کبریا کی

گر دیتی ہون اسمین دم مین تجکو
ہو تیغ علی کی مار مجکو

اب دل نہین میرا میری بس مین
جو تجکو یقین ہون ہین وہ قسمین

ہی مصحف رو کی اپنی سوگند
اس روی نکو کی اپنی سوگند

اپنی مجہی ناز کی قسم ہے
تیری ہی نیاز کی قسم ہی

وہ رخ کہ ہی رشک لالۂ باغ
وہ سینہ کہ ہی مری غمسی ہی داغ

وہ طرۂ عنبرین کسیکا
وہ دود دل حزین کسیکا

وہ رحم کسیکا یعنی میرا
وہ درد کسیکا یعنی تیرا

وہ دل کہ کسیکا مبتلا ہی
وہ جان کہ مجہہ پہ ہی فدا ہی

وہ آہ جسی نہین ہی تاثیر
وہ جرم ہی جسکی قتل تعذیر

وہ حال کہ جسپہ رحم آوی
وہ درد کہ جس سی جی ہی جاوی

وہ دیدہ کہ خونفشان سدا ہی
وہ نالہ کہ پایۂ عرش کا ہی

وہ دن کہ ہی رشک روز محشر
وہ شب مری زلف سی سیہ تر

شام سحر بامی سر بغم
صبح دہم محرم

لب تشنگی حسین و عباس
امواج فرات و شرم الیاس

بیداد ستمگران بدکیش
فریاد ستم کشان دلریش

تاب و تب آتشین فسانہ
سوز دم سرد بیکسانہ

ان سبکی مجہی ہزار سوگند
سوگند ہزار بار سوگند

ہی تجسی مجھی دلے محبت
گو تجکو نہو میری محبت

اور جیسا کہ تجکو چاہتے ہون
تو دیکھیو کیا بناہتی ہون

مجکو تری جان کی قسم ہی
جسوقت تلک کہ دم مین دم ہی

ایسی ہی ہی کی آشنائی
آتی نہین مجکو بیوفائی

اسمین نہین فرق بحیر ہو
یہہ بات یقین جانیو تو

جہوٹی نہین مین کہ راست گو ہون
گر اسمین مین کچھ بہی جہوٹ بولون

سب قہر خدا کسی پہ ٹوٹین
آنکھین مری سامنی کی پہوٹین

سچ جان کہ دلسی ہی تیری چاہ
واللہ باللہ تم تاللہ

کہتا مین اگر کہ جہوٹ ہی سب
تم لوگ کسیکی ہوتی ہو کب

معشوق نی کس سی کی وفا ہی
ان قسمونکا اعتبار کیا ہی

تم لاکہہ کہو یہ مین نہ مانون
ہرگز تمہین باوفا نجانون

باتین یہہ بنانی کی ہین ساری
دو روز کی چاہ ہی تمہاری

باتین لگی مجسی ہی بنانے
اوس سی کہا کسکو جچنجانے

جس روز کہ بگڑی میری جان تم
بس خیر کہان مین اور کہان تم

پہر پوچہنی کی نہین میری بات
سنتی کی نہین کہین میری بات

ہوگا یہہ کرم نصیب دیگر
اور ظلم و جفا و جور مجہپر

کیا کیا نکروگے پہر جفا تم
دیتی یہہ جواب ہو خفا تم

ای واہ ری تیری بدگمانی
اللہ ری تیری بدگمانی

تو آپ زبسکہ بیوفا ہے
اپنا ہی سا سب کو جانتا ہے

تہی جیسی کہ وہ کرم تمہاری
ہین ویسی ہی اب ستم تمہاری

تہی جیسی کہ پہلی مہربانی
ہین ویسی ہی اب جفائین جانی

آخر وہی تم ہو اور وہی ہم — پہر کیا ہی کہ اب نہین وہ عالم
پر اسکا مجہی بہت عجب ہی — اس ظلم وستم کا کیا سبب ہی
ہو کس لئی یہ خلاف کہدو — کیا بات ہی ہو نہ یہ صاف کہدو
بیوجہ غضب اور ایسا — کیا مجہسی ہوا گناہ ایسا
کچہہ بات تو کہئی گو ہو بہتان — کیون ہو گئی میری دشمن جان
کیا جرم ہوا معاف کیجی — دل میری طرف سی صاف کیجی
پہر پہر خدا تمہاری قربان — ہو جائی ویسی ہی پہر سجان
پہر خلوت خاص مین بلالو — دلکی میرے حسرتین نکالو
پہر ملکی شراب ناب پیجی — پہر وصل سی کامیاب کیجی
اب مجہہ مین نہین ہے تاب فرقت — کب تک مین سہون عذاب فرقت
بیتابی دل سی لب پہ ہی جان — ہون کوئی گہڑی کا دم کا مہمان
اب مرنی مین میری کیا ہی باقی — فانی ہی سبہی خدا ہی باقی
اسطرح غرض بہک رہا تہا — کچہہ جوش جنون مین بک رہا تہا
اس جوش مین اور جوش آیا — بیہوش کو طرفہ ہوش آیا
پہر ورد زبان انا الصنم تہا — منصور سے مرتبہ نہ کم تہا
بس ہو من دل گداز خاموش — اب طاق ہوئی سی طاقت کوشش
باقی نہین ابتو ہم مین حالت — ہی اور ہی درد و غم مین حالت
جاری ہی ہر ایک چشم سی جیحون — تہی شعر کہ نالہائی موزون
اس قصۂ غم نی جی کہپایا — اس سوز نہانی نی دل جلایا
کمر ڈالا کیا اب سامعین تو — آگی نہین تاب سامعین کو
ہر حرف تیر شررفشان ہی — ہی آگ کا شعلہ یا زبان ہی

زین بیش ز سوز سینہ مخروش　　چون شمع خموش باش خاموش

مثنوی سوم

تازہ فغانی کہ کشیدم ز دل　　وان سخن غم کہ شنیدم ز دل

ہست خوش افسانۂ خونین کلام　　قول غمین آمدہ سالش چو نام ۱۲۳۴

ساقیا زہر پلا دی مجھکو　　شربت مرگ چکھا دی مجھکو

تان سے ہستی حرمان یہ نگاہ　　دی وہ مے یعنی کف مار سیاہ

تلخی پاس عیادت کب تک　　حسرت ذوق شہادت کب تک

کیا ذرا سودہ الماس نہین　　سم ہلاہل تیری کچھ پاس نہین

گر یہان ہی تو اوٹھا لا جلدی　　اور نہین پاس تو جا لا جلدی

